آسان ترجمہ قرآن

ورک بک

بیت السلام بک شاپ (وقف)

BAITUSSALAM

آسان ترجمہ قرآن

ورک بک

زیر نگرانی: حضرت مولانا عبد الستار صاحب زید مجدہم

مرتب: مولانا محمد امجد جروار صاحب عفی عنہ

بیت السلام بک شاپ (وقف)

۞ نام کتاب	:	آسان ترجمۂ قرآن، ورک بک
۞ زیرنگرانی	:	حضرت مولانا عبد الستار صاحب حفظہ اللہ
۞ مرتب	:	مولانا محمد امجد جروار صاحب عفی عنہ
۞ نظرثانی	:	مولانا محمد عزیز فاروقی
۞ تاریخِ طبع	:	جمادی الثانی ۱۴۴۴ھ
۞ تعداد	:	۱۰۰۰
۞ ناشر	:	بیت السلام بک شاپ

☆☆☆

ملنے کا پتہ

بیت السلام بک شاپ (وقف)، ڈیفنس فیز ۴، کراچی

فون: +92-21-35313229

www.fahmedeen.org

فہرست

حرفِ آغاز

الحمدللہ الذی أنزل الفرقان، وعلم الانسان البیان، وزینہ بالعلم والعرفان، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ مھبط الوحی والقرآن وعلی آلہ وأصحابہ الذین اتبعوہ باحسان الی یوم الدین۔

قرآن مجید جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ عظیم معجزہ ہے جو تا قیامت انسانوں کے لیے رہنما کی حیثیت رکھتا ہے اور یہی وہ انسانیت کی رہبر کتاب ہے جس میں ہر دور اور ہر زمانے کے انسانوں نے دین و دنیا کی فلاح کا راستہ پایا، یہی وجہ ہے کہ ہر دور کے علمائے حق نے قرآن مجید کی خدمت اپنے اپنے انداز میں کی اور لوگوں کے قلوب واذہان کو اس لاثانی کتاب کے الفاظ، معانی اور تفسیر کی طرف متوجہ کیا۔

چنانچہ اسی سلسلے کی ایک کڑی بیت السلام مسجد میں ''فہم دین کورس'' بھی ہے، جس میں عوام الناس کی دینی رہنمائی کے لیے انتہائی سہل اور دلچسپ طریقہ کار وضع کیا گیا ہے، جسے الحمدللہ عوام وخواص میں خوب مقبولیت حاصل ہوئی۔

اسی کورس کا ایک حصہ، مفتی محمد تقی عثمانی زید مجدہ کی تصنیف ''آسان ترجمۂ قرآن'' بھی ہے، الحمدللہ اس وقت آپ کے ہاتھوں میں اسی ترجمۂ قرآن کی ورک بک موجود ہے، چونکہ حضرت کا یہ ترجمۂ قرآن اس دور کے اعتبار سے عوام الناس کے لیے انتہائی آسان اور مقبولیت کا حامل ہے اسی وجہ سے اس ورک بک کی ترتیب اسی آسان ترجمۂ قرآن کو سامنے رکھتے ہوئے بنائی گئی ہے۔

اس ورک بک کی ترتیب کچھ یوں ہے کہ اس میں پہلے کچھ آیات کے مشکل الفاظ معانی درج کیے گئے، اس کے بعد انہی آیات کے تحت حضرت کی ذکر کردہ تفسیر کے متعلق معروضی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں، اور ہر چند مشقوں کے بعد سابقہ مشقوں کی یاددہانی کے لیے اعادۂ مشق کے عنوان سے ایک مشق ذکر کی گئی ہے تاکہ ماقبل میں پڑھی گئی تفسیر کا اعادہ ہوسکے۔

اس ورک بک میں جو الفاظ ذکر کیے گئے ہیں ان کا اعراب وہی ہے جو قرآن مجید میں ہے (جسے اعراب حکائی کہا جاتا ہے) اسی طرح حضرت کا ترجمۂ قرآن بامحاورہ اور سلیس ہے ان الفاظ کے معانی میں وہ ترجمہ ذکر کیا گیا ہے جو حضرت نے کیا اور اگر کسی جگہ معنی کی وضاحت مطلوب تھی تو اس کے آگے ایک بریکٹ میں وضاحتی معنی بھی لکھ دیا گیا ہے اور جہاں الفاظ کے معانی میں جمع ومفرد کی پہچان ممکن نہیں تھی وہاں اس لفظ کے سامنے اس کا مفرد بھی ذکر کردیا گیا۔

اب اس ورک بک کو استعمال کرنے کے دو طریقے ہیں، پہلا طریقہ تدریس کا ہے، مدرس اسے پڑھانے سے قبل اس بات کی منصوبہ بندی کرے کہ یہ مشق کتنی آیات پر مشتمل ہے اس کے بعد معلم اپنی صوابدید پر جتنی آیات مناسب سمجھے ''آسان ترجمۂ قرآن'' سے پڑھائے اور اس کے ضمن میں موجود تفسیر بھی پڑھائے اور پھر اس کی مشق طلباء سے حل کروائی جائے اور طلباء کو یہ ہدایت دی جائے کہ وہ مشق حل کرنے سے قبل ان آیات کے ترجمے وتفسیر کا بغور مطالعہ کریں اور کوشش کی جائے کہ طلباء الفاظ ومعانی بھرپور طریقے سے یاد کریں، دوسرے دن اگلا سبق پڑھانے سے قبل مدرس طلباء سے فرداً فرداً مشقوں کا حل پوچھے اور غلطی پر اس کی تصحیح کرے، اس طرح گزشتہ سبق کا اعادہ ہوجائے گا، جو طلباء کے لیے یقیناً مفید ہوگا۔

دوسرا طریقہ ذاتی مطالعہ کا ہے کہ جو فہم دین کورس میں شریک نہ ہو سکے وہ آسان ترجمۂ قرآن کا خود مطالعہ کرے اور پھر اس ورک بک کی مشقوں کو خود حل کرے لیکن اس میں یہ بات انتہائی ضروری ہے کہ یہ ذاتی مطالعہ کسی مستند عالم کے زیر نگرانی ہو، ورنہ اس کا خاطر خواہ فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

اس ورک بک کی ترتیب دینے میں بندے کو اپنی کم علمی کا احساس دامن گیر رہا لیکن استاد محترم حضرت ابو عبداللہ عبدالستار زید مجدہ کی خصوصی شفقت، حوصلہ افزائی اور قدم قدم پر رہنمائی اس ورک بک کی ترتیب دینے میں زادِ راہ بنی، اسی طرح میں انتہائی مشکور ہوں مولانا محمد نعمان صاحب (طالب علم تخصص جامعہ دارالعلوم کراچی) کا کہ ان کے تعاون اور مشاورت کے بغیر شاید یہ کام اس قدر جلدی پایۂ تکمیل تک نہ پہنچتا اور اسی طرح میں ممنون ہوں عزیزم عطاء الرحمٰن کا جنہوں نے تصحیح کے مراحل میں بندے کے ساتھ معاونت کی اور ممکنہ حد تک تصحیح اغلاط کی کوشش کی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان سب حضرات کو اپنی شان کے مطابق اجر عظیم عطا فرمائے، رب تعالیٰ کی ذات سے قوی امید ہے کہ یہ ورک بک پڑھنے والے طلباء وطالبات کے لیے مفید ہوگی اور قرآن مجید کی خدمات میں ان شاء اللہ ایک مفید قدم ثابت ہوگا۔

آخر میں ایک انتہائی عاجزانہ گزارش ہے کہ اگر اس ورک بک میں کہیں غلطی نظر آئے تو اس کی نسبت اس عاجز کی طرف کرتے ہوئے اس کی نشاندہی ضرور کی جائے تاکہ اگلے ایڈیشن میں وہ غلطی دور ہو سکے۔

بندہ : **محمد امجد جروار**

فاضل جامعہ فاروقیہ

شاہ فیصل کالونی کراچی

سورۂ فاتحہ مکی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱.	اَلۡحَمۡدُ:	تمام تعریفیں	۱۰.	نَسۡتَعِيۡنُ :	ہم مدد مانگتے ہیں
۲.	رَبِّ :	پروردگار (پالنے والا)	۱۱.	اِهۡدِنَا :	ہمیں ہدایت عطا فرما
۳.	اَلرَّحۡمٰنِ:	سب پر مہربان	۱۲.	اَلصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ :	سیدھا راستہ
۴.	اَلرَّحِيۡمِ :	بہت مہربان	۱۳.	اَلَّذِيۡنَ:	ان لوگوں کے (جو، جس)
۵.	مٰلِكِ:	مالک	۱۴.	اَنۡعَمۡتَ:	تو نے انعام کیا
۶.	يَوۡمِ:	روز	۱۵.	عَلَيۡهِمۡ:	ان پر
۷.	اَلدِّيۡنِ:	جزا (بدلہ)	۱۶.	غَيۡرِ:	نہ کہ (سوائے، علاوہ)
۸.	اِيَّاكَ:	تیری ہی	۱۷.	اَلۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ :	جن پر غصب نازل ہوا
۹.	نَعۡبُدُ:	ہم عبادت کرتے ہیں	۱۸.	اَلضَّآلِّيۡنَ:	بھٹکے ہوئے

مشق: ا

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار	بیانات

۱. سورۃ فاتحہ نہ صرف قرآن مجید کی موجودہ ترتیب میں پہلی سورت ہے بلکہ یہ پہلی سورت ہے جو..................نازل ہوئی۔

(۱) ناقص	(۲) مکمل	(۳) مدینہ میں

۲. اس میں بندوں کو وہ دعا سکھائی گئی ہے جو ایک..................کو اللہ سے مانگنی چاہیے۔

(۱) طالب اولاد	(۲) طالب علم	(۳) طالب حق

۳. رحمٰن کے معنی وہ ذات کہ جس کی رحمت بہت..................ہو اور رحیم کے معنی وہ ذات کہ جس کی رحمت بہت..................ہو۔

(۱) وسیع	(۲) زیادہ	(۳) مخصوص لوگوں کے لیے	(۴) شدید

۴. کائنات میں جس کی تعریف کی جائے وہ بالآخر..................کی تعریف ہے۔

(۱) رسولوں	(۲) فرشتوں	(۳) اللہ

۵. قیامت کے دن جب جزا و سزا کا مرحلہ آئے گا تو دنیا میں دی گئی ناقص و عارضی .... بھی ختم ہو جائے گی۔

(۱) زندگی　　(۲) حکومت　　(۳) ملکیت

۶. روزِ جزا کا مطلب یہ ہے کہ بندوں کو ان کے کیے ہوئے .... کا بدلہ دیا جائے گا۔

(۱) گناہوں　　(۲) نیکیوں　　(۳) اعمال

۷. اللہ تعالیٰ کی رحمت دنیا میں .... کے لیے ہے۔

(۱) صرف مسلمانوں　　(۲) صرف کافروں　　(۳) کافروں اور مسلمانوں

۸. دنیا کے بہت سے کاموں میں بعض اوقات کسی انسان سے جو مدد مانگی جاتی ہے وہ .... سمجھ کر ہوتی ہے۔

(۱) حقیقی سبب　　(۲) مالی سبب　　(۳) ظاہری سبب

ترجمہ کیجیے:

رَبِّ	اَلدِّيْنِ	نَعْبُدُ	نَسْتَعِيْنُ	عَلَيْهِمْ	أَنْعَمْتَ
	ہمیں ہدایت دے	بھٹکے ہوئے	تمام تعریفیں	سیدھا راستہ	

سورۂ بقرہ مدنی

آیت نمبر ا تا ۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱. الٓمّٓ: الم (ان کا مطلب اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں
۲. لَارَیۡبَ: کوئی شک نہیں
۳. ھُدًی: ہدایت
۴. اَلۡمُتَّقِیۡنَ: ڈرر کھنے والے (اللہ کا)
۵. یُؤۡمِنُوۡنَ: وہ ایمان لاتے ہیں
۶. یُقِیۡمُوۡنَ: وہ قائم کرتے ہیں
۷. اَلصَّلٰوۃَ: نماز
۸. یُنۡفِقُوۡنَ: وہ خرچ کرتے ہیں
۹. اُنۡزِلَ: اتاری گئی
۱۰. اَلۡمُفۡلِحُوۡنَ: فلاح پانے والے
۱۱. کَفَرُوۡا: (انہوں نے) کفر اپنالیا
۱۲. اَنۡذَرۡتَ: آپ ڈرائیں
۱۳. خَتَمَ: مہر لگادی
۱۴. قُلُوۡبِ، سَمۡعِ، اَبۡصَارِ: دل (واحد: قلب) کان، آنکھیں
۱۵. غِشَاوَۃٌ: پردہ
۱۶. عَذَابٌ عَظِیۡمٌ: زبردست عذاب
۱۷. اَلنَّاسِ: لوگ
۱۸. اٰمَنَّا: ہم ایمان لے آئے
۱۹. مَا، لَا: نہیں (لفظ 'ما' دیگر معنوں کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے)
۲۰. یُخٰدِعُوۡنَ: وہ دھوکہ دیتے ہیں
۲۱. مَایَشۡعُرُوۡنَ: انہیں احساس نہیں
۲۲. اَلِیۡمٌ: دردناک
۲۳. یَکۡذِبُوۡنَ: وہ جھوٹ بولا کرتے تھے
۲۴. لَاتُفۡسِدُوۡا: تم فساد نہ مچاؤ
۲۵. اَلسُّفَهَآءُ: بے وقوف لوگ
۲۶. یَسۡتَهۡزِءُ: وہ مذاق (کا معاملہ) کرتا ہے
۲۷. یَمُدُّ: وہ ڈھیل دیتا ہے
۲۸. طُغۡیَانِ: سرکشی
۲۹. اِشۡتَرَوُا: انہوں نے خرید لی
۳۰. رَبِحَتۡ: نفع نہ ہوا (تجارت میں)
۳۱. اِسۡتَوۡقَدَ: اس نے روشن کی
۳۲. نَارًا: آگ
۳۳. اَضَآءَتۡ: اس نے روشن کردیا
۳۴. ظُلُمٰتٌ: اندھیرا (واحد، ظلمۃ)
۳۵. لَایُبۡصِرُوۡنَ: انہیں کچھ سجھائی (دکھائی) نہ دیا
۳۶. صُمٌّ، بُکۡمٌ، عُمۡیٌ: بہرے، گونگے، اندھے
۳۷. رَعۡدٌ وَّبَرۡقٌ: گرج اور چمک
۳۸. اَلصَّوَاعِقَ: کڑک (بجلی کی کڑک، واحد: الصاعقۃ)
۳۹. فِرَاشًا، بِنَآءً: بچھونا، چھت
۴۰. لَاتَجۡعَلُوۡا: تم نہ ٹھہراؤ
۴۱. اَنۡدَادًا: شریک (واحد: ندّ)
۴۲. لَمۡ تَفۡعَلُوۡا وَلَنۡ تَفۡعَلُوۡا: تم یہ کام نہ کرسکوگے، اور یقیناً کبھی نہیں کرسکوگے

۴۳. وَقُوۡدُ الۡحِجَارَةُ: ایندھن، پتھر ۴۴. أَزۡوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ: پاکیزہ بیویاں

۴۵. يَنۡقُضُوۡنَ، يَقۡطَعُوۡنَ: وہ توڑ دیتے ہیں، وہ کاٹ ڈالتے ہیں ۴۶. الۡخٰسِرُوۡنَ: نقصان اٹھانے والے

مشق:۲

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

(۱) منافقین	(۲) خودغرضی	(۳) نفسانی خواہشات	(۴) فرمانبرداری
(۵) دھوکا	(۶) اعمال	(۷) عملی اور خاموشی عہد	(۸) آخرت
(۹) لامحدود	(۱۰) حروف مقطعات	(۱۱) ظلم	(۱۲) فائدہ
(۱۳) ایک سورت	(۱۴) مہر		

نمبرشمار	بیانات
۱.	قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جس کا علم .... بھی ہے اور سو فیصد یقینی بھی، اس لئے اس میں شک کی گنجائش نہیں۔
۲.	قرآن مجید کی ہدایت کی .... انہی لوگوں کو پہنچتا ہے جو اس کی بات مان کر اس کے احکام اور تعلیمات پر عمل کریں۔
۳.	یہ ڈر دل میں ہونا چاہیے کہ میری .... قرآن کریم کے دلائل ٹھیک ٹھیک سمجھنے میں رکاوٹ نہ بن جائے۔
۴.	.... کا عقیدہ ہی دراصل انسان کی سوچ اور اس کی عملی زندگی کو صحیح راستے پر رکھتا ہے۔
۵.	مختلف سورتوں کے شروع میں یہ حروف اسی طرح الگ الگ نازل ہوئے ان کو .... کہتے ہیں۔
۶.	جو شخص غلطی پر اڑ جائے اور نہ ماننے کا تہیہ کر لے تو اس کی ضد کا انجام یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دل پر .... لگا دیتے ہیں۔
۷.	بظاہر تو وہ اللہ اور مسلمانوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں لیکن حقیقت میں وہ اپنے آپ کو .... دے رہے ہیں۔
۸.	اپنے شیطانوں سے مراد وہ سردار ہیں جو ان .... کی سازشوں میں ان کے سربراہ ور ہنما ہوتے ہیں۔
۹.	اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب ہر چیز پیدا کرنے والے ہم ہیں تو عبادت کسی اور کی کرنا کتنے بڑے .... کی بات ہے۔
۱۰.	آیت نمبر ۲۵ میں بتایا گیا ہے کہ مرنے کے بعد ایک اور زندگی ہے جس میں ہر انسان کو اپنے .... کا جواب دینا ہے۔
۱۱.	جب اسلامی احکام کی ذمہ داریاں اور حلال وحرام کی باتیں سامنے آتیں تو منافقین اپنی .... کی وجہ سے رک جاتے۔
۱۲.	آیت نمبر ۲۷ میں "عَهۡدَ اللّٰهِ" سے مراد .... ہے جو ہر انسان پیدا ہوتے ہی اپنے مالک سے کرتا ہے۔
۱۳.	یہ کونسی عقل اور کونسا انصاف ہے کہ پیدا تو اللہ کرے اور .... کسی اور کی جائے۔
۱۴.	کفار مکہ کو زبردست چیلنج دیا گیا کہ اگر قرآن جیسا کلام کوئی انسان بنا سکتا ہے تو تم سب مل کر قرآن جیسی کوئی .... ایک ہی آیت بنا کر لے آؤ۔

ترجمہ کیجئے:

هُدًى	يُؤْمِنُوْنَ	يُقِيْمُوْنَ	يُنْفِقُوْنَ	أُنْزِلَ	قُلُوْبِ
اَلنَّاسِ	مَا يَشْعُرُوْنَ	يَكْذِبُوْنَ	نَارًا	لَا تُفْسِدُوْا	لَا يُبْصِرُوْنَ

آیت نمبر ۲۸ تا ۶۱

الفاظ کے معنی:

۱. أَحْيَاكُمْ: اسی نے تمہیں زندگی بخشی
۲. يُمِيْتُكُمْ: وہی تمہیں موت دے گا
۳. خَلَقَ: اس نے پیدا کیا
۴. اِسْتَوٰى: وہ متوجہ ہوا
۵. قَالَ، يَقُوْلُ: اس نے کہا، وہ کہتا ہے
۶. يَسْفِكُ الدِّمَاءَ: وہ خون خرابہ کرے
۷. عَرَضَ: اس نے پیش کیا
۸. أَعْلَمُ: میں جانتا ہوں
۹. تَكْتُمُوْنَ: تم چھپاتے ہو
۱۰. اُسْجُدُوْا: سجدہ کرو
۱۱. أَبٰى: اس نے انکار کیا
۱۲. اِسْتَكْبَرَ: اس نے متکبرانہ رویہ اختیار کیا
۱۳. أَزَلَّ: ڈگمگا دیا
۱۴. مُسْتَقَرٌّ: ٹھہرنا
۱۵. مَتَاعٌ: فائدہ اٹھانا
۱۶. تَلَقّٰى: اس نے سیکھ لئے
۱۷. تَابَ "عَلٰى": توبہ قبول کر لی
۱۸. اِهْبِطُوْا: تم اتر جاؤ
۱۹. كَذَّبُوْا: وہ جھٹلائیں گے
۲۰. اُذْكُرُوْا: تم یاد کرو
۲۱. أَوْفُوْا: تم پورا کرو
۲۲. لَا تَشْتَرُوْا: نہ بیچو
۲۳. تَأْمُرُوْنَ: تم حکم دیتے ہو
۲۴. تَنْسَوْنَ: تم بھول جاتے ہو
۲۵. خَاشِعِيْنَ: وہ خشوع (یعنی دھیان اور عاجزی) سے پڑھتے ہیں
۲۶. رَاجِعُوْنَ: ان کو لوٹ کر جانا ہے
۲۷. لَا تَجْزِيْ: کام نہیں آئے گا
۲۸. لَا يُقْبَلُ: قبول نہیں کی جائے گی
۲۹. يَسُوْمُوْنَ: عذاب دیتے تھے
۳۰. عَفَوْنَا: ہم نے معاف کر دیا
۳۱. نَرٰى: ہم دیکھ لیں
۳۲. نَزِيْدُ: زیادہ دیں گے
۳۳. رِجْزًا: عذاب
۳۴. اِسْتَسْقٰى: اس نے پانی مانگا

۳۵.	بَقْلِ، قِثَّآءِ:	ترکاریاں (سبزیاں) ککڑیاں	۳۶.	عَدَسِ، بَصَلِ:	دال، پیاز
۳۷.	بَآءُوْ "بِ":	وہ لے کر لوٹے	۳۸.	يَقْتُلُوْنَ:	وہ قتل کر دیتے تھے
۳۹.	يَعْتَدُوْنَ:	وہ بے حد زیادتیاں کرتے تھے	۴۰.	عَصَوْا:	انہوں نے نافرمانی کی

مشق: ۳

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار	درست جواب	بیانات
۱.		اگر آپ بڑے آدمی ہیں تو اپنے آپ کو بذات خود دوسروں سے بڑا سمجھنا اور بڑائی کا اظہار کرنا جائز ہے۔
۲.		جب اللہ کی طرف سے کوئی حکم آجائے تو بندہ اس حکم کو دل وجان سے بجالائے چاہے اس میں کوئی حکمت وفائدہ سمجھ آئے یا نہ آئے۔
۳.		زمین کا قیام لامحدود مدت تک ہوگا۔
۴.		اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر بھیجنے سے پہلے یہ تعلیم دی کہ جب کبھی گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرنی چاہیے۔
۵.		حضرت آدم علیہ السلام کی یہ غلطی (ممنوعہ درخت کا پھل کھانا) درحقیقت اجتہادی غلطی (Bonafide Mistake) تھی۔
۶.		اسرائیل حضرت اسماعیل علیہ السلام کا دوسرا نام ہے اور ان کی اولاد کو بنی اسرائیل کہا جاتا ہے۔
۷.		قرآن وہ دعوت لے کر آیا ہے جو تورات اور انجیل میں نہیں تھی۔
۸.		اللہ تعالیٰ کے قانون عدل میں ایک شخص کے گناہ کا بوجھ دوسروں کے سر پر نہیں ڈالا جاتا۔
۹.		بنی اسرائیل نے تمام نعمتوں کی ناقدری کی اور اپنی جانوں پر ظلم کیا۔
۱۰.		حضرت یعقوب علیہ السلام کے دس (۱۰) بیٹے تھے۔

ترجمہ کیجئے:

خَلَقَ	عَرَضَ	أَعْلَمُ	تَكْتُمُوْنَ	تَابَ	كَذَّبُوْا
أُذْكُرُوْا	أَوْفُوْا	تَأْمُرُوْنَ	خَاشِعِيْنَ	رَاجِعُوْنَ	قَالَ
اس نے انکار کیا	ہم دیکھ لیں	اس نے پانی مانگا	انہوں نے نافرمانی کی	اس نے سیکھا	انہوں نے متکبرانہ رویہ اختیار کیا

آیت نمبر ۶۲ تا ۱۰۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ رَفَعْنَا: ہم نے کھڑا کیا تھا

۲۔ خُذُوْا: تم تھامو

۳۔ تَوَلَّيْتُمْ: تم (راہِ راست سے) پھر گئے

۴۔ اَلسَّبْتِ: سنیچر (ہفتہ کا دن)

۵۔ قِرَدَةً خَاسِئِيْنَ: دھتکارے ہوئے بندر

۶۔ نَكَالًا: عبرت

۷۔ بَقَرَةٌ: گائے

۸۔ هُزُوًا: مذاق

۹۔ لَا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ: نہ بوڑھی اور نہ بچی

۱۰۔ عَوَانٌ: بیچ بیچ

۱۱۔ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا: اس کا رنگ تیز ہو

۱۲۔ صَفْرَاءُ: زرد

۱۳۔ تَسُرُّ: وہ دل خوش کر دے

۱۴۔ تَشَابَهَ (علی): شبہے میں ڈال دیا

۱۵۔ ذَلُوْلٌ: کام میں جت کر

۱۶۔ لَا تُثِيْرُ الْاَرْضَ: نہ زمین گاہتی ہو

۱۷۔ لَا تَسْقِي الْحَرْثَ: نہ کھیتی کو پانی دیتی ہو

۱۸۔ شِيَةَ: داغ

۱۹۔ مَا كَادُوْا: لگتا نہیں تھا

۲۰۔ فَادّٰرَءْتُمْ: الزام ایک دوسرے پر ڈال رہے تھے

۲۱۔ مُخْرِجٌ: نکال باہر کرنا تھا

۲۲۔ يُحْيِي: زندہ کرتا ہے

۲۳۔ يُرِيْكُمْ: وہ تمہیں دکھاتا ہے

۲۴۔ قَسَتْ: وہ سخت ہو گئے

۲۵۔ كَالْحِجَارَةِ: جیسے پتھر

۲۶۔ يَتَفَجَّرُ: پھوٹ بہتی ہیں

۲۷۔ يَشَّقَّقُ: وہ خود پھٹ پڑتے ہیں

۲۸۔ يَهْبِطُ: لڑھک جاتے ہیں

۲۹۔ خَلَا: تنہائی میں جاتے ہیں

۳۰۔ تُحَدِّثُوْنَ: تم باتیں بتاتے ہو

۳۱۔ لِيُحَآجُّوْا: تاکہ وہ دلیل کے طور پر پیش کریں

۳۲۔ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ: جو وہ چھپاتے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں

۳۳۔ اُمِّيُّوْنَ: ان پڑھ (واحد: اُمّی)

۳۴۔ اَمَانِيَّ: آرزوئیں

۳۵۔ يَظُنُّوْنَ: وہم و گمان باندھتے رہتے ہیں

۳۶۔ يَكْتُبُوْنَ: وہ لکھتے ہیں

۳۷۔ يَكْسِبُوْنَ: وہ کماتے ہیں

۳۸۔ سَيِّئَةٌ، خَطِيْٓئَةُ: بدی

۳۹۔ اَحَاطَتْ: وہ گھیر لیتی ہے

۴۰۔ يَوَدُّ: وہ چاہتا ہے

۴۱۔ مُزَحْزِحٌ: دور نہیں کر سکتا

۴۲۔ مَثُوْبَةٌ: ثواب

۴۳۔ الْمَلَكَيْنِ: دو فرشتے (واحد: مَلَکٌ)

۴۴۔ رَاعِنَا: ہماری رعایت فرمائیے

۴۵۔ يُفَرِّقُوْنَ: وہ جدائی پیدا کر دیں

۴۶۔ نَنْسَخْ: ہم منسوخ کرتے ہیں

مشق: ۴

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے بیانات کے درست ہونے یا نہ ہونے کی نشاندہی جی ہاں اور جی نہیں پر نشان لگا کر کریں۔

نمبر شمار	جی ہاں	جی نہیں	بیانات
۱.			یہودی مذہب ایک نسل پرست مذہب ہے اور اس نسل کے باہر کوئی اس مذہب کو اختیار کرنا چاہے تو بھی نہیں کر سکتا۔
۲.			ستارہ پرست لوگوں کو ''مجوسی'' کہا جاتا ہے۔
۳.			بنی اسرائیل کے ایک شخص نے اپنے بھائی کو اس کی میراث حاصل کرنے کی خاطر قتل کر کے اس کی لاش سڑک پر ڈال دی تھی
۴.			ایسا گناہ جس کے بعد آخرت میں کوئی عمل کارآمد نہ ہو، ترکِ نماز ہے۔
۵.			مدینہ منورہ میں یہودیوں کے دو قبیلے آباد تھے، بنو قریظہ اور بنو نظیر۔
۶.			قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے ''روح القدس'' کا لقب استعمال ہوا ہے۔
۷.			معجزہ براہِ راست اللہ کا فعل ہے جس میں کسی ظاہری سبب کا کوئی دخل نہیں۔
۸.			جادو میں اگر شرکیہ کلمات منتر کے طور پر پڑھے جائیں تو ایسا جادو کرنے کی گنجائش ہے۔
۹.			دنیا کے اسباب کی طرح جادو بھی ایک سبب ہے اور سبب کا نتیجہ اس وقت تک ظاہر نہیں ہوتا جب تک اللہ تعالیٰ کی مشیت اس کے ساتھ متعلق نہ ہو۔
۱۰۔			نرا علم جس پر عمل نہ ہو حقیقت میں علم کہلانے کا مستحق نہیں بلکہ وہ کالعدم ہے۔
۱۱۔			مشرکین کے عناد کی اصل وجہ یہ تھی کہ اللہ نے نبوت کی نعمت آنحضرتؐ کو کیوں عطا کی۔
۱۲۔			بنیادی احکام میں حکیمانہ تبدیلیوں کو اصطلاح میں ''نسخ'' کہتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

تَوَلَّيْتُمْ	هُزُوًا	تَسُرُّ	ذَلُوْلٌ	لَاشِيَةَ	يُحْيِي
قَسَتْ	يَشَّقَّقُ	يَهْبِطُ	يُحَدِّثُوْنَ	أَمَانِيَّ	أَحَاطَتْ
	وہ کماتے ہیں	وہ لکھتے ہیں	ثواب	وہ چاہتا ہے	

آیت نمبر ۱۰۷ تا ۱۴۵

الفاظ کے معنی:

۱.	مُلْكُ:	سلطنت	۲.	لَوْيَرُدُّوْنَكُمْ :	وہ تمہیں پلٹائیں
۳.	تَبَيَّنَ:	واضح ہو چکا ہے	۴.	فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا :	تم معاف کرو اور درگزر سے کام لو
۵.	مَا تُقَدِّمُوْا:	جو تم آگے بھیجو گے	۶.	تَجِدُوْا :	تم پاؤ گے
۷.	شُهَدَاءَ:	موجود (واحد: شَاهِدٌ)	۸.	هَاتُوْا :	تم لے کر آؤ
۹.	بُرْهَانَكُمْ :	تمہاری دلیل	۱۰.	لَيْسَ، لَيْسَتْ، لَا، مَا :	نہیں
۱۱.	خِزْيٌ:	رسوائی	۱۲.	أَيْنَمَا تُوَلُّوْا :	جس طرف بھی تم رخ کرو گے
۱۳.	قَانِتُوْنَ:	فرمانبردار (واحد: قَانِتٌ)	۱۴.	بَدِيْعُ:	موجد
۱۵.	قَضٰى أَمْرًا:	وہ فیصلہ کرتا ہے	۱۶.	لَوْلَا يُكَلِّمُنَا:	ہم سے (براہ راست) کیوں بات نہیں کرتا
۱۷.	بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا:	خوشخبری دینے والا، ڈرانے والا	۱۸.	لَا تُسْئَلُ:	آپ سے باز پرس نہ ہوگی
۱۹.	اِبْتَلٰى:	آزمایا	۲۰.	لَا يَنَالُ:	شامل نہیں ہے
۲۱.	مَثَابَةً:	لوٹ لوٹ (بار بار) کر جانے کی جگہ	۲۲.	أُمَتِّعُ:	میں لطف اٹھانے کا موقع دوں گا
۲۳.	أَرِنَا مَنَاسِكَنَا :	ہم کو ہماری عبادتوں کے طریقے سکھا دے	۲۴.	اِبْعَثْ:	بھیجنا (بھیجو)
۲۵.	يُزَكِّيْ:	وہ پاکیزہ بنائے	۲۶.	سَفِهَ نَفْسَهٗ:	جو خود کو حماقت میں مبتلا کر چکا ہو
۲۷.	اِصْطَفَيْنَا :	ہم نے چن لیا	۲۸.	قَدْ خَلَتْ:	جو گزر گئی
۲۹.	حَنِيْفًا :	ٹھیک ٹھیک سیدھی راہ پر	۳۰.	اَلْأَسْبَاطِ :	اولاد
۳۱.	شِقَاقٍ:	دشمنی	۳۲.	صِبْغَةَ:	رنگ
۳۳.	أَتُحَاجُّوْنَنَا :	تم ہم سے حجت کرتے ہو	۳۴.	سَيَقُوْلُ:	وہ کہیں گے
۳۵.	يَنْقَلِبُ:	وہ پھر جاتا ہے	۳۶.	عَقِبَيْهِ:	الٹے پاؤں
۳۷.	لِيُضِيْعَ:	کہ وہ ضائع کر دے	۳۸.	تَقَلُّبَ وَجْهِكَ:	تیرے چہرے کو اٹھتے ہوئے
۳۹.	شَطْرَ:	طرف (رُخ)	۴۰.	لَنُوَلِّيَنَّ:	ہم ضرور پھیر دیں گے

مشق:۵

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ ایک طرف یہود و نصاریٰ میں سے ہر ایک کا دعویٰ یہ ہے کہ (الف، تنہا وہی جنت کا حق دار) ہے دوسری طرف ان کی حالت یہ ہے کہ وہ (ب، اللہ کی عبادت) میں رکاوٹ ڈالنے یا (ج، عبادت گاہوں کو آباد) کرنے کے درپے ہیں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب یہ متکبر لوگ جو (الف، اللہ کی نعمتوں) سے لوگوں کو روک رہے ہیں (ب، حق پرستوں کے سامنے) ایسے مغلوب ہوں گے کہ انہیں خود ان جگہوں پر (ج، ڈر ڈر کر) داخل ہونا پڑے گا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ مشرق و مغرب سب (الف، اللہ کی مخلوق) اور اسی کی تابع فرمان ہے اللہ تعالیٰ کسی (ب، ایک جہت میں محدود نہیں) وہ ہر جگہ موجود ہے چنانچہ وہ جس سمت کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیدے بندوں کا کام ہے کہ اسی (ج، حکم میں غور و فکر) کریں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو (الف، خدا کا بندہ) کہتے ہیں اور بعض یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو (ب، خدا کا بیٹا) کہتے ہیں اور مشرکین مکہ (فرشتوں کو (ج، اللہ کی بیٹیاں) کہا کرتے تھے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ اللہ کے نزدیک شخصیات کی اہمیت (الف، ان کی ذات) کی وجہ سے نہیں (ب، بلکہ اللہ کی اطاعت) کی وجہ سے ہوتی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوقات میں سب سے افضل اسی بنا پر ہیں کہ وہ اللہ کے (ج، سب سے فرمانبردار) ہیں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ کسی آسمانی کتاب کی (الف، تلاوت کا حق) یہ ہے کہ اس کے تمام احکام کو تسلیم کر کے اس پر عمل کرے، درحقیقت (ب، تورات پر ایمان) رکھنے والے وہی ہیں جو اس کے (ج، احکام کی تعمیل) میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتے ہیں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ (الف، نبوت کا سلسلہ) بنی اسرائیل میں چلا آرہا تھا جس کی بنا پر وہ یہ سمجھتے تھے کہ (ب، دنیا بھر کی بادشاہت) کا حق صرف انہی کو ہے قرآن مجید نے ان کی غلط فہمی دور کی کہ (ج، دینی پیشوائی کا منصب) کسی خاندان کی لازمی میراث نہیں ہے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸. انبیائے کرام اپنے کارناموں پر (الف، مغرور ہونے کے بجائے) اللہ تعالیٰ کے حضور (ب، اورزیادہ عجز و نیاز) کا مظاہرہ کرتے اور اپنی کوتاہیوں پر (ج، توبہ کرتے) جو اس کام کی ادائیگی میں ان سے سرزد ہونے کا امکان ہو۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۹. (الف، معتدل امت) کی یہ خصوصیت ہے کہ اس امت کو (ب، قیامت کے دن) انبیائے کرام کے (ج، گواہ) کے طور پر پیش کیا جائے گا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۱۰. جن لوگوں کو اللہ نے یہ سمجھ عطا کی تھی کہ کسی چیز میں کبھی بھی (الف، ذاتی تقدس) نہیں اور اصل تقدس اللہ کا حکم ہے تو ان کو نئے قبلے کی طرف رخ کرنا مشکل نہیں تھا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ ہم پہلے بھی (ب، اللہ کے بندے) اور (ج، اس کے تابع فرمان) تھے اور آج بھی اسی کے حکم پر ایسا کر رہے ہیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجیے:

اُمَتِّعُ	مَثَابَةً	تَبَيَّنَ	تَجِدُوْا	هَاتُوْا	لَيْسَ
قَانِتُوْنَ	بَدِيْعُ	لَاتَسْئَلُ	قَدْخَلَتْ	يَنْقَلِبُ	لَايَنَالُ
	رسوائی	رخ	چن لیا	بھیج دیں	

آیت نمبر ۱۴۲ تا ۱۷۷

الفاظ کے معنی:

۱. شَعَآئِرِ: نشانیاں
۲. اِعْتَمَرَ: عمرہ کرے
۳. يَطَّوَّفَ: چکر لگائے
۴. تَطَوَّعَ: وہ خوشی سے کرے
۵. اَلْبَيِّنٰتِ: روشن دلیلیں
۶. بَيَّنَّا: ہم نے کھول کھول کر بیان کیا
۷. تَجْرِيْ: وہ تیرتی ہیں
۸. اَلْفُلْكِ: کشتیاں
۹. يَنْفَعُ: وہ فائدہ دے
۱۰. بَثَّ: اس نے پھیلا دیئے
۱۱. تَصْرِيْفِ: گردش
۱۲. اَلرِّيٰحِ: ہوائیں

۱۳.	السَّحَابِ:	بادل	۱۴.	يَعْقِلُوْنَ:	وہ اپنی عقل سے کام لیتے ہیں
۱۵.	لَا يُخَفَّفُ:	وہ ہلکا نہ ہوگا	۱۶.	تَبَرَّأ:	وہ مکمل بے تعلقی کا اعلان کرینگے
۱۷.	تَقَطَّعَتْ:	کٹ کر رہ جائیں گے	۱۸.	كَرَّةً:	(دنیا میں) ایک مرتبہ لوٹنے کا موقع
۱۹.	حَسَرَاتٍ:	حسرت ہی حسرت	۲۰.	خُطُوٰتِ:	نقش قدم
۲۱.	يَأْمُرُ:	وہ حکم دے گا	۲۲.	أَلْفَيْنَا:	ہم نے پایا
۲۳.	لَا يَهْتَدُوْنَ:	انہوں نے کوئی (آسمانی) ہدایت حاصل نہ کی ہو	۲۴.	يَنْعِقُ:	وہ زور زور سے پکارتا ہے
۲۵.	نِدَآءً:	ہانک (ہانکا)	۲۶.	اَلْمَيْتَةُ:	مردار جانور
۲۷.	اَلدَّمُ:	خون	۲۸.	أُهِلَّ:	نام پکارا گیا
۲۹.	اُضْطُرَّ:	انتہائی مجبور ہو جائے	۳۰.	اِثْمَ:	گناہ
۳۱.	عَادٍ:	حد سے بڑھنے والا	۳۲.	شِقَاقٍ:	ضد
۳۳.	اَلْبِرَّ:	نیکی	۳۴.	اٰتَى:	وہ دیں
۳۵.	ذَوِي الْقُرْبٰى:	رشتے دار	۳۶.	اِبْنَ السَّبِيْلِ:	مسافر
۳۷.	قِبَلَ:	طرف	۳۸.	اَلْبَأْسَاءِ:	تنگی
۳۹.	اَلضَّرَّاءِ:	تکلیف	۴۰.	حِيْنَ الْبَأْسِ:	جنگ کے وقت

مشق:۶

ہدایات: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　سوالات

۱. یہود یوں اور عیسائیوں کا قبلہ کونسا تھا؟

....

....

۲. تعمیر کعبہ کے وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کونسی دو دعائیں مانگی تھیں؟

....

....

۳. صبر کا کیا مطلب ہے؟

۴. صفا اور مروہ کے درمیان سعی واجب ہے تو پھر قرآن پاک میں "کوئی گناہ" نہیں کا لفظ استعمال کرنے کا کیا مطلب ہے؟

۵. سابقہ آسمانی کتب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق نازل شدہ بشارتوں کو چھپانے والوں کے لیے کیا وعید نازل ہوئی؟

۶. حق تعالیٰ کی وحدانیت اور قدرت کے کوئی سے تین دلائل بیان کریں؟

ترجمہ کیجیے:

شَعَائِرِ	اَلْبَيِّنٰتِ	يَنْفَعُ	اَنْدَادًا	اَلْفَيْنَا	لَا يَهْتَدُوْنَ
نِدَآءً	شِقَاقٍ	اَلْبَأْسَآ	اَلضَّرَّآءِ	حِيْنَ الْبَأْسِ	يَنْفِقُ
	وہ سمجھتے ہیں	خون	کشتیاں	وہ فائدہ دیں	

آیت نمبر ۱۷۸ تا ۲۰۳

الفاظ کے معنی:

۱. كُتِبَ: فرض کر دیا گیا — ۲. اَلْحُرُّ: آزاد

۳. اَلْعَبْدُ: غلام — ۴. اَلْاُنْثٰى: عورت

۵. تَخْفِيْفٌ: آسانی — ۶. اُولِي الْاَلْبَابِ: عقل رکھنے والے

۷. تَرَكَ: اس نے چھوڑ دیا — ۸. خَافَ: اس کو اندیشہ ہو

۹. جَنَفًا: بے جا طرف داری — ۱۰. عِدَّةٌ: تعداد

۱۱.	يُطِيقُونَ:	وہ طاقت رکھتے ہیں	۱۲.	تَصُومُوا:	تم روزہ رکھو
۱۳.	شَهِدَ:	وہ پائے	۱۴.	اَلْيُسْرَ:	آسانی
۱۵.	اَلْعُسْرَ:	مشکل	۱۶.	لِتُكَبِّرُوا:	تم تکبیر کہو
۱۷.	أُجِيبُ:	میں پکار سنتا ہوں	۱۸.	يَرْشُدُونَ:	وہ راہ راست پر آجائیں
۱۹.	أُحِلَّ:	حلال کر دیا گیا	۲۰.	اَلرَّفَثُ:	صحبت کرنا
۲۱.	تَخْتَانُونَ:	تم خیانت کر رہے ہو	۲۲.	اَبْتَغُوا:	تم طلب کرو
۲۳.	اَلْخَيْطُ:	دھاری	۲۴.	أَتِمُّوا:	تم پورے کرو
۲۵.	اَلْأَهِلَّةِ:	چاند	۲۶.	مَوَاقِيتُ:	اوقات
۲۷.	ظُهُورٌ:	پشت۔ (واحد: ظَهْرٌ)	۲۸.	ثَقِفْتُمُوهُمْ:	تم جہاں پاؤ
۲۹.	اِنْتَهَوْا:	وہ باز آجائیں	۳۰.	تُدْلُوا "ب":	تم (نہ) لے جاؤ
۳۱.	عُدْوَانَ:	تشدد	۳۲.	لَا تُلْقُوا:	تم نہ ڈالو
۳۳.	أُحْصِرْتُمْ:	تمہیں روک دیا جائے	۳۴.	اِسْتَيْسَرَ:	میسر ہو
۳۵.	لَا تَحْلِقُوا:	تم نہ منڈاؤ	۳۶.	أَذًى:	تکلیف
۳۷.	نُسُكٍ:	قربانی	۳۸.	جِدَالَ:	جھگڑا
۳۹.	تَزَوَّدُوا:	زادِ راہ ساتھ لے جایا کرو	۴۰.	أَفِيضُوا:	تم روانہ ہو

مشق: ۷

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے درست اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار	صحیح/غلط	بیانات
۱.	☐	قصاص ہر صورت میں قاتل ہی سے لیا جائے گا، چاہے مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام۔
۲.	☐	جن لوگوں نے مرنے والے کی زبان سے کوئی وصیت سنی ہو ان کے لیے جائز ہے کہ وہ اس میں کمی بیشی کریں۔
۳.	☐	کوئی وصیت کرنے والا ناانصافی سے کام لے اور کوئی اسے سمجھا بجھا کر اپنی وصیت میں مرنے سے پہلے پہلے تبدیلی کرنے پر آمادہ کردے تو یہ ناجائز ہے۔
۴.	☐	فدیہ ان لوگوں کے لئے ہے جو بوڑھے ہوں چاہے ان میں روزہ رکھنے کی طاقت ہو یا نہ ہو۔
۵.	☐	فتنہ قتل کے مقابلے میں سخت برائی ہے جہاں فتنے کا سدِ باب قتل کے بغیر ممکن نہ ہو وہاں قتل کی اجازت ہے۔
۶.	☐	احرام کی حالت میں سر منڈانا جائز نہیں لیکن اگر کسی کو بیماری کی وجہ سے سر منڈانا پڑ جائے تو اس کو فدیہ دینا ہوگا۔

۷. ☐ تمتع یا قِران کے ذریعے حج اور عمرہ دونوں کو جمع کرنا ان کے لئے جائز ہے جو مکہ کے رہائشی ہوں۔

۸. ☐ توکل کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ انسان ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائے بلکہ اسباب کو اختیار کرنا شریعت کا تقاضہ ہے۔

۹. ☐ سفر حج میں روزی کمانے کا کوئی مشغلہ اختیار کرنا بشرطیکہ اس سے حج کے ضروری کام متاثر نہ ہوں، جائز ہے۔

ترجمہ کیجئے:

كُتِبَ		تَرَكَ			يُسْرٌ
	آزاد		اس کو اندیشہ ہو	وہ طاقت رکھتے ہیں	
عُسْرٌ		اِبْتَغُوْا	اِنْتَهَوْا		أَفِيْضُوْا
	حلال کر دیا گیا			میسر ہو	
	تم نہ منڈاؤ	آسانی	عورت	تم روزہ رکھو	

مشق :۸ اعادہ مشق نمبر ۱ تا ۷

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جواب میں کسی ایک ممکنہ جواب کو منتخب کریں۔

نمبر شمار　سوالات

۱. سورت فاتحہ میں جس سیدھے راستے کی دعا مانگی گئی ہے اس کی تشریح کیا ہے؟

(۱) سورت بقرہ　　(۲) پورا قرآن　　(۳) تمام احادیث

۲. قرآن مجید میں حضرت جبرائیل علیہ السلام کو کون سا لقب دیا گیا ہے؟

(۱) روح الامین　　(۲) سید الملائکہ　　(۳) روح القدس

۳. یوم السبت (ہفتہ کا دن) کس کے لئے مقدس قرار دیا گیا؟

(۱) یہودیوں کے لئے　　(۲) مسلمانوں کے لئے　　(۳) عیسائیوں کے لئے

۴. مدینہ منورہ میں بت پرستوں کے کون سے دو قبیلے آباد تھے؟

(۱) بنو قریظہ اور بنو نظیر　　(۲) اوس و خزرج　　(۳) قریش و بنی عبد المطلب

۵. صابی کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟

(۱) بت پرستوں کو　　(۲) آگ پرستوں کو　　(۳) ستارہ پرستوں کو

۶. وہ کونسی سورت ہے جو سب سے پہلے مکمل طور پر نازل ہوئی؟

(۱) سورۃ کوثر　　(۲) سورۃ العلق　　(۳) سورت فاتحہ

۷. "اسرائیل"، کس پیغمبر کا دوسرا نام تھا؟

(۱) حضرت اسحاق علیہ السلام　　(۲) حضرت یعقوب علیہ السلام　　(۳) حضرت نوح علیہ السلام

ترجمہ کیجئے:

اِهْدِنَا	اَلضَّآلِّيْنَ	اَلْمُفْلِحُوْنَ	غِشَاوَةٌ	اِسْتَوٰى	اِسْتَسْقٰى
مُلْكٌ	اِبْعَثْ	اِبْتَلٰى	اُضْطُرَّ	اٰتٰى	اِبْنِ السَّبِيْلِ

آیت نمبر ۲۰۴ تا ۲۲۰

الفاظ کے معنی:

۱.	مَنْ:	وہ (جو، جس)	۲.	يُعْجِبُكَ:	وہ تجھے اچھی لگتی ہیں
۳.	يُشْهِدُ:	وہ گواہ بناتا ہے	۴.	أَلَدُّ الْخِصَامِ:	دشمنوں میں سب سے کٹر
۵.	تَوَلّٰى:	وہ اٹھ کر جاتا ہے	۶.	سَعٰى:	وہ دوڑ دھوپ کرتا ہے (یعنی کوشش کرتا ہے)
۷.	اَلْحَرْثَ:	فصلیں	۸.	اَلنَّسْلَ:	نسلیں
۹.	أَخَذَتْ:	آمادہ کرتی ہے	۱۰.	اَلْعِزَّةُ:	نخوت
۱۱.	حَسْبُ:	راس آئے گی	۱۲.	لَبِئْسَ:	بہت برا ہے
۱۳.	اَلْمِهَادُ:	بچھونا	۱۴.	اَلسِّلْمِ:	اسلام
۱۵.	كَآفَّةً:	پورے کہ پورے	۱۶.	زَلَلْتُمْ:	تم پھسل گئے
۱۷.	ظُلَلٍ:	سائبان	۱۸.	اَلْغَمَامِ:	بادل

۱۹.	قُضِيَ الْأَمْرُ:	معاملہ چکا دیا جائے	۲۰.	تُرْجَعُ:	وہ لوٹ کر رہیں گے
۲۱.	كَمْ:	کتنی	۲۲.	زُيِّنَ:	دلکش بنادی گئی ہے
۲۳.	يَسْخَرُوْنَ:	وہ مذاق اڑاتا ہے	۲۴.	بَعَثَ:	اس نے بھیجے
۲۵.	لِيَحْكُمَ:	تاکہ وہ فیصلہ کریں	۲۶.	بَغْيًا:	ضد
۲۷.	اَلَّذِيْنَ خَلَوْا:	جو لوگ پہلے گزرے	۲۸.	مَسَّتْ:	پہنچی
۲۹.	زُلْزِلُوْا:	انہیں ہلا ڈالا گیا	۳۰.	يُنْفِقُوْنَ:	وہ خرچ کریں گے
۳۱.	أَقْرَبِيْنَ:	قریبی رشتے دار	۳۲.	اَلْقِتَالُ:	جنگ
۳۳.	كُرْهٌ:	گراں	۳۴.	عَسٰى:	عین ممکن ہے
۳۵.	صَدٌّ:	روکنا	۳۶.	مَنْ يَّرْتَدِدْ:	جو اپنا دین چھوڑ دے
۳۷.	حَبِطَتْ:	اکارت ہوں گے	۳۸.	يَرْجُوْنَ:	وہ امیدوار ہیں
۳۹.	اَلْخَمْرِ:	شراب	۴۰.	اَلْمَيْسِرِ:	جوئے
۴۱.	أَعْنَتَ:	وہ تمہیں مشکل میں ڈال دیتا	۴۲.	تُخَالِطُوْا:	تم مل جل کر رہو

مشق:۹

ہدایات:۔ ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

(۱)اشہرحرم (۲)صدقہ (۳)محتاج (۴)توحید

(۵)براہ راست (۶)رزق (۷)ایمان (۸)حرمت

نمبر شمار: **بیانات**

۱. اللہ تعالیٰ کی سنت یہ ہے کہ جب غیب کی چیزیں نظر آجائیں تو .... معتبر نہیں ہے۔

۲. دنیا میں .... کی فراوانی کسی کے حق پر ہونے کی دلیل نہیں۔

۳. .... چار مہینے، رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم الحرام ہیں۔

۴. .... وہی درست ہے جو اپنی اور گھر والوں کی ضرورت پوری کرنے کے بعد کیا جائے۔

۵. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد احادیث میں زور دیا ہے کہ صدقہ اتنا ہو کہ گھر والے .... نہ ہو جائیں۔

۶. یہودِ مدینہ کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ .... ہمیں نظر آکر ہمیں ایمان لانے کا حکم کیوں نہیں دیتا؟

۷. یہ دنیا اس آزمائش کے لیے بنائی گئی ہے کہ انسان اپنی عقل کا استعمال کرے اور کائنات میں پھیلے ہوئے واضح دلائل کی روشنی میں اللہ کی .... اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے۔

۸. چونکہ اہل عرب صدیوں سے شراب کے عادی تھے اس لیے اللہ نے شراب کی .... میں تدریج سے کام لیا۔

ترجمہ کیجئے:

وہ تجھے اچھا لگتا ہے	سخت جھگڑالو	وہ اٹھ کر جاتا ہے	بہت برا	معاملہ چکا دیا جائے گا	لوٹائی جاتی
ضد	آئیں	گراں	عین ممکن ہے	اکارت ہوجائیں گے	شراب
	لِيَحْكُمَ	زُلْزِلُوْا	يَسْخَرُوْنَ	زُيِّنَ	

آیت نمبر ۲۲۱ تا ۲۴۲

الفاظ کے معنی

۱. لَا تَنْكِحُوْا: تم نکاح نہ کرو — ۲. أَمَةٌ: باندی

۳. يَدْعُوْنَ: وہ سب بلاتے ہیں — ۴. يَتَذَكَّرُوْنَ: وہ نصیحت حاصل کریں

۵. أَذًى: گندگی — ۶. فَاعْتَزِلُوْا: لہٰذا تم الگ رہو

۷. يَطْهُرْنَ: وہ پاک ہوجائیں — ۸. عُرْضَةً: غرض

۹. أَيْمَانِ: قسموں (قسمیں) — ۱۰. يُؤْلُوْنَ: وہ ایلا کرتے ہیں (یعنی بیوی کے پاس نہ جانے کی قسم کھاتے ہیں)

۱۱. عَزَمُوْا: انہوں نے ٹھان لی — ۱۲. قُرُوْءٍ: حیض (واحد: قَرْئٌ)

۱۳. بُعُوْلَتُهُ: شوہر — ۱۴. فَاءُوْا: وہ رجوع کرلیں

۱۵. إِمْسَاكٌ: روک رکھنا — ۱۶. تَسْرِيْحٌ: چھوڑ دینا

۱۷. إِفْتَدَتْ: وہ مالی معاوضہ دے — ۱۸. بَلَغْنَ: وہ پہنچ جائیں

۱۹. هُزُوًا: مذاق — ۲۰. لَا تَعْضِلُوْا: تم منع نہ کرو

۲۱. يُرْضِعْنَ: وہ (مائیں) دودھ پلائیں — ۲۲. كِسْوَةُ: لباس

۲۳. مَوْلُوْدٌ لَّهُ: باپ — ۲۴. فِصَالًا: دودھ چھڑانا

۲۵. تَسْتَرْضِعُوْا: تم کسی انا سے دودھ پلواؤ — ۲۶. سَلَّمْتُمْ: تم حوالہ کردو

۲۷. يَتَوَفَّوْنَ: وفات پاجائیں — ۲۸. يَذَرُوْنَ: وہ چھوڑ کر جائیں

۲۹. يَتَرَبَّصْنَ "ب": وہ انتظار میں رکھیں — ۳۰. عَرَّضْتُمْ: اشارے کنائے میں (پیغام) دو

۳۱. خِطْبَةِ: نکاح کا پیغام — ۳۲. أَكْنَنْتُمْ: تم چھپائے رکھو

۳۳.	فَاحْذَرُوْا:	لہٰذا اس سے ڈرتے رہو	۳۴.	اَلْمُوْسِعِ:	خوشحال شخص
۳۵.	اَلْمُقْتِرِ:	غریب آدمی	۳۶.	قٰنِتِیْنَ:	باادب فرمانبردار
۳۷.	مَتَاعًا:	فائدہ	۳۸.	اَلْحَوْلِ:	سال
۳۹.	اَلْمَعْرُوْفِ:	قاعدہ کے مطابق	۴۰.	تَفْرُضُوْا، فَرَضْتُمْ:	تم نے مقرر کرلیا تھا

مشق: ۱۰

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے بیانات کے درست ہونے یا نہ ہونے کی نشاندہی جی ہاں اور جی نہیں پر نشان لگا کر کریں۔

نمبر شمار	جی ہاں	جی نہیں	بیانات
۱.	☐	☐	میاں بیوی کا یہ ملاپ صرف لذت حاصل کرنے کے مقصد سے نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اسے انسانی نسل کی بڑھوتری کا ذریعہ سمجھنا چاہیئے۔
۲.	☐	☐	لغو قسم سے مراد وہ قسم ہے جو قسم مستقبل کے کسی کام کے بارے میں کھائی جائے۔
۳.	☐	☐	عربوں میں یہ ظالمانہ طریقہ رائج تھا کہ وہ قسم کھا بیٹھتے تھے کہ اپنی بیوی کے پاس نہیں جائیں گے، ایسی قسم کو ''ظہار'' کہا جاتا ہے۔
۴.	☐	☐	اگر طلاق دینی پڑ جائے تو تین طلاقیں دینی چاہئیں۔
۵.	☐	☐	جن عورتوں کا حیض ہمیشہ کے لئے بند ہوگیا ہو یا ابھی آنا شروع ہی نہ ہوا ہو، ان کی عدت تین مہینے ہے، اگر عورت حاملہ ہو تو اس کی عدت بچے کی پیدائش پر ختم ہوجاتی ہے۔
۶.	☐	☐	اگر نکاح کے وقت مہر کی مقدار طے کرلی گئی تھی، پھر خلوت سے پہلے ہی طلاق ہوگئی تو اس صورت میں آدھا مہر واجب ہوگا۔
۷.	☐	☐	صلوٰۃ الوسطیٰ ''بیچ کی نماز'' سے مراد ظہر کی نماز ہے۔
۸.	☐	☐	اگر کسی بچے کا باپ زندہ نہ ہو تو دودھ پلانے کے سلسلے میں جو ذمہ داری باپ کی ہے وہ اس وقت کی حکومت پر عائد ہوگی۔
۹.	☐	☐	جنگ کی حالت میں اگر نماز پڑھنے کا موقع نہ ہو تو اس بات کی اجازت ہے کہ وہ نماز چھوڑ دے۔
۱۰.	☐	☐	میاں بیوی کے درمیان نکاح کے تعلق کا اختتام شرافت، فراخ دلی اور احترام سے خوشگوار ماحول میں ہونا چاہیے۔
۱۱.	☐	☐	زمانہ جاہلیت میں بیوہ عورت کی عدت دو سال ہوا کرتی تھی۔

ترجمہ کیجئے:

لَاتَنْكِحُوا	يَتَذَكَّرُوْنَ	أَذًى	يُؤْلُوْنَ	فَاْتُوْا	لَاتَعْضِلُوْا
مَوْلُوْدٌلَّهٗ	تَسْتَرْضِعُوْا	يَتَرَبَّصْنَ	أَكْنَنْتُمْ	اَلْمُقْتِرِ	تَفْرُضُوْا

آیت نمبر ۲۴۳ تا ۲۶۳

الفاظ کے معنی:

۱. أَلَمْ تَرَ: کیا آپ کو معلوم نہیں
۲. خَرَجُوْا: وہ نکلے
۳. مُوْتُوْا: (تم) مرجاؤ
۴. مَنْ ذَا الَّذِیْ: کون ہے جو
۵. يُقْرِضُ: وہ قرض دے
۶. يُضَاعِفُ: وہ بڑھائے چڑھائے
۷. يَقْبِضُ: وہ تنگی پیدا کرتا ہے
۸. يَبْصُطُ: وہ وسعت دیتا ہے
۹. اِبْعَثْ: مقرر کردیجئے
۱۰. عَسَيْتُمْ: تم سے کچھ بعید ہے
۱۱. دِيَارِ: گھروں
۱۲. أَنّٰى: کہاں سے
۱۳. لَمْ يُؤْتَ: اس کو حاصل نہیں
۱۴. سَعَةً، بَسْطَةً: وسعت
۱۵. تَحْمِلُ: وہ اٹھائے ہوئے لائیں گے
۱۶. لَمَّا فَصَلَ: جب وہ روانہ ہوا
۱۷. اَلْجُنُوْدِ: لشکر
۱۸. اِغْتَرَفَ: وہ چلو بھرے
۱۹. فِئَةً: جماعت
۲۰. بَرَزُوْا: وہ آمنے سامنے ہوئے
۲۱. أَفْرِغْ: انڈیل دے
۲۲. ثَبِّتْ: ثابت قدمی بخش
۲۳. هَزَمُوْا: انہوں نے شکست دی
۲۴. تِلْكَ الرُّسُلُ: یہ پیغمبر (واحد: رسول)
۲۵. فَضَّلْنَا: ہم نے فضیلت عطا کی
۲۶. أَيَّدْنَا: ہم نے مدد کی
۲۷. مَا اقْتَتَلَ: وہ نہ لڑتے
۲۸. بَيْعٌ: سودا
۲۹. خُلَّةٌ: دوستی
۳۰. اَلْحَيُّ: سدا زندہ
۳۱. اَلْقَيُّوْمُ: پوری کائنات کا سنبھالنے والا
۳۲. سِنَةٌ: اونگھ
۳۳. نَوْمٌ: نیند
۳۴. بَيْنَ أَيْدِيْ: آگے
۳۵. خَلْفَ: پیچھے
۳۶. لَا يَؤُوْدُ: بوجھ نہیں ہوتا
۳۷. اِسْتَمْسَكَ: اس نے تھام لیا
۳۸. اَلْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى: مبوط کنڈا
۳۹. اِنْفِصَامَ: ٹوٹنا
۴۰. بُهِتَ: وہ مبہوت ہو کر رہ گیا
۴۱. مَرَّ: گزر ہوا
۴۲. خَاوِيَةٌ: گری پڑی
۴۳. عُرُوْشِ: چھتوں
۴۴. لَبِثْتَ: تم رہے ہو
۴۵. لَمْ يَتَسَنَّهْ: وہ ذرا نہیں کڑیں
۴۶. نُنْشِزُ: ہم اٹھاتے ہیں

مشق:۱۱

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار	بیانات		
۱.	وہ کون سے پیغمبر تھے جن کی ذات میں پہلی بار نبوت و بادشاہت جمع ہوئی؟		
	① حضرت سلیمان علیہ السلام	② حضرت داؤد علیہ السلام	③ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
۲.	حضرت سموئیل علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کتنے سال بعد پیغمبر بنا کر بھیجے گئے؟		
	① ساڑھے تین سو سال	② ساڑھے پانچ سو سال	③ ساڑھے چار سو سال
۳.	اگر اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو زبردستی ایمان لانے پر مجبور کر دیتا تو دنیاوی نظام کی کیا حالت ہوتی؟		
	① بالکل صحیح ہوتا	② فاسد ہوتا	③ مثالی بن جاتا
۴.	بابل کے بادشاہ نمرود نے کس چیز کا دعویٰ کیا تھا؟		
	① خدائی کا	② رسالت کا	③ صحابیت کا
۵.	نمرود نے حق قبول کرنے کے بجائے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے کیا حکم جاری کیا تھا؟		
	① جلاوطنی کا	② آگ میں ڈالنے کا	③ پھانسی کا
۶.	حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے مردوں کے زندہ ہونے کے متعلق سوال کیوں کیا تھا؟		
	① شک پورا کرنے کے لئے	② کافروں کو دکھانے کے لئے	③ مزید اطمینان کے لیے
۷.	اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے سے کیا مراد ہے؟		
	① اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے	② مصائب سے بچنے کے لیے صدقہ کرنا	③ غریبوں کو خوش کرنے کے لیے
۸.	اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے کا ثواب کتنا ہے؟		
	① سو گنا	② سات سو گنا	③ پانچ سو گنا
۹.	اگر سائل کو دینے کے لیے کچھ نہ ہو تو کیا کرے؟		
	① معذرت کر لے	② آئندہ دینے کا وعدہ کرے	③ کسی سے قرض لے کر دے دے
۱۰.	کون سے صدقے کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے؟		
	① جو کافروں کو دیا جائے	② ریاکاری اور احسان کے لیے دیا گیا	③ جو امیر لوگوں کو دیا جائے

ترجمہ کیجئے:

يُضَاعِفُ	اَبۡعَثُ			بَرَزُوۡا	هَزَمُوۡا
		کشادگی	فوجیں		
		اِسۡتَمۡسَكَ	بُہت		نَنۡشُزُ
وہ نہ لڑتے	اونگھ		چھت		
	اُفۡرِغۡ	اِنۡفِصَامُ	يَبۡسُطُ	مَااقۡتَتَلَ	

آیت نمبر ۲۶۲ تا ۲۸۶

الفاظ کے معنی:

۱. لَاتُبۡطِلُوۡا: تم ضائع نہ کرو
۲۔ كَالَّذِىۡ: اس شخص کی طرح
۳. رِئَاءَ: دکھانا
۴۔ صَفۡوَانٍ: چکنی چٹان
۵. تُرَابٌ: مٹی
۶۔ اَصَابَ: پڑے
۷. وَابِلٌ: زور کی بارش
۸۔ صَلۡدًا: چکنی
۹. كَسَبُوۡا: انہوں نے جو کمائی کی
۱۰۔ اِبۡتِغَاءَ: طلب کرنا
۱۱. تَثۡبِيۡتًا: پختگی
۱۲۔ رَبۡوَةٍ: ٹیلے
۱۳. اُكُلَ: پھل
۱۴۔ طَلٌّ: ہلکی پھوار
۱۵. نَخِيۡلٌ: کھجور کے درخت
۱۶۔ اَعۡنَابٍ: انگور
۱۷. اَلۡكِبَرُ: بڑھاپا
۱۸۔ ذُرِّيَّةٌ: اولاد
۱۹. اِعۡصَارٌ: بگولا
۲۰۔ فَاحۡتَرَقَتۡ: جل کر رہ جائے
۲۱. لَاتَيَمَّمُوۡا: تم یہ نیت نہ رکھو
۲۲۔ اٰخِذِىۡ: لینے والے
۲۳. تُغۡمِضُوۡا: تم آنکھیں میچ لو
۲۴۔ اَلۡفَحۡشَاءِ: بے حیائی
۲۵. نَفَقَةٍ: خرچ کرنا
۲۶۔ نِعِمَّا: اچھا ہے
۲۷. يُوَفَّ: پورا دیا جائے گا
۲۸۔ اُحۡصِرُوۡا: انہوں نے مقید کر رکھا ہے
۲۹. ضَرۡبًا "فِى": چلنا
۳۰۔ اَلتَّعَفُّفِ: کسی سے سوال کرنے سے پاک دامن
۳۱. سِيۡمَا: علامت (نشانی)
۳۲۔ اَلرِّبٰوا: سود
۳۳. يَمۡحَقُ: وہ مٹاتا ہے
۳۴۔ يُرۡبِىۡ: وہ بڑھاتا ہے

۳۵۔	فَأْذَنُوْا:	تم سن لو	۳۶۔	حَرْبٍ:	لڑائی
۳۷۔	نَظِرَةٌ:	مہلت	۳۸۔	تَدَايَنْتُمْ:	تم ادھار کا معاملہ کرو
۳۹۔	وَلْيُمْلِلْ:	اور وہ تحریر لکھوائے	۴۰۔	لَا يَبْخَسْ:	وہ کمی نہ کرے
۴۱۔	سَفِيْهًا:	ناسمجھ	۴۲۔	اِسْتَشْهِدُوْا:	تم گواہ بنالو
۴۳۔	لَا يَأْبَ:	وہ انکار نہ کریں	۴۴۔	تَبَايَعْتُمْ:	تم سودا کرو
۴۵۔	رِهٰنٌ:	گروی رکھنا (گروی رکھی ہوئی چیز)	۴۶۔	يَكْتُمْ:	وہ چھپائے گا

مشق : ۱۲

نمبر شمار بیانات

۱۔ اگر کوئی ان غریب کافروں پر بھی اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی نیت سے کچھ خرچ کرے تو اس کا بھی.................. ملے گا۔

۲۔ اصحابِ صفہ وہ صحابہ تھے جنہوں نے اپنی زندگی.................. کے لئے وقف کر دی تھی۔

۳۔ ایسے لوگ.................. کے زیادہ مستحق ہیں جو نیک مقصد سے پوری اُمت کے فائدے کے لئے مقید ہو کر رہ گئے، اور سختیاں جھیلنے کے باوجود اپنی ضرورت کسی کے سامنے ظاہر نہیں کرتے۔

۴۔ صدقات انسان کے.................. کی نشانی ہیں اور سود بخل اور حب مال کی علامت ہے۔

۵۔ .... ہر اس زیادہ رقم کو کہا جاتا ہے جو کسی قرض پر طے کر کے وصول کی جائے۔

۶۔ نقدی کا نقدی سے تبادلہ کر کے اسے بذاتِ خود نفع کمانے کا ذریعہ بنایا جائے تو اس سے بے شمار.................. پیدا ہوتے ہیں۔

۷۔ جب اللہ نے بیع کو حلال اور سود کو حرام قرار دے دیا تو بندے کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ اس میں.................. اور .... پوچھتا پھرے۔

۸۔ اللہ تعالیٰ کے حکم میں یقیناً کوئی نہ کوئی.................. ضرور ہوتی ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ ہر ایک کی سمجھ میں آجائے۔

۹۔ کوئی.................. کسی کے ذمے واجب ہو رہا ہو تو ایسی تحریر لکھنی یا لکھوانی چاہیے جو معاملے کی نوعیت کو واضح کر دے۔

۱۰۔ انسان کے اختیار کے بغیر جو خیالات اس کے دل میں آجاتے ہیں ان پر کوئی.................. نہیں ہے۔

۱۱۔ انسان جان بوجھ کر اگر غلط عقیدہ رکھے یا کسی گناہ کا سوچ کر پکا ارادہ کر لے تو اس کا.................. ہوگا۔

ترجمہ کیجئے:

لَاتُبۡطِلُوۡا	تُرَابٌ	كَسَبُوۡا	نَخِيۡلٍ	ذُرِّيَّةٌ	فَاحۡتَرَقَتۡ
يُوَفَّ	اَلتَّعَفُّفِ	يَمۡحَقُ	فَأۡذَنُوۡا	تَدَايَنۡتُمۡ	تَبَايَعۡتُمۡ
	زور کی بارش	لڑائی	پھوار، شبنم	بے عقل	

مشق: ۱۳

اعادہ مشق نمبر ۹ تا ۱۲

ہدایات: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائنوں پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار سوالات

۱. اخنس بن شریق نامی منافق نے مدینہ منورہ میں کیا کام کیا؟

....

....

....

۲. اشہر حرم کون سے مہینے ہیں اور ان کا کیا حکم ہے؟

....

....

....

۳. صحیح صدقہ کون سا ہے؟

....

....

....

۴. لغو قسم کسے کہتے ہیں؟

....

....

....

۵. اگر کوئی شخص ایلا (بیوی کے پاس نہ جانے کی قسم کھالے) کرلے تو اس کے ختم کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

....

....

....

۶. شوہر کب عورت سے طلاق کے عوض مال یا مہر کا مطالبہ کرسکتا ہے؟

....

....

....

۷. قرآن مجید میں عصر کی نماز کا تذکرہ خاص طور سے کیوں کیا گیا ہے؟

....

....

....

۸. حالتِ جنگ میں نماز پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟

....

....

....

۹. اللہ تعالیٰ کو اچھے طریقے سے قرض دینے کا کیا مطلب ہے؟

....

....

....

۱۰. فرعون سے نجات پانے کے بعد موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو کن سے جہاد کرنے کی دعوت دی؟

....

....

....

۱۱. جالوت کون تھا؟

۱۲. نمرود کس جگہ کا بادشاہ تھا اور اس کا دعویٰ کیا تھا؟

۱۳. وہ صدقہ جو ریاکاری کے طور پر دیا گیا ہو اس کی مثال قرآن پاک میں کیا بیان کی گئی ہے؟

۱۴. اصحابِ صفہ کون سے صحابہ کرام کو کہا جاتا ہے؟

۱۵. نقدی کو سامانِ تجارت بنا کر فروخت کیوں نہیں کیا جا سکتا؟

ترجمہ کیجئے:

		تَرَكَ	اِبْتَغُوْا	أَفِيْضُوْا	أَذًى
سخت جھگڑالو	ضائع ہوا				
يَتَرَبَّصْنَ	يُضَاعَفُ		نُنْشِزُ	تُرَابٌ	فَاحْتَرَقَتْ
		وہ نہ لڑتے			

سورۂ آل عمران

آیت نمبر ۱ تا ۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ ذُوانْتِقَامٍ: برائی کا بدلہ دینے والا
۲۔ يُصَوِّرُ: وہ صورتیں بناتا ہے
۳۔ اَلْاَرْحَامِ: ماؤں کے پیٹ
۴۔ زَيْغٌ: ٹیڑھا
۵۔ تَاْوِيْلٌ: تاویلات (خلاصہ وتعبیر)
۶۔ هَبْ: تو عطا فرما
۷۔ لَدُنْكَ: اپنے پاس سے
۸۔ اَلْمِيْعَادُ: وعدہ
۹۔ لَنْ تُغْنِيَ: کچھ کام نہ آئے گی
۱۰۔ وَقُوْدُ: ایندھن
۱۱۔ دَاْبٌ: حال
۱۲۔ تُغْلَبُوْنَ: تم مغلوب ہوگے
۱۳۔ تُحْشَرُوْنَ: تمہیں جمع کیا جائے گا
۱۴۔ اَلْمِهَادُ: بچھونا
۱۵۔ فِئَتَيْنِ: دو گروہوں
۱۶۔ اِلْتَقَتَا: ایک دوسرے سے ٹکرائے تھے
۱۷۔ زُيِّنَ: خوشنما بنادی گئی
۱۸۔ اَلْقَنَاطِيْرُ: ڈھیر
۱۹۔ اَلذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ: سونا، چاندی
۲۰۔ اَلْخَيْلُ الْمُسَوَّمَةُ: نشان لگائے ہوئے گھوڑے
۲۱۔ اَلْاَنْعَامُ: چوپائے
۲۲۔ اَؤُنَبِّئُ: کیا میں تمہیں بتاؤں؟
۲۳۔ اَزْوَاجٌ: بیویاں
۲۴۔ اَلْقَانِتِيْنَ: عبادت گزار
۲۵۔ اَلْاَسْحَارُ: سحری کے اوقات
۲۶۔ بَغْيًا: ضد
۲۷۔ حَاجُّوْكَ: وہ آپ سے جھگڑا کریں
۲۸۔ تَوَلَّوْا: انہوں نے منہ موڑا
۲۹۔ اَلْبَلَاغُ: پیغام پہنچانا
۳۰۔ حَبِطَتْ: غارت ہو چکے
۳۱۔ غَرَّ: دھوکہ میں ڈال دیا
۳۲۔ لَنْ تَمَسَّنَا: ہمیں ہرگز نہ چھوئے گی
۳۳۔ تُؤْتِيْ: تو بخشتا ہے
۳۴۔ تَنْزِعُ: تو چھین لیتا ہے
۳۵۔ تُعِزُّ: تو عزت دیتا ہے
۳۶۔ تُذِلُّ: تو ذلت دیتا ہے
۳۷۔ تُوْلِجُ: تو داخل کرتا ہے
۳۸۔ تُخْرِجُ: تو برآور کرتا ہے
۳۹۔ لَا يَتَّخِذِ: وہ نہ بنائیں
۴۰۔ يُحَذِّرُ: وہ بچاتا ہے

مشق: ۱۴

ہدایات: ذیل کے سوالات کے جوابات تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے دیجئے۔

نمبر شمار سوالات

۱۔ قرآن کریم کا ایک نام فرقان بھی ہے اس کے معنیٰ کیا ہیں؟

(۱) یہ گناہ گار اور نیک لوگوں میں فرق کرنیوالی (۲) یہ حق و باطل کے درمیان فرق کرنیوالی ہے

(۳) یہ علماء اور غیر علماء میں فرق کرنیوالی ہے

۲۔ اللہ نے معمول کا طریقہ یہ بنایا کہ ہر بچہ کسی باپ کے ذریعے پیدا ہوتا ہے، کیا اللہ تعالیٰ اس کا پابند ہے؟

(۱) جی نہیں (۲) جی ہاں (۳) کبھی کبھار

۳۔ اگر کوئی شخص صفات الٰہی کی حقیقت کی فلسفیانہ کھوج میں پڑ جائے تو اس کا انجام کیا ہوگا؟

(۱) ولایت کے اعلیٰ مرتبہ تک پہنچ جائے گا (۲) بالآخر حقیقت کو جان ہی لے گا

(۳) حیرانی و گمراہی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

۴۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہنا کیسا ہے؟

(۱) کفر و شرک ہے (۲) بدعت ہے (۳) فسق ہے

۵۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے روح من اللہ کیوں کہا؟

(۱) اس لئے کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے (۲) اس لیے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں

(۳) اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو براہِ راست پیدا کیا

۶۔ جنگ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی؟

(۱) تین سو تیرہ تھی (۲) تین سو پندرہ تھی (۳) تین سو تین تھی

۷۔ ایسی دوستی یا قلبی محبت کو کہ جس کے نتیجے میں دو آدمیوں کی زندگی کا مقصد اور نفع و نقصان ایک ہو جائے کیا کہا جاتا ہے؟

(۱) بھائی بنانا (۲) ولی بنانا (۳) دوست بنانا

۸۔ وہ غیر مسلم جو حالت جنگ میں نہ ہو ان کے ساتھ حسن سلوک کرنا کیسا ہے؟

(۱) ناجائز ہے (۲) جائز اور مطلوب ہے (۳) ضروری ہے

۹۔ کفار کے ساتھ سیاسی و اقتصادی تعاون کے معاہدے کس شرط کے ساتھ ہونے چاہئیں؟

(۱) اسلام اور مسلمانوں کی مصلحت کے خلاف نہ ہوں (۲) کفار کی مصلحت کے خلاف نہ ہوں

(۳) کفار کو نیست و نابود کرنے کے لئے نہ ہوں

ترجمہ کیجئے:

يُصَوِّرُ	اَلْاَرْحَامِ	هَبْ	وَقُوْدُ	تُحْشَرُوْنَ	زُيِّنَ
اَلذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ	أَزْوَاجٌ	حَاجُّوْكَ	حَبِطَتْ	تُوْلِجُ	تَنْزِعُ

آیت نمبر ۲۹ تا ۷۵

الفاظ کے معنی:

۱۔ تُخْفُوْا: تم چھپاؤ
۲۔ تُبْدُوْا: تم ظاہر کرو
۳۔ أَمَدًا بَعِيْدًا: دور کا فاصلہ
۴۔ ذُرِّيَّةٌ: نسل
۵۔ نَذَرْتُ: میں نے نذر مانی
۶۔ بَطْنِيْ: میرا پیٹ
۷۔ وَضَعَتْ: ان سے پیدا ہوئی
۸۔ مُحَرَّرًا: آزاد (ہر کام سے)
۹۔ اَلذَّكَرُ: لڑکا
۱۰۔ اَلْاُنْثٰى: لڑکی
۱۱۔ سَمَّيْتُ: میں نے نام رکھا
۱۲۔ أَنْبَتَ: اس نے پروان چڑھایا
۱۳۔ حَصُوْرًا: اپنے آپ کو روکے ہوئے ہیں نفسانیت خواہشات سے
۱۴۔ اَلْكِبَرُ: بڑھاپا
۱۵۔ عَاقِرٌ: بانجھ
۱۶۔ رَمْزًا: اشارے
۱۷۔ اَلْعَشِيِّ: دن ڈھلے
۱۸۔ اَلْاِبْكَارِ: صبح سویرے
۱۹۔ أُقْنُتِيْ: تم عبادت میں لگی رہو
۲۰۔ أَنْبَاءِ: خبریں
۲۱۔ يَخْتَصِمُوْنَ: وہ اختلاف کر رہے تھے
۲۲۔ وَجِيْهًا: صاحب وجاہت
۲۳۔ اَلْمَهْدِ: گہوارے (گود)
۲۴۔ كَهْلًا: بڑی عمر
۲۵۔ اَلطِّيْنِ: گارہ
۲۶۔ اَلْاَكْمَهَ: مادرزاد اندھا
۲۷۔ تَدَّخِرُوْنَ: تم ذخیرہ کرتے ہو
۲۸۔ مُتَوَفِّيْكَ: تمہیں صحیح سلامت واپس لے لوں گا
۲۹۔ رَافِعُكَ: تمہیں اٹھالوں گا
۳۰۔ اَلْمُمْتَرِيْنَ: شک کرنے والے
۳۱۔ نَبْتَهِلْ: ہم گڑگڑائیں گے
۳۲۔ تَعَالَوْا: آجاؤ
۳۳۔ سَوَاءٍ: برابر
۳۴۔ حَاجَجْتُمْ: تم نے بحث کی
۳۵۔ طَائِفَةٌ: گروہ
۳۶۔ يُضِلُّوْنَ: وہ گمراہ کردے
۳۷۔ يُؤْتِيْ: وہ دے دیتا ہے
۳۸۔ وَجْهَ النَّهَارِ: دن کا شروع

۳۹۔ اِنۡ تَاۡمَنۡ: اگر امانت رکھ دی جائے　　　۴۰۔ یُؤَدِّ: وہ واپس کر دیں گے

مشق :۱۵

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار　　بیانات

۱۔ حضرت عمران بیت المقدس کے امام تھے اور ان کی اہلیہ کا نام.................... تھا۔

(۱) زینب　　(۲) حنّہ　　(۳) آسیہ

۲۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام کی یہ خاص صفت بیان کی گئی ہے کہ وہ.................... پر پورا پورا قابو رکھنے والے ہوں گے۔

(۱) غصے　　(۲) حواس　　(۳) نفسانی خواہشات

۳۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم علیہا السلام کی پاک دامنی ظاہر کرنے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو معجزے کے طور پر اس وقت بات کرنے کی قدرت دی جب وہ.................... تھے۔

(۱) تین دن کے　　(۲) دودھ پیتے　　(۳) ماں کے پیٹ میں

۴۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحابہ کو.................... کہا جاتا ہے۔

(۱) ولی　　(۲) حواری　　(۳) صحابی

۵۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مخالفین نے انہیں سولی پر چڑھانے کا منصوبہ بنایا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں.................... پر اٹھا لیا۔

(۱) بادلوں　　(۲) پہاڑ　　(۳) آسمانوں

۶۔ جب بحث کا کوئی فریق دلائل تسلیم کرنے کے بجائے ہٹ دھرمی پر اتر آئے تو آخری طریقہ یہ ہے کہ اسے.................... کی دعوت دی جائے۔

(۱) جنگ　　(۲) مباہلہ　　(۳) آگ میں کودنے

۷۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو.................... اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ باپ کے بغیر اللہ کے کلمہ کن سے پیدا ہوئے۔

(۱) روح من اللہ　　(۲) روح القدس　　(۳) کلمۃ من اللہ

ترجمہ کیجئے:

تُبۡدُوۡا	ذُرِّيَّةً	وَضَعَتۡ	حَصُوۡرًا	عَاقِرٌ	اُقۡنُتِيۡ
وہ جھگڑتے ہیں	بڑی عمر	تجھے واپس لینے والا ہوں	برابر	گروہ	وہ دیتا ہے

حَاجَجۡتُمۡ	نَبۡتَهِلۡ	اَلۡمُمۡتَرِيۡنَ	اَلطِّيۡنِ

آیت نمبر ۷۶ تا ۱۱۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ أَيْمَانِ: قسمیں

۲۔ خَلَاقَ: حصہ

۳۔ لَا يُزَكِّيْ: وہ پاک نہیں کرے گا

۴۔ يَلْوٗنَ: وہ مروڑتے ہیں

۵۔ أَلْسِنَتَهُمْ: اپنی زبانیں (ان کی زبانیں)

۶۔ كُوْنُوْا: بن جاؤ

۷۔ رَبَّانِيِّيْنَ: اللہ والے

۸۔ تُعَلِّمُوْنَ: تم پڑھاتے ہو

۹۔ تَدْرُسُوْنَ: تم پڑھتے ہو

۱۰۔ لَتُؤْمِنُنَّ: تم ضرور ایمان لاؤ گے

۱۱۔ لَتَنْصُرُنَّ: تم ضرور مدد کرو گے

۱۲۔ أَقْرَرْتُمْ: تم اقرار کرتے ہو

۱۳۔ إِصْرِيْ: ذمہ داری

۱۴۔ يَبْغُوْنَ: وہ تلاش میں ہیں

۱۵۔ طَوْعًا وَّكَرْهًا: خوشی اور ناچار ہو کر

۱۶۔ يَبْتَغِ: وہ چاہے

۱۷۔ لَنْ يُقْبَلَ: ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا

۱۸۔ جَاءَ: آچکے تھے

۱۹۔ لَا يُخَفَّفُ: ہلکا نہیں کیا جائے گا

۲۰۔ أَصْلَحُوْا: وہ اپنی اصلاح کریں

۲۱۔ اِزْدَادُوْا: وہ بڑھتے چلے گئے

۲۲۔ مَاتُوْا: وہ مر گئے

۲۳۔ مِلْءُ الْأَرْضِ: زمین بھر کر

۲۴۔ اِفْتَدٰى: وہ اپنی جان چھڑوانے کے لئے پیشکش کرے

۲۵۔ لَنْ تَنَالُوْا: تم ہرگز نہیں پہنچ سکو گے

۲۶۔ حِلًّا: حلال

۲۷۔ عَلٰى نَفْسِهٖ: اپنے اوپر

۲۸۔ صَدَقَ: اس نے سچ کہا

۲۹۔ وُضِعَ: جو بنایا گیا

۳۰۔ اٰمِنًا: امن پایا جاتا ہے

۳۱۔ اِسْتَطَاعَ: وہ استطاعت رکھتے ہیں

۳۲۔ لِمَ تَصُدُّوْنَ: کیوں تم رکاوٹ ڈالتے ہو

۳۳۔ تُتْلٰى: وہ تلاوت کی جاتی ہیں

۳۴۔ يَعْتَصِمْ: وہ تھام لے

۳۵۔ لَا تَمُوْتُنَّ: تمہیں موت نہ آئے

۳۶۔ أَعْدَاءً: دشمن (واحد، عَدُوٌّ)

۳۷۔ أَلَّفَ: اس نے جوڑ دیا

۳۸۔ شَفَا حُفْرَةٍ: گڑھے کے کنارے

۳۹۔ تَبْيَضُّ: چمکتے ہوں گے

۴۰۔ تَسْوَدُّ: سیاہ پڑ جائیں گے

مشق نمبر ۱۶:

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

(۱)	اچھی چیزیں	(۲)	اہل ایمان	(۳)	قربانی	(۴)	اونٹ کی حرمت
(۵)	عرق النساء	(۶)	کعبہ	(۷)	اوس اور خزرج	(۸)	حضرت ابراہیم علیہ السلام
(۹)	اشاعت اسلام	(۱۰)	کفر				

نمبر شمار	بیانات
۱۔	پوری کائنات میں حکم اللہ تعالیٰ ہی کا چلتا ہے............................اللہ کے ہر حکم کو دل و جان سے بخوشی قبول کرتے ہیں۔
۲۔	جب تک کفار............................سے توبہ کر کے ایمان نہیں لائیں گے، دوسرے گناہوں سے ان کی توبہ قبول نہ ہوگی۔
۳۔	خراب اور ردّی قسم کی چیزیں صدقے میں نہ دیا کرو بلکہ............................اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کیا کرو۔
۴۔	جن چیزوں سے تمہیں زیادہ محبت ہے ان کو اللہ کی راہ میں نکالو تاکہ صحیح معنی میں اللہ کے لئے............................کا مظاہرہ ہو سکے۔
۵۔	حضرت یعقوب علیہ السلام نے............................کی بیماری کی وجہ سے اونٹ کا گوشت اپنے اوپر حرام کر لیا تھا۔
۶۔	تورات میں کہیں مذکور نہیں ہے کہ اونٹ کا گوشت............................کے وقت سے حرام چلا آتا ہے۔
۷۔	............................تو بیت المقدس کی تعمیر سے بہت پہلے وجود میں آ چکا تھا۔
۸۔	بائبل کی کتاب احبار میں جو یہودیوں اور عیسائیوں کی نظر میں تورات کا ایک حصہ ہے............................بنی اسرائیل کے لئے ہی بیان ہوئی۔
۹۔	مدینہ منورہ میں دو قبیلے............................کے نام سے آباد تھے۔
۱۰۔	اپنے آپ کو دین کی تبلیغ و دعوت میں مصروف کر لو تو اس سے............................کے علاوہ یکجہتی بھی پیدا ہوگی۔

ترجمہ کیجئے:

خَلَاقَ	يَلْوٗنَ	تُعَلِّمُوْنَ	اِصْرِيْ	يَبْتَغِ	يُخَفَّفُ
وہ بڑھتے چلے گئے	زمین بھر	حلال	وہ استطاعت رکھتا ہو	تمہیں موت نہ آئے	گڑھے کے کنارے
اَلْسِنَتُهُمْ	أَقْرَرْتُمْ	يَعْتَصِمْ	اِزْدَادُوْا		

آیت نمبر ۱۱۱ تا ۱۴۰

الفاظ کے معنی:

۱۔	أَيْنَ مَا:	جہاں کہیں بھی
۲۔	حَبْلٍ:	سبب
۳۔	عَصَوْا:	وہ نافرمانی کرتے تھے
۴۔	كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ:	وہ ساری حدیں پھلانگ جایا کرتے تھے
۵۔	آنَاءَ:	وقت
۶۔	يُسَارِعُوْنَ:	وہ لپکتے ہیں
۷۔	لَنْ يُّكْفَرُوْا:	ہرگز ناقدری نہیں کی جائے گی
۸۔	لَنْ تُغْنِيَ:	ہرگز کام نہ آئیں گے
۹۔	صِرٌّ:	سخت سردی
۱۰۔	بِطَانَةً:	رازدار
۱۱۔	لَا يَأْلُوْنَ:	وہ نہیں اٹھا رکھتے
۱۲۔	خَبَالًا:	بدخواہی
۱۳۔	عَنِتُّمْ:	تم تکلیف اٹھاؤ
۱۴۔	اَلْبَغْضَاءُ:	بغض
۱۵۔	عَضُّوْا:	وہ چباتے ہیں
۱۶۔	أَنَامِلَ:	انگلیاں
۱۷۔	تَمْسَسْكُمْ:	تم کو مل جائے
۱۸۔	تَسُؤْهُمْ:	ان کو برا لگتا ہے
۱۹۔	يَفْرَحُوْا:	وہ خوش ہوتے ہیں
۲۰۔	كَيْدٌ:	چالیں
۲۱۔	غَدَوْتَ:	تم صبح کے وقت نکلتے تھے
۲۲۔	تُبَوِّئُ:	تم جما رہے تھے
۲۳۔	مَقَاعِدَ:	ٹھکانے (بیٹھنے کی جگہ)
۲۴۔	هَمَّتْ:	انہوں نے سوچا
۲۵۔	طَائِفَتَانِ:	دو گروہ
۲۶۔	تَفْشَلَا:	وہ ہمت ہار بیٹھیں
۲۷۔	أَلَنْ يَّكْفِيَ:	کافی نہیں ہے
۲۸۔	يُمِدُّ:	وہ مدد کرے
۲۹۔	بَلٰى:	ہاں بلکہ
۳۰۔	مُسَوِّمِيْنَ:	جنہوں نے اپنی پہچان نمایاں کی ہوگی
۳۱۔	لِيَقْطَعَ:	کاٹ کر رکھ دے
۳۲۔	طَرَفًا:	ایک حصہ
۳۳۔	يَكْبِتَ:	وہ ذلت آمیز شکست دے
۳۴۔	خَائِبِيْنَ:	نامراد
۳۵۔	أَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً:	بڑھا چڑھا کر
۳۶۔	أُعِدَّتْ:	جو تیار کی گئی ہے
۳۷۔	سَارِعُوْا:	تم تیزی دکھاؤ
۳۸۔	اَلسَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ:	خوشحالی اور بدحالی
۳۹۔	اَلْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ:	غصہ کو پی جانے والے
۴۰۔	لَمْ يُصِرُّوْا:	وہ اصرار نہیں کرتے

مشق: ۱۷

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ کافر لوگ جو کچھ (الف، خیرات) وغیرہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ (ب، اس کا صلہ) انہیں دنیا ہی میں ہی زائد دے دیتے ہیں، (ج، اور ان کے کفر کی وجہ سے) اس کا ثواب آخرت میں نہیں ملتا۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۲۔ یہودیوں کا حال یہ تھا کہ ظاہر میں تو وہ بھی (الف، دوستانہ انداز) میں ملتے تھے اور ان میں سے کچھ لوگ یہ ظاہر کرتے تھے کہ وہ (ب، مسلمان) ہوگئے ہیں اور ان کے دل میں مسلمانوں سے (ج، بغض) بھرا ہوا تھا۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۳۔ جنگ احد میں (الف، چار ہزار کفار مکہ) کا ایک لشکر مدینہ منورہ پر حملہ آور ہوا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کے (ب، مقابلے) کے لئے (ج، احد پہاڑ کے دامن) میں تشریف لے گئے جہاں یہ جنگ لڑی گئی۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۴۔ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاع ملی کہ (الف، کرز بن جابر) اپنا لشکر لے کر کفار مکہ کے ساتھ شامل ہونے کے لئے آرہا ہے تو مسلمانوں کو (ب، خوشی) ہوئی، اس وقت یہ وعدہ ہوا کہ اگر وہ لشکر آیا تو تین کے بجائے (ج، پانچ ہزار) فرشتے بھیجے جائیں گے۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۵۔ (الف، جنگ بدر) میں مسلمانوں کی تعداد (ب، تین سو تیرہ) تھی، ان کے پاس ستر اونٹ (ج، دو گھوڑے) اور صرف آٹھ تلواریں تھیں۔

الف: ب: ج: د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ شروع ہونے سے پہلے (الف، ساٹھ ہزار تیر انداز) صحابہ کا ایک دستہ میدان جنگ کے ایک (ب، ٹیلے) پر متعین فرمایا تھا، تا کہ دشمن (ج، پیچھے سے حملہ) نہ کرسکے۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۷۔ دشمن نے جب دور سے دیکھا کہ (الف، ٹیلہ خالی) ہوگیا ہے اور مسلمان (ب، مالِ غنیمت) جمع کرنے میں مشغول ہوگئے ہیں تو انہوں نے موقع پا کر (ج، ٹیلے پر حملہ) کر دیا۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۸۔ غزوۂ اُحد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے (الف، جانثار صحابہ) کی ایک جماعت آپ کے اِرد گرد ڈٹ کر مقابلہ کرتی رہی (ب، کفار کا نرغہ) اتنا سخت تھا کہ اس کشمکش میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دانت مبارک شہید ہوگئے اور (ج، چہرہ مبارک) لہولہان ہوگیا۔

الف: ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

حَبۡلٍ	یُسَارِعُوۡنَ	بِطَانَةً	لَا یَاۡلُوۡنَ	تَمۡسَسۡکُمۡ	یَفۡرَحُوۡا
عَدَوۡتَ	مَقَاعِدَ	تَفۡشَلَا	مُسَوِّمِیۡنَ	اُعِدَّتۡ	الۡكٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ
	بغض	انگلیاں	تم تیزی دکھاؤ	نامراد	

آیت نمبر ۱۴۱ تا ۱۷۴

الفاظ کے معنی:

۱۔ لِیُمَحِّصَ: وہ نکھار دے

۲۔ تَمَنَّوۡنَ: تم تمنا کرتے تھے

۳۔ أَفَإِنۡ: بھلا اگر

۴۔ اِنۡقَلَبۡتُمۡ: تم پھر جاؤ گے

۵۔ أَعۡقَابِکُمۡ: اُلٹے پاؤں (تمہاری ایڑیاں)

۶۔ کَأَیِّنۡ: کتنے سارے

۷۔ رِبِّیُّوۡنَ: اللہ والے

۸۔ مَا ضَعُفُوۡا: نہ وہ کمزور ہوئے

۹۔ مَا اسۡتَکَانُوۡا: انہوں نے ہمت نہ ہاری

۱۰۔ ثَبِّتۡ: تو ثابت قدمی بخش دے

۱۱۔ سَنُلۡقِیۡ: ہم عنقریب ڈال دیں گے

۱۲۔ سُلۡطَانًا: دلیل

۱۳۔ مَثۡوٰی: ٹھکانہ

۱۴۔ تَحُسُّوۡنَ: تم قتل کر رہے تھے

۱۵۔ فَشِلۡتُمۡ: تم نے کمزوری دکھائی

۱۶۔ تَنَازَعۡتُمۡ: تم نے باہم اختلاف کیا

۱۷۔ صَرَفَ: اس نے پھیر دیا

۱۸۔ تُصۡعِدُوۡنَ: تم منہ اٹھائے چلے جا رہے تھے

۱۹۔ أَثَابَ: اس نے دیا

۲۰۔ نُعَاسًا: اونگھ

۲۱۔ لِکَیۡ: تاکہ

۲۲۔ مَضَاجِعِ: قتل گاہوں (پڑاؤ کی جگہ)

۲۳۔ اِلۡتَقَی: وہ ٹکرائے

۲۴۔ اِسۡتَزَلَّ: اس نے لغزش میں مبتلا کر دیا

۲۵۔ ضَرَبُوۡا "فِی": وہ سفر کرتے

۲۶۔ غُزًّی: جنگ میں شامل

۲۷۔ لِنۡتَ: تم نے نرمی کا برتاؤ کیا

۲۸۔ فَظًّا: سخت مزاج

۲۹۔ غَلِیۡظَ الۡقَلۡبِ: سخت دل

۳۰۔ اِنۡفَضُّوۡا: وہ تتر بتر ہو جائیں

۳۱۔ شَاوِرۡ: تم مشورہ لیتے رہو

۳۲۔ عَزَمۡتَ: تم نے عزم کر لیا

۳۳۔ یَخۡذُلۡ: وہ تمہیں تنہا چھوڑ دے

۳۴۔ یَغُلَّ: وہ خیانت کرے

۳۵۔ سَخَطٍ: ناراضگی　　۳۶۔ مَنَّ: اس نے احسان کیا

۳۷۔ مِثْلَيْ: دوگنی　　۳۸۔ فَادْرَءُوْا : تم ٹال دو

۳۹۔ يَسْتَبْشِرُوْنَ: وہ خوشی مناتے ہیں　　۴۰۔ اِسْتَجَابُوْا: انہوں نے فرماں برداری سے جواب دیا

مشق :۱۸

ہدایات: ذیل کے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر لکھئے۔

نمبر شمار　سوالات

۱۔ جو صحابہ جنگ بدر میں شریک نہ ہو سکے تھے وہ کیا تمنا کیا کرتے تھے؟

....

....

۲۔ اگر کوئی مال غنیمت کی نیت سے جہاد میں شریک ہو تو کیا وہ ثواب کا مستحق ہوگا؟

....

....

۳۔ جنگ احد میں عقبی ٹیلے کے حضرات کونسی ''پسندیدہ چیز'' کو دیکھ کر ٹیلے کو چھوڑ کر آ گئے تھے؟

....

....

۴۔ جنگ احد میں غیر متوقع شکست سے مغموم صحابہ کا غم کیسے دور ہوا؟

....

....

۵۔ مصائب پر صبر کرنے سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

....

....

۶۔ جنگ بدر میں دونوں طرف قتل ہونے والوں کی کُل تعداد کیا تھی؟

....

....

۷۔ بدر میں مسلمانوں نے کفار کا اُحد کے مقابلے میں دُگنا نقصان کیسے کیا؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

لِيُمَحِّصَ	أَعْقَابِكُمْ	سُلْطَانًا	مَثْوَى	تَنَازَعْتُمْ	نُعَاسًا
اِلْتَقَى	غُزًّى	لِنْتَ	اِنْفَضُّوْا		اِسْتَجَابُوْا
سخت مزاج	تو ثابت قدم بخش دے	لغزش میں مبتلا کر دیا	دگنا، دگنی	وہ تتر بتر ہو جائیں	وہ خیانت کرے

آیت نمبر ۱۷۵ تا ۲۰۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ يُخَوِّفُ: وہ ڈراتا ہے

۲۔ خَافُوْنِ: میرا خوف رکھو

۳۔ يُسَارِعُوْنَ: وہ تیزی دکھا رہے تھے

۴۔ حَظًّا: حصہ

۵۔ لَا يَحْسَبَنَّ: وہ ہرگز نہ سمجھیں

۶۔ نُمْلِي: ہم ڈھیل دے رہے ہیں

۷۔ مُهِينٌ: ذلیل کر دینے والا

۸۔ يَمِيْزَ: وہ الگ کر دے

۹۔ اَلْخَبِيْثَ: ناپاک

۱۰۔ اَلطَّيِّبِ: پاک

۱۱۔ يُطْلِعَ: وہ بتا دے

۱۲۔ يَجْتَبِيْ: وہ چن لیتا ہے

۱۳۔ يَبْخَلُوْنَ: وہ بخل سے کام لیتے ہیں

۱۴۔ سَيُطَوَّقُوْنَ: عنقریب طوق بنا دیا جائے گا

۱۵۔ أَغْنِيَاءُ: مالدار

۱۶۔ ذُوْقُوْا: چکھو

۱۷۔ اَلْحَرِيْقِ: دہکتی آگ

۱۸۔ اَلْعَبِيْدِ: بندوں

۱۹۔ قُرْبَانٍ: قربانی

۲۰۔ اَلزُّبُرِ: لکھے ہوئے صحیفے

۲۱۔ اَلْمُنِيْرِ: روشن کر دینے والی

۲۲۔ زُحْزِحَ: دور ہٹا دیا گیا

۲۳۔ فَازَ: وہ کامیاب ہو گیا

۲۴۔ اَلْغُرُوْرِ: دھوکہ

۲۵۔ لَتُبْلَوُنَّ: تمہیں ضرور آزمایا جائے گا

۲۶۔ عَزْمِ الْأُمُوْرِ: بڑی ہمت

۲۷۔ فَنَبَذُوْا: انہوں نے ڈال دیا

۲۸۔ ظُهُوْرِ: پشتیں (واحد: ظَهر)

۲۹۔ يُحْمَدُوْا: ان کی تعریف کی جائے

۳۰۔ مَفَازَةٍ: کامیاب

۳۱۔ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا: اٹھتے بیٹھتے

۳۲۔ أَخْزَيْتَ: تو نے رسوا کیا

۳۳۔ مُنَادِيًا: منادی (آواز لگانے والا)

۳۴۔ تَوَفَّنَا: ہمیں اپنے پاس بلا لے

۳۵۔	اَلۡاَبۡرَارِ:	نیک لوگ	۳۶۔	ذَکَرٍ وَّ اُنۡثٰی:	مرد وعورت
۳۷۔	اُوۡذُوۡا:	ان کو تکلیفیں دی گئیں	۳۸۔	نُزُلًا:	میزبانی (اللہ کی طرف سے)
۳۹۔	صَابِرُوۡا:	ثابت قدم رہو (مقابلے کے وقت)	۴۰۔	رَابِطُوۡا:	تم جمے رہو (سرحدوں کی حفاظت کیلئے)

مشق: ۱۹

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ کفارِ مکہ اُحد کی جنگ سے واپس چلے تو راستے میں انہیں پچھتاوا کیوں ہوا؟

(۱) کہ ہم جنگ میں غالب ہونے کے باوجود واپس آ گئے

(۲) کہ ہمارے بڑے بڑے سردار مارے گئے

(۳) کہ ہمیں مال و دولت نہیں ملا

۲۔ کفار کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ڈھیل کیوں دی ہوئی ہے؟

(۱) یہ ان کی اچھائیوں کا بدلہ ہے

(۲) اللہ تعالیٰ ان کو آزما رہا ہے

(۳) ان کو آخرت میں حصہ نہیں ملے گا۔

۳۔ مسلمانوں پر آزمائشیں اللہ کی طرف سے کیوں آتی ہیں؟

(۱) تاکہ مسلمانوں کا ایمان مضبوط ہو جائے۔

(۲) تاکہ پتہ چل جائے ایمان کے دعوے میں کھرا کون ہے اور کھوٹا کون

(۳) تاکہ مسلمانوں کے گناہوں کا بدلہ دنیا میں ہی دے دیا جائے

۴۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو مشکلوں میں ڈالے بغیر مومن اور منافق کی پہچان کیوں نہیں کرواتے؟

(۱) تاکہ مسلمان منافقین کی بدعملی اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں

(۲) تاکہ ان دونوں میں واضح فرق ہو جائے

(۳) تاکہ کسی کا کوئی اعتراض باقی نہ رہے۔

۵۔ وہ کون سا بخل ہے جو حرام قرار دیا گیا؟

(۱) جو جائیداد وسیع کرنے کے لئے ہو

(۲) جو اولاد کے لئے ہو

(۳) جہاں اللہ نے خرچ کرنے کا کہا وہاں بخل کیا جائے

۶۔ جب زکوٰۃ کے احکام آئے تو کفار نے کیا مذاق اڑایا؟

(۱) مسلمانوں کا اللہ فقیر ہو گیا

(۲) مسلمانوں کا نبی فقیر ہو گیا

(۳) مسلمانوں کی مدد کرنے والے فرشتے محتاج ہو گئے

۷۔ قرآنی اصطلاح میں صبر کا مفہوم کتنا ہے؟

(۱) صرف آزمائشوں سے متعلق ہے

(۲) وسیع ہے

(۳) خاص ہے

۸۔ سرحدوں کی حفاظت سے کیا مراد ہے؟

(۱) جغرافیائی اور نظریاتی سرحدیں

(۲) جغرافیائی سرحد

(۳) نظریاتی سرحدیں

ترجمہ کیجئے:

حَظًّا	نُمۡلِیۡ	یَجۡتَبِیۡ	سَیُطَوَّقُوۡنَ	اَلۡحَرِیۡقِ	زُحۡزِحَ
لَتُبۡلَوُنَّ	ظُهُوۡرِ	قِیَامًا وَّقُعُوۡدًا	أَخۡزَیۡتَ	صَابِرُوۡا	رَابِطُوۡا

مشق: ۲۰ اعادۂ مشق: ۱۴ تا ۱۹

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار	صحیح/غلط	بیانات
۱۔		نجران کے عیسائیوں کے وفد نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا یا خدا کا بیٹا ہونے پر یہ دلیل دی کہ خود قرآن نے انہیں کلمۃ اللہ یا روح اللہ کہا ہے۔
۲۔		اگر کفار کے ظلم و تشدد سے بچاؤ کے لیے کوئی ایسا طریقہ اختیار کرنا پڑے جس سے بظاہر موالات معلوم ہوتی ہو تو بھی اس کی بالکل گنجائش نہیں۔
۳۔		عمران حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام بھی ہے اور حضرت مریم علیہا السلام کے والد کا بھی۔

۴۔ ☐ حضرت عمران نے نذر مانی تھی کہ اگر ان کی کوئی اولاد ہوگی تو بیت المقدس کی خدمت کے لئے وقف کردیں گے۔

۵۔ ☐ اللہ کے کلمے سے مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے۔

۶۔ ☐ جب تک کفار کفر سے توبہ کرکے ایمان نہیں لائیں گے، دوسرے گناہوں سے ان کی توبہ قبول نہیں ہوگی۔

۷۔ ☐ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو باہمی جھگڑوں سے بچنے کا علاج یہ بتایا کہ اپنے آپ کو دین کی تبلیغ و دعوت میں مصروف کرلو تو اس سے اشاعت اسلام کے علاوہ یکجہتی بھی پیدا ہوگی۔

۸۔ ☐ کافر لوگ جو کچھ خیرات کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کا صلہ آخرت میں دیں گے۔

۹۔ ☐ جنگ اُحد میں منافقین کا سردار عبداللہ بن ابی اپنے تین سو آدمیوں سمیت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر آ گیا تھا۔

۱۰۔ ☐ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ اُحد کے شروع میں دس تیر اندازوں کا دستہ میدان جنگ کے عقبی ٹیلے پر متعین فرمایا تھا۔

ترجمہ کیجئے:

یُصَوِّرُ	تُوْلِجُ	تُبْدُوْا	عَاقِرٌ	يَلْوُوْنَ	يُخَفَّفُ
يُسَارِعُوْنَ	غَدَوْتَ	لِيُمَحِّصَ	لِنْتَ	الْحَرِيْقِ	لَتُبْلَوُنَّ

سورۂ نساء مدنی

آیت نمبر ۱ تا ۲۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	بَثَّ:	اس نے پھیلا دیئے	۲۔	اَلۡاَرۡحَامَ:	رشتہ دار
۳۔	حُوۡبًا كَبِيۡرًا:	بڑا گناہ	۴۔	اَلَّا تُقۡسِطُوۡا:	تم انصاف سے کام نہ لو گے
۵۔	طَابَ:	پسند آئے	۶۔	مَثۡنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ:	دو دو، تین تین، چار چار
۷۔	مَلَكَتۡ:	ملکیت ہیں	۸۔	اَيۡمَانُ:	داہنے ہاتھ کی (مراد کنیز)
۹۔	اَلَّا تَعُوۡلُوۡا:	تم بے انصافی میں مبتلا نہ ہو گے	۱۰۔	اَدۡنٰى:	زیادہ امکان
۱۱۔	صَدُقٰتِ، اُجُوۡرَ:	مہر	۱۲۔	نِحۡلَةً:	خوشی سے
۱۳۔	هَنِيۡٓـًٔا مَّرِيۡٓـًٔا:	خوشگوار، مزے سے	۱۴۔	قِيٰمًا:	سرمایہ (سہارا)
۱۵۔	اُكۡسُوۡا:	تم پہناؤ	۱۶۔	اِبۡتَلُوۡا:	تم جانچتے رہو
۱۷۔	اٰنَسۡتُمۡ:	تم محسوس کرو	۱۸۔	اِدۡفَعُوۡا:	حوالے کر دو
۱۹۔	بِدَارًا:	جلدی جلدی	۲۰۔	فَلۡيَسۡتَعۡفِفۡ:	وہ اپنے آپ کو پاک رکھے
۲۱۔	اَلۡقِسۡمَةَ:	تقسیم	۲۲۔	اُولُوا الۡقُرۡبٰى:	رشتہ دار
۲۳۔	وَلۡيَخۡشَ:	اور وہ ڈریں	۲۴۔	سَدِيۡدًا:	سیدھی سیدھی
۲۵۔	حَظِّ الۡاُنۡثَيَيۡنِ:	دو عورتوں کا حصہ	۲۶۔	ثُلُثَا:	دو تہائی (3/2)
۲۷۔	اَلسُّدُسُ، اَلثُّلُثُ:	چھٹا، تہائی	۲۸۔	لَا تَدۡرُوۡنَ:	تمہیں ٹھیک ٹھیک علم نہیں
۲۹۔	لَهُنَّ:	ان عورتوں کی	۳۰۔	اَلرُّبُعُ، اَلثُّمُنُ:	چوتھائی، آٹھواں حصہ
۳۱۔	كَلٰلَةً:	ایسا شخص نہ اس کے والدین زندہ ہوں اور نہ اولاد	۳۲۔	غَيۡرَ مُضَآرٍّ:	اس نے نقصان نہ پہنچایا
۳۳۔	اَمۡسِكُوۡهُنَّ:	تم ان عورتوں کو روکے رکھو	۳۴۔	اٰذُوۡا:	تم اذیت دو
۳۵۔	تَرِثُوۡا:	تم وارث بن بیٹھے	۳۶۔	لَا تَعۡضُلُوۡا:	تم مقید نہ کرو
۳۷۔	عَاشِرُوۡا:	تم زندگی بسر کرو	۳۸۔	اَفۡضٰى:	قریب ہو چکے
۳۹۔	بَنٰتٌ، اَخَوٰتٌ، عَمّٰتٌ:	بیٹیاں، بہنیں، پھوپھیاں	۴۰۔	رَبَآئِبُ:	سوتیلی بیٹیاں
۴۱۔	حُجُوۡرِ:	زیر پرورش	۴۲۔	حَلَآئِلُ:	بیویاں (واحد: حَلِيۡلَةٌ)

مشق:۲۱

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ جب تم اپنے حقوق کے لئے واسطہ دیتے ہو تو دوسروں کے حق ادا کرنے میں بھی اللہ سے ڈرو اور لوگوں کے .... پورے پورے ادا کرو۔

۲۔ یتیم کے سرپرستوں کے لئے ایک ہدایت یہ ہے کہ جب بچے بالغ اور سمجھدار ہو جائیں تو ان کی امانت .... سے ان کے حوالے کر دو۔

۳۔ تمہیں یتیم لڑکیوں کے ساتھ اس قسم کی .... کا اندیشہ ہو تو ان سے نکاح مت کرو۔

۴۔ وقتاً فوقتاً ان یتیم بچوں کو .... رہنا چاہئے کہ آیا وہ اتنے سمجھدار ہو گئے ہیں کہ انہیں مال کا صحیح استعمال آ گیا ہے۔

۵۔ جس طرح تمہیں اپنے بچوں کی فکر ہوتی ہے کہ ہمارے مرنے کے بعد ان کا کیا ہوگا اسی طرح دوسروں کے بچوں کی بھی فکر کرو اور یتیموں کے مال میں .... کرنے سے ڈرو۔

۶۔ .... کی تقسیم ہمیشہ میت کے قرضوں کی ادائیگی اور اس کی وصیت پر عمل کرنے کے بعد ہوگی۔

۷۔ کوئی شخص یہ سوچ سکتا ہے کہ فلاں وارث کو زیادہ حصہ ملتا تو اچھا ہوتا یا فلاں کو کم ملنا مناسب تھا، اس لیے اللہ نے صاف فرما دیا کہ تمہیں .... کا علم نہیں ہے۔

۸۔ شریعت نے یہ قاعدہ مقرر فرما دیا کہ کسی وارث کے حق میں کوئی .... نہیں ہو سکتی۔

۹۔ عورتوں کو گلوخلاصی کے لئے اپنا مہر واپس کرنے پر مجبور کرنا صرف اسی صورت میں جائز ہے جب انہوں نے .... کا ارتکاب کیا ہو۔

ترجمہ کیجئے:

بَثَّ	طَابَ	صَدُقَاتِ	اُكْسُوْا	بِدَارًا	اَلْقِسْمَةَ
اور وہ ڈریں	تمہیں ٹھیک علم نہیں	نقصان نہیں پہنچایا	تم اپنے آپ کو پاک رکھو	تم اذیت دو	سیدھی سیدھی

آیت نمبر ۲۴ تا ۳۸

الفاظ کے معنی:

۱۔ وَالْمُحْصَنٰتُ: وہ عورتیں جو دوسرے شوہروں کے نکاح میں ہوں
۲۔ اَلْمُحْصِنِيْنَ: نکاح کا رشتہ قائم کر کے عفت حاصل کرنے والیاں

۳۔	غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ:	شہوت نکالنا مقصود نہ ہو	۴۔	فَرِيْضَةً:	مقرر شدہ
۵۔	طَوْلًا:	طاقت	۶۔	فَتَيَاتِ:	لونڈیاں (واحد: فَتَاةٌ)
۷۔	أَخْدَانٍ:	ناجائز آشنائیاں	۸۔	أُحْصِنَّ:	نکاح کی حفاظت میں آجائیں
۹۔	اَلْعَنَتَ:	گناہ	۱۰۔	سُنَنَ:	طور طریقے
۱۱۔	اَلشَّهَوَاتِ:	نفسانی خواہشات	۱۲۔	تَمِيْلُوْا:	تم راہ راست سے ہٹ جاؤ
۱۳۔	تَرَاضٍ:	باہمی رضامندی	۱۴۔	عُدْوَانًا:	ظلم
۱۵۔	نُصْلِيْهِ:	ہم داخل کریں گے	۱۶۔	تَجْتَنِبُوْا:	تم پرہیز کرو
۱۷۔	كَبَائِرَ:	بڑے گناہ (واحد: كَبِيْرَةٌ)	۱۸۔	تُنْهَوْنَ:	تم کو روکا گیا
۱۹۔	نُكَفِّرْ:	ہم کفارہ دیں گے	۲۰۔	مُدْخَلًا كَرِيْمًا:	باعزت جگہ
۲۱۔	لَا تَتَمَنَّوْا:	تم تمنا نہ کرو	۲۲۔	اِكْتَسَبُوْا، اِكْتَسَبْنَ:	وہ کمائی کریں
۲۳۔	مَوَالِيَ:	وارث	۲۴۔	عَقَدَتْ:	انہوں نے عہد باندھا
۲۵۔	قَوَّامُوْنَ:	نگران (واحد: قَوَّام)	۲۶۔	اَلصَّالِحَاتُ:	نیک عورتیں
۲۷۔	اَلْقَانِتَاتُ:	فرمانبردار	۲۸۔	نُشُوْزَ:	سرکشی
۲۹۔	فَعِظُوْا:	تم سمجھاؤ	۳۰۔	اُهْجُرُوْا:	تم چھوڑ دو تنہا
۳۱۔	اَلْمَضَاجِعِ:	خواب گاہیں	۳۲۔	أَطَعْنَ:	وہ بات مان لیں
۳۳۔	عَلِيًّا:	سب کے اوپر	۳۴۔	شِقَاقَ:	پھوٹ
۳۵۔	حَكَمًا:	منصف	۳۶۔	اَلْجَارِ الْجُنُبِ:	دور والے پڑوسی
۳۷۔	اَلصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ:	ساتھ بیٹھے ہوئے شخص	۳۸۔	اِبْنِ السَّبِيْلِ:	راہ گیر
۳۹۔	مُخْتَالًا فَخُوْرًا:	اترانے والے شیخی باز	۴۰۔	قَرِيْنًا:	ساتھی

مشق نمبر: ۲۲

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

(۱) تقویٰ (۲) خودکشی (۳) عمل (۴) کبیرہ گناہ

(۵) عفت وعصمت (۶) ناحق طریقے (۷) انسان کے اختیار (۸) اچھے برتاؤ

(۹) حسن سلوک (۱۰) خاندانی نظام

نمبر شمار بیانات

۱۔ نکاح کا مقصد ایک دیرپا تعلق ہے جس کا مقصد صرف جنسی خواہش پوری کرنا نہیں ہے بلکہ ایک مضبوط.................. کا قیام ہے۔

۲۔ نکاح کے رشتے کو.................. کے تحفظ اور بقائے نسل انسانی کا ذریعہ بنانا چاہئے۔

۳۔ جب کسی باندی سے نکاح کی نوبت آجائے تو اسے حقیر سمجھنا درست نہیں کیونکہ فضیلت کا دارو مدار.................. پر ہے۔

۴۔ جب ناحق مال کھانے کا رواج معاشرے میں عام ہو جائے تو اس کا نتیجہ.................. کی صورت میں نکلتا ہے۔

۵۔ انسان.................. سے بچے تو صغیرہ گناہ اللہ تعالیٰ خود ہی معاف کر دیتا ہے۔

۶۔ جو باتیں.................. سے باہر ہیں ان میں اللہ نے کسی شخص کو کسی اعتبار سے فوقیت دے رکھی ہے اور کسی کو کسی اور حیثیت سے۔

۷۔ اللہ کی سنت ہے جو شخص جیسا.................. کرتا ہے ویسا ہی نتیجہ ظاہر ہوتا ہے، اس میں مرد وعورت میں فرق نہیں۔

۸۔ جس طرح دوسرے کا مال.................. سے کھانا حرام ہے کسی کی جان لینا اس سے زیادہ حرام ہے۔

۹۔ پڑوسی چاہے رشتہ دار ہو یا اجنبی مسلمان ہو یا غیر مسلم اس کا گھر بالکل ملا ہوا ہو یا ایک دو گھر چھوڑ کر ہو ان سب کے ساتھ.................. کی تاکید فرمائی گئی ہے۔

۱۰۔ ہر راہ گیر کے ساتھ.................. کا حکم دیا گیا ہے چاہے وہ اپنا ساتھی ہو یا پڑوسی نہ ہو۔

ترجمہ کیجئے:

تَجۡتَنِبُوۡا	تَمِيۡلُوۡا	اَلشَّهَوَاتِ	أَلۡعَنَتَ	أَخۡدَان	اَلۡمُحۡصَنٰتُ
أَطَعۡنَ	اَلۡمَضَاجِعِ	اُهۡجُرُوۡا	نُشُوۡزًا	عَقَدَتۡ	نُكَفِّرۡ

پھوٹ	وہ کمائی کریں	تم سمجھاؤ	تم کو روکا گیا

آیت نمبر ۳۹ تا ۷۰

الفاظ کے معنی:

۱۔	مَاذَا عَلَيْهِمْ:	بھلا ان کا کیا بگڑ جاتا	۲۔	مِثْقَالَ:	برابر
۳۔	اِنْ تَكُ:	اگر کوئی ہو	۴۔	تُسَوّٰى:	برابر کر دیا جائے
۵۔	لَا تَقْرَبُوْا:	تم قریب نہ جانا	۶۔	سُكٰرٰى:	نشہ کی حالت میں
۷۔	عَابِرِىْ سَبِيْلٍ:	مسافر	۸۔	تَغْتَسِلُوْا:	تم غسل کرلو
۹۔	اَلْغَائِطِ:	قضائے حاجت	۱۰۔	لٰمَسْتُمْ:	تم نے چھوا
۱۱۔	صَعِيْدًا:	مٹی	۱۲۔	يُحَرِّفُوْنَ:	وہ ہٹا ڈالتے ہیں
۱۳۔	مَوَاضِعِ:	موقع محل	۱۴۔	غَيْرَ مُسْمَعٍ:	آپ کو کوئی بات سنائی نہ جائے
۱۵۔	لَيًّا:	توڑ مروڑ	۱۶۔	اَقْوَمَ:	راست بازی
۱۷۔	نَطْمِسَ:	ہم مٹا ڈالیں	۱۸۔	اَدْبَارِ:	گدی
۱۹۔	اَصْحٰبَ السَّبْتِ:	سبت (ہفتہ) والے	۲۰۔	يُزَكُّوْنَ:	وہ پاکیزہ بتاتے ہیں
۲۱۔	اَلْجِبْتِ:	بتوں	۲۲۔	نَقِيْرًا:	گٹھی کے شگاف کے برابر
۲۳۔	نَضِجَتْ:	جل جل کر پک جائیں گے	۲۴۔	جُلُوْدُ:	ان کی کھالیں
۲۵۔	ظِلًّا ظَلِيْلًا:	گھنی چھاؤں	۲۶۔	تُؤَدُّوْا:	تم پہنچاؤ
۲۷۔	نِعِمَّا:	بہت اچھی	۲۸۔	اُولِى الْاَمْرِ:	صاحب اختیار
۲۹۔	تَاْوِيْلًا:	انجام	۳۰۔	يَتَحَاكَمُوْا ''اِلٰى'':	وہ فیصلہ لے جاتے ہیں
۳۱۔	صُدُوْدًا:	پوری طرح منہ موڑنا	۳۲۔	تَوْفِيْقًا:	ملاپ
۳۳۔	قَوْلًا بَلِيْغًا:	دل میں اتر جانے والی بات	۳۴۔	شَجَرَ:	باہمی جھگڑا
۳۵۔	قَضَيْتَ:	تم جو فیصلہ کرو	۳۶۔	تَثْبِيْتًا:	ثابت قدمی
۳۷۔	لَدُنَّا:	اپنے پاس سے	۳۸۔	صِدِّيْقِيْنَ:	صدیقین (سچے لوگ)
۳۹۔	حَسُنَ:	اچھے	۴۰۔	رَفِيْقًا:	ساتھی

مشق: ۲۳

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار — بیانات

۱۔ یہود کی ایک شرارت یہ ہے کہ وہ تورات کے الفاظ کو اپنے موقع محل سے ہٹا کر اس میں .... کا ارتکاب کرتے تھے۔

(۱) لفظی یا معنوی تحریف (۲) آیات کو مٹا دینے (۳) سرورق کو تبدیل کرنے

۲۔ جب یہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے تو ایسے .... الفاظ استعمال کرتے جن کا ظاہری مفہوم اچھا اور اندرونی طور پر برے معنی مراد لیتے تھے۔

(۱) فارسی (۲) مبہم ومنافقانہ (۳) عبرانی

۳۔ تورات میں بنی اسرائیل کو........................ کے دن روزگار کا کوئی کام کرنے سے منع کیا گیا تھا۔

(۱) الاحد (۲) الثلثاء (۳) السبت

۴۔ .... سے کم کسی گناہ کو اللہ تعالیٰ جب چاہیں توبہ کے بغیر محض اپنے فضل سے معاف کر سکتا ہے۔

(۱) شرک (۲) زنا (۳) شراب نوشی

۵۔ اللہ تعالیٰ........................ انہی کو عطا کرتا ہے جو اپنے اختیاری اعمال سے ایسا چاہتے ہیں۔

(۱) نبوت ورسالت (۲) پاکیزگی وتقدس (۳) ولایت وبزرگی

۶۔ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت کے تحت جس کو مناسب سمجھتے ہیں نبوت اور........................ کے اعزاز سے سرفراز فرماتے ہیں۔

(۱) امارت اور سرداری (۲) بزرگی (۳) خلافت وحکومت

۷۔ "أُولِي الْأَمْرِ" "یعنی 'صاحب اختیار' سے مراد اکثر مفسرین کے مطابق........................ ہے۔

(۱) روشن خیال حکمران (۲) مسلم حکمران (۳) علمائے کرام

۸۔ کسی حکمران کے دیئے ہوئے حکم میں شک پیدا ہو تو اسے........................ کی کسوٹی پر پرکھ کر دیکھو۔

(۱) سابقہ حکمرانوں کے قانون (۲) معاشی کلچر (۳) قرآن وسنت

۹۔ اگر کسی حکمران کا حکم قرآن وسنت کے کسی صریح یا اجماعی طور پر مسلم حکم کے خلاف نہیں ہے تو عام مسلمانوں کو چاہئے کہ اس پر........................ کریں۔

(۱) عمل (۲) غور وفکر (۳) باہمی مشاورت

۱۰۔ اگر کوئی شخص زبان سے مسلمان ہونے کا دعویٰ کرے لیکن اللہ اور رسول کے احکام پر کسی اور قانون کو ترجیح دے تو وہ........................ نہیں رہ سکتا۔

(۱) اسلامی ریاست میں (۲) متقی (۳) مسلمان

ترجمہ کیجئے:

سُكٰرٰى	تَغْتَسِلُوْا	الْغَآئِطِ	صَعِيْدًا	نَّطْمِسَ	يُزَكُّوْنَ
تھوڑا سا	کھال	انجام	باہمی جھگڑا	تم جو فیصلہ کرو	سچے لوگ

آیت نمبر ۷۱ تا ۹۶

الفاظ کے معنی:

۱۔	خُذُوْا:	تم ساتھ رکھو	۲۔	حِذْرَ:	بچاؤ کا سامان
۳۔	اِنْفِرُوْا:	تم نکلو	۴۔	ثُبَاتٍ:	الگ الگ دستے
۵۔	لَيُبَطِّئَنَّ:	ضرور وہ سستی دکھائے گا	۶۔	عَلَيَّ:	مجھ پر
۷۔	مَوَدَّةٌ:	دوستی	۸۔	يٰلَيْتَنِيْ:	اے کاش میں
۹۔	مَالَكُمْ:	تمہارے پاس کیا جواز ہے	۱۰۔	اَلْمُسْتَضْعَفِيْنَ:	بے بس
۱۱۔	اَلْوِلْدَانِ:	بچوں	۱۲۔	وَلِيًّا:	حامی
۱۳۔	كُفُّوْا:	تم روک لو	۱۴۔	خَشْيَةً:	ڈرنا
۱۵۔	لَوْلَاۤ أَخَّرْتَنَا:	ہمیں مہلت کیوں نہیں دی	۱۶۔	فَتِيْلًا:	تاگہ (کھجور کی گٹھلی پر ریشہ)
۱۷۔	أَيْنَمَا:	جہاں بھی	۱۸۔	بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ:	مضبوط قلعے
۱۹۔	فَمَالِ:	کیا ہو گیا	۲۰۔	لَا يَكَادُوْنَ:	وہ نزدیک نہیں آتے
۲۱۔	بَيَّتَ، يُبَيِّتُوْنَ:	رات کو مشورہ کرتا ہے	۲۲۔	أَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ:	کیا یہ غور و فکر سے کام نہیں لیتے
۲۳۔	أَذَاعُوْا:	وہ بغیر تحقیق کے پھیلاتے ہیں	۲۴۔	يَسْتَنْبِطُوْنَ:	وہ کھوج نہیں نکالتے ہیں
۲۵۔	حَرِّضْ:	آپ ترغیب دو	۲۶۔	بَأْسَ:	جنگ
۲۷۔	كِفْلٌ:	حصہ	۲۸۔	مُقِيْتًا:	نظر رکھنے والا
۲۹۔	تَحِيَّةٍ:	سلام	۳۰۔	أَرْكَسَ:	اس نے اوندھا کر دیا
۳۱۔	يَصِلُوْنَ:	وہ ملیں	۳۲۔	حَصِرَتْ:	وہ بیزار ہو
۳۳۔	سَلَّطَ:	وہ مسلط کر دیتا	۳۴۔	اِعْتَزَلُوْا:	وہ کنارہ کشی کریں
۳۵۔	ثَقِفْتُمُوْا:	تم پاؤ	۳۶۔	تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ:	غلام آزاد (آزاد غلام)
۳۷۔	دِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ:	دیت پہنچائی جائے	۳۸۔	شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ:	دو ماہ مسلسل
۳۹۔	مُتَعَمِّدًا:	جان بوجھ کر	۴۰۔	ضَرَبْتُمْ "فِيْ":	تم سفر کرو
۴۱۔	أَلْقَى السَّلَامَ:	وہ سلام کرے	۴۲۔	مَغَانِمَ:	غنیمتیں
۴۳۔	غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ:	معذوری لاحق نہ ہو	۴۴۔	اَلْقٰعِدُوْنَ، اَلْقَاعِدِيْنَ:	بیٹھے رہنے والوں

مشق: ۲۴

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے بیانات کے درست ہونے یا نہ ہونے کی نشاندہی جی ہاں اور جی نہیں پر نشان لگا کر کریں۔

نمبر شمار	جی ہاں	جی نہیں	بیانات
۱۔	☐	☐	منافقین زبان سے مسلمانوں کی دوستی کا دم بھرتے ہیں لیکن جنگ میں شرکت سے متعلق ان کے خیالات تمام تر خودغرضی پر مبنی ہوتی ہیں۔
۲۔	☐	☐	اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کی مصلحت اس میں تھی کہ وہ صبر وضبط کی بھٹی سے گزر کر اعلیٰ اخلاق سے آراستہ ہوں۔
۳۔	☐	☐	اگر انسان کو کوئی نقصان پہنچے تو وہ بھی اللہ تعالیٰ کے حکم ہی سے ہوتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ یہ حکم اسی وقت فرماتے ہیں جب اس شخص نے اپنے غیر اختیاری عمل سے کوئی غلطی کی ہو۔
۴۔	☐	☐	منافقین کو اگر فائدہ پہنچتا تو وہ اللہ کی طرف منسوب کرتے اور اگر نقصان ہوتا تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ لگا دیتے۔
۵۔	☐	☐	جب کوئی شخص اچھی سفارش کے نتیجے میں کوئی نیک کام کرے تو جو ثواب کام کرنے والے کو ملتا ہے اس میں سفارش والے کا بھی حصہ ہوتا ہے۔
۶۔	☐	☐	پسندیدہ بات تو یہ ہے کہ جن الفاظ میں کسی شخص نے سلام کیا ہے اس سے ناقص الفاظ میں اس کا جواب دیا جائے۔
۷۔	☐	☐	کسی انسان کو قتل کرنا مقصود نہ ہو اور غلطی سے بے خیالی میں گولی چل جائے یا نشانہ خطا ہونے کی وجہ سے کوئی انسان مر گیا تو یہ قتل عمد کہلاتا ہے۔
۸۔	☐	☐	قتل خطا کا حکم یہ ہے کہ قاتل پر کفارہ واجب ہوتا ہے اور دیت بھی ہوتی ہے۔
۹۔	☐	☐	اللہ تعالیٰ کے راستے میں سفر سے مراد جہاد کے لئے سفر کرنا ہے۔
۱۰۔	☐	☐	وہ مسلمان جو دار الحرب میں رہتا ہو، اگر غلطی سے قتل کر دیا جائے تو کفارہ کے ساتھ دیت بھی واجب ہے۔
۱۱۔	☐	☐	جہاں جہاد فرض عین ہو جائے یعنی جب مسلمانوں کا امیر تمام مسلمانوں کو جہاد کا حکم دیدے یا جب کوئی دشمن مسلمانوں پر چڑھ آئے تو پھر اسلحہ جمع کرنا فرض ہے۔

خُذُوْا	مَوَدَّةٌ	اَلْمُسْتَضْعَفِيْنَ	لَوْلَآ أَخَّرْتَنَا	فَتِيْلًا	لَا يَكَادُوْنَ
بَيَّتَ	حَرِّضْ	أَرْكَسَ	يَصِلُوْنَ	مُتَعَمِّدًا	ضَرَبْتُمْ
	آپ ترغیب دو	وہ بیزار ہو	تم پاؤ	بغیر تحقیق وہ پھیلاتے ہیں	

آیت نمبر ۹۷ تا ۱۲۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ تَقۡصُرُوا: تم قصر کرو

۲۔ يَفۡتِنَ: وہ پریشان کریں گے

۳۔ كُنۡتَ: تم ہو

۴۔ لِتَقُمۡ: چاہیے کہ کھڑا ہو جائے

۵۔ لِتَأۡتِ: چاہیے کہ وہ آئے

۶۔ لَمۡ يُصَلُّوا: اس نے نماز نہیں پڑھی

۷۔ أَمۡتِعَةِ: سامان (واحد: متاع)

۸۔ يَمِيۡلُوۡنَ: وہ ٹوٹ پڑیں گے

۹۔ مَيۡلَةً وَّاحِدَةً: ایک دم ٹوٹ پڑنا

۱۰۔ مَطَرٍ: بارش

۱۱۔ تَضَعُوۡا: تم رکھ دو

۱۲۔ اِطۡمَأۡنَنۡتُمۡ: تمہیں اطمینان ہو جائے

۱۳۔ كِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا: وقت کا پابند (مقررہ وقت)

۱۴۔ لَا تَهِنُوۡا: تم کمزوری نہ دکھاؤ

۱۵۔ اِبۡتِغَآءِ: پیچھا کرنا

۱۶۔ تَأۡلَمُوۡنَ: تمہیں تکلیف پہنچی

۱۷۔ لَا يَرۡجُوۡنَ: وہ امیدوار نہیں

۱۸۔ لِتَحۡكُمَ: چاہیے کہ تم فیصلہ کرو

۱۹۔ أَرٰى: اس نے سمجھا دیا

۲۰۔ خَصِيۡمًا: طرف دار

۲۱۔ لَا تُجَادِلۡ: تم وکالت نہ کرنا

۲۲۔ يَخۡتَانُوۡنَ: وہ خیانت کرتے ہیں

۲۳۔ خَوَّانًا أَثِيۡمًا: خیانت کرنے والا گناہ گار

۲۴۔ لَا يَسۡتَخۡفُوۡنَ: وہ نہیں شرماتے

۲۵۔ يَجِدِ: وہ پائے گا

۲۶۔ يَرۡمِ بِهٖ: وہ الزام لگائیں

۲۷۔ بَرِيۡٓـًٔا: بے گناہ

۲۸۔ اِحۡتَمَلَ: اس نے لادا

۲۹۔ نَجۡوٰى: سرگوشیاں

۳۰۔ يُشَاقِقِ: وہ مخالف کرے

۳۱۔ نُصۡلِ: ہم جھونکیں گے

۳۲۔ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ: اس سے کمتر

۳۳۔ اِنۡ يَّدۡعُوۡنَ: وہ دعائیں نہیں مانگ رہے

۳۴۔ اِنٰثًا: زنانیاں (واحد انثیٰ)

۳۵۔ مَرِيۡدًا: سرکش

۳۶۔ اٰمُرَنَّ: میں انہیں حکم دوں گا

۳۷۔ لَيُبَتِّكُنَّ: وہ چیر ڈالیں گے

۳۸۔ لَيُغَيِّرُنَّ: وہ تبدیلی پیدا کریں

۳۹۔ اٰذَانَ الۡاَنۡعَامِ: چوپائے کے کان (واحد: اُذُنٌ)

۴۰۔ يُمَنِّيۡ: وہ آرزوؤں میں مبتلا کرتا ہے

۴۱۔ مَحِيۡصًا: راہ فرار

۴۲۔ قِيۡلًا: بات

مشق: ۲۵

ہدایات: ذیل کے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر لکھئے۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ ہجرت کا حکم آجانے کے بعد جن لوگوں نے ہجرت نہیں کی ان کا کیا حکم ہے؟

....

....

۲۔ قصر نماز کسے کہتے ہیں؟

....

....

۳۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے صلوٰۃ الخوف کب پڑھی؟

....

....

۴۔ حضرت رفاعہؓ کے گھر میں نقب والے شخص کا نام کیا تھا؟

....

۵۔ مقدمات کے فیصلے کرنے کے لئے تین اہم اصول بیان کریں؟

....

....

....

۶۔ آیت نمبر ۹۷ میں "ظَالِمِيٓ أَنفُسِهِمْ" اپنی جان پر ظلم کرنا قرآن کریم کی اس اصطلاح کا کیا مطلب ہے؟

....

....

۷۔ "اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے" لوگوں سے کون لوگ مراد ہیں؟

....

۸۔ جس طرح نماز میں قصر ہے کیا اللہ کے ذکر میں بھی قصر ہوسکتا ہے؟

....

۹۔ اللہ کی تخلیق میں تبدیلی سے کیا مراد ہے؟

....

....

۱۰۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون سے کاموں کو "تخلیق میں تبدیلی" قرار دیا؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

لِتَقُمْ	أَمْتِعَةِ	لَا تَهِنُوْا	تَأْلَمُوْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	خَصِيْمًا
بات	تم وکالت نہ کرنا	وہ نہیں شرماتے	سرکش	وہ آرزو میں مبتلا کرتا ہے	جو مخالفت کرے

تَضَعُوْا	اِبْتِغَاءِ	اِحْتَمَلَ	يَخْتَانُوْنَ

آیت نمبر ۱۲۷ تا ۱۵۱

الفاظ کے معنی:

۱۔ يَسْتَفْتُوْنَ: وہ شریعت کا حکم پوچھتے ہیں
۲۔ يُفْتِي: وہ حکم بتاتا ہے
۳۔ بَعْلِ: شوہر
۴۔ أُحْضِرَتْ: رکھ دیا گیا
۵۔ الشُّحَّ: لالچ کا مادہ
۶۔ حَرَصْتُمْ: تم چاہتے ہو
۷۔ اَلْمُعَلَّقَةِ: بیچ میں لٹکی ہوئی چیز
۸۔ يَأْتِ: وہ لے آئے
۹۔ قَوَّامِيْنَ: قائم کرنے والے
۱۰۔ أَوْلٰى: زیادہ خیر خواہ
۱۱۔ اَلْهَوٰى: نفسانی خواہش
۱۲۔ تَلْوٗا: وہ توڑ مروڑ کریں
۱۳۔ اِزْدَادُوْا: وہ بڑھتے ہی چلے گئے
۱۴۔ يَخُوْضُوْا: وہ مشغول ہوں
۱۵۔ يَتَرَبَّصُوْنَ: وہ انتظار میں بیٹھے رہیں
۱۶۔ أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ: کیا ہم نے قابو نہیں پالیا
۱۷۔ نَمْنَعْ: ہم نے بچایا
۱۸۔ خَادِعُ: دھوکہ میں ڈالنے والا
۱۹۔ كُسَالٰى: کسمساتے ہوئے
۲۰۔ يُرَاءُوْنَ: وہ دکھاوا کرتے ہیں
۲۱۔ مُذَبْذَبِيْنَ: وہ ڈانوڈول ہیں
۲۲۔ سُلْطَانًا مُّبِيْنًا: کھلی کھلی وجہ
۲۳۔ اَلدَّرْكِ: طبقہ
۲۴۔ الْأَسْفَلِ: سب سے نچلا
۲۵۔ أَخْلَصُوْا: وہ خالص بنالیں
۲۶۔ سَوْفَ يُؤْتِ: وہ عنقریب عطا کرے گا
۲۷۔ مَا يَفْعَلُ: وہ کیا کرے گا
۲۸۔ لَا يُحِبُّ: وہ پسند نہیں کرتا
۲۹۔ اَلْجَهْرَ: علانیہ
۳۰۔ يَتَّخِذُوْا: وہ نکالیں
۳۱۔ حَقًّا: صحیح معنی میں
۳۲۔ أَعْتَدْنَا: ہم نے تیار کر رکھا ہے۔

۳۳۔	اَلسُّوْءِ:	برائی	۳۴۔	اِنْ تُبْدُوْا:	اگر تم علانیہ کرو
۳۵۔	اَوْ تَعْفُوْا:	یا تم معاف کرو	۳۶۔	یُفَرِّقُوْا:	وہ فرق کرتے ہیں
۳۷۔	تَعْدِلُوْا:	تم برابری رکھو	۳۸۔	جَامِعُ:	اکٹھا کرنے والا
۳۹۔	فَلَا تَقْعُدُوْا:	تم مت بیٹھو	۴۰۔	لَنْ یَّجْعَلَ:	وہ ہرگز نہیں رکھے گا

مشق:۲۶

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ:

(۱) قلبی محبت (۲) تقویٰ و اطاعت (۳) کمتر مخلوق

(۴) حقوق (۵) خوش اسلوبی (۶) دنیاوی فائدوں

(۷) مظلوم (۸) دوزخ کی راہ (۹) سزا پر قدرت

(۱۰) عام حالات

نمبر شمار

۱۔ اسلام سے پہلے عورتوں کو معاشرے میں .... سمجھا جاتا تھا اور ان کے معاشرتی اور معاشی حقوق نہ ہونے کے برابر تھے۔

۲۔ شوہر کو یہ ترغیب دی گئی کہ اگر وہ بیوی سے دل نہ ملنے کے باوجود نباہ کرے اور اس کے .... ادا کرے تو اس کے لئے دنیا و آخرت میں بہترین کا ذریعہ ہوگا۔

۳۔ انسان کے اختیار سے باہر ہے کہ وہ .... اور لگاؤ میں بیویوں کے درمیان پوری پوری برابری کرے کیونکہ دل کا جھکاؤ انسان کے بس میں نہیں۔

۴۔ جب .... جدائی عمل میں آئے تو اللہ تعالیٰ دونوں کے لئے ایسے راستے پیدا کر دیتا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کی ضرورت سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔

۵۔ اگر تم .... کا راستہ اختیار کرو تو وہ تمہارے سارے کام بنا دے گا

۶۔ ایک مسلمان کو صرف .... ہی کی فکر میں نہیں پڑا رہنا چاہیے بلکہ اللہ سے دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی مانگنی چاہیے۔

۷۔ جب انہوں نے اپنے اختیار سے کفر اور اس کے نتیجے میں .... کو چن لیا تو اللہ ان کو زبردستی ایمان اور جنت کے راستے پر نہیں لائے گا۔

۸۔ کسی کی برائی بیان کرنا .... میں جائز نہیں، البتہ اگر کسی پر ظلم ہوا ہو تو وہ اس ظلم کا تذکرہ لوگوں میں کر سکتا ہے، اس تذکرہ میں جو برائی ہوگی وہ معاف ہے۔

۹۔ اگر کوئی شخص .... ہونے کے باوجود خفیہ اور علانیہ ہر حالت میں زبان سے ہمیشہ اچھی ہی بات نکالے اور اپنا حق معاف کردے تو یہ اس کے لئے بڑے ثواب کا کام ہے۔

۱۰۔ اللہ تعالیٰ کی صفت بھی یہی ہے کہ وہ .... رکھنے کے باوجود کثرت سے لوگوں کو معاف کر دیتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

يَسْتَفْتُوْنَ	اَلشُّحُّ	اَلْهَوٰى	تَمْنَعُ	كُسَالٰى	يُرَاۗءُوْنَ
کھلی کھلی وجہ	وہ خالص بنالیں	علانیہ	وہ پسند نہیں کرتا	صحیح معنی میں	ہم نے تیار کررکھا

اَلْمُعَلَّقَةِ	يُرَاۗءُوْنَ	اَلْاَسْفَلَ	مَايَفْعَلُ

آیت نمبر ۱۵۲ تا ۱۷۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ أَرِنَا: ہمیں دکھاؤ — ۲۔ جَهْرَةً: کھلی آنکھوں

۳۔ اَلصَّاعِقَةُ: بجلی کا کڑکا — ۴۔ عَفَوْنَا: ہم نے معاف کردیا

۵۔ لَاتَعْدُوْا: تم حد سے نہ گذرنا — ۶۔ نَقْضِ: توڑنا

۷۔ غُلْفٌ: غلاف — ۸۔ طَبَعَ: اس نے مہر لگادی

۹۔ مَاصَلَبُوْا: نہ انہوں نے سولی دی — ۱۰۔ شُبِّهَ: اشتباہ ہوگیا

۱۱۔ اَلَّذِيْنَ هَادُوْا: وہ لوگ جو یہودی ہوئے — ۱۲۔ اَلرّٰسِخُوْنَ: پکے

۱۳۔ اَلْمُؤْتُوْنَ: دینے والے — ۱۴۔ سَنُؤْتِيْ: ہم عنقریب عطا کریں گے

۱۵۔ اِتِّبَاعَ الظَّنِّ: گمان پر چلنا — ۱۶۔ قَصَصْنَا: ہم نے سنائے

۱۷۔ كَلَّمَ، تَكْلِيْمًا: اس نے کلام کیا، کلام کرنا — ۱۸۔ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ: وہ خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے

۱۹۔ حُجَّةٌ: عذر — ۲۰۔ عَزِيْزًا: کامل اقتدار والا

۲۱۔ يَشْهَدُوْنَ: وہ گواہی دیتے ہیں — ۲۲۔ لَمْ يَكُنْ: وہ نہیں ہے

۲۳۔ لَايَهْدِيْ: نہ راستہ دکھانے والا — ۲۴۔ يَسِيْرًا: بہت معمولی

۲۵۔	لَا تَغْلُوْا:	تم حد سے نہ بڑھو	۲۶۔	كَلِمَتُهٗ:	اس کا کلمہ
۲۷۔	أَلْقٰی:	اس نے پہنچایا	۲۸۔	اِنْتَهُوْا:	تم باز آجاؤ
۲۹۔	لَنْ يَّسْتَنْكِفَ:	وہ عار نہیں سمجھتے	۳۰۔	يَسْتَكْبِرُ:	وہ تکبر کا مظاہرہ کرتا ہے
۳۱۔	بُرْهَانٌ:	کھلی دلیل	۳۲۔	اِعْتَصَمُوْا:	انہوں نے تھام لیا
۳۳۔	اِمْرُؤٌ:	شخص	۳۴۔	هَلَكَ:	وہ مرجائے
۳۵۔	يَرِثُ:	وہ وارث ہوگا	۳۶۔	اِنْ كَانَتَا:	اگر وہ دو رہوں (عورتیں)
۳۷۔	اِثْنَتَيْنِ:	دو عورتیں	۳۸۔	ثُلُثَانِ:	دو تہائی (3/2)
۳۹۔	اِخْوَةٌ:	بھائی (واحد: أَخٌ)	۴۰۔	أَنْ تَضِلُّوْا:	تا کہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ

مشق: ۲۷

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار	صحیح، غلط	بیانات
۱۔		کفار کا کہنا تھا کہ ہمارے دل بالکل محفوظ ہیں کہ ان میں اپنے مذہب کے سوا کسی اور مذہب کی بات داخل نہیں ہوسکتی۔
۲۔		کفار کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے اللہ نے ان کے دلوں کو کھول دیا جس کی وجہ سے صحیح بات ان کے دل میں فوراً اتر جاتی۔
۳۔		آیت نمبر ۵۵ میں "لایؤمنون اِلاقلیلا" یعنی "وہ تھوڑی سی باتوں کے سوا ایمان نہیں لاتے" سے مراد یہ ہے کہ مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نبوت پر تو ایمان لاتے ہیں لیکن عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان نہیں لاتے۔
۴۔		حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت مریم علیہا السلام کے بطن سے بغیر باپ کے پیدا ہوئے لیکن یہودیوں نے اللہ کی قدرت کے اس معجزے کو تسلیم کرنے کے بجائے حضرت مریم علیہا السلام پر گھناؤنا الزام لگایا تھا۔
۵۔		عیسائیوں کے پاس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دینے کی کوئی یقینی دلائل نہیں ہے، جس کی وجہ سے ان کو اپنے دعوے (عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دینا) پر یقین نہیں۔
۶۔		اللہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اپنے کلمہ "کن" سے بغیر باپ کے واسطے کے پیدا کیا اور ان کی روح حضرت مریم علیہا السلام کے بطن میں بھیج دی۔
۷۔		"کلالہ" اس شخص کو کہتے ہیں جس کے انتقال کے وقت صرف اس کا باپ یا دادا زندہ ہو۔

ترجمہ کیجئے:

أَرِنَا	اَلصَّاعِقَةُ	لَا تَعْدُوْا	اَلْمُؤْتُوْنَ	حُجَّةٌ	لَا تَغْلُوْا
اِنْتَهُوْا	لَنْ يَّسْتَنْكِفَ	بُرْهَانٌ	هَلَكَ	اِمْرُءٌ	يَرِثُ
	وہ گواہی دیتے ہیں	پکے	توڑنا	وہ تکبر کا مظاہرہ کرتا ہے	

مشق:۲۸　　اعادہ مشق: ۲۲ تا ۲۷

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ اسلام نے چار شادیوں کی اجازت کس شرط کے ساتھ دی ہے؟

....

....

۲۔ ''ذوی الفروض'' کن کو کہا جاتا ہے؟

....

....

۳۔ دوسرے کی جان لینے کو ''اپنے آپ کو قتل کرنے'' سے کیوں تعبیر کیا گیا؟

....

....

۴۔ پڑوسیوں کے تین درجے کون کون سے ہیں، مختصراً تحریر کریں۔

....

....

۵۔ یہودیوں کی مسلمانوں سے دشمنی اور عناد کا سبب بیان کریں۔

....

....

۶۔ ''طاغوت'' کسے کہتے ہیں؟

....

....

۷۔ ''قتل خطا'' کسے کہتے ہیں؟

....

....

۸۔ ایسا غیر مسلم جو مسلم ریاست کا شہری بن کر امن سے رہتا ہو اس کے قتل کا کفارہ کیا ہے؟

....

....

۹۔ مشرک کی توبہ کب قبول ہوگی؟

....

....

۱۰۔ اسلام سے پہلے عورتوں کی کیا حالت تھی، مختصراً تحریر کریں۔

....

....

۱۱۔ میاں بیوی کو مصالحت یا علیحدگی کا فیصلہ کرتے وقت کس چیز کو مدنظر رکھنا چاہئے؟

....

....

۱۲۔ ''کلالہ'' کس شخص کو کہا جاتا ہے؟

....

....

۱۳ اگر کسی معاملے میں اختلاف ہو جائے تو اسے پرکھنے کے لئے کونسی کسوٹی استعمال کرنی چاہئے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

أَفْضٰى	مَلَكَتْ	نُشُوْزَ	نُصْلِيْهِ	شَجَرَ	نَطْمِسَ
لَا تَهِنُوْا	خَصِيْمًا	اَلشُّحَّ	يُرَاءُوْنَ	لَا تَغْلُوْا	لَنْ يَّسْتَنْكِفَ
		كُسَالٰى			

سورۂ مائدہ مدنی

آیت نمبر ۱ تا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلْعُقُوْدِ: معاہدے
۲۔ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ: چوپائے
۳۔ غَيْرَ مُحِلِّيْ: حلال نہ سمجھو
۴۔ اَلصَّيْدِ: شکار
۵۔ حُرُمٌ: احرام کی حالت میں
۶۔ لَا تُحِلُّوْا: بے حرمتی نہ کرو
۷۔ اَلْهَدْيَ: قربانی کے جانور
۸۔ اَلْقَلَآئِدَ: جانوروں کے گلے میں ڈلے ہوئے پٹے
۹۔ اٰمِّيْنَ: ارادہ لے کر جانے والے
۱۰۔ حَلَلْتُمْ: تم احرام کھول دو
۱۱۔ اِصْطَادُوْا: تم شکار کرو
۱۲۔ لَا يَجْرِمَنَّ: ہرگز آمادہ نہ کرے
۱۳۔ شَنَاٰنُ: دشمنی
۱۴۔ تَعَاوَنُوْا: تم تعاون کرو
۱۵۔ اَلْعُدْوَانَ: ظلم
۱۶۔ اَلْمَيْتَةُ: مردار جانور
۱۷۔ لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ: سور کا گوشت
۱۸۔ اُهِلَّ: نام پکارا جائے
۱۹۔ اَلْمُنْخَنِقَةُ: گلا گھٹنے سے مرنے والا جانور
۲۰۔ اَلْمَوْقُوْذَةُ: چوٹ سے مرا ہوا جانور
۲۱۔ اَلْمُتَرَدِّيَةُ: اوپر سے گر کر مرنے والا جانور
۲۲۔ اَلنَّطِيْحَةُ: سینگ لگنے سے مرا ہوا جانور
۲۳۔ اَلسَّبُعُ: درندہ
۲۴۔ ذَكَّيْتُمْ: تم ذبح کرو
۲۵۔ ذُبِحَ: ذبح کیا گیا
۲۶۔ اَلنُّصُبُ: بتوں کی قربان گاہ
۲۷۔ تَسْتَقْسِمُوْا: تم تقسیم کرو
۲۸۔ اَلْاَزْلَامُ: جوئے کے تیر
۲۹۔ يَئِسَ: وہ ناامید ہو گئے
۳۰۔ اِخْشَوْنِ: میرا ڈر دل میں رکھو
۳۱۔ اُضْطُرَّ: وہ بالکل مجبور ہوا
۳۲۔ مَخْمَصَةٍ: بھوک
۳۳۔ مُتَجَانِفٍ: رغبت رکھنے والا
۳۴۔ مَا عَلَّمْتُمْ: جو تم سدھاؤ
۳۵۔ اَلْجَوَارِحُ: شکاری جانور
۳۶۔ مُكَلِّبِيْنَ: سدھائے ہوئے جانور (شکار کے لئے)
۳۷۔ اَمْسَكْنَ: وہ روک رکھیں
۳۸۔ مُحْصِنِيْنَ: حفاظت میں لانے کے لئے
۳۹۔ مُتَّخِذِيْ اَخْدَانٍ: خفیہ آشنائی
۴۰۔ حَبِطَ: غارت ہو جائے گا
۴۱۔ اَكْمَلْتُ، اَتْمَمْتُ: میں نے مکمل کر دیا

مشق:۲۹

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　سوالات

۱۔ چوپایہ کسے کہتے ہیں؟ کیا ہر چوپایہ حلال ہے؟

....

....

۲۔ جب جاندار کو تکلیف پہنچانا صحیح نہیں تو جانوروں کو ذبح کی صورت میں تکلیف پہنچانا کیونکر جائز ہے؟

....

....

۳۔ کیا کسی مسلمان کا اپنے دشمن کے ساتھ زیادتی کرنا جائز ہے؟

....

....

۴۔ المنخنقۃ، الموقوذۃ، المتردیۃ اور النطیحۃ سے کیا مراد ہے؟

....

....

۵۔ الازلام کی تعریف کریں؟

....

....

۶۔ شکاری کتوں اور باز کے ذریعے حلال جانوروں کا شکار کن شرائط کے ساتھ جائز ہے؟

....

....

۷۔ کیا یہودیوں اور عیسائیوں کا ذبیحہ کھانا جائز ہے؟

....

....

۸۔ کیا موجودہ دور کے یہودی اور عیسائی "اہل کتاب" کے زمرے میں آتے ہیں؟

....

....

۹۔ یہودی اور عیسائی عورتوں کے ساتھ نکاح کرنا کیسا ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

چوپائے	احرام کی حالت	تم احرام کھول دو	تم تعاون کرو	نام پکارا جائے	ظلم
اَلسَّبُعُ	ذُبِحَ	يَئِسَ	اُضْطُرَّ	مَخْمَصَةٍ	اَمْسَكْنَ
اَلْمُنْخَنِقَةُ	اَلْمَوْقُوْذَةُ	اَلْمُتَرَدِّيَةُ	اَلنَّطِيْحَةُ	اَلْقَلَائِدَ	حَبِطَ
اَلنُّصُبِ	اَلْاَزْلَامِ	بے حرمتی نہ کرو	خفیہ آشنائی	رغبت	

آیت نمبر ۶ تا ۲۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ اِذَا قُمْتُمْ: جب تم اٹھو
۲۔ أَيْدِيَ: ہاتھ (واحد: یَدٌ)
۳۔ اَلْمَرَافِقِ: کہنیوں
۴۔ رُءُوْسِ: سر (واحد: رَأْسٌ)
۵۔ أَرْجُلِ: پاؤں (واحد: رِجْلٌ)
۶۔ الْكَعْبَيْنِ: ٹخنوں (واحد: كَعْبٌ)
۷۔ جُنُبًا: جنابت کی حالت
۸۔ اَلْغَائِطِ: (جائے ضرورت) قضائے حاجت
۹۔ لَامَسْتُمْ: تم نے جسمانی ملاپ کیا
۱۰۔ صَعِيْدًا طَيِّبًا: پاک مٹی
۱۱۔ لِيُطَهِّرَ: وہ پاک صاف کرے
۱۲۔ لِيُتِمَّ: وہ تمام کردے
۱۳۔ وَاثَقَ: اس نے عہد لیا
۱۴۔ أَلَّا تَعْدِلُوْا: کہ تم ناانصافی نہ کرو
۱۵۔ اَلْجَحِيْمِ: دوزخ
۱۶۔ يَبْسُطُ: وہ دراز کریں
۱۷۔ اِثْنَيْ عَشَرَ: بارہ
۱۸۔ نَقِيْبًا: نگران
۱۹۔ عَزَّرْتُمُوْا: تم نے عزت سے ساتھ دیا
۲۰۔ نَقْضِ: شکنی (توڑنا)
۲۱۔ لَاتَزَالُ: آئے دن (ہمیشہ)
۲۲۔ تَطَّلِعُ: تمہیں پتہ چلتا ہے
۲۳۔ اِصْفَحْ: تم درگزر سے کام لو
۲۴۔ أَغْرَيْنَا: ہم نے پیدا کیا
۲۵۔ سُبُلَ السَّلَامِ: سلامتی کی راہیں
۲۶۔ مَنْ يَّمْلِكُ: کون طاقت رکھتا ہے
۲۷۔ يُهْلِكَ: وہ ہلاک کرے
۲۸۔ أَحِبَّاءُ: چہیتے (واحد: حَبِيْبٌ)

۲۹۔	فَتْرَةٍ:	رکنا	۳۰۔	لَمْ يُؤْتِ:	اس نے عطا نہیں کیا
۳۱۔	اَلْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ:	مقدس سرزمین	۳۲۔	لَا تَرْتَدُّوْا:	تم پیچھے نہ لوٹو
۳۳۔	تَنْقَلِبُوْا:	تم پلٹ جاؤ گے	۳۴۔	جَبَّارِيْنَ:	طاقتور (واحد: جَبَّارٌ)
۳۵۔	رَجُلَانِ:	دو مرد	۳۶۔	اَلْبَابَ:	دروازے
۳۷۔	مَادَامُوْ:	جب تک وہ ہیں	۳۸۔	قَاتِلَا:	تم لڑو
۳۹۔	اُفْرُقْ:	آپ الگ الگ فیصلہ کردے	۴۰۔	مُحَرَّمَةٌ:	حرام کردی گئی
۴۱۔	اَرْبَعِيْنَ سَنَةً:	چالیس سال	۴۲۔	لَا تَاْسَ:	تم ترس مت کھانا

مشق: ۳۰

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار

۱۔ مقصود یہ ہے کہ جب (الف) (پانی میسر نہ ہو) یا بیماری کی وجہ سے اس کا (ب) (استعمال ممکن نہ ہوتو) ناپاکی چاہے چھوٹی ہو یا بڑی دونوں صورتوں میں (ج) (غسل) کی اجازت ہے۔

الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۲۔ مشرکین سے ایک جنگ کے دوران مقام (الف) (عسفان) پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز تمام صحابہ کو پڑھائی، مشرکین کو پتہ چلنے کے بعد (ب) (حسرت) ہوئی کہ جماعت کے دوران (ج) (مسلمانوں) پر حملہ کرکے انہیں ختم کرنے کا بہترین موقع تھا۔

الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۳۔ بنی اسرائیل کے (الف) (اٹھارہ قبیلے) تھے، چنانچہ جب ان سے عہد کیا گیا تو ہر (ب) (قبیلے کے سردار) کو اپنے قبیلے کا نگران بنالیا گیا تاکہ وہ (ج) (عہد کی پابندی) کی نگرانی کرے۔

الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۴۔ (الف) (اچھے قرض) کا مطلب تو وہ قرض ہے کہ جو کوئی شخص کسی کو (ب) (اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی) کے لئے دے، لیکن اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض کا مطلب ہے کہ کسی (ج) (غریب) کی مدد کی جائے یا کسی اور نیک کام میں پیسے خرچ کئے جائیں۔

الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۵۔ اللہ تعالیٰ نے تمام (الف) (انسان) ایک جیسے پیدا فرمائے ہیں، ان میں سے کسی خاص نسل کے بارے میں یہ دعویٰ کرنا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی (ب) (لاڈلی قوم) ہے، اس کے قوانین سے لازمی طور پر (ج) (مستثنیٰ) ہے بالکل غلط دعویٰ ہے۔

الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۶۔ عمالقہ کے لوگ (الف) (قوم عاد کی نسل) سے تھے اور بڑے زبردست (ب) (ڈیل ڈول کے مالک تھے) بنی اسرائیل ان کے ڈیل ڈول سے ڈر گئے اور یہ نہ سوچا کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت بہت بڑی ہے اور اس نے (ج) (فتح کا وعدہ) کر رکھا ہے۔

الف : ☐　　ب: ☐　　ج: ☐　　د: ☐　　کوئی غلطی نہیں

۷۔ یہ دوصاحبان (الف) (حضرت یوشع اور حضرت کالب علیہما السلام) تھے جو ہر مرحلے پر (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کے وفادار رہے اور بعد میں اللہ نے انہیں (ج) (نبوت) سے بھی سرفراز فرمایا۔

الف : ☐　　ب: ☐　　ج: ☐　　د: ☐　　کوئی غلطی نہیں

۸۔ بنی اسرائیل کی نافرمانی کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ سزا دی کہ (الف) (چالیس سال تک) فلسطین میں ان کا داخلہ بند کر دیا، یہ لوگ (ب) (صحرائے سینا) کے ایک (ج) (وسیع علاقے) میں بھٹکتے رہے۔

الف : ☐　　ب: ☐　　ج: ☐　　د: ☐　　کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

قُمْتُمْ	أَيْدِيَ	اَلْمَرَافِقِ	اَلْكَعْبَيْنِ	لِيُطَهِّرَ	يَبْسُطُوْا
اِصْفَحْ	أَحِبَّاءُ	لَاتَرْتَدُّوْا	تَنْقَلِبُوْا	قَاتِلَا	اُفْرُقْ
مَادَامُوْ	سُبُلَ السَّلٰمِ	فَتْرَةٍ	اَلْجَحِيْمِ	جَبَّارِيْنَ	فَلَاتَأْسَ
پاک مٹی	حرام کردی گئی	پاؤں	سر	رکنا	اس نے عہد لیا
بارہ		نگران			

آیت نمبر ۲۷ تا ۵۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ وَاتْلُ: تو پڑھ کر سنا　　۲۔ نَبَأَ: واقعہ

۳۔ قَرَّبَا: دونوں نے پیش کی　　۴۔ بَسَطْتَّ: تونے بڑھایا

۵۔ تَبُوْأَ: تم پکڑے جاؤ　　۶۔ تَكُوْنَ: تم شامل ہو

۷۔ طَوَّعَتْ: اس نے آمادہ کرلیا　　۸۔ أَصْبَحَ: وہ ہوگیا

۹۔ غُرَابًا: کوّا　　۱۰۔ يَبْحَثُ: وہ کھودنے لگا

۱۱۔ يُوَارِيْ: وہ چھپائے　　۱۲۔ سَوْأَةَ: لاش

۱۳۔ أَعَجَزْتُ: میں نہیں ہوسکا (میں عاجز ہوا)　　۱۴۔ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ: اسی وجہ سے

۱۵۔ كَأَنَّمَا: جیسے　　۱۶۔ يُحَارِبُوْنَ: وہ لڑائی کرتے ہیں

۱۷۔	یَسْعَوْنَ:	وہ مچاتے پھرتے ہیں (وہ کوشش کرتے ہیں)	۱۸۔	یُصَلَّبُوْا:	انہیں سولی پر چڑھادیا جائے
۱۹۔	تُقَطَّعَ:	کاٹ ڈالا جائے	۲۰۔	یُنْفَوْا:	انہیں دور کردیا جائے
۲۱۔	أَنْ تَقْدِرُوْا:	تمہارے قابو میں لانے	۲۲۔	اَلْوَسِیْلَةَ:	وسیلہ (قرب)
۲۳۔	لِیَفْتَدُوْا:	تاکہ وہ فدیہ دیدیں	۲۴۔	اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ:	چوری والا کرنیوالا مرد اور چوری کرنیوالی
۲۵۔	نَکَالًا:	عبرت ناک سزا	۲۶۔	یُسَارِعُوْنَ:	وہ تیزی دکھارہے ہیں
۲۷۔	سَمّٰعُوْنَ:	کان لگا کر سننے والے	۲۸۔	فَاحْذَرُوْا:	تم بچ کر رہنا
۲۹۔	أَکّٰلُوْنَ:	جی بھر کر کھانے والے	۳۰۔	اَلسُّحْتِ:	حرام
۳۱۔	یُحَکِّمُوْنَ:	وہ فیصلہ چاہتے ہیں	۳۲۔	اَلْأَحْبَارُ:	علماء (یہودی)
۳۳۔	اُسْتُحْفِظُوْا:	ان کو محافظ بنایا گیا	۳۴۔	اَلسِّنَّ:	دانت
۳۵۔	اَلْجُرُوْحَ:	زخموں	۳۶۔	قَفَّیْنَا:	ہم نے ان کے بعد بھیجا
۳۷۔	آثَارِ:	قدموں کے نشان	۳۸۔	مُھَیْمِنًا:	نگہبان
۳۹۔	شِرْعَةً:	شریعت	۴۰۔	مِنْھَاجًا:	طریقہ

مشق ۳۱:

نمبر شمار

۱۔ ایک بامقصد جہاد میں کسی کی جان لینا نہ صرف جائز بلکہ........................ ہے۔

(۱) فرض (۲) واجب (۳) مستحب

۲۔ حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹے تھے ایک کا نام قابیل تھا اور ایک کا نام .... تھا۔

(۱) ہابیل (۲) شیث (۳) اسرائیل

۳۔ اگرچہ اپنے دفاع کا اگر کوئی اور راستہ نہ ہو تو حملہ آور کو .... کرنا جائز ہے۔

(۱) زخمی (۲) قتل (۳) معاف

۴۔ آخرت میں ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دے دی جائیں گی اور اگر نیکیاں کافی نہ ہوں تو مظلوم کے .... ظالم پر ڈال دیئے جائیں گے۔

(۱) گناہ (۲) قرض (۳) بوجھ

۵۔ ایک شخص کے خلاف........................ کا جرم پوری انسانیت کے خلاف جرم ہے۔

(۱) ڈکیتی (۲) قتل (۳) چوری

۶۔ لہٰذا........................ کا ارتکاب چاہے کسی کے خلاف کیا گیا ہو، تمام انسانوں کو یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ جرم ہم سب کے خلاف کیا گیا ہے۔

(۱) زنا (۲) شراب نوشی (۳) قتل ناحق

۷۔ قرآن کریم میں ذکر کردہ سزاؤں کی شرائط اتنی کڑی ہیں کہ کسی مقدمے میں ان کا پورا ہونا آسان نہیں، کیونکہ مقصد یہ ہے کہ سزائیں ....جاری ہوں۔

(۱) مکمل (۲) کم سے کم (۳) سب کے سامنے

۸۔ وسیلہ سے یہاں مراد وہ عمل ہے جو اللہ تعالیٰ کی............................کا ذریعہ بن سکے۔

(۱) ناراضگی (۲) ملاقات (۳) خوشنودی

۹۔ قرآنی اصطلاح میں.............................کے معنی عام طور سے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے دشمنوں سے لڑنے کے آتے ہیں

(۱) مجاہدہ (۲) صوم (۳) جہاد

ترجمہ کیجئے:

نَبَأَ	تَكُوْنَ	يَبْحَثُ	أَعْجَزْتُ	يُحَارِبُوْنَ	يُنْفَوْا
اَلْوَسِيْلَةَ	نَكَالًا	فَاحْذَرُوْا	اَلْاَحْبَارُ	اَلْجُرُوْحَ	مُهَيْمِنًا
غُرَابًا	مِنْهَاجًا	آثَارِ	تُقَطَّعَ	وَاتْلُ	اَلسِّنَّ
طَوَّعَتْ	بُسِطَتْ	لاش	حرام	وہ چھپائے	ان کو محافظ بنایا گیا

آیت نمبر:۵۱ تا ۷۷

الفاظ کے معنی:

۱۔ يَتَوَلَّ: وہ دوستی کا دم بھرے گا

۲۔ دَائِرَةٌ: چکر

۳۔ أَقْسَمُوْا: انہوں نے قسمیں کھائیں

۴۔ جَهْدَ: بڑے زور وشور سے

۵۔ يَرْتَدَّ: وہ پھر جائے

۶۔ أَذِلَّةٍ: نرم (واحد: ذَلِيْل)

۷۔ أَعِزَّةٍ: سخت (واحد: عَزِيْز)

۸۔ لَوْمَةَ لَائِمٍ: ملامت کرنے والے کی ملامت

۹۔ حِزْبَ: جماعت

۱۰۔ هُزُوًا وَّلَعِبًا: مذاق وکھیل

۱۱۔ نَادَيْتُمْ: تم پکارتے ہیں

۱۲۔ تَنْقِمُوْنَ: تمہیں بری لگتی ہے

۱۳۔ هَلْ أُنَبِّئُ: کیا میں بتاؤں

۱۴۔ مَثُوْبَةً: انجام

۱۵۔ اَلْقِرَدَةَ: بندر (واحد: قِرْدٌ)

۱۶۔ اَلرَّبَّانِيُّوْنَ: مشائخ

۱۷۔	اَلۡاَحۡبَارُ:	علماء	۱۸۔	مَغۡلُوۡلَةٌ:	بندھے ہوئے
۱۹۔	غُلَّتۡ:	بندھے ہوئے ہیں	۲۰۔	مَبۡسُوۡطَتَانِ:	انہیں دور کر دیا جائے
۲۱۔	اَلۡقَيۡنَا:	ہم نے پیدا کر دیا	۲۲۔	اَلۡحَرۡبِ:	جنگ
۲۳۔	أَطۡفَأَ:	وہ بجھاتا ہے	۲۴۔	مُقۡتَصِدَةٌ	:راہِ راست پر چلنے والی
۲۵۔	سَاۗءَ:	خراب ہیں	۲۶۔	يَعۡصِمُ:	وہ بچائے گا
۲۷۔	اَلصَّابِئُوۡنَ:	فرقہ صابی (ستارہ پرست)	۲۸۔	لَاتَهۡوٰى:	وہ نہیں چاہتا تھا
۲۹۔	حَسِبُوۡا:	وہ یہ سمجھ بیٹھے	۳۰۔	عَمُوۡا:	وہ اندھے بن گئے
۳۱۔	صَمُّوۡا:	وہ بہرے بن گئے	۳۲۔	ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ:	تین میں کا تیسرا
۳۳۔	صِدِّيۡقَةٌ:	صدیقہ (بہت سچی عورت)	۳۴۔	كَانَا يَأۡكُلَانِ:	وہ دونوں کھانا کھاتے تھے
۳۵۔	يُؤۡفَكُوۡنَ:	ان کو اوندھے منہ لے جایا جارہا ہے	۳۶۔	عَصَوۡا:	انہوں نے نافرمانی کی
۳۷۔	لَايَتَنَاهَوۡنَ:	وہ ایک دوسرے کو منع نہیں کرتے	۳۸۔	سَخِطَ:	وہ ناراض ہو گیا
۳۹۔	لَيَمَسَّنَّ:	وہ پکڑ کر رہے گا	۴۰۔	اِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهُوۡا:	اگر وہ باز نہ آئے
۴۱۔	لَاتَأۡسَ:	تم افسوس نہ کرنا	۴۲۔	مَا بَلَّغۡتَ:	تم نے نہیں پہنچایا

مشق: ۳۲

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار	صحیح، غلط	بیانات
۱۔	☐	آیت نمبر ۵۲ میں ”اَمۡرٍ مِّنۡ عِنۡدِهٖ“ یعنی ”کوئی اور بات ظاہر کرنے سے“ مراد غالباً یہ ہے کہ ان کے پول وحی کے ذریعے کھول دیئے جائیں اور ان کی رسوائی ہو۔
۲۔	☐	خیبر کے یہودیوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو قبول نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو تنبیہ کے طور پر کچھ عرصہ کے لئے معاشی تنگی میں مبتلا کر دیا۔
۳۔	☐	یہودیوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ بندی کا معاہدہ کر رکھا تھا لیکن درپردہ وہ اس کوشش میں رہتے کہ مسلمانوں کی الگ ریاست قائم ہو۔
۴۔	☐	عقیدہ تثلیث کا مطلب ہے کہ خدا تین اقانیم (Persons) کا مجموعہ ہے۔
۵۔	☐	اصطلاح میں صدیق عام طور سے ایسے شخص کو کہا جاتا ہے جو کسی پیغمبر کا افضل ترین متبع ہوتا ہے اور نبوت کے بعد یہ سب سے اونچا مرتبہ ہے۔
۶۔	☐	حضرت مسیح علیہ السلام اور ان کی والدہ کے بارے میں قرآن نے یہ حقیقت بتلائی کہ وہ کھانا کھاتے تھے، کیونکہ یہ حقیقت اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ وہ خدا نہیں ہیں۔

۷۔ ☐ حضرت مسیح علیہ السلام خدا تعالیٰ کے برگزیدہ پیغمبر تھے اور ان کے پاس کسی کو نفع یا نقصان پہنچانے کی ذاتی صلاحیت موجود تھی۔

۸۔ ☐ غلو کا مطلب ہے کہ کسی کام میں اس کی معقول حدود سے آگے بڑھ جانا۔

۹۔ ☐ مشرکین کی نفسانی خواہشات اور ذاتی مفادات ہیں جو انہیں سیدھا لے جا رہے ہیں۔

ترجمہ کیجیے:

دَائِرَةٌ	أَعِزَّةٍ	نَادَيْتُمْ	تَنْقِمُوْنَ	مَغْلُوْلَةٌ	غُلَّتْ
مذاق اور کھیل	وہ سمجھ بیٹھے	وہ پکڑ کر رہے گا	صَمُّوْا	صِدِّيْقَةٌ	لَا يَتَنَاهَوْنَ
يُؤْفَكُوْنَ	لَا تَهْوٰى	ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ	مُقْتَصِدَةٌ	يَعْصِمُ	مَبْسُوْطَتَانِ
خراب	علما	مشائخ	أَطْفَأَ		

آیت نمبر ۷۸ تا ۱۰۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ لَتَجِدَنَّ: تم ضرور محسوس کرو گے

۲۔ مَوَدَّةٌ: دوستی

۳۔ قِسِّيْسِيْنَ: علم دوست عالم

۴۔ رُهْبَانًا: تارک الدنیا درویش

۵۔ وَإِذَا سَمِعُوْا: جب وہ سنتے ہیں

۶۔ تَفِيْضُ: وہ بہہ رہی ہوتی ہیں

۷۔ اَلدَّمْعِ: آنسو

۸۔ نَطْمَعُ: ہم توقع رکھیں

۹۔ فَأَثَابَ: پس وہ دے گا

۱۰۔ لَا تُحَرِّمُوْا: حرام نہ قرار دو

۱۱۔ طَيِّبَاتِ: پاکیزہ چیزوں کو

۱۲۔ اَللَّغْوِ: لغو (بے فائدہ)

۱۳۔ عَقَّدْتُّمْ: تم نے پختگی کے ساتھ کھائی

۱۴۔ إِطْعَامُ: کھانا کھلانا

۱۵۔ أَوْسَطِ: اوسط

۱۶۔ كِسْوَةُ: کپڑے دو

۱۷۔ حَلَفْتُمْ: تم نے قسم کھالی

۱۸۔ اَلْأَنْصَابُ: بتوں کے تھان (جگہ، مکان)

۱۹۔	رِجْسٌ:	ناپاک	۲۰۔	يُوقِعَ:	وہ ڈال دے
۲۱۔	مُنْتَهُونَ:	باز آجاؤ گے	۲۲۔	اِنْ تَوَلَّيْتُمْ:	اگر تم منہ موڑو گے
۲۳۔	جُنَاحٌ:	گناہ	۲۴۔	تَنَالُ:	زد میں آجائیں گے
۲۵۔	رِمَاحُ:	نیزے	۲۶۔	اَلنَّعَمِ:	جانور
۲۷۔	ذَوَا عَدْلٍ:	دو دیانت دار	۲۸۔	بَالِغَ الْكَعْبَةِ:	کعبہ پہنچنے والے
۲۹۔	عَادَ:	وہ دوبارہ کرے گا	۳۰۔	اَلسَّيَّارَةِ:	قافلہ
۳۱۔	صَيْدُ الْبَرِّ:	خشکی کا شکار	۳۲۔	مَادُمْتُمْ حُرُمًا:	جب تک تم احرام میں ہو
۳۳۔	اَلْبَيْتَ الْحَرَامَ:	بڑی حرمت والا گھر	۳۴۔	أَعْجَبَكَ:	آپ کو اچھی لگے
۳۵۔	وَاحْذَرُوْا:	اور تم بچے رہو	۳۶۔	لَيَبْلُوَنَّكُمْ:	ضرور وہ آزمائے گا تم کو
۳۷۔	عَدْلُ ذٰلِكَ:	اس کے برابر	۳۸۔	لِيَذُوْقَ:	تاکہ وہ چکھے
۳۹۔	وَبَالَ أَمْرِهٖ:	اپنے کام کی سزا	۴۰۔	قِيَامًا:	قیام (امن) کا ذریعہ

مشق: ۳۳

ہدایات: درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ عیسائیوں میں قبول حق کا مادہ زیادہ کیوں ہے؟

(الف) اس لیے کہ وہ اہل کتاب ہیں۔

(ب) بہت سے عیسائیوں کے دل دنیا کی محبت سے خالی ہیں

(ج) وہ غریب لوگ ہیں۔

۲۔ یہود سچے طالب حق کا طرز اختیار کیوں نہیں کرتے؟

(الف) ان پر دنیا پرستی غالب ہے۔

(ب) وہ جادو ٹونہ میں لگے رہتے ہیں۔

(ج) ان میں شعور نہیں ہے۔

۳۔ نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی طرف سے مؤقف کس نے بیان کیا تھا؟

(الف) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

(ب) حضرت جعفر ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

۴۔ لغو قسم سے کونسی قسم مراد ہے؟

(الف) جو جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کے لئے کھائی جائے۔

(ب) جو مستقبل کے بارے میں کھائی جائے۔

(ج) جو بغیر ارادے کے محاورہ اور تکیہ کلام کے طور پر کھائی جائے۔

۵۔ اگر کوئی شخص ناجائز کام کی قسم کھالے تو وہ کیا کرے؟

(الف) وہ قسم توڑے اور کفارہ ادا کرے۔

(ب) ناجائز کام کو کرے اور کفارہ بھی ادا کرے۔

(ج) ناجائز کام کرلے اور کفارہ ادا نہ کرے۔

۶۔ بتوں کے تھان سے کیا مراد ہے؟

(الف) وہ محل جس میں بت رکھے جاتے ہیں۔

(ب) وہ قربان گاہ جو بتوں کے سامنے بنادی جاتی ہے۔

(ج) بتوں کے گلے میں ڈالے ہوئے ہار۔

۷۔ احسان کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف) صدقہ کرنا

(ب) اچھائی کرنا

(ج) غریبوں کو کھانا کھلانا

۸۔ انسان کے ایمان کا اصل امتحان کب ہوتا ہے؟

(الف) جب موت سر پر آجاتی ہے

(ب) جب بیمار ہوتا ہے

(ج) جب اس کا دل ناجائز کام کے لئے مچل رہا ہوتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

قِسِّيسِيْنَ	تَفِيْضُ	اَلدَّمْعِ	عَقَّدْتُّمُ	كِسْوَةُ	حَلَفْتُمْ
رِجْسٌ	مُنْتَهُوْنَ	تَنَالُ	رِمَاحُ	اَلسَّيَّارَةِ	أَعْجَبَكَ
مَوَدَّةً	اَلْاَنْصَابُ	جُنَاحٌ	صَيْدُ الْبَرِّ	رُهْبَانًا	طَيِّبَاتِ
اَلْبَيْتَ الْحَرَامَ	تاکہ وہ چکھے	جانور	تم حرام قرار نہ دو	ہم توقع رکھیں	

آیت نمبر ۱۰۱ تا ۱۱۸

الفاظ کے معنی:

۱۔	تَسُؤْ:	ناگوار ہو	۲۔	حِيْنَ يُنَزَّلُ:	ایسے وقت جب وہ نازل کیا جا رہا ہو
۳۔	أَصْبَحُوْا:	وہ ہو گئے	۴۔	بَحِيْرَةٍ:	وہ جانور جس کے کان چیر کر اس کا دودھ بتوں کے نام پر وقف کر دیا جائے
۵۔	سَائِبَةٍ:	وہ جانور جو بتوں کے نام پر آزاد چھوڑ دیا گیا ہو	۶۔	وَصِيْلَةٍ:	وہ اونٹنی جو لگاتار مادہ بچے جنے (پیدا کرے)
۷۔	حَامٍ:	وہ اونٹ جو ایک خاص تعداد میں جفتی کرے	۸۔	حَسْبُنَا:	ہمارے لئے کافی ہے
۹۔	وَجَدْنَا:	ہم نے پایا	۱۰۔	إِذَا حَضَرَ:	جب وہ قریب ہو
۱۱۔	حِيْنَ الْوَصِيَّةِ:	وصیت کرتے وقت	۱۲۔	آخَرَانِ:	دو شخص
۱۳۔	تَحْبِسُوْنَ:	تم روک سکتے ہو	۱۴۔	يُقْسِمٰنِ:	وہ دونوں قسم کھائیں
۱۵۔	اِرْتَبْتُمْ:	تمہیں شک ہو	۱۶۔	ثَمَنًا:	مال (مالی فائدہ)
۱۷۔	لَا نَكْتُمُ:	ہم نہیں چھپائیں گے	۱۸۔	اٰثِمِيْنَ:	گناہ گار (واحد اٰثِمٌ)
۱۹۔	عُثِرَ:	پتہ چلے	۲۰۔	اِسْتَحَقَّا:	انہوں نے اٹھالیا
۲۱۔	اَلْاَوْلَيٰنِ:	پہلے دو آدمی	۲۲۔	أَدْنٰى:	زیادہ امید
۲۳۔	وَجْهِهَا:	ٹھیک ٹھیک	۲۴۔	تُرَدَّ:	لوٹا دی جائیں گی
۲۵۔	مَاذَا أُجِبْتُمْ:	تمہیں کیا جواب دیا گیا	۲۶۔	الْمَهْدِ:	گہوارہ (گود)
۲۷۔	كَهْلًا:	بڑی عمر	۲۸۔	هَيْئَةِ:	شکل
۲۹۔	تَنْفُخُ:	تم پھونک مارتے ہو	۳۰۔	تُبْرِئُ:	تم اچھا کر دیتے ہو
۳۱۔	كَفَفْتُ:	میں نے روک رکھا	۳۲۔	مَائِدَةً:	خوان
۳۳۔	نُرِيْدُ:	ہم چاہتے ہیں	۳۴۔	مُنَزِّلُ:	اتارنے والا
۳۵۔	اِتَّخِذُوْنِيْ وَأُمِّيَ:	مجھے اور میری ماں کو تم بناؤ	۳۶۔	اِلٰهَيْنِ:	دو معبود
۳۷۔	مَادُمْتُ:	جب تک میں رہا	۳۸۔	لَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ:	جب آپ نے مجھے اٹھا لیا
۳۹۔	اَلرَّقِيْبُ:	نگران	۴۰۔	اَلْفَوْزُ:	کامیابی

مشق: ۳۴

ہدایات :ذیل میں دیئے گئے سوالات میں درست جواب کا انتخاب کریں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ مسلمانوں کو متنبہ کیا گیا کہ وہ کسی چیز کو صرف..کی وجہ سے اختیار نہ کریں بلکہ یہ دیکھیں کہ اللہ

تعالیٰ اور اس کے رسول کی تعلیمات میں وہ جائز یا پاک ہے یا نہیں۔

(۱) شوق　　　　(۲) خوبصورتی　　　　(۳) عام رواج

۲۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بعض اوقات کوئی حکم............................آتا ہے، اگر اس حکم پر اسی طرح عمل کرلیا جائے تو کافی ہے۔

(۱) محکم　　　　(۲) مجمل　　　　(۳) مفسر

۳۔ مسلمانوں کو تسلی دی گئی کہ تبلیغ کا حق ادا کرنے کے بعد تمہیں کفار کی گمراہیوں پر زیادہ صدمہ کرنے کی ضرورت نہیں اور اب زیادہ فکر اپنی..........
.............................اصلاح کی کرو۔

(۱) اصلاح　　　　(۲) پاکیزگی　　　　(۳) نماز

۴۔ تمہاری............................صحیح بھی ہو اور دوسرے لوگ گمراہ بھی ہوں تب بھی تمہیں تو اپنے اعمال کا جواب دینا ہے اس لئے اپنی فکر کرو۔

(۱) تعریف　　　　(۲) تنقید　　　　(۳) ریسرچ

۵۔ جب معاشرے میں بدعملی کا چلن عام ہو جائے تو اس وقت اصلاح کی طرف لوٹنے کا بہترین نسخہ یہی ہے کہ ہر شخص دوسروں کے..........
..........دیکھنے کے بجائے اپنی اصلاح کرے۔

(۱) گریبان میں　　　　(۲) اخلاق　　　　(۳) اعمال

۶۔ قرآن کریم کا یہ خاص طریقہ ہے کہ جب وہ............................بیان فرماتا ہے تو اس کے ساتھ آخرت کا کوئی ذکر یا پچھلی اُمتوں کی فرماں برداری یا نافرمانی کا بھی ذکر فرماتا ہے۔

(۱) واقعات　　　　(۲) احکام　　　　(۳) توحید

۷۔ ایک مؤمن کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے معجزات کی فرمائش کرے کیونکہ ایسی فرمائشیں تو عام طور پر..........
..........لوگ کرتے ہیں۔

(۱) کافر　　　　(۲) مشرک　　　　(۳) ناسمجھ

ترجمہ کیجئے:

تَسُوْ	حَسْبُنَا	تَحْبِسُوْنَ	اِرْتَبْتُمْ	اِسْتَحَقَّا	أَدْنٰى
تُرَدُّ	اَلْمَهْدِ	تَنْفُخُ	كَفَفْتُ	مَائِدَةً	مَادُمْتُ
كَهْلًا	اَلْفَوْزُ	اَلرَّقِيْبُ	عُثِرَ	اٰثِمِيْنَ	بَحِيْرَةٍ
حَامٍ	وَصِيْلَةٍ	تم پھونک مارتے ہو	معبود	میں اتاروں گا	مال
	تمہیں ناگوار ہو		شکل		

مشق:۳۵　　اعادہ مشق ۳۰ تا ۳۴

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

۱۔ اس سورت کو سورۂ مائدہ کیوں کہتے ہیں؟

....

....

۲۔ الأزلام سے کیا مراد ہے؟

....

....

۳۔ شام اور فلسطین کو مقدس سرزمین کیوں کہا گیا ہے؟

....

....

۴۔ جب بنی اسرائیل جب صحرائے سینا میں بھٹک رہے تھے تو ان کے ساتھ کون کون سے پیغمبر تھے؟

....

....

۵۔ اللہ تعالیٰ نے ہر پیغمبر کو الگ الگ شریعتیں کیوں دیں؟

....

....

۶۔ جب مدینہ منورہ کے یہودیوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت قبول نہیں کی تو ان پر کیا عذاب آیا؟

....

....

۷۔ عیسائیوں کا عقیدۂ تثلیث کا کیا مطلب ہے؟

....

....

۸۔ ''احسان'' کی تشریح حدیث میں کیا آئی ہے؟

....

....

۹۔ ''صدیق'' اصطلاح میں کس شخص کو کہا جاتا ہے؟

....

....

۱۰۔ جب معاشرے میں بدچلن عام ہو جائے تو اس کی اصلاح کا کیا طریقہ ہے؟

....

....

۱۱۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بعض اوقات حکم مجمل آتا ہے اس پر عمل کس طرح کیا جائے؟

....

....

۱۲۔ جب کوئی شخص ناحق قتل کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کے دل پر کیا اثر پڑتا ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

اَلسَّبُعُ	أَمْسَكْنَ	اِصْفَحْ	قَاتِلَا	نَبَأُ	فَاحْذَرُوْا
دَائِرَةٌ	صُمُّوْا	تَفِيْضُ	أَعْجَبَكَ	تَحْبِسُوْنَ	كَفَفْتُ
اَلْجُرُوْحَ	مُهَيْمِنًا	اَلصَّيْدِ	رغبت	چھیتے	لاش
	شکل			مشائخ	

سورۂ انعام مکی

آیت نمبر ۱ تا ۴۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنٰی:

۱۔	یَعۡدِلُوۡنَ:	وہ برابر قرار دے رہے ہیں	۲۔	أَجَلٌ مُّسَمًّی:	متعین میعاد
۳۔	تَمۡتَرُوۡنَ:	تم شک میں پڑے رہو	۴۔	سِرَّکُمۡ وَجَهۡرَکُمۡ:	تمہارے چھپے ہوئے بھید اور کھلے حالات
۵۔	مُعۡرِضِیۡنَ:	وہ منہ موڑتے ہیں	۶۔	سَوۡفَ یَأۡتِیۡ:	جلد ہی وہ آئے گا
۷۔	قَرۡنٍ:	قومیں (گروہ، زمانہ)	۸۔	مَکَّنَّا:	ہم نے دیا
۹۔	أَرۡسَلۡنَا:	ہم بھیجیں	۱۰۔	مِدۡرَارًا:	خوب بارشیں
۱۱۔	ذُنُوۡبٍ:	گناہ (واحد: ذَنۡبٌ)	۱۲۔	أَنۡشَأۡنَا:	ہم نے پیدا کی
۱۳۔	قِرۡطَاسٍ:	کاغذ	۱۴۔	لَمَسُوۡا:	وہ چھو کر دیکھ لیتے
۱۵۔	سِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ:	کھلا جادو	۱۶۔	یَلۡبِسُوۡنَ:	وہ شبہ میں مبتلا ہیں
۱۷۔	حَاقَ:	اس نے آ گھیرا	۱۸۔	سَخِرُوۡا:	انہوں نے مذاق اڑایا
۱۹۔	سِیۡرُوۡا:	تم چلو پھرو	۲۰۔	لِمَنۡ:	کس کی
۲۱۔	سَکَنَ:	وہ آرام پاتی ہے	۲۲۔	فَاطِرِ:	پیدا کرنے والا
۲۳۔	یُطۡعِمُ:	وہ کھلاتا ہے	۲۴۔	أُمِرۡتُ:	مجھے حکم دیا گیا
۲۵۔	یُصۡرَفۡ:	ہٹا دیا گیا	۲۶۔	کَاشِفُ:	دور کرنے والے
۲۷۔	اَلۡقَاهِرُ:	مکمل اقتدار رکھنے والا	۲۸۔	لِأُنۡذِرَکُمۡ:	تا کہ میں تمہیں ڈراؤں
۲۹۔	تَزۡعُمُوۡنَ:	تم دعویٰ کرتے ہو	۳۰۔	لَمۡ تَکُنۡ:	نہ ہوگا
۳۱۔	یَسۡتَمِعُ:	وہ کان لگا کر سنتے ہیں	۳۲۔	أَکِنَّةً:	پردے
۳۳۔	یَّفۡقَهُوۡا:	وہ سمجھتے	۳۴۔	وَقۡرًا:	بہرا پن
۳۵۔	یُجَادِلُوۡنَ:	وہ جھگڑا کرتے ہیں	۳۶۔	أَسَاطِیۡرُ الۡأَوَّلِیۡنَ:	پہلے لوگوں کی داستانیں
۳۷۔	یَنۡئَوۡنَ:	وہ دور رہتے ہیں	۳۸۔	وُقِفُوۡا:	ان کو کھڑا کیا جائے گا
۳۹۔	یٰلَیۡتَنَا، یٰحَسۡرَتَنَا:	اے کاش	۴۰۔	بَدَا:	کھل کر
۴۱۔	لِقَاءِ اللّٰهِ:	اللہ سے جا ملنا	۴۲۔	بَغۡتَةً:	اچانک

۴۳۔ فَرَّطْنَا: ہم نے کوتاہی کی
۴۴۔ یَحْمِلُوْنَ: وہ بوجھ لادے ہوئے ہیں
۴۵۔ یَزِرُوْنَ: وہ اٹھارہے ہیں
۴۶۔ لَعِبٌ وَّلَهْوٌ: کھیل اور تماشہ

مشق: ۳۶

ہدایات :ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) آخرت کی کھیتی (۲) بے ہودہ رسموں (۳) انجام (۴) گواہی
(۵) اللہ تعالیٰ (۶) یوم حساب (۷) ایمان لانا (۸) ہٹ دھرمی
(۹) وحی (۱۰) انسانی شکل

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ کفارِ مکہ اپنے مشرکانہ عقائد کے نتیجے میں جن .... اور بے بنیاد خیالات میں مبتلا تھے، سورۃ الانعام میں ان کی تردید ہے۔

۲۔ جب کوئی شخص مرتا ہے تو ہر ایک کو معلوم ہوجاتا ہے کہ اس کی عمر کتنی تھی لیکن مرنے کے بعد آنے والی زندگی کب آئے گی اس کا علم صرف .... کے پاس ہے۔

۳۔ کفار سے کہا گیا تھا کہ اگر انہوں نے .... کا رویہ جاری رکھا تو دنیا میں ان کا انجام برا ہوگا اور آخرت میں بھی عذاب کا سامنا ہوگا۔

۴۔ اللہ کی سنت ہے کہ جب کوئی غیبی حقیقت آنکھوں سے دکھا دی جاتی ہے تو اس کے بعد .... معتبر نہیں ہوتا۔

۵۔ کفار کا مطالبہ تھا کہ اگر کوئی فرشتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر .... لے کر آتا ہے تو وہ اس طرح آئے کہ ہم اسے دیکھ سکیں۔

۶۔ اگر اللہ تعالیٰ کسی فرشتے کو ہی پیغمبر بنا کر بھیجتے یا پیغمبر کی تصدیق کے لئے لوگوں کے سامنے بھیجتے تب بھی اس کو .... ہی میں بھیجنا پڑتا۔

۷۔ قرآن کریم مشرکین عرب کو دعوت دے رہا ہے کہ وہ ان قوموں کے .... سے عبرت حاصل کریں۔

۸۔ جب بڑی موت آئے گی تب بھی انسان اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہوگا اور وہ جب چاہے گا اس کو دوبارہ زندگی دے کر قیامت کے .... کی طرف لے جائے گا۔

۹۔ شروع میں تو وہ بوکھلاہٹ کے عالم میں جھوٹ بول جائیں گے لیکن پھر خود ان کے ہاتھ پاؤں ان کے خلاف .... دیں گے۔

۱۰۔ جو لوگ دنیا کو .... بنا کر زندگی گزارتے ہیں ان کے لئے دنیوی زندگی بھی بڑی نعمت ہے۔

ترجمہ کیجئے:

یَعۡدِلُوۡنَ	قَرۡنٍ	مَکَّنّٰا	مِدۡرَارًا	اَنۡشَاۡنَا	یَلۡبِسُوۡنَ
وَقۡرًا	لَعِبٌ وَّلَهۡوٌ	قِرۡطَاسٍ	یَنۡئَوۡنَ	اَجَلٌ مُّسَمًّى	تَمۡتَرُوۡنَ
تم چلو پھرو	تاکہ میں ڈراؤں	پردے	ہم نے کوتاہی کی	پردے	لِقَاءَ اللّٰهِ
حَاقَ	سَخِرُوۡا	بَغۡتَةً	یُجَادِلُوۡنَ	اَلۡقَاهِرُ	فَاطِرِ

آیت نمبر ۳۴ تا ۶۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ اُوۡذُوۡا: انہیں تکلیفیں دی گئیں — ۲۔ کَبُرَ: بھاری ہے

۳۔ اِسۡتَطَعۡتَ: تم کر سکتے ہو — ۴۔ تَبۡتَغِیَ: تم ڈھونڈو

۵۔ نَفَقًا: سرنگ — ۶۔ سُلَّمًا: سیڑھی

۷۔ یَسۡتَجِیۡبُ: وہ مان سکتے ہیں — ۸۔ طَائِرٍ: پرندے

۹۔ یَطِیۡرُ: وہ اڑتے ہیں — ۱۰۔ بِجَنَاحَیۡهِ: اپنے پروں پر

۱۱۔ اُمَمٌ: مخلوقات — ۱۲۔ مَنۡ یَّشَاِ اللّٰهُ: جسے اللہ چاہتا ہے

۱۳۔ اِیَّاهُ تَدۡعُوۡنَ: تم اسی کو پکارو گے — ۱۴۔ یَتَضَرَّعُوۡنَ: وہ عجز و نیاز کا شیوہ اپنائیں

۱۵۔ زَیَّنَ: اس نے سجایا — ۱۶۔ نَسُوۡا: وہ بھلا بیٹھے

۱۷۔ مَاذُکِّرُوۡا: جو نصیحت کی گئی — ۱۸۔ فَرِحُوۡا: وہ اترانے لگے

۱۹۔ مُبۡلِسُوۡنَ: وہ مایوس ہو کر رہ گئے — ۲۰۔ قُطِعَ: کاٹ کر رکھ دی گئی

۲۱۔ دَابِرُ: جڑ — ۲۲۔ یَصۡدِفُوۡنَ: وہ منہ پھیر لیتے ہیں

۲۳۔ لَآ اَعۡلَمُ: نہ میں علم رکھتا ہوں — ۲۴۔ اَلۡاَعۡمٰی: اندھا اور بینا

۲۵۔ اَنۡذِرۡ: تم خبردار کرو — ۲۶۔ لَا تَطۡرُدِ: تم نہ نکالنا (مجلس سے)

۲۷۔ اَلۡغَدٰوةِ: صبح — ۲۸۔ وَجۡهَهٗ: اس کی خوشنودی

۲۹۔	لِتَسْتَبِيْنَ:	تاکہ کھل جائے	۳۰۔	تَسْتَعْجِلُوْنَ:	تم جلدی کا مطالبہ کررہے تھے
۳۱۔	اِنِ الْحُكْمُ:	نہیں ہے حکم	۳۲۔	خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ:	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا
۳۳۔	مَفَاتِحُ:	کنجیاں	۳۴۔	مَا تَسْقُطُ:	نہیں گرتا
۳۵۔	وَرَقَةٍ:	پتہ	۳۶۔	لَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ:	نہ خشک اور نہ تر
۳۷۔	مَا جَرَحْتُمْ:	تم نے جو کچھ کیا	۳۸۔	حَفَظَةً:	نگہبان
۳۹۔	أَسْرَعُ:	بہت جلد	۴۰۔	يَلْبِسَ:	وہ بھڑا دے
۴۱۔	شِيَعًا:	ٹولیاں	۴۲۔	يُذِيْقَ:	وہ چکھا دے

مشق: ۳۷

ہدایات: صحیح جواب کی نشاندہی درست (☑) کے نشان کے ذریعہ کیجئے۔

نمبر شمار — **بیانات**

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ رنج کس چیز کا تھا۔

☐ الف: اپنی ذات کو جھٹلانے کا ☐ ب: اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلانے کا ☐ ج: آپ کے اصحاب کو تکلیف دینے کا

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ کون سا ہے؟

☐ الف: معراج ☐ ب: شق صدر ☐ ج: قرآن مجید

۳۔ اگر کوئی قوم اپنا فرمائشی معجزہ مانگنے کے بعد اسے تسلیم نہ کرے تو ایسے لوگوں پر کیسا عذاب آتا ہے؟

☐ الف: اسے دنیا میں ہلاک کر دیا جاتا ہے ☐ ب: اسے آخرت میں عذاب ہوگا ☐ ج: ان پر دنیا میں قحط سالی آجاتی ہے

۴۔ مظلوم جانوروں کو ظالم جانور سے بدلہ دلوانے کے بعد ان پر موت کیوں طاری ہو جائے گی۔

☐ الف: اس لئے کہ وہ حقوق اللہ کے مکلف نہیں ☐ ب: ان میں عقل و شعور نہیں ☐ ج: ان میں بات کرنے کی صلاحیت نہیں

۵۔ عرب کے مشرکین خدا تعالیٰ کے خالق ہونے کو تسلیم کرنے کے بعد اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ رکھتے تھے؟

☐ الف: ان کے دیوتا اکیلے دنیا کے خالق ہیں ☐ ب: بحر کے نظام بتوں کے پاس اور بر کے نظام اللہ کے پاس

☐ ج: ان کے دیوتا اللہ تعالیٰ کے اختیارات میں شریک ہیں۔

۶۔ پیغمبر ہونے کا کیا مطلب ہے؟

☐ الف: جس پر الہام ہو ☐ ب: جو کرامات دکھائے ☐ ج: جس پر وحی آئے

۷۔ قریش مکہ کے سردار غریب مسلمانوں کی موجودگی میں آپ کے پاس کیوں نہیں بیٹھتے تھے؟

☐ الف: غرباء ان کے دشمن تھے ☐ ب: وہ اپنی توہین سمجھتے تھے ☐ ج: ان کے لئے جگہ نہیں بچتی تھی

۸۔ نگہبان فرشتوں سے کیا مراد ہے؟

☐ الف: جو عرشِ معلیٰ کو اٹھائے ہوئے ہیں ☐ ب: جو بارش پر مقرر ہیں ☐ ج: جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں اور ان کی حفاظت پر مقرر ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

کَبُرَ	نَفَقًا	سُلَّمًا	يَتَضَرَّعُوْنَ	زَيَّنَ	قُطِعَ
دَابِرُ	لَاتَطْرُدِ	مَفَاتِحُ	وَرَقَةٍ	يَلْبِسُ	شِيَعًا
طَائِرٍ	أُمَمٌ	خَيْرُالْفَاصِلِيْنَ	يُذِيْقُ	أَسْرَعُ	وہ اڑتے ہیں
اپنے پروں پر	وہ اترانے لگے	وہ چکھادے	نگہبان	وہ بھلا بیٹھے	تم خبردار کرو

آیت نمبر ۶۸ تا ۹۸

الفاظ کے معنی:

۱۔ مُسْتَقَرٌّ: وقت مقرر
۲۔ يَخُوْضُوْنَ: وہ برا بھلا کہنے میں لگے ہوئے ہیں
۳۔ يُنْسِيَنَّكَ: وہ تمہیں بھلادے
۴۔ لَاتَقْعُدْ: تم نہ بیٹھو
۵۔ ذَرِ: تم چھوڑ دو
۶۔ غَرَّتْ: اس نے دھوکہ میں ڈال دیا
۷۔ أَنْ تُبْسَلَ: کہ وہ گرفتار ہو جائے
۸۔ تَعْدِلْ: وہ فدیہ دے
۹۔ أَنَدْعُوْ: کیا ہم پکاریں
۱۰۔ اِسْتَهْوَتْ: اس نے بہکا دیا
۱۱۔ اِئْتِنَا: ہمارے پاس آجاؤ
۱۲۔ كُنْ فَيَكُوْنَ: تو ہو جا تو وہ ہو جائے گا
۱۳۔ يُنْفَخُ: پھونکا جائے گا
۱۴۔ نُرِيْ: ہم نظارہ کراتے ہیں
۱۵۔ مَلَكُوْتَ: سلطنت
۱۶۔ جَنَّ: وہ چھائی
۱۷۔ كَوْكَبًا: ستارہ
۱۸۔ لَمَّا أَفَلَ: جب وہ ڈوب گیا
۱۹۔ بَازِغَةً: چمکتے
۲۰۔ وَجَّهْتُ: میں نے رخ کیا
۲۱۔ حَنِيْفًا: یکسو ہو کر
۲۲۔ وَسِعَ: اس نے احاطہ کیا ہوا ہے
۲۳۔ أَحَقُّ بِالْأَمْنِ: بے خوف رہنے کا زیادہ مستحق
۲۴۔ وَكَّلْنَا: ہم نے مقرر کر دیئے
۲۵۔ اِقْتَدِهْ: تو چلو
۲۶۔ مَاقَدَرُوْا: انہوں نے قدر نہیں پہچانی
۲۷۔ قَرَاطِيْسَ: متفرق کاغذ
۲۸۔ بَيْنَ يَدَيْهِ: پچھلی
۲۹۔ تُنْذِرَ: تم خبردار کرو
۳۰۔ أُمَّ الْقُرٰى: بستیوں کے مرکز (مکہ المکرمہ)

۳۱۔ غَمَرَاتِ:	سختی (واحد: غَمْرَۃٌ)	۳۲۔ بَاسِطُوْا:	وہ پھیلائے
۳۳۔ عَذَابَ الْهُوْنِ:	ذلت کا عذاب	۳۴۔ جِئْتُمُوْنَا:	تم ہمارے پاس آ ؤ گے
۳۵۔ فُرَادٰى:	تن تنہا	۳۶۔ خَوَّلْنٰكُمْ:	ہم نے تمہیں دیا
۳۷۔ فَالِقُ الْحَبِّ:	دانے پھاڑنے والا	۳۸۔ اَلنَّوٰى:	گٹھلی
۳۹۔ اَلْاِصْبَاحِ:	صبح	۴۰۔ سَكَنًا:	سکون
۴۱۔ حُسْبَانًا:	حساب کا پابند		

مشق: ۳۸

ہدایات:۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر کام کا (الف) (ایک وقت مقرر) ہے جس میں تم لوگوں کو (ب) (عذاب دینا) بھی داخل ہے اور جب (ج) (وقت آئے گا) تو تمہیں خود پتہ چل جائے گا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ اللہ تعالیٰ اس کائنات کو ایک (الف) (برحق مقصد) سے پیدا کیا اور وہ مقصد یہ ہے کہ جو لوگ (ب) (اچھے کام کریں) انہیں انعام سے نوازا جائے اور جو (ج) (بدکار اور ظالم ہوں) انہیں سزا دی جائے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ کفار مکہ کی اس قسم کی (الف) (دوکانوں) میں ان کے ساتھ مت بیٹھو جس میں وہ (ب) (اللہ تعالیٰ کی آیات) کو (ج) (استہزا کا نشانہ) بناتے ہوں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ اگرچہ دنیا میں بھی (الف) (حقیقی بادشاہی) اللہ تعالیٰ ہی ہے لیکن (ب) (ظاہری طور پر) بہت سے (ج) (حکمران مختلف) ملکوں پر حکومت کرتے ہیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام عراق کے شہر (الف) (بغداد) میں پیدا ہوئے تھے وہاں کے لوگ (ب) (آگ اور سورج) کو خدا مان کر ان کی (ج) (عبادت) کرتے تھے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے چاند ستاروں یا سورج کو جو یہ کہا تھا کہ (الف) (یہ میرا رب ہے) وہ اپنے (ب) (عقیدے کے مطابق) نہیں بلکہ قوم کے عقیدے کی (ج) (حقیقت) ظاہر کرنے کے لئے فرمایا تھا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: میں ان (الف) (بے بنیاد دیوتاؤں) سے نہیں ڈرتا بلکہ ڈرنا تمہیں چاہئے کہ تم (ب) (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) بے بنیاد دیوتاؤں کو اس کی (ج) (خدائی) میں شریک مان رہے ہو۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی (الف) (حمایت کرتے ہوئے) یہودیوں کے سردار (ب) (مالک بن صیف) نے غصے میں آ کر یہاں تک کہہ دیا تھا کہ اللہ نے کسی (ج) (انسان پر) کچھ نازل نہیں کیا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۹۔ (الف) (بے جان سے جاندار) کو نکالنے کی مثال یہ ہے کہ (ب) (انڈے سے مرغی) نکل آتی ہے اور (ج) (جاندار سے بے جان) کے نکلنے کی مثال جیسے مرغی سے انڈا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

ذَرِ	يَخُوضُونَ	أَنَدْعُوا	اِئْتِنَا	مَلَكُوتَ	وَجَّهْتُ
وَسِعَ	اِقْتَدِهْ	غَمَرَاتِ	خَوَّلْنَا	اَلنَّوٰى	فُرَادٰى
عَذَابَ الْهُوْنِ	كَوْكَبًا	أُمَّ الْقُرٰى	جَنَّ	بَازِغًا	فَالِقُ الْحَبِّ
	اَلْاِصْبَاحِ		قَرَاطِيْسَ		

آیت نمبر ۹۹ تا ۱۳۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ خَضِرًا: سبزیاں　　۲۔ مُتَرَاكِبًا: تہہ در تہہ

۳۔ طَلْعِ: گابھے (کچی فصل)　　۴۔ قِنْوَانٌ: گچھے

۵۔ دَانِيَةٌ: جھکے جاتے ہیں　　۶۔ أَعْنَابِ، اَلرُّمَّانَ: انگور، انار

۷۔ أَثْمَرَ: وہ پھل دے　　۸۔ يَنْعِ: پھل کا پکنا

۹۔ خَرَقُوْا: انہوں نے تراش لیں　　۱۰۔ تَعَالٰى: وہ بالا و برتر ہے

۱۱۔ بَدِيْعُ: موجد　　۱۲۔ أَنّٰى: کہاں

۱۳۔ لَاتُدْرِكُ: وہ نہیں پا سکتی　　۱۴۔ اَلْاَبْصَارُ: نگاہیں

۱۵۔ بَصَائِرُ: بصیرت کے سامان　　۱۶۔ لَاتَسُبُّوْا: تم برا نہ کہو

۱۷۔ مَايُشْعِرُ: کیا پتہ　　۱۸۔ نُقَلِّبُ أَفْئِدَةَ: ہم پھیر دیتے ہیں دل

۱۹۔ يَعْمَهُوْنَ: وہ بھٹکتے پھریں　　۲۰۔ وَلَوْ أَنَّنَا: اور اگر بے شک ہم

۲۱۔	قُبُلًا:	سامنے	۲۲۔	لِتَصْغٰى:	مائل ہوجائیں
۲۳۔	يَقْتَرِفُوْا:	وہ حرکتیں کریں	۲۴۔	تَمَّتْ كَلِمَةُ:	کلام کامل ہوا
۲۵۔	صِدْقًا وَّعَدْلًا:	سچائی وانصاف	۲۶۔	مُبَدِّلَ:	بدلنے والا
۲۷۔	يَخْرُصُوْنَ:	وہ خیالی اندازے لگاتے ہیں	۲۸۔	يُوْحُوْنَ:	وہ ورغلاتے ہیں
۲۹۔	يَمْشِيْ:	وہ چلتا پھرتا ہے	۳۰۔	أَكٰبِرَ:	سرغنہ
۳۱۔	صَغَارٌ:	ذلت	۳۲۔	يَشْرَحْ صَدْرَ:	وہ کھول دیتا ہے سینہ
۳۳۔	ضَيِّقًا حَرَجًا:	تنگ، زیادہ تنگ	۳۴۔	كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ: جیسا	اسے چڑھنا پڑ رہا ہو
۳۵۔	اَلرِّجْسُ:	گندگی	۳۶۔	يٰمَعْشَرَ:	اے گروہ
۳۷۔	اِسْتَمْتَعَ:	اس نے مزے لئے	۳۸۔	أَجَّلْتَ:	تو نے مقرر کیا
۳۹۔	يَقُصُّوْنَ:	پڑھ کر سناتے	۴۰۔	أَلَمْ يَأْتِكُمْ:	کیا تمہارے پاس وہ نہیں آیا
۴۱۔	ذُو الرَّحْمَةِ:	رحمت والا	۴۲۔	يَسْتَخْلِفُ:	وہ لے آئے
۴۳۔	لَاٰتٍ:	اس کو آنا ہی آنا ہے	۴۰۔	يَصِلُ:	وہ نہیں پہنچتا

مشق:۴۹

ہدایات : ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

۱۔ .... اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں کوئی شخص با قاعدہ اپنا ٹھکانہ بنالے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اتنی .... ہے کہ کوئی نگاہ اس کو نہیں پا سکتی، اور وہ اتنا باخبر ہے کہ ہر نگاہ کو پا لیتا ہے۔

۳۔ اگر کوئی کام بذاتِ خود تو جائز یا مستحب ہو لیکن اندیشہ ہو کہ اس کے نتیجے میں کوئی دوسرا شخص .... کرے گا
تو ایسی صورت میں وہ جائز یا مستحب کام چھوڑ دینا چاہیے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ چاہتا تو شیاطین کو یہ قدرت نہ دیتا اور لوگوں کو زبردستی ایمان پر مجبور کر دیتا لیکن چونکہ .... ہے
اس لئے زبردستی کا ایمان معتبر نہیں۔

۵۔ اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے بعد اپنے من گھڑت خیالات کی بنا پر .... کا فیصلہ کرنا ایسے شخص کا کام نہیں ہے جو
اللہ تعالیٰ کی آیتوں پر ایمان رکھتا ہو

۶۔ اگرچہ اللہ تعالیٰ کے ہر حکم میں .... ہوتی ہیں، لیکن مسلمان کا کام یہ نہیں ہے کہ وہ اپنی اطاعت کو ان
مصلحتوں کے سمجھنے پر موقوف رکھے۔

۷۔ .... کی اصل حقیقت یہی ہے کہ باطن کے گناہوں سے بچنے کے لئے کسی رہنما سے رجوع کیا جائے۔

۸۔ اسلام کا تقاضہ یہ ہے کہ انسان عام لوگوں کے درمیان رہے ان سے ضروری معاملات کرے، ان کے حقوق ادا کرے یعنی سارے معاملات ......

..................کے تحت انجام دے۔

۹۔ اہل مکہ کا مطالبہ یہ تھا کہ ہم میں سے ہر شخص کو..................ملنی چاہیے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے یہ جواب دیا کہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ پیغمبری کس کو دی جائے۔

۱۰۔ کافروں کے عذاب وثواب کا فیصلہ کسی سفارش یا اثر ورسوخ کی وجہ سے تبدیل نہیں ہوسکتا، بلکہ اس کا تمام تر فیصلہ اللہ تعالیٰ کی.................. ....کی بنیاد پر ہوگا۔

۱۱۔ جب کسی ملک کے لوگ بداعمالیوں میں مبتلا ہوتے ہیں تو ان پر..................مسلط کردیئے جاتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

مُتَرَاكِبًا	دَانِيَةٌ	يَنْعِ	لَاتُدْرِكُ	لَاتَسُبُّوا	يَعْمَهُوْنَ
لِتَصْغٰى	يَخْرُصُوْنَ	يَصَّعَّدُ	أَجَّلْتَ	يَسْتَخْلِفُ	يَصِلُ
صِدْقًا وَّعَدْلًا	بَدِيْعُ	اَلرِّجْسَ	أَثْمَرَ	مُبَدِّلَ	قِنْوَانٌ
	وہ چلتا پھرتا ہے	ذلت	نگاہیں	گابھے	

آیت نمبر ۱۳۷ تا ۱۶۵

الفاظ کے معنی:

۱۔ لِيُرْدُوْا: تاکہ وہ تباہ کرڈالیں

۲۔ يَلْبِسُوْا: وہ مغالطے پیدا کریں

۳۔ حِجْرٌ: پابندی

۴۔ بُطُوْنِ: پیٹ (واحد: بَطْنٌ)

۵۔ ذُكُوْرِ: مردوں

۶۔ وَصْفَ: باتیں بنانا

۷۔ سَفَهًا: حماقت

۸۔ مَعْرُوْشَاتٍ: بیل دار

۹۔ حَصَادِ: کٹائی

۱۰۔ حَمُوْلَةً: بوجھ اٹھانے والے جانور

۱۱۔ فَرْشًا: زمین سے لگے ہوئے جانور

۱۲۔ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ: آٹھ جوڑے (واحد: زَوْجٌ)

۱۳۔ اَلضَّأْنِ: بھیڑ

۱۴۔ اَلْمَعْزِ: بکرا

۱۵۔ ءٰالذَّكَرَيْنِ: کیا دونر

۱۶۔ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ: یا دومادہ

۱۷۔ اِشْتَمَلَتْ: وہ موجود ہے

۱۸۔ أَرْحَامُ: پیٹ (واحد: رَحِمٌ)

نمبر	لفظ	معنی	نمبر	لفظ	معنی
۱۹۔	اَلْاِبِلِ:	اونٹ	۲۰۔	لَآ اَجِدُ:	میں نہیں پاتا
۲۱۔	عَلٰی طَاعِمٍ:	کھانے والے پر	۲۲۔	دَمًا مَّسْفُوْحًا:	خون بہتا ہوا
۲۳۔	ذِیْ ظُفُرٍ:	ناخن والے	۲۴۔	شُحُوْمَ:	چربیاں
۲۵۔	اَلْحَوَایَا:	آنتیں	۲۶۔	اِخْتَلَطَ:	وہ ملی ہوئی ہوں ہڈیوں سے
۲۷۔	تَخْرُصُوْنَ:	تم وہمی اندازے لگاتے ہو	۲۸۔	اَلْحُجَّۃُ الْبَالِغَۃُ:	دلوں تک پہنچنے والی دلیل
۲۹۔	هَلُمَّ:	تم لاؤ	۳۰۔	اِمْلَاقٍ:	غربت
۳۱۔	اِیَّاهُمْ:	ان کو بھی	۳۲۔	مَا ظَهَرَ، وَمَا بَطَنَ:	وہ کھلی ہوئی ہو، وہ چھپی ہوئی ہو
۳۳۔	اَشُدَّ:	پختگی عمر	۳۴۔	اَوْفُوْا:	تم پورا پورا کرو
۳۵۔	اَلْکَیْلَ وَالْمِیْزَانَ:	ناپ اور تول	۳۶۔	دِرَاسَتِ:	پڑھنا پڑھانا
۳۷۔	صَدَفَ:	منہ موڑ لے	۳۸۔	نُسُکِیْ:	میری عبادت
۳۹۔	مَحْیَایَ:	میرا جینا	۴۰۔	مَمَاتِیْ:	میرا مرنا
۴۱۔	لَا تَزِرُ	بوجھ نہیں اٹھائے گا	۴۲۔	وَازِرَۃٌ:	بوجھ اٹھانے والا

مشق: ۴۰

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے بیانات کے صحیح یا غلط کی نشاندہی صحیح اور غلط کے نشان کے ذریعے کریں۔

نمبر شمار — **بیانات**

۱۔ ☐ مشرکین اپنے سرداروں کو اپنے گمان کے مطابق خوش کرنے کے لئے کسی خاص کھیتی یا مویشی پر پابندی لگادیتے کہ ان کی پیداوار سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔

۲۔ ☐ عشر کی تفصیل یہ ہے کہ بارانی زمینوں پر پیداوار کا دسواں حصہ اور نہری زمینوں پر بیسواں حصہ غریبوں کا حق ہے۔

۳۔ ☐ اللہ تعالیٰ نے بعض جانوروں کے لیے "فَرْشًا" فرمایا یعنی "زمین سے لگے ہوئے" جس کا ایک مطلب یہ ہے کہ ان کا قد انتہائی بڑا ہو۔

۴۔ ☐ آدمی بھوک سے بے تاب ہو اور کھانے کے لئے کوئی حلال چیز میسر نہ ہو تو جان بچانے کے لئے حرام چیزوں میں سے کسی چیز کا کھانا بقدرِ ضرورت جائز ہوتا ہے۔

۵۔ ☐ حقیقت یہ ہے کہ اس دنیا میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نیک بندوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔

۶۔ ☐ کفار تو فرضی دلائل پیش کر رہے ہیں لیکن اللہ نے پیغمبروں کو بھیج کر اپنی حجت پوری کر دی، ان کے دلائل دلوں میں اترنے والے ہیں۔

۷۔ ☐ انسان کو پوری پوری کوشش کرنی چاہیے کہ ناپ تول ٹھیک ہو اگر کوشش کے باوجود تھوڑا بہت فرق رہ جائے تو اس پر بھی پکڑ ہوگی۔

۸۔ ☐ ہر شخص کو اپنے انجام کی خود فکر کرنی چاہیے، کوئی دوسرا شخص اسے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔

ترجمہ کیجئے:

یَلْبِسُوا	وَصَف	حَصَادِ	حَمُوْلَةً	اِشْتَمَلَتْ	لَا أَجِدُ
دَمًا مَّسْفُوْحًا	اِخْتَلَطَ	اِمْلَاقٍ	أَوْفُوْا	دِرَاسَةِ	لَاتَزِرُ
بُطُوْنِ	وَازِرَةٌ	هَلُمَّ	ذِيْ ظُفُرٍ	اَلْمَعْزِ	اَلضَّأْنِ
سَفَهًا	ناپ تول	پختگی کی عمر	کٹائی	چربیاں	

مشق: ۴۱

اعادہ مشق: ۳۶ تا ۴۰

ہدایات: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔

نمبر شمار　سوالات

۱۔ ''أنعام'' کے کیا معنی ہیں؟ اور اس سورت کا نام انعام کیوں رکھا گیا؟

....

....

۲۔ کفار غریب مسلمانوں پر طنز کرتے ہوئے کیا کہا کرتے تھے؟

....

....

۳۔ نگہبان فرشتوں سے کونسے فرشتے مراد ہیں؟

....

....

۴۔ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو کس مقصد کے لئے پیدا کیا ہے؟

۵۔ اگر کافر لوگ اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کریں تو انہیں دنیا میں سزا کیوں نہیں دی جاتی؟

۶۔ اگر جانور طبعی موت مر جائے تو حرام اور ذبح کر دیا جائے تو اسے حلال کیوں قرار دیا جاتا ہے؟

۷۔ تصوف کی اصل حقیقت کیا ہے؟

۸۔ آیت نمبر ۹۸ میں ذکر کردہ لفظ ''مستقر'' کے کیا معنی ہیں؟

ترجمہ کیجئے:

تَمۡتَرُوۡنَ	أُمِرۡتُ	زَيَّنَ	لَا تَطۡرُدِ	اِسۡتَهۡوَتۡ	أَفَلَ
خَضِرًا	خَرَقُوۡا	صَغَارٌ	حِجۡرٌ	اَلۡمَعۡزِ	صَدَفَ
وَازِرَةٌ		قِنۡوَانٌ		اِمۡلَاق	

سورۂ اعراف مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ لَا یَكُنۡ: نہ ہونا چاہئے

۲۔ حَرَجٌ: پریشانی

۳۔ ذِكۡرٰی: نصیحت

۴۔ قَلِيۡلًا مَّا: کم ہی

۵۔ كَمۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ: کتنی ہی بستیاں

۶۔ بَأۡسُنَا: ہمارا عذاب

۷۔ بَيَاتًا: راتوں رات

۸۔ قَآئِلُوۡنَ: وہ دوپہر کو آرام کر رہے تھے

۹۔ دَعۡوٰهُمۡ: ان کے پاس کہنے کو

۱۰۔ لَنَسۡئَلَنَّ: ہم ضرور پوچھیں گے

۱۱۔ لَنَقُصَّنَّ: ہم بیان کریں گے

۱۲۔ ثَقُلَتۡ: بھاری ہوں گے

۱۳۔ مَوَازِيۡنُ: ترازو (واحد: میزان)

۱۴۔ خَفَّتۡ: ہلکے ہوں گے

۱۵۔ مَكَّنَّا: ہم نے جگہ دی

۱۶۔ مَعَايِشَ: روزی کے اسباب

۱۷۔ صَوَّرۡنَا: ہم نے صورت بنائی

۱۸۔ أَلصّٰغِرِيۡنَ: ذلیل (واحد: اَلصَّاغِرُ)

۱۹۔ أَنۡظِرۡنِيۡ: تو مجھے مہلت دے

۲۰۔ يُبۡعَثُوۡنَ: وہ قبروں سے زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے

۲۱۔ اَلۡمُنۡظَرِيۡنَ: مہلت دے دی گئی

۲۲۔ أَغۡوَيۡتَ: تو نے گمراہ کیا

۲۳۔ لَأَقۡعُدَنَّ: میں بیٹھ جاؤں گا

۲۴۔ أَيۡدِيۡ، خَلۡفِ: سامنے، پیچھے

۲۵۔ أَيۡمَانِ، شَمَآئِلِ: دائیں، بائیں

۲۶۔ لَا تَجِدُ: تو نہیں پائے گا

۲۷۔ مَذۡءُوۡمًا: ذلیل

۲۸۔ مَدۡحُوۡرًا: مردود

۲۹۔ لَأَمۡلَئَنَّ: میں ضرور بھر دوں گا

۳۰۔ وُرِیَ: چھپائی گئی

۳۱۔ سَوۡاٰتِ: شرمگاہ (واحد: سَوۡأَۃ)

۳۲۔ قَاسَمَ: اس نے قسم کھائی

۳۳۔ دَلّٰی: اس نے نیچے اتار ہی لیا

۳۴۔ لَمَّا ذَاقَا: جب دونوں نے چکھا

۳۵۔ بَدَتۡ: کھل گئی

۳۶۔ طَفِقَا يَخۡصِفٰنِ: وہ دونوں جوڑ جوڑ کر چپکانے لگے

۳۷۔ وَرَقِ: پتے

۳۸۔ تِلۡكُمَا الشَّجَرَةِ: اس درخت

۳۹۔ رِيۡشًا: خوشنمائی

۴۰۔ لَا يَفۡتِنَنَّكُمۡ: وہ نہ ڈالے تمہیں فتنے میں

۴۱۔ يَنۡزِعُ: اس نے اتروالیا تھا

۴۲۔ قَبِيۡلُ: جتھا

مشق: ۴۳

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

(۱) توبہ　(۲) اعراف　(۳) تقویٰ　(۴) حمس

(۵) بدعملی　(۶) ذمہ داری　(۷) استغفار　(۸) خاصیت

(۹) عریانی　(۱۰) عزم

نمبر شمار	بیانات
۱۔	............اس جگہ کا نام ہے جو جنت اور دوزخ کے درمیان واقع ہے۔
۲۔	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فریضہ لوگوں کو ہوشیار اور خبردار کرنا ہے، ان کے ماننے یا نہ ماننے کی ....آپ پر نہیں ہے۔
۳۔	شیطان نے اپنی............کی ذمہ داری خود قبول کرنے کے بجائے (معاذ اللہ) اللہ کی تقدیر پر ڈالنے کی کوشش کی۔
۴۔	بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام نے جس درخت کا پھل کھایا تھا اس کی ....یہ تھی کہ اس کا پھل کھانے سے جنت کا لباس اتر جاتا تھا، اور یہ بات ابلیس کو معلوم تھی۔
۵۔	............سے حفاظت انسان کی فطرت میں داخل ہے، اس لئے جونہی دونوں کا لباس اترا انہوں نے ہر ممکن طریقے سے اپنا ستر چھپانے کی کوشش کی۔
۶۔	یہ............کے وہی الفاظ تھے جو کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سکھائے تھے۔
۷۔	انسان کو توبہ اور استغفار کا تریاق بھی عطا فرمایا کہ اگر شیطان کے بہکائے میں آ کر کوئی گناہ ہو تو فوراً ....کرنی چاہئے۔
۸۔	توبہ کا مطلب یہ ہے کہ اپنے کئے پر شرمندہ ہو اور آئندہ نہ کرنے کا............کرے اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے۔
۹۔	مکہ مکرمہ کے قریب رہنے والے کچھ قبیلے مثلاً قریش............کہلاتے تھے۔
۱۰۔	جس طرح لباس انسان کے ظاہری جسم کی پردہ داری کرتا ہے، اسی طرح............انسان کو گناہوں سے پاک رکھتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

	بَأْسُنَا		ثَقُلَتْ	خَفَّتْ	أَنْظِرْنِي
پریشانی		وہ دوپہر کو آرام کر رہے تھے			
أَغْوَيْتَ	مَدْحُورًا			بَدَتْ	
		شرم گاہ	اس نے قسم کھائی		خوشنمائی
مَذْءُومًا	بَيَاتًا	وُرِيَ	خِفَّتْ	مَعَايِشَ	وَرِقِ
	نصیحت		بہت کم		

آیت نمبر ۲۹ تا ۵۳

الفاظ کے معنیٰ:

۱۔ أَقِيْمُوْا: تم ٹھیک ٹھیک رکھو
۲۔ كُلِّ مَسْجِدٍ: ہر سجدہ کے وقت
۳۔ كَمَا بَدَاَ: جیسے اس نے ابتدا میں پیدا کیا
۴۔ تَعُوْدُوْنَ: تم دوبارہ پیدا ہو گے
۵۔ حَقَّ: مسلط ہو گئی
۶۔ يَحْسَبُوْنَ: وہ سمجھ رہے ہیں
۷۔ مَا ظَهَرَ، مَا بَطَنَ: کھلی ہوئی، چھپی ہوئی ہو
۸۔ اَلْبَغْيَ: زیادتی
۹۔ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ: وہ پیچھے نہیں ہو سکتے
۱۰۔ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ: وہ نہ آگے ہو سکتے ہیں
۱۱۔ اِمَّا يَاْتِيَنَّ: اگر وہ آئے
۱۲۔ ضَلُّوْا: وہ گم ہو گئے
۱۳۔ كُلَّمَا دَخَلَتْ: جب بھی کوئی داخل ہو گا
۱۴۔ اُخْتَهَا: اپنے جیسوں پر
۱۵۔ اِدَّارَكُوْا: وہ اکٹھے ہو جائیں گے
۱۶۔ فَاٰتِ: تو دینا
۱۷۔ ضِعْفًا: دگنا
۱۸۔ اُخْرٰى، اُوْلٰى: بعد میں آنے والے، پہلے آنے والے
۱۹۔ حَتّٰى يَلِجَ: یہاں تک کہ وہ داخل ہو جائے
۲۰۔ اَلْجَمَلُ: اونٹ
۲۱۔ سَمِّ الْخِيَاطِ: سوئی کا ناکہ
۲۲۔ غَوَاشٍ: اوڑھنا
۲۳۔ نَزَعْنَا: ہم نکال دیں گے
۲۴۔ غِلٍّ: رنجش
۲۵۔ نُوْدُوْا: ان کو پکار کر کہا جائے گا
۲۶۔ اُوْرِثْتُمُوْا: تمہیں وارث بنا دیا گیا
۲۷۔ نَادٰى: وہ پکار کر کہیں گے
۲۸۔ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ: منادی پکارے گا
۲۹۔ يَبْغُوْنَهَا: وہ ٹیڑھ نکالتے ہیں
۳۰۔ حِجَابٌ: آڑ
۳۱۔ اَلْاَعْرَافِ: اعراف
۳۲۔ كُلًّا بِسِيْمَا: ہر ایک کو علامتوں سے
۳۳۔ يَطْمَعُوْنَ: وہ اشتیاق کے ساتھ امید لگائیں گے
۳۴۔ صُرِفَتْ: موڑا جائے گا
۳۵۔ تِلْقَاءَ: سمت
۳۶۔ مَا اَغْنٰى: کام نہ آئی
۳۷۔ جَمْعُكُمْ: تمہاری جمع پونجی
۳۸۔ لَا يَنَالُ: وہ نہیں دے گا
۳۹۔ اَفِيْضُوْا: تم ڈال دو
۴۰۔ غَرَّتْ: اس نے دھوکے میں ڈال دیا
۴۱۔ نَنْسٰى: ہم بھلا دیں گے
۴۲۔ نَسُوْا: وہ بھلائے بیٹھے تھے
۴۳۔ هَلْ لَّنَا: کیا ہمیں
۴۲۔ نُرَدُّ: ہمیں دوبارہ بھیج دیا جائے

مشق: ۴۳

ہدایات: ذیل کے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر لکھیے۔

۱۔ کفارِ مکہ عریاں ہو کر طواف کرنے کی کیا دلیل دیا کرتے تھے؟

....

۲۔ ''حمس'' کے لوگوں نے جو اپنی خصوصیات بنا رکھی تھیں، کیا وہ انصاف کے تقاضوں کے مطابق تھیں؟

....

۳۔ حمس کے قبائل نے اپنے اوپر گوشت کو کیوں حرام کر رکھا تھا؟

....

۴۔ کیا دنیا میں کسی کو خوشحالی کا میسر آ جانا رضائے الٰہی کی دلیل بن سکتا ہے؟

....

۵۔ کسی کی طرف ناجائز قول کی نسبت کا کیا حکم ہے؟

....

۶۔ کفار کے بارے میں ''حتی یلج الجمل فی سم الخیاط'' کی مثال کیوں دی گئی؟

....

....

۷۔ اگر کسی شخص سے نیک عمل کرنے کی کوشش میں کوتاہی ہو جائے تو کیا اس پر گرفت ہو سکتی ہے؟

....

۸۔ اہلِ اعراف جنتیوں اور جہنمیوں کو کیسے پہچانیں گے؟

....

ترجمہ کیجیے:

تَعُوْدُوْنَ	اَلْبَغْیَ	اِدَّارَكُوْا	ضِعْفًا	حَتّٰى يَلِجَ	اَلْجَمَلُ
غَوَاشٍ	اُوْرِثْتُمُوْا	يَطْمَعُوْنَ	تِلْقَآءَ	جَمْعُكُمْ	غَرَّتْ
اَلْاَعْرَافِ	حِجَابٌ	غِلٍّ	حَقًّا	كُلِّ مَسْجِدٍ	صُرِفَتْ
تِلْقَآءَ	منادی پکارے گا	تم ڈال دو	جب بھی کوئی داخل ہو	وہ گم ہو گئے	جب داخل ہو گی

آیت نمبر ۵۴ تا ۷۹

الفاظ کے معنی:

۱۔ سِتَّةِ اَيَّامٍ: چھ دن

۲۔ يُغْشِي: وہ اوڑھاتا ہے

۳۔ حَثِيْثًا: تیز رفتاری

۴۔ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً: عاجزی کے ساتھ اور چپکے چپکے

۵۔ اَلرِّيَاحُ بُشْرًا: ہوائیں خوشخبری دینے والی

۶۔ اَقَلَّتْ: وہ اٹھالیتی ہیں

۷۔ سَحَابًا ثِقَالًا: بوجھل بادل

۸۔ سُقْنٰهُ: ہم اسے ہنکالے جاتے ہیں

۹۔ بَلَدٍ مَّيِّتٍ: مردہ زمین

۱۰۔ نَكِدًا: ناقص پیداوار

۱۱۔ اَلْمَلَاُ: سردار

۱۲۔ رِسَالَاتِ: پیغامات

۱۳۔ اَنْجَيْنَا: ہم نے نجات دی

۱۴۔ قَوْمًا عَمِيْنَ: اندھے لوگ

۱۵۔ سَفَاهَةٍ: بے وقوفی

۱۶۔ لَنَظُنُّ: ہم گمان کرتے ہیں

۱۷۔ بَصْطَةً: جسم کا ڈیل ڈول

۱۸۔ اٰلَآءَ: نعمتیں

۱۹۔ تَعِدُنَا: تم ہمیں دھمکی دے رہے ہو

۲۰۔ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ: عذاب وقہر

۲۱۔ سَمَّيْتُمُوْا: تم نے رکھ لئے

۲۲۔ اَتُجَادِلُوْنَ: کیا تم جھگڑتے ہو

۲۳۔ قَطَعْنَا دَابِرَ: ہم نے کاٹ ڈالی جڑیں

۲۴۔ نَاقَةُ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کی اونٹنی

۲۵۔ لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ: تم اسے مت چھونا کسی برائی کے ارادے سے

۲۶۔ بَوَّاَ: اس نے بسایا

۲۷۔ سُهُوْلِ: ہموار علاقے

۲۸۔ قُصُوْرًا: محل (واحد: قَصْرٌ)

۲۹۔ بُيُوْتًا: گھر (واحد: بَيْتٌ)

۳۰۔ تَنْحِتُوْنَ: تم تراشتے تھے

۳۱۔ لَا تَعْثَوْا: تم نہ مچاتے پھرو

۳۲۔ اُسْتُضْعِفُوْا: کمزور لوگ

۳۳۔ مُرْسَلِيْنَ: پیغمبر (واحد: مُرْسَلٌ)

۳۴۔ عَقَرُوْا: انہوں نے مار ڈالا

۳۵۔ عَتَوْا: انہوں نے سرکشی کی

۳۶۔ اِئْتِنَا بِ: تم لے آؤ

۳۷۔ اَلرَّجْفَةُ: زلزلہ

۳۸۔ اَصْبَحُوْا: وہ رہ گئے

۳۹۔ جٰثِمِيْنَ: اوندھے

۴۰۔ تَوَلّٰى: انہوں نے منہ موڑا، منہ موڑ کر چل دیئے

مشق: ۴۴

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے بیانات میں صحیح اور غلط کی نشاندہی صحیح (✓) اور غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	صحیح	غلط	بیانات
۱۔			نمازِ استسقاء میں حد سے گزرنے میں یہ بات بھی داخل ہے کہ بہت اونچی آواز میں دعا مانگی جائے اور یہ بھی کہ کوئی ناجائز یا ناممکن چیز طلب کی جائے۔
۲۔			اپنی کوتاہی کا خوف اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کی بنیاد پر امید، دونوں چیزوں کا امتزاج ہے جو کسی عبادت میں سچائی پیدا کرتا ہے۔
۳۔			جن لوگوں کے دل میں طلب کی پاکیزگی ہوتی ہے وہ کلام اللہ سے خوب فائدہ نہیں اٹھاتے ہیں۔
۴۔			حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم کو عذابِ الٰہی سے ڈراتے رہے لیکن جب وہ نہ مانے تو انہوں نے بد دعا دی اور پھر انہیں ہوا کے طوفان کے ذریعے ہلاک کر دیا گیا۔
۵۔			قومِ لوط عرب اور شام کے درمیان علاقے میں آباد تھی جسے اُس وقت "حجر" اور آج کل "مدائن صالح" کہا جاتا ہے۔
۶۔			قومِ عاد عربوں کی ابتدائی نسل کی ایک قوم تھی جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کم از کم دو ہزار سال پہلے یمن کے علاقے حضرموت کے آس پاس آباد تھی۔
۷۔			قومِ ثمود، حضرت صالح علیہ السلام اور ان کے بچ جانے والے مؤمن ساتھیوں کی اولاد تھی اور ثمود ان کے دادا کا نام تھا، اسی لئے ان کو عادِ ثانیہ بھی کہا جاتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

يُغْشِي	سَحَابًا ثِقَالًا	أَنْجَيْنَا	سَفَاهَةٍ	تَعِدُنَا	آلَاءَ
أَتُجَادِلُونَنِي	بَوَّأَ	تَنْحِتُونَ	لَا تَعْثَوْا	عَقَرُوا	تَوَلَّى

مردہ زمین	زلزلہ	ہموار علاقے	انہوں نے سرکشی کی

آیت نمبر ۸۰ تا ۱۰۳

الفاظ کے معنی:

۱۔ مَاسَبَقَ: نہیں کیا پہلے
۲۔ مِنْ أَحَدٍ: کسی شخص نے بھی
۳۔ أُنَاسٌ: لوگ
۴۔ يَتَطَهَّرُوْنَ: وہ پاکباز بنتے ہیں
۵۔ اَلْغٰبِرِيْنَ: باقی رہنے والے
۶۔ أَمْطَرْنَا: ہم نے بارش برسائی
۷۔ عَاقِبَةُ: انجام
۸۔ لَاتَبْخَسُوْا: تم حق تلفی نہ کرو
۹۔ لَاتَقْعُدُوْا: تم مت بیٹھو
۱۰۔ تُوْعِدُوْنَ: تم دھمکیاں دیتے ہو
۱۱۔ تَصُدُّوْنَ: تم روکتے ہو
۱۲۔ كَثَّرَ: اس نے زیادہ کردیا
۱۳۔ أُرْسِلْتُ ''ب'': جو بھیجا گیا میرے ذریعے (مجھے بھیجا گیا)
۱۴۔ قَالَ الْمَلَأُ: سردار کہنے لگے
۱۵۔ لَنُخْرِجَنَّكَ: ہم تمہیں نکال باہر کریں گے
۱۶۔ لَتَعُوْدُنَّ: تمہیں ضرور آنا پڑے گا
۱۷۔ كٰرِهِيْنَ: نفرت کرنے والے
۱۸۔ اِنْ عُدْنَا: اگر ہم لوٹ آئیں گے
۱۹۔ اِفْتَحْ: تو فیصلہ فرمادے
۲۰۔ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا ''فِی'': جیسے وہ بسے ہی نہیں تھے
۲۱۔ فَكَيْفَ اٰسٰی: اب میں کیا افسوس کروں
۲۲۔ حَتّٰى عَفَوْا: یہاں تک کہ وہ خوب پھلے پھولے
۲۳۔ اَلْبَأْسَاءِ: بدحالی
۲۴۔ اَلضَّرَّاءُ وَالسَّرَّاءُ: دکھ، سکھ
۲۵۔ أَمِنَ: وہ بے خوف ہو گئے
۲۶۔ بَيَاتًا: کسی رات
۲۷۔ نَآئِمُوْنَ: وہ سوئے ہوئے ہوں
۲۸۔ ضُحًى: دن چڑھے
۲۹۔ يَلْعَبُوْنَ: وہ کھیل کود میں لگے ہوئے ہوں
۳۰۔ أَوَ: بھلا کیا
۳۱۔ لَمْ يَهْدِ: ان کو سبق نہیں ملا
۳۲۔ مَكْرَ اللّٰهِ: اللہ کی ڈھیل
۳۳۔ أَصَبْنَاهُمْ: ہم ان کو مبتلا کردیں
۳۴۔ مَاوَجَدْنَا: ہم نے نہیں پائی
۳۵۔ عَهْدٍ: عہد کی پاسداری
۳۶۔ مَدْيَنَ: مدین (حضرت شعیب علیہ السلام کا علاقہ)

مشق:۴۵

ہدایات :ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو درست جواب کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار	بیانات
۱۔	حضرت لوط علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے جو اپنے مقدس چچا کی طرح............... میں پیدا ہوئے تھے۔ الف: بغداد ب: مصر ج: عراق
۲۔	آج............... کے نام سے جو سمندر ہے، کہتے ہیں کہ حضرت لوط علیہ السلام کی بات نہ ماننے والوں کی بستیاں یا تو اس میں ڈوب گئی ہیں یا اس کے آس پاس جن کا نشان واضح نہیں دیا۔ الف: بحر الکاہل ب۔ بحر میت ج: بحر اوقیانوس
۳۔	مدین ایک............... کا نام ہے اور اسی کے نام پر ایک بستی بھی ہے جس میں حضرت شعیب علیہ السلام کو پیغمبر بنا کر بھیجا گیا تھا۔ الف: پہاڑ ب: قبیلے ج: مچھلی
۴۔	اللہ تعالیٰ نے............... کو تقریر و خطابت کا خاص ملکہ عطا فرمایا تھا، اسی لئے وہ ''خطیب الانبیاء'' کے لقب سے مشہور ہوئے۔ الف: حضرت ابراہیم علیہ السلام ب: حضرت موسیٰ علیہ السلام ج: حضرت شعیب علیہ السلام
۵۔	اہل مدین............... کے علاوہ دوسرے طریقوں سے بھی لوگوں کی حق تلفی کیا کرتے تھے۔ الف: شراب نوشی ب: ناپ تول میں کمی ج: ڈاکہ زنی
۶۔	حضرت شعیب علیہ السلام نے ''اِلَّآ اَنۡ یَّشَآءَ رَبِّیۡ'' کے جملے سے یہ عظیم سبق دیا کہ کوئی بھی نیکی کرتے وقت بھروسہ اپنے عزم اور عمل کے بجائے............... کرنا چاہئے۔ (الف) اللہ پر ب: دنیاوی اسباب پر ج: متعلقات پر
۷۔	جب کوئی بندہ............... کے ساتھ راہِ راست پر رہنے کا ارادہ کر لیتا ہے تو وہ اس کا دل گمراہی کی طرف نہیں پھیرتا۔ الف: یکسوئی ب: عزم ج: اخلاص
۸۔	اللہ تعالیٰ بعض لوگوں کو ان کے............... کے باوجود دنیا میں خوشحالی عطا فرماتے ہیں جس کا مقصد انہیں ڈھیل دینا ہوتا ہے۔ الف: معذوری ب: بداعمالیوں ج: غربت

ترجمہ کیجئے:

تُوْعَدُوْنَ	كٰرِهِيْنَ	اِفْتَحْ	أَفَأَمِنَ	بَيَاتًا	ضُحًى
وہ کھیل کود میں لگے ہوئے ہوں	باقی رہنے والے	ہم نے بارش برسائی	اللہ کی ڈھیل	ہم نے نہیں پائی	ہم ان کو مبتلا کر دینگے
كَثَّرَ	عَهِدَ	فَكَيْفَ آسٰى	اَلْبَاسَاءِ	أُنَاسٍ	مَدْيَنَ
اَلضَّرَّاءُ وَالسَّرَّاءُ	اِنْ عُدْنَا	عَاقِبَةُ	أُرْسِلْتُ	لَاتَقْعُدُوْا	مَاسَبَقَ

آیت نمبر ۱۰۴ تا ۱۴۱

الفاظ کے معنی:

۱۔ حَقِيْقٌ: فرض　　۲۔ أُرْسِلْ: تم بھیج دو

۳۔ أَلْقٰى: اس نے پھینک دی　　۴۔ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ: صاف صاف اژدہا

۵۔ نَزَعَ: اس نے کھینچا　　۶۔ بَيْضَاءُ: چمکنا

۷۔ مَاذَا تَأْمُرُوْنَ: اب تمہاری کیا رائے ہے　　۸۔ أَرْجِهْ: تم اس کو مہلت دو

۹۔ اَلْمَدَائِنِ: تمام شہر　　۱۰۔ حٰشِرِيْنَ: ہرکارے (جمع کرنے والے)

۱۱۔ اَلسَّحَرَةُ: جادوگر (واحد: سَاحِرٌ)　　۱۲۔ اِمَّا أَنْ تُلْقِيَ: چاہو تو تم پھینکو

۱۳۔ سَحَرُوْا: انہوں نے جادو کر دیا　　۱۴۔ أَعْيُنَ: آنکھیں (واحد: عَيْنٌ)

۱۵۔ اِسْتَرْهَبُوْا: انہوں نے دہشت طاری کر دی　　۱۶۔ جَاءُوْا بِسِحْرٍ: جادو کا مظاہرہ کیا

۱۷۔ تَلْقَفُ: اس نے نگلنی شروع کر دی　　۱۸۔ مَا يَأْفِكُوْنَ: جو انہوں نے جھوٹ موٹ بنائی تھی

۱۹۔ غُلِبُوْا هُنَالِكَ: اس موقع پر وہ مغلوب ہو گئے　　۲۰۔ أُلْقِيَ: اس نے گرا دیا

۲۱۔ لَاُقَطِّعَنَّ: میں ضرور کاٹ ڈالوں گا　　۲۲۔ لَاُصَلِّبَنَّ: میں ضرور سولی پر لٹکا کر رہوں گا

۲۳۔ تَنْقِمُ: تو ناراض ہے　　۲۴۔ أَفْرِغْ: تو انڈیل دے

۲۵۔ أَتَذَرُ: کیا آپ کھلا چھوڑ رہے ہیں　　۲۶۔ سَنُقَتِّلُ: ہم قتل کریں گے

۲۷۔ نَسْتَحْيِيْ: ہم زندہ رکھیں گے　　۲۸۔ قٰهِرُوْنَ: قابو رکھنے والے پورا پورا

۲۹۔ أُوْذِيْنَا: ہمیں ستایا گیا　　۳۰۔ اَلسِّنِيْنَ: قحط سالی

۳۱۔	نَقْصٍ:	کمی	۳۲۔	يَطَّيَّرُوْا:	وہ نحوست قرار دیتے ہیں
۳۳۔	طٰٓئِرُ:	نحوست	۳۴۔	مَهْمَا تَأْتِنَا بِهٖ	کیسی بھی لے کر آجاؤ
۳۵۔	اَلْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ:	ٹڈیاں اور گھن کے کیڑے	۳۶۔	اَلضَّفَادِعَ وَالدَّمَ:	مینڈک اور خون (کی بلائیں)
۳۷۔	اَلرِّجْزُ:	عذاب	۳۸۔	يَنْكُثُوْنَ:	وہ اپنے عہد سے پھر جاتے ہیں
۳۹۔	اَلْيَمِّ:	سمندر	۴۰۔	دَمَّرْنَا:	ہم نے ملیامیٹ کردیا
۴۱۔	يَعْرِشُوْنَ:	وہ چڑھائی رہی تھی	۴۲۔	جَاوَزْنَا "بِ":	ہم نے پار کروادیا
۴۳۔	يَعْكُفُوْنَ:	وہ لگے بیٹھے تھے	۴۴۔	مُتَبَّرٌ:	برباد ہونے والا

مشق: ۴۶

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کے ذریعے دیں۔

نمبر شمار

۱۔ فرعون نے تمام جادوگروں کو جمع کرنے کا حکم کیوں دیا؟

(۱) تاکہ وہ موسیٰ علیہ السلام پر جادو کریں

(۲) وہ لوگوں کو اپنا جادو سکھا سکیں

(۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ کر کے انہیں شکست دیں

۲۔ تمام جادوگروں نے ایمان لانے کے بعد کس چیز کا اشتیاق ظاہر کیا؟

(۱) اللہ کے پاس چلے جانے کا

(۲) فرعون پر ایمان لانے کا

(۳) فرعون سے معافی مانگنے کا

۳۔ فرعون نے اپنی خفت مٹانے کے لئے سرداروں کو کیا جواب دیا؟

(۱) میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قید میں ڈالوں گا

(۲) میں ان کے ساتھ جنگ کروں گا

(۳) میں بنی اسرائیل کے مردوں کو ایک ایک کر کے قتل کروں گا

۴۔ فرعون اور اس کی قوم پر پہلا عذاب کیا آیا؟

(۱) مِنڈک کا (۲) پیداوار میں کمی کا (۳) خون کا

۵۔ قرآن کریم میں "برکتوں والی زمین" سے کونسی زمین مراد ہے؟

(۱) شام، فلسطین (۲) عراق، مصر (۳) روم، فارس

۶۔ جن کو فرعون نے غلام بنا رکھا تھا انہیں کونسے علاقوں کا مالک بنایا گیا۔

(۱) بغداد (۲) ایران (۳) شام و فلسطین

ترجمہ کیجئے:

أُرْسِلَ	نَزَعَ	اَلْمَدَائِنِ	سَحَرُوْا	تَلْقَفُ	أَلْقِيَ
أَفْرِغْ	نَسْتَحْيِيْ	قٰهِرُوْنَ	يَطَّيَّرُوْا	اَلْجَرَادَوَالْقُمَّلَ	اَلضَّفَادِعَ وَالدَّمَ
نَقْصٍ	حَقِيْقٌ	ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ	اَلرِّجْزُ	أَرْجِهْ	نحوست
سمندر		ہمیں ستایا گیا		برباد ہونے والا	

مشق: ۴۷　　اعادہ مشق: ۴۱ تا ۴۶

ہدایات: خالی جگہوں کو درست جواب کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ لباس کا اصل مقصد .... ہے اور ساتھ ہی لباس انسان کے لئے زینت اور خوشنمائی کا بھی ذریعہ ہے۔

(۱) دوسروں کو دکھانا　(۲) گرمی سردی سے بچاؤ　(۳) جسم کا پردہ

۲۔ یہ سمجھنا غلط ہے کہ اگر دنیا میں کسی کو .... میسر ہے تو اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کی دلیل ہے اور اسے یہ آخرت میں بھی میسر ہوگی۔

(۱) مالداری　(۲) منصب　(۳) خوشحالی

۳۔ اللہ تعالیٰ نے یہ وضاحت فرمادی کہ .... کوئی ایسا مشکل کام نہیں ہے کہ جو انسان کی طاقت سے باہر ہو۔

(۱) گھر بنانا　(۲) نیک عمل　(۳) پیسہ کمانا

۴۔ .... میں حد سے گزرنے میں یہ بات بھی داخل ہے کہ اس میں آواز بلند ہو اور یہ بھی کہ ناجائز کام یا ناممکن چیز طلب کی جائے۔

(۱) عبادت　(۲) دعا　(۳) نمازِ جنازہ

۵۔ سچی عبادت کی شان یہ ہے کہ عبادت کرنے والے کے .... میں اس کی عدم قبولیت کا خوف اور رحمتِ الٰہی سے اس کی قبولیت کی امید بھی ہو۔

(۱) دل　(۲) اعصاب　(۳) دماغ

۶۔ .... عربوں کی ابتدائی نسل کی ایک قوم تھی جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کم از کم دو ہزار سال پہلے یمن کے علاقے میں آباد تھی۔

(۱) قومِ ثمود　(۲) قومِ عاد　(۳) قومِ لوط

۷۔ حضرت لوط علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے .... کے شہر سدوم (Sodom) میں پیغمبر بنا کر بھیجا۔

(۱) شام　(۲) مصر　(۳) اُردن

ترجمہ کیجئے:

قَائِلُوْنَ	يُبْعَثُوْنَ	وَرَقِ	اَلْبَغْيَ	اَلْحَمْلُ	سَحَابًا ثِقَالًا
سَمَّيْتُمُوْا	تُوْعَدُوْنَ	كٰرِهِيْنَ	أَمْطَرْنَا	أَلْقَى	اَلسِّنِيْنَ
	يَلْعَبُوْنَ	أُرْسِلْتُ	جَمْعُكُمْ	سُهُوْلِ	

آیت نمبر ۱۴۲ تا ۱۵۷

الفاظ کے معنی:

۱۔ ثَلٰثِيْنَ، أَرْبَعِيْنَ: تیس، چالیس

۲۔ مِيْقَاتُ: میعاد

۳۔ اُخْلُفْنِيْ: تو میرے پیچھے قائم مقام رہ

۴۔ أَصْلِحْ: تم درست رکھنا

۵۔ أَرِنِيْ: مجھے دیدار کرا دیجئے

۶۔ لَنْ تَرَانِيْ: تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے

۷۔ دَكًّا: ریزہ ریزہ

۸۔ خَرَّ: وہ گر پڑے

۹۔ صَعِقًا: بے ہوش ہو کر

۱۰۔ لَمَّا أَفَاقَ: جب ان کو ہوش آیا

۱۱۔ اَلْاَلْوَاحِ: تختیاں (واحد: لَوْحٌ)

۱۲۔ سَأُورِيْ: میں عنقریب دکھادوں گا

۱۳۔ سَأَصْرِفُ: میں برگشتہ رکھوں گا

۱۴۔ سَبِيْلَ الرُّشْدِ: ہدایت کا راستہ

۱۵۔ حُلِيِّهِمْ: اپنے زیور

۱۶۔ خُوَارٌ: بیل کی آواز

۱۷۔ لَمَّا سُقِطَ ٬بِيْنَ: جب وہ پچھتائے

۱۸۔ غَضْبَانَ، اَسِفًا: غصہ، رنج بھرے ہو

۱۹۔ أَعَجِلْتُمْ: کیا تم نے جلد بازی کی

۲۰۔ يَجُرُّهٗ: وہ اس کو کھینچنے لگے

۲۱۔ اِبْنَ أُمَّ: ماں کے بیٹے

۲۲۔ لَا تُشْمِتْ: آپ ہنسنے کا موقع نہ دیں

۲۳۔ سَيَنَالُ: جلد ہی آپڑے گی

۲۴۔ لَمَّا سَكَتَ: جب تھم گیا

۲۵۔ نُسْخَةِ: لکھی ہوئی باتیں

۲۶۔ يَرْهَبُوْنَ: وہ ڈرتے تھے

۲۷۔ اِخْتَارَ: اس نے منتخب کئے

۲۸۔ فِتْنَتُكَ: آپ کی طرف سے امتحان

۲۹۔ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ: سب معاف کرنیوالوں میں بہترین معاف کرنیوالا

۳۰۔ هُدْنَا: ہم رجوع کریں گے

۳۱۔ اُصِيْبُ :میں نازل کرتا ہوں

۳۲۔ مَنْ أَشَاءُ: جس پر میں چاہتا ہوں

۳۳۔	اَلْاُمِّيَّ:	اُمی (جو پڑھا لکھا نہ ہو)	۳۴۔	مَكْتُوبًا:	لکھا ہوا
۳۵۔	اِصْرَهُمْ:	ان کا بوجھ	۳۶۔	اَلْاَغْلَالَ:	طوق (واحد: غِلٌّ)
۳۷۔	يَضَعُ:	وہ اتار دے گا	۳۸۔	عَزَّرُوْهُ:	وہ اس کی تعظیم کریں گے
۳۹۔	نَصَرُوْهُ:	وہ اس کی مدد کریں گے	۴۰۔	اَتَّبَعُوْا:	اس کے پیچھے چلیں گے

مشق: ۴۸

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار

۱۔ بنی اسرائیل کو (الف) (وادی تیہ) میں ان کی (ب) (نافرمانی کی وجہ) سے (ج) (پچاس سال) تک مقید کردیا گیا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ انہوں نے (الف) (حضرت موسیٰ علیہ السلام) سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ اپنے وعدے کے مطابق ہمیں کوئی (ب) (آسمانی کتاب) لاکردیں جس میں ہماری (ج) (زندگی گزارنے) کے قوانین درج ہوں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ اسی (الف) (حج) کے دوران اللہ تعالیٰ نے (ب) (حضرت موسیٰ علیہ السلام) کو (ج) (ہم کلامی) کا شرف عطا فرمایا اور تورات عطا فرمائی جو تختیوں پر لکھی ہوئی تھی۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ اللہ تعالیٰ کا (الف) دیدار اس دنیا میں تو ممکن نہیں تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے اس بات کا مظاہرہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کرادیا کہ دنیا میں انسانوں کو تو کجا پہاڑوں کو بھی یہ (ب) طاقت) نہیں دی گئی کہ وہ (ج) تجلی الٰہی) برداشت کرسکیں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ جب کوئی شخص اپنے اختیار سے (الف) کفر) پر اڑے رہنے کو اختیار کرتا ہے تو ہم وہی (ب) راستہ) اس کے لئے مقدر کرتے ہیں جسے اس نے اپنی (ج) مرضی) سے اختیار کیا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ اس کے برخلاف دنیا میں (الف) اللہ تعالیٰ کی رحمت) ہر مؤمن اور کافر سب پر (ب) چھائی ہوئی ہے جس کے نتیجے میں انہیں رزق اور صحت و عافیت (ج) نعمتیں) ملتی رہتی ہیں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری صفت یہ بیان فرمائی گئی کہ آپ (الف) اُمی) ہوں گے عام طور سے (ب) قریش) اُمی نہیں تھے بلکہ (ج) نسلی عربوں) کو اُمی کہا جاتا تھا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تیسری صفت یہ بیان کی گئی کہ آپ کا (الف) ذکرِ مبارک) تورات اور انجیل دونوں میں موجود ہوگا، اس سے

ان بشارتوں کی طرف اشارہ ہے جو آپ کی (ب) تشریف آوری) سے متعلق ان (ج) مقدس کتابوں) میں دی گئی تھی

الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: ☐ کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

مِيْقَاتُ	أَرِنِيْ	دَكًّا	الْأَلْوَاحِ	سَأَصْرِفُ	حُلِيِّهِمْ
تو ہنسنے کا موقع نہ دے	وہ ڈرتے ہیں	ان کا بوجھ	ان پڑھ	طوق	قیدیں
خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ	اِبْنَ آدَمَ	غَضْبَانَ أَسِفًا	صَعِقًا	هُدْنَا	لَمَّا آفَاقَ
	سَيَنَالُ		لَنْ تَرَانِيْ		

آیت نمبر ۱۵۸ تا ۱۸۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ اِثْنَتَيْ عَشَرَةَ: بارہ
۲۔ أَسْبَاطًا: خاندان (واحد: سِبْط)
۳۔ أُمَمًا: الگ الگ جماعتیں
۴۔ اِنْبَجَسَتْ: پھوٹ پڑے
۵۔ أُسْكُنُوْا: تم بس جاؤ
۶۔ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ: سمندر کے کنارے
۷۔ اِذْ يَعْدُوْنَ: جب وہ زیادتی کرتے تھے
۸۔ حِيْتَانُ: مچھلیاں
۹۔ شُرَّعًا: اچھل اچھل کر سامنے آنا
۱۰۔ لَا يَسْبِتُوْنَ: وہ سنیچر (ہفتہ) کا دن نہ مناتے
۱۱۔ لِمَ تَعِظُوْنَ: تم نصیحت کیوں کرتے ہو
۱۲۔ مَعْذِرَةً: بری الذمہ ہو سکیں
۱۳۔ مَا ذُكِّرُوْا: جو نصیحت کی گئی
۱۴۔ بَئِيْسٍ: سخت
۱۵۔ لَمَّا عَتَوْا: جب انہوں نے سرکشی کی
۱۶۔ مَا نُهُوْا عَنْهُ: جس سے روکا گیا
۱۷۔ بَلَوْنَا: ہم نے آزمایا
۱۸۔ يَرْجِعُوْنَ: وہ لوٹ آئیں
۱۹۔ خَلَفَ: قائم مقام بنے
۲۰۔ خَلْفٌ: جانشین
۲۱۔ عَرَضٌ: ساز و سامان
۲۲۔ دَرَسُوْا: انہوں نے پڑھا بھی تھا
۲۳۔ يُمَسِّكُوْنَ: وہ مضبوطی سے تھامتے ہیں
۲۴۔ اِذْ نَتَقْنَا: جب ہم نے اٹھالیا
۲۵۔ ظُلَّةٌ: سائبان
۲۶۔ وَاقِعٌ: وہ گرنے والا ہے

۲۷۔	ظُهُوْرِهِمْ :	ان کی پشت (واحد: ظَهْرٌ)	۲۸۔	أَلَسْتُ:	کیا میں نہیں ہوں
۲۹۔	أَفَتُهْلِكُ:	کیا آپ ہلاک کریں گے	۳۰۔	اَلْمُبْطِلُوْنَ:	غلط کار لوگ
۳۱۔	اُتْلُ:	آپ پڑھ کر سناؤ	۳۲۔	اِنْسَلَخَ:	وہ چھوڑ کر نکلا بالکل
۳۳۔	اَلْغٰوِيْنَ:	گمراہ لوگ	۳۴۔	أَخْلَدَ:	وہ جھک کر رہ گیا
۳۵۔	اِنْ تَحْمِلْ:	اگر اس پر حملہ کرو	۳۶۔	يَلْهَثْ:	وہ زبان لٹکا کر ہانپنے لگا
۳۷۔	اَلْمُهْتَدِيْ:	ہدایت یافتہ	۳۸۔	لَقَدْ ذَرَأْنَا:	ہم نے پیدا کئے
۳۹۔	أَضَلُّ:	بھٹکے ہوئے	۴۰۔	اَلْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى:	اچھے اچھے نام
۴۱۔	ذَرُوْا:	تم چھوڑ دو	۴۲۔	يُلْحِدُوْنَ:	وہ ٹیڑھا راستہ اختیار کرتے ہیں

مشق: ۴۹

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ سنیچر (ہفتہ کے دن) کو عربی اور عبرانی زبان میں .... کہتے ہیں۔

۲۔ جب یہودی نافرمانی سے باز نہ آئے تو نیک لوگوں نے کہا یہ مسلسل نافرمانی پر کمر باندھے ہوئے ہیں تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا .... آنے والا ہے۔

۳۔ اگر کسی شخص کو .... کے وافر مواقع میسر آرہے ہوں تو اسے ڈرنا چاہئے کہ کہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھیل نہ ہو، جس کے بعد وہ ایک دم پکڑ لیا جائے۔

۴۔ جب معاشرے میں نافرمانی پھیل جائے تو ایک مسلمان کی یہ ذمہ داری نہیں کہ وہ اپنے آپ کو بچالے، بلکہ دوسروں کو .... دینا بھی اس کی ذمہ داری ہے جس کے بغیر وہ مکمل طور پر بری الذمہ نہیں ہوسکتا۔

۵۔ حق کے داعی کو کبھی مایوس ہو کر نہیں بیٹھنا چاہئے بلکہ اس امید کے ساتھ .... پہنچاتے رہنا چاہئے کہ شاید کوئی اللہ کا بندہ بات سمجھ جائے۔

۶۔ عجیب بات ہے کہ ڈارون کسی قطعی دلیل کے بغیر یہ کہے کہ بندر ترقی کر کے انسان بن گیا تو اسے ماننے میں کوئی تامل نہیں لیکن جب اللہ تعالیٰ اپنے .... میں یہ فرمائیں کہ انسان تنزل کر کے بندر بن گیا تو یہ حضرات شرما کر تاویل کرتے ہیں۔

۷۔ جب کبھی فطرت سے دور کرنے والے بیرونی عوامل دور ہوتے ہیں تو انسان .... کی طرف سے اس طرح دوڑتا ہے جیسے اسے کھوئی ہوئی پونجی اچانک مل گئی۔

۸۔ .... کی خاصیت ہے کہ وہ قہر کا سبب بنتی ہے۔

۹۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے علم و عبادت کے شرف سے نوازا ہو، اس کو دوسروں کے مقابلے میں زیادہ .... اور .... سے کام لینا چاہئے۔

۱۰۔ جو شخص .... میں گرفتار ہو وہ ہر واقعے سے دنیا کا مفاد حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

أُمَّا	اِنْۢبَجَسَتْ	لِمَ تَعِظُوْنَ	بَئِيْسٍ	خَلَفَ	حِيْتَانُ
يُمَسِّكُوْنَ	أَلَسْتُ	اِنْسَلَخَ	يَلْهَثْ	ذَرُوْا	يُلْحِدُوْنَ
اَلْغٰوِيْنَ	وَاقِعٌ	مَعْذِرَةً	ظُلَّةٌ	جب انہوں نے سرکشی کی	اچھل کر سامنے آنا
	آپ پڑھ کر سناؤ		انہوں نے پڑھا بھی تھا		

آیت نمبر ۱۸۱ تا ۲۰۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ نَسْتَدْرِجُ: ہم آہستہ آہستہ پکڑ لیں گے　　۲۔ مِنْ حَيْثُ: اس طرح
۳۔ أُمْلِيْ: میں ڈھیل دیتا ہوں　　۴۔ كَيْدِيْ: میری خفیہ تدبیر
۵۔ مَتِيْنٌ: مضبوط　　۶۔ جِنَّةٍ: جنون
۷۔ مَلَكُوْتِ: سلطنت　　۸۔ قَدِ اقْتَرَبَ: قریب آپہنچا
۹۔ أَيِّ حَدِيْثٍ: کونسی بات　　۱۰۔ أَيَّانَ: کب
۱۱۔ مُرْسٰهَا: اس کا برپا ہونا　　۱۲۔ لَا يُجَلِّيْ: وہ کھول کر نہیں دکھائے گا
۱۳۔ ثَقُلَتْ: بڑی بھاری ہے　　۱۴۔ كَأَنَّكَ: جیسے تم
۱۵۔ حَفِيٌّ: تحقیق کرنے والے　　۱۶۔ لَا أَمْلِكُ: میں اختیار نہیں رکھتا
۱۷۔ لَوْ كُنْتُ: اگر مجھے ہوتا　　۱۸۔ لَاسْتَكْثَرْتُ: میں جمع کرتا
۱۹۔ لِيَسْكُنَ: تاکہ وہ تسکین حاصل کرلے　　۲۰۔ لَمَّا تَغَشّٰى: جب اس نے ڈھانک لیا
۲۱۔ حَمَلَتْ: اس نے بوجھ اٹھالیا　　۲۲۔ خَفِيْفًا: ہلکا
۲۳۔ مَرَّتْ: وہ چلی ہے　　۲۴۔ أَثْقَلَتْ: وہ بوجھل ہوگئی
۲۵۔ دَعَوَا: ان دونوں نے دعا کی　　۲۶۔ لَنَكُوْنَنَّ: ہم ضرور بضرور ہوں گے
۲۷۔ صَامِتُوْنَ: تم خاموش رہو　　۲۸۔ يَبْطِشُوْنَ: وہ پکڑیں
۲۹۔ يَمْشُوْنَ: وہ چلیں　　۳۰۔ يَتَوَلّٰى: وہ رکھوالی کرتا ہے
۳۱۔ إِمَّا يَنْزَغَنَّ: اگر کچوکا (وسوسہ) لگ جائے　　۳۲۔ نَزْغٌ: کچوکا (مراد وسوسہ)
۳۳۔ فَاسْتَعِذْ: تو تم پناہ مانگ لو　　۳۴۔ طٰٓئِفٌ: خیال

۳۵۔	يَمُدُّوْنَ:	وہ گھسیٹ کر لے جاتے ہیں	۳۶۔	لَا يُقْصِرُوْنَ:	وہ باز نہیں آتے
۳۷۔	لَوْلَا اجْتَبَيْتَ:	تم نے خود کیوں نہ پیش کر دیا	۳۸۔	اِذَا قُرِءَ:	جب پڑھا جائے
۳۹۔	فَاسْتَمِعُوْا:	تم کان لگا کر سنو	۴۰۔	أَنْصِتُوْا:	تم خاموش رہو
۴۱۔	اَلْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ:	صبح وشام	۴۲۔	دُوْنَ الْجَهْرِ:	آواز بلند کئے بغیر

مشق:۵۰

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی (✓) یا (✗) کے نشان کے ذریعے کریں۔

نمبر شمار	صحیح/غلط	بیانات
۱۔		نافرمانیوں اور غفلت کے ساتھ جو دنیوی عیش وعشرت میسر آتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھیل ہوتی ہے جس کو قرآن کریم نے ’’استمتاع‘‘ کا نام دیا ہے۔
۲۔		اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ آپ ان کفار سے کہہ دیجیے: اگر مجھے غیب کی ساری باتیں معلوم ہو جایا کرتیں تو میں دنیا کے سارے فائدے اکٹھے کر لیتا اور کبھی مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی، کیونکہ ہر کام کا انجام مجھے پہلے سے معلوم ہو جاتا۔
۳۔		’’نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ‘‘ یعنی ’’ایک جان‘‘ سے مراد حضرت آدم علیہ لسلام ہیں اور ان کی بیوی سے مراد حضرت حوا علیہا السلام۔
۴۔		ہر مسلمان کو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ جب کبھی شیطان دل میں کوئی برے خیال کا وسوسہ ڈالے تو فوراً صدقہ کرنا چاہئے۔
۵۔		جہاں درگزر کرنے کی فضیلت ہے، وہاں بھی اگر شیطانی اثر سے کبھی کسی کو غصہ آ جائے تو اس کا علاج خوب صدقہ کرنا ہے۔
۶۔		قرآن کریم بذاتِ خود ایک معجزہ ہے، اس میں جو بصیرتیں ہیں وہ ایک اُمی کی زبان پر جاری ہو رہی ہیں، جس نے کبھی لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا۔
۷۔		تلاوت کرنے والے کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ ایسے مقامات پر بلند آواز سے تلاوت نہ کرے جہاں لوگ عبادت میں مشغول ہوں۔
۸۔		انسان کو جو ذکر کا حکم دیا گیا ہے، اس میں خود انسانوں کا فائدہ ہے کہ یہ ذکر جب دل میں سما جائے تو انہیں شیطان کے تصرفات سے محفوظ رکھنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

ترجمہ کیجیے:

أُمْلِيْ	مَتِيْنٌ	مَلَكُوْتِ	قَدِ اقْتَرَبَ	حَفِيٌّ	لِيَسْكُنَ
ہلکا	اس نے بوجھ اٹھالیا	وہ پکڑیں	تم کان لگا کر سنو	تم خاموش رہو	کب
طَائِفٌ	نَزْغٌ	خَفِيْفًا	جِنَّةٍ	يَمُدُّوْنَ	دَعَوَا
مُرْسٰهَا		حَمَلَتْ		اَلْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ	

سورۃ انفال مدنی

آیت نمبر ۱ تا ۲۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اَلۡاَنۡفَالِ:	مالِ غنیمت (واحد: نَفَلٌ)	۲۔	ذَاتَ بَيۡنِكُمۡ:	آپس کے تعلقات
۳۔	وَجِلَتۡ:	ڈر جاتے ہیں	۴۔	كَمَآ اَخۡرَجَ:	جیسے اس نے نکالا
۵۔	يُجَادِلُوۡنَ:	وہ بحث کر رہے تھے	۶۔	تَبَيَّنَ:	وہ واضح ہو گیا
۷۔	كَاَنَّمَا يُسَاقُوۡنَ:	جیسے ان کو ہنکا کر لے جایا جا رہا ہو	۸۔	اِحۡدَى:	کوئی ایک
۹۔	اَنَّهَا لَكُمۡ:	وہ تمہارا ہوگا	۱۰۔	تَوَدُّوۡنَ:	تمہاری خواہش تھی
۱۱۔	ذَاتِ الشَّوۡكَةِ:	کاٹنے والی	۱۲۔	يُحِقَّ:	وہ حق کر دکھائے
۱۳۔	اِذۡ تَسۡتَغِيۡثُوۡنَ:	جب تم فریاد کر رہے تھے	۱۴۔	مُمِدٌّ:	میں مدد کرنے والا ہوں
۱۵۔	مُرۡدِفِيۡنَ:	لگاتار آنے والے	۱۶۔	اَلنُّعَاسَ:	غنودگی
۱۷۔	لِيَرۡبِطَ:	وہ ڈھارس بندھائے	۱۸۔	اَلۡاَعۡنَاقِ:	گردن (واحد: عُنُقٌ)
۱۹۔	كُلَّ بَنَانٍ:	ہر ہر جوڑ	۲۰۔	شَآقُّوۡا:	انہوں نے دشمنی مول لی
۲۱۔	اِذَا لَقِيۡتُمۡ:	جب تمہارا آمنا سامنا ہو جائے	۲۲۔	زَحۡفًا:	چڑھائی کرنا
۲۳۔	مُتَحَرِّفًا:	چال چلنا	۲۴۔	مُتَحَيِّزًا:	جا ملنا
۲۵۔	مَارَمَيۡتَ:	تم نے (مٹی) نہیں پھینکی	۲۶۔	لِيُبۡلِيَ:	وہ اجر عطا فرمائے گا
۲۷۔	بَلَآءً:	اجر	۲۸۔	مُوۡهِنُ:	کمزور کرنے والی
۲۹۔	اِنۡ تَعُوۡدُوۡا:	اگر تم کام کرو گے	۳۰۔	نَعُدۡ:	ہم وہی کام کریں گے
۳۱۔	لَا تَوَلَّوۡا عَنۡهُ:	تم ان سے منہ نہ موڑو	۳۲۔	شَرَّ الدَّوَآبِّ:	بدترین جانور
۳۳۔	اِسۡتَجِيۡبُوۡا:	تم قبول کر دو دعوت	۳۴۔	يَحُوۡلُ:	وہ آڑے آجاتا ہے
۳۵۔	لَا تُصِيۡبَنَّ:	وہ نہیں پڑے گا	۳۶۔	خَآصَّةً:	صرف (مخصوص)
۳۷۔	يَتَخَطَّفَ:	اچک کر لے جائیں	۳۸۔	اٰوٰى:	اس نے ٹھکانہ دیا
۳۹۔	اَيَّدَ:	اس نے مضبوط کیا	۴۰۔	لَا تَخُوۡنُوۡا:	بے وفائی نہ کرو

مشق:۵۱

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) تاثیر (۲) وسوسے (۳) ۲ ہجری (۴) حق کی طلب
(۵) طاقت کی حد (۶) سازشوں اور وسائل (۷) بدتر
(۸) خندہ پیشانی (۹) نہایت خوشگوار زندگی (۱۰) نیند

نمبر شمار:

۱۔ سورۃ الانفال تقریباً سن.................. کے آس پاس مدینہ میں نازل ہوئی ہے۔

۲۔ اسباب اللہ تعالیٰ ہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں اور ان میں.................. اسی کے حکم سے پیدا ہوتی ہے لہٰذا بھروسہ اسباب پر نہیں، اسی کے فضل و کرم پر کرنا چاہئے۔

۳۔ اتنے بڑے لشکر کے ساتھ تقریباً نہتے آدمیوں کا معرکہ ہونے والا ہو تو گھبراہٹ ایک طبعی امر ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کا علاج یہ فرمایا کہ صحابہ پر.................. طاری کر دی۔

۴۔ ''رِجْزَ الشَّیْطَانِ'' سے یہاں مراد.................. ہیں جو ایسے مواقع پر جب اتنے بڑے دشمن کا مقابلہ ہو، آیا ہی کرتے ہیں۔

۵۔ اللہ تعالیٰ کافروں کو یہ بھی دکھانا چاہتا تھا کہ جن.................. پر انہیں ناز تھا، وہ سب ان لوگوں کے ہاتھوں خاک میں مل سکتے ہیں جنہیں تم کمزور سمجھتے رہے ہو۔

۶۔ کافر لوگ کانوں سے تو سننے کا دعویٰ کرتے تھے مگر سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے، اس لحاظ سے وہ جانوروں سے بھی.................. ہیں۔

۷۔ اللہ تعالیٰ حق کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق اس کو دیتا ہے جس کے دل میں.................. ہو۔

۸۔ اسلام کے تمام معاشرتی، معاشی اور سیاسی احکام دنیا کو.................. فراہم کر سکتے ہیں۔

۹۔ شریعت کا ہر وہ حکم جس میں محنت یا مشقت معلوم ہوتی ہو یا نفسانی خواہشات کی قربانی دینی پڑتی ہو، اس کو بھی.................. سے منظور کرنا چاہئے کیونکہ اس کی حقیقی زندگی کا دارومدار اس پر ہے۔

۱۰۔ ایک مسلمان کی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ وہ اپنے عمل کے ساتھ ساتھ اگر معاشرے میں کوئی برائی پھیل رہی ہو تو اپنی.................. تک اسے روکنے کی کوشش کرے۔

ترجمہ کیجئے:

اَلْاَنْفَال	کَاَنَّمَا یُسَاقُوْنَ	ذَاتِ الشَّوْکَةِ	مُرْدِفِیْنَ	اَلنُّعَاسَ	کُلَّ بَنَانٍ
زَحْفًا	مُتَحَرِّفًا	مُتَحَیِّزًا	مُوْهِنُ	اِسْتَجِیْبُوْا	یَتَخَطَّفُ
بَلَاءً	خَاصَّةً	اس نے مضبوط کر دیا	وہ واضح ہو گیا	انہوں نے دشمنی مول لی	

آیت نمبر ۲۹ تا ۴۶

الفاظ کے معنی:

۱۔	فُرْقَانًا:	تمیز	۲۔	لِیُثْبِتُوْا:	تا کہ گرفتار کرلیں
۳۔	أَسَاطِيْرُ:	افسانے (واحد: اُسْطُوْرَةٌ)	۴۔	أَمْطِرْ:	تو بارش برسادے
۵۔	مَالَهُمْ:	ان میں کیا خوبی ہے	۶۔	أَوْلِيَاءَ:	متولی (واحد: وَلِيٌّ)
۷۔	مُكَاءً:	سیٹیاں بجانا	۸۔	تَصْدِيَةً:	تالیاں پیٹنا
۹۔	لِيَمِيْزَ:	تا کہ وہ الگ کردیں	۱۰۔	فَيَرْكُمَ:	وہ ڈھیر بنائیں
۱۱۔	اِنْ يَّنْتَهُوْا:	کاٹنے والی	۱۲۔	قَدْ سَلَفَ:	جو پہلے ہوا
۱۳۔	اِنْ يَّعُوْدُوْا:	اگر وہ یہی کام کریں	۱۴۔	قَدْ مَضَتْ:	وہ گزر ہی چکا ہے
۱۵۔	مَوْلٰى:	رکھوالا	۱۶۔	وَاعْلَمُوْا:	تم اپنے علم میں لاؤ
۱۷۔	غَنِمْتُمْ:	تم مالِ غنیمت حاصل کرو	۱۸۔	خُمُسَ:	پانچواں حصہ
۱۹۔	اِلْتَقٰى:	ٹکرائیں	۲۰۔	اَلْجَمْعٰنِ:	دونوں جماعتیں
۲۱۔	اَلْعُدْوَةِ الدُّنْيَا:	قریب والا کنارہ	۲۲۔	اَلْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى:	دور والا کنارہ
۲۳۔	اَلرَّكْبُ:	قافلہ	۲۴۔	أَسْفَلَ:	نیچے
۲۵۔	لَوْ تَوَاعَدْتُّمْ:	اگر تم آپس میں طے کرتے	۲۶۔	لَاخْتَلَفْتُمْ:	تم اختلاف کرتے
۲۷۔	فِي الْمِيْعَادِ:	وقت طے کرنے میں	۲۸۔	لِيَقْضِيَ:	وہ پورا کرکے دکھائے
۲۹۔	لِيَهْلِكَ:	تا کہ جسے برباد ہونا ہو	۳۰۔	بَيِّنَةٍ:	واضح دلیل
۳۱۔	يَحْيٰى:	وہ زندہ رہتا ہے	۳۲۔	أَرٰكَ، يُرِيْكَ:	وہ تمہیں دکھا رہا تھا
۳۳۔	لَفَشِلْتُمْ:	تم ہمت ہار جاتے	۳۴۔	لَتَنَازَعْتُمْ:	تمہارے درمیان اختلاف پیدا ہوجاتا
۳۵۔	سَلَّمَ:	اس نے بچالیا	۳۶۔	تَذْهَبَ:	اکھڑ جائے گی
۳۷۔	رِيْحُكُمْ:	تمہارا ہوا	۳۸۔	لِيَصُدُّوْا:	تا کہ وہ روکیں
۳۹۔	يَوْمَ الْفُرْقَانِ:	فیصلہ کے دن	۴۰۔	مَنَامِكَ:	خواب میں

مشق:۵۲

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	صحیح، غلط	بیانات
۱۔		اگر مال اور اولاد کی محبت، اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کے ساتھ ہوگی تو نہ صرف جائز بلکہ باعثِ ثواب ہے لیکن اگر وہ نافرمانی تک لے جائے تو ایک وبال ہے۔
۲۔		تقویٰ کی خاصیت ہے کہ وہ انسان کو ایسی سمجھ عطا کر دیتا ہے جو حق اور ناحق میں تمیز کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔
۳۔		جب کوئی شخص ایمان لے آئے تو کفر کی حالت میں اس نے جتنے بھی گناہ کئے ہوں ان سب کی توبہ اس پر لازم ہے۔
۴۔		اگر کوئی کافر ظاہری طور پر اسلام لے آئے تو مسلمانوں کو یہی حکم ہے کہ وہ اسے مسلمان سمجھیں اور دل ٹٹولنے کی کوشش نہ کریں۔
۵۔		دشمن کا جو مال جہاد کے دوران مجاہدین کے ہاتھ آیا ہو وہ "مالِ غصب" کہلاتا ہے۔
۶۔		"یوم الفرقان" سے مراد "جنگ احد" ہے۔
۷۔		اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں کہ جنگ بدر کے منعقد ہونے کے اسباب ہم نے اس لئے پیدا کئے کہ ایک مرتبہ فیصلہ کن معرکہ ہو جائے اور اللہ کی دی ہوئی فتح سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کھل کر سامنے آ جائے۔
۸۔		اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر کچھ ایسی کیفیت طاری فرما دی کہ کفار کا وہ لشکرِ جرار ان کو بہت معمولی محسوس ہوا۔
۹۔		"بدر" ایک وادی کا نام، اس کا وہ کنارہ جو خیبر سے قریب تر ہے اس پر مسلمانوں کا لشکر فروکش تھا جو کنارہ مدینہ سے نسبتاً دور ہے اس پر کفار کا لشکر تھا۔

ترجمہ کیجئے:

تو بارش برسا دے	متولی	سیٹیاں بجانا	تالیاں پیٹنا	تم اپنے علم میں لے آؤ	ٹکرائیں
اَلرَّكْبُ	لِيَقْضِيَ	لَفَشِلْتُمْ	رِيحُكُمْ	يُقَلِّلُ	اَلْجَمْعٰنِ
يَحْيٰى	فَاثْبُتُوْا	اَلْعُدْوَةِ الدُّنْيَا	اَلْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى	يَوْمَ الْفُرْقَانِ	أَسْفَلَ
خُمُسَ		بَيِّنَةٍ		مَوْلٰى	

آیت نمبر ۴۵ تا ۷۵

الفاظ کے معنی:

۱۔ بَطَرًا: اکڑتے ہوئے
۲۔ جَارٌ: محافظ
۳۔ تَرَآءَتِ: وہ آمنے سامنے آجائے
۴۔ اَلْفِئَتٰنِ: دونوں گروہ
۵۔ نَكَصَ: وہ پیچھے ہٹے
۶۔ عَلٰی عَقِبَيْهِ: ایڑیوں کے بل
۷۔ اَلْحَرِيْقِ: جلنا
۸۔ ظَلَّامٍ: ظلم کرنے والا
۹۔ لَمْ يَكُ: وہ نہیں کرتا
۱۰۔ مُغَيِّرًا: بدلنے والا
۱۱۔ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا: یہاں تک کہ وہ بدلے
۱۲۔ عٰهَدْتَّ: تونے عہد لیا
۱۳۔ اِنْ يَّعُوْدُوْا: اگر وہ یہی کام کریں
۱۴۔ اِمَّا تَثْقَفَنَّ: اگر تمہارے ہاتھ لگ جائیں
۱۵۔ اَلْحَرْبِ: جنگ
۱۶۔ فَشَرِّدْ: تتر بتر کر ڈالو
۱۷۔ اِمَّا تَخَافَنَّ: اگر تمہیں اندیشہ ہو
۱۸۔ فَانْبِذْ: تم پھینک دو
۱۹۔ اَعِدُّوْا: تم تیار کرو
۲۰۔ رِبَاطِ الْخَيْلِ: گھوڑوں کی چھاؤنیاں
۲۱۔ تُرْهِبُوْنَ: تم ہیبت طاری کرو
۲۲۔ اِنْ جَنَحُوْا: اگر وہ جھکیں
۲۳۔ اَنْ يَّخْدَعُوْا: وہ دھوکہ دیں
۲۴۔ حَسْبَكَ: تمہارے لئے کافی ہے
۲۵۔ اَلَّفَ: اس نے اُلفت پیدا کردی
۲۶۔ حَرِّضْ: آپ ابھارو
۲۷۔ عِشْرُوْنَ: وقت طے کرنے میں
۲۸۔ مِأَةٌ"، مِأَتَيْنِ: سو، دوسو
۲۹۔ اَلْفًا، اَلْفَيْنِ: ہزار، دوہزار
۳۰۔ اَلْئٰنَ خَفَّفَ: لواس نے بوجھ ہلکا کردیا
۳۱۔ ضَعْفًا: کمزوری
۳۲۔ اَسْرٰی: قید (واحد: اَسِيْرٌ)
۳۳۔ يُثْخِنَ: یہاں تک کہ وہ بہا چکا ہو
۳۴۔ لَوْلَا كِتٰبٌ: اگر لکھا ہوا حکم نہ ہوتا
۳۵۔ سَبَقَ: پہلے سے
۳۶۔ اَمْكَنَ: اس نے قابو میں دے دیا
۳۷۔ اٰوَوْا: انہوں نے آباد کیا
۳۸۔ وَلَايَةِ: وراثت
۳۹۔ اِسْتَنْصَرُوْا: وہ مدد طلب کریں
۴۰۔ اُولُوا الْاَرْحَامِ: رشتہ دار
۴۱۔ اَوْلٰی: زیادہ حقدار
۴۲۔ اِلَّا تَفْعَلُوْا: اگر تم ایسا نہیں کروگے

مشق: ۵۳

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو درست جواب کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار　**بیانات**

۱۔ جنگی طاقت کتنی بھی ہو اس پر بھروسہ کر کے تکبر میں مبتلا نہیں ہونا چاہئے بلکہ بھروسہ صرف .... پر رکھنا چاہئے۔

(۱) میدانِ جنگ کی نوعیت پر　(۲) مزار پر مانی گئی منت پر　(۳) اللہ تعالیٰ

۲۔ اللہ تعالیٰ کو تمام اعمال کی اصل حقیقت کا پورا پورا علم ہے، اس لئے وہ ان کی .... کا فیصلہ اپنے اسی علمِ محیط کی بنیاد پر کرے گا۔

(۱) روزی　(۲) جزا یا سزا　(۳) زندگی یا موت

۳۔ اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں کو عذاب سے اسی وقت بدلتا ہے جب کوئی قوم اپنی .... کو بدل دیتی ہے۔

(۱) حالت　(۲) روایات　(۳) خاندانی شرافت

۴۔ اگر معاہدہ توڑنے والے لوگ کسی جنگ میں کھل کر مسلمانوں کے مقابلے پر آ جائیں تو انہیں ایسا سبق سکھایا جائے کہ ان کو .... کا انجام پتہ چل جائے۔

(۱) کفر　(۲) بدعہدی　(۳) بدعت

۵۔ دشمن کی بدعہدی کے اندیشے کی بنا پر مسلمانوں کے لئے .... ہے کہ وہ اعلان کے بغیر معاہدے کی خلاف ورزی کریں۔

(۱) ناجائز　(۲) جائز　(۳) مناسب

۶۔ قرآن کریم نے ''طاقت'' کا لفظ استعمال کر کے بتایا کہ جنگ کی تیاری کسی ایک ہتھیار پر موقوف نہیں بلکہ جس وقت جس قسم کی دفاعی قوت درکار ہو اس کا حصول .... کا فریضہ ہے۔

(۱) مسلمانوں　(۲) فوج　(۳) حکومت وقت

۷۔ مسلمانوں کو دشمنوں سے صلح کرنے کی بھی اجازت ہے بشرطیکہ وہ ایسی شرائط پر ہو جو مسلمانوں کی .... کے مطابق ہو۔

(۱) منشا　(۲) مصلحت　(۳) حالت

۸۔ تمام .... کے لئے ایک ابدی حکم ہے کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کی شوکت قائم کرنے کے لئے ہر قسم کی دفاعی طاقت جمع کرنے کا اہتمام کرے۔

(۱) مالداروں　(۲) مسلم حکمرانوں　(۳) اُمتِ مسلمہ

۹۔ .... اس مال کو کہا جاتا ہے جو کسی جنگی قیدی اسے اس آزادی کے بدلے طلب کیا جائے۔

(۱) مالِ غنیمت (۲) فدیہ (۳) ہدیہ

ترجمہ کیجئے:

بَطَراً	اَلۡفِئَتٰنِ	اَلۡحَرِيۡقِ	مُغَيِّراً	حَرِّضْ	سَبَقَ
وہ پیچھے ہٹے	تم نے عہد لیا	جنگ	تمہارے لئے کافی ہے	تم تیار کرو	کمزوری
اَلۡفَيۡنِ	مِأَةٌ	فَشَرِّدۡ	تُرۡهِبُوۡنَ	ضَعۡفًا	وَلَايَة
آوَوۡا		أَسۡرٰى		فَانۡبِذۡ	

مشق: ۵۴

اعادہ مشق: ۴۶ تا ۵۳

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ اپنے وعدے کے مطابق آسمانی کتاب لا کر دیں جس میں ہمارے لئے کھانے پینے کے قوانین درج ہوں۔ ....

۲۔ رسول ایسے پیغمبر کے لئے بولا جاتا ہے جو نئی شریعت لے کر آئے۔

۳۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ہدایت عطا فرمائی گئی کہ وہ بنی اسرائیل سمیت تمام انسانوں کو اپنی نبوت پر ایمان لانے اور اپنی اتباع کی دعوت دیں۔

۴۔ جب کوئی قوم نافرمانی پر کمر باندھ لیتی ہے تو بعض اوقات اللہ تعالیٰ اسے ڈھیل دیتے ہیں۔

۵۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی آیات کی خلاف ورزی کر کے ناجائز خواہشات کے پیچھے چل پڑے، تو اس کا انجام دنیا و آخرت میں اچھا ہوتا ہے۔ ....

۶۔ انسانوں کو جو ذکر کا حکم کیا گیا ہے، اس میں خود انسانوں کا فائدہ یہ ہے کہ ذکر جب دل میں سما جائے تو انہیں شیطان کے تصرفات سے محفوظ رکھنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ ....

۷۔ اسلام کی دعوت اور اس کے احکام ایسے ہیں کہ اگر ان پر تمام انسان پوری طرح عمل کرنے لگیں تو اسی دنیا میں وہ پرسکون دولت کی ضمانت دیتے ہیں۔ ....

۸۔ اگر کسی کو اسلام کا کوئی حکم مشکل بھی محسوس ہو تو اسے سوچنا چاہئے کہ میری خوشگوار زندگی کا دارومدار اسی پر ہے۔

....

۹۔ گناہ کی ایک خاصیت یہ ہے کہ وہ انسان کی عقل خراب کر دیتا ہے جس سے وہ اچھے کو برا اور برے کو اچھا سمجھنے لگتا ہے۔

....

۱۰۔ پوری اُمتِ مسلمہ کے لئے ایک ابدی حکم ہے کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کی شوکت قائم کرنے کے لئے ہر قسم کی دفاعی طاقت جمع کرنے کا اہتمام کرے۔ ....

۱۱۔ غیر مسلموں کے ساتھ جب کوئی معاہدہ ہو جائے تو اپنے مسلمان بھائیوں کی مدد کے لئے بھی اس کی خلاف ورزی کو اسلام نے جائز نہیں رکھا۔

....

ترجمہ کیجئے:

يَرْهَبُوْنَ	سَأَصْرِفُ	تُوَدُّوْنَ	مَا رَمَيْتَ	لَا أَمْلِكُ	يَمْشُوْنَ
شُرَّعًا	أَفَتُهْلِكُ	بَيِّنَةٍ	كُلِّ مَرَّةٍ	أَمْكَنَ	قَدْ سَلَفَ
	مَوْلٰى	أَمْطِرْ	وَجِلَتْ	تَوَدُّوْنَ	

سورۂ توبہ مدنی

آیت نمبر ۱ تا ۲۴

الفاظ کے معنی:

۱۔	بَرَاءَةٌ:	دستبرداری
۲۔	فَسِيحُوْا:	تم گھومو پھرو
۳۔	غَيْرُ مُعْجِزِى:	عاجز نہیں کر سکتے
۴۔	مُخْزِى:	رسوا کرنے والا
۵۔	أَذَانٌ:	اعلان
۶۔	لَمْ يَنْقُصُوْا:	انہوں نے کوئی کوتاہی نہیں کی
۷۔	لَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ:	انہوں نے تمہارے خلاف مدد نہیں کی
۸۔	إِذَا انْسَلَخَ:	جب گزر جائیں
۹۔	اَلْاَشْهُرُ الْحُرُمُ:	حرمت والے مہینے
۱۰۔	حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْا:	جہاں تم پاؤ
۱۱۔	اُحْصُرُوْا:	انہیں گھیرو
۱۲۔	اُقْعُدُوْا:	تم بیٹھو (تاک لگا کر)
۱۳۔	مَرْصَدٌ:	ہر گھات کی جگہ
۱۴۔	فَخَلُّوْا:	تم چھوڑ دو
۱۵۔	اِسْتَجَارَكَ	وہ تم سے پناہ طلب کرے
۱۶۔	فَأَجِرْ:	تم پناہ دو
۱۷۔	أَبْلِغْ:	تم پہنچا دو
۱۸۔	مَأْمَنٌ:	امن کی جگہ
۱۹۔	اِسْتَقَامُوْا:	وہ سیدھے رہے
۲۰۔	إِنْ يَّظْهَرُوْا:	اگر وہ غالب آ جائیں
۲۱۔	لَا يَرْقُبُوْا:	وہ خیال نہ کریں
۲۲۔	إِلًّا:	رشتہ داری
۲۳۔	ذِمَّةً:	معاہدہ
۲۴۔	يُرْضُوْنَ:	وہ راضی کرنا چاہتے ہیں
۲۵۔	تَأْبٰى:	وہ انکار کرتے ہیں
۲۶۔	إِخْوَانٌ:	بھائی (واحد: أَخٌ)
۲۷۔	إِنْ نَّكَثُوْا:	اگر انہوں نے توڑ ڈالیں
۲۸۔	طَعَنُوْا:	انہوں نے طعنے دیئے
۲۹۔	أَئِمَّةَ:	سربراہ
۳۰۔	هَمُّوْا:	انہوں نے ارادہ کیا
۳۱۔	بَدَءُوْا:	انہوں نے پہل کی (چھیڑ چھاڑ میں)
۳۲۔	يَشْفِ:	وہ ٹھنڈا کرے
۳۳۔	غَيْظٌ:	کڑھن
۳۴۔	وَلِيْجَةً:	راز دار
۳۵۔	أَنْ يَّعْمُرُوْا:	وہ آباد کریں
۳۶۔	سِقَايَةَ الْحَاجِّ:	حاجیوں کو پانی پلانا
۳۷۔	عِمَارَةٌ:	آباد رکھنا
۳۸۔	لَا يَسْتَوٗنَ:	وہ برابر نہیں ہو سکتے
۳۹۔	نَعِيْمٌ مُقِيْمٌ:	دائمی نعمتیں
۴۰۔	إِنِ اسْتَحَبُّوْا:	اگر وہ ترجیح دیں
۴۱۔	عَشِيْرَةٌ:	خاندان
۴۲۔	اِقْتَرَفْتُمُوْا:	تم نے کمایا
۴۳۔	كَسَادٌ:	مندا ہونا
۴۴۔	فَتَرَبَّصُوْا:	انتظار کرو

مشق :۵۵

ہدایات :ذیل میں دیئے گئے سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ سورۂ توبہ کے شروع میں بسم اللہ کیوں نہیں نازل ہوئی؟

(۱)اس لئے کہ اس میں توبہ کا ذکر ہے

(۲)اس لئے کہ یہ سابقہ سورت کا تکملہ ہے

(۳)اس لئے کہ یہ مدنی سورت ہے

۲۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کیا اس وقت کفار کی کیا حالت تھی؟

(۱) کفار کی طاقت بڑھی ہوئی تھی

(۲) کفار ختم ہو گئے تھے

(۳) کفار کی کمر ٹوٹ چکی تھی

۳۔ اس سورت کو سورت توبہ کیوں کہتے ہیں؟

(۱)اس میں صحابہ کی توبہ کا ذکر ہے

(۲)اس میں توبہ کی ترغیب ہے

(۳)اس میں مشرکین سے برأت کا اظہار ہے۔

۴۔ جزیرہ عرب کو اسلام کا مرکز بنانے کے لئے اللہ نے کیا حکم نازل کیا؟

(۱) تمام لوگوں سے جہاد کیا جائے

(۲) مسلمانوں کو ایک جگہ جمع کیا جائے

(۳) بت پرستوں کو مستقل طور پر جزیرۂ عرب سے نکال دیا جائے

۵۔ ''حج اکبر'' کونسا حج کہلاتا ہے؟

(۱) جو حج جمعہ کو ادا کیا جائے

(۲) جس میں لوگ زیادہ ہوں

(۳) ہر حج کو عمرہ کے مقابلہ میں حجِ اکبر کہا جاتا ہے

۶۔ اگر کوئی شخص سچے دل سے توبہ کرلے تو مسلمانوں کے لئے کیا حکم ہے؟

(۱) اس کے تمام قرضے معاف کر دیں

(۲) اس کے ساتھ مالی تعاون کریں

(۳) اس کے ساتھ حسن سلوک کریں

۷۔ مشرکین مکہ کس بات پر فخر کیا کرتے تھے؟

(۱) کہ ان کے بت خانہ کعبہ میں موجود ہیں

(۲) وہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں

(۳) کہ وہ مسجد حرام کے پاسبان ہیں

۸۔ کسی بھی مسجد کے پاسبان کے لئے کیا ضروری ہے؟

(۱) وہ مؤمن ہو

(۲) اس نے مسجد کی زمین وقف کی ہو

(۳) وہ مسجد کا پڑوسی ہو

۹۔ والدین، رشتہ دار، دولت، گھر، جائیداد، تجارت، کاروبار یہ چیزیں کب نعمت ہوتی ہیں۔

(۱) جب یہ ہمیشہ نفع دیں

(۲) جب نقصان نہ دیں

(۳) جب احکام الٰہی میں رکاوٹ نہ بنیں

ترجمہ کیجئے:

تم گھومو پھرو	جہاں تم جاؤ	اگر انہوں نے توڑ ڈالیں	انہوں نے ارادہ کیا	خاندان	مندا ہونا
لَمْ يَنْقُضُوْا	اُحْصُرُوْا	أَبْلِغْ	أَنْ يَّعْمُرُوْا	يُرْضُوْنَ	اِسْتَجَارَكَ
عِمَارَةَ	اِذَانْسَلَخَ	مُخْزِيْ	تَأْبٰى	ذِمَّةً	أَذَانٌ
	وَلِيْجَة	مَأْمَن	إِلًّا	غَيْظ	

آیت نمبر ۲۵ تا ۴۲

الفاظ کے معنی:

۱-	مَوَاطِنَ:	مقامات	۲-	ضَاقَتْ:	وہ تنگ ہوگئی
۳-	بِمَا رَحُبَتْ:	ساری وسعتوں کے باوجود	۴-	مُدْبِرِيْنَ:	پیٹھ کھانے والے
۵-	سَكِيْنَةَ:	تسکین	۶-	جُنُوْدًا:	لشکر (واحد: جُنْدٌ)
۷-	نَجَسٌ:	سراسر ناپاکی	۸-	عَامِ:	سال
۹-	عَيْلَةً:	مفلسی	۱۰-	اَلْجِزْيَةَ:	جزیہ (غیر مسلم شہری کا محصول)
۱۱-	عَنْ يَّدٍ:	اپنے ہاتھ سے	۱۲-	صَاغِرُوْنَ:	خوار
۱۳-	يُضَاهِئُوْنَ:	وہ ان سے باتیں کرتے ہیں	۱۴-	أَحْبَارَ، رُهْبَانَ:	یہودی علما، عیسائی درویش
۱۵-	أَنْ يُّطْفِئُوْا:	وہ بجھا دیں	۱۶-	يَأْبٰى:	نامنظور ہے
۱۷-	لِيُظْهِرَ:	تا کہ وہ غالب کردے	۱۸-	يَكْنِزُوْنَ:	وہ جمع کرتے ہیں
۱۹-	يُحْمٰى:	اس کو تپایا جائے گا	۲۰-	تُكْوٰى:	داغی جائیں گی
۲۱-	جِبَاهُ:	پیشانیاں (واحد: جَبْهَةٌ)	۲۲-	جُنُوْبُ:	کروٹیں (واحد: جَنْبٌ)
۲۳-	عِدَّةَ:	تعداد	۲۴-	أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ:	چار حرمت والے مہینے
۲۵-	كَافَّةً:	سب مل کر	۲۶-	اَلنَّسِيْٓءُ:	نسی (مہینوں کو آگے پیچھے کرنا)
۲۷-	لِيُوَاطِئُوْا:	تا کہ وہ پوری کرلیں	۲۸-	اِنْفِرُوْا:	کوچ کرو
۲۹-	اِثَّاقَلْتُمْ:	تم بوجھل ہوجاتے ہو	۳۰-	إِلَّا تَنْفِرُوْا:	اگر تم کوچ نہیں کروگے
۳۱-	يَسْتَبْدِلْ:	وہ کوئی اور لے آئے گا	۳۲-	إِلَّا تَنْصُرُوْا:	اگر تم مدد نہیں کروگے
۳۳-	ثَانِيَ اثْنَيْنِ:	دو میں دوسرے	۳۴-	اَلسُّفْلٰى:	نیچا
۳۵-	اَلْعُلْيَا:	بالا	۳۶-	خِفَافًا:	ہلکے
۳۷-	ثِقَالًا:	بوجھل (واحد: ثَقِيْلٌ)	۳۸-	لَمْ تَرَوْا:	تمہیں نظر نہ آئے
۳۹-	عَرَضًا قَرِيْبًا:	قریب سامان	۴۰-	سَفَرًا قَاصِدًا:	درمیانہ سفر
۴۱-	بَعُدَتْ:	دور پڑ گیا	۴۲-	اَلشُّقَّةَ:	کٹھن فاصلہ
۴۳-	أَيَّدَ:	اس نے مدد کی	۴۴-	لَوِ اسْتَطَعْنَا:	اگر ہم میں استطاعت ہوتی

مشق:۵۶

ہدایات　:ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ:

(۱)غارِثور	(۲)وادی	(۳)ترتیب بدلنے	(۴)جذبات کی قربانی
(۵)حقوق	(۶)تسکین	(۷)دفاع	(۸)چاند
(۹)مالِ غنیمت	(۱۰)نصرت	(۱۱)ہوازن	(۱۲)جزیہ

نمبر شمار

۱۔ حنین ایک..................کا نام ہے، جو مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان مکہ مکرمہ سے تقریباً دس میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

۲۔ جنگِ حنین میں چھ ہزار افراد جنگی قیدی بنائے گئے اور بڑی تعداد میں مویشی اور چار ہزار اوقیہ چاندی..................کے طور پر مسلمانوں کے ہاتھ لگی۔

۳۔ جنگ حنین کے بعد خود مالک بن عوف جو..................کے سب سے بڑے سردار تھے، مسلمان ہوئے اور اسلام کے بڑے علمبرداروں میں ان کا شمار ہوا۔

۴۔ ....ایک ٹیکس ہے، جو مسلمان ریاست کے ان غیر مسلم شہریوں سے لیا جاتا ہے جو لڑنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

۵۔ مسلم حکمرانوں کو یہ تاکید کی گئی ہے کہ وہ غیر مسلم باشندوں کے..................کا پوا خیال رکھیں۔

۶۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے..................کے چار مہینوں، ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب کو حرمت والے مہینے سمجھا جاتا ہے۔

۷۔ مہینوں کو آگے پیچھے کر کے انہوں نے چار مہینے کی گنتی تو پوری کر دی لیکن..................کا نتیجہ یہ ہوا کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے لڑائی حرام کی تھی، اس میں انہوں نے لڑائی کو حلال کر لیا۔

۸۔ یہ انتہائی مشقت، جان و مال اور..................کا جہاد تھا جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تیس ہزار صحابہ کرام کے لشکر کے ساتھ تبوک روانہ ہوئے۔

۹۔ غزوۂ حنین میں جب میدان چھوڑنے والے مسلمان حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی آواز سن کر واپس آئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ایسی..................ڈال دی کہ دشمن کا رُعب ان سے ختم ہو گیا۔

۱۰۔ جزیہ درحقیقت غیر مسلموں کے پُرامن طریقے سے اسلامی ریاست میں قیام اور ان کے..................میں شریک نہ ہونے کا ٹیکس ہے۔

۱۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صرف اپنے ایک رفیق حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ مکرمہ سے نکلے تھے، اور تین دن تک..................میں روپوش رہے تھے۔

۱۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی مدد کی ضرورت نہیں ہے ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی مدد کافی ہے، لیکن خوش نصیبی ہے ان کے لئے جو آپ کی..................کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔

ترجمہ کیجیے:

مَوَاطِنَ	ضَاقَتْ	اِنْفِرُوْا	خِفَافًا	ثِقَالًا	اِثَّاقَلْتُمْ
وہ کسی اور کو لے آئے گا	وہ جمع کرتے ہیں	داغے جائیں گی	اس کو تپایا جائے گا	سب مل کر	تسکین
أَيَّدَ	أَلنَّسِیْءُ	نَجَسٌ	أَلشُّقَّةُ	كَآفَّةً	جُنُوْب
عَيْلَةٌ		عَام		جُنُوْدًا	

آیت نمبر ۴۳ تا ۷۲

الفاظ کے معنی:

۱۔ لِمَ أَذِنْتَ: تم نے اجازت کیوں دی
۲۔ لَا يَسْتَأْذِنُ: وہ اجازت نہیں مانگتے

۳۔ اِرْتَابَتْ: شک میں پڑے ہوئے ہیں
۴۔ يَتَرَدَّدُوْنَ: وہ ڈانواڈول ہیں

۵۔ لَأَعَدُّوْا: وہ تیار کرتے
۶۔ عُدَّةً: تیار کرنا

۷۔ اِنْبِعَاثَ: اٹھنا
۸۔ فَثَبَّطَ: انہیں سست پڑا رہنے دیا

۹۔ اُقْعُدُوْا: تم بیٹھ جاؤ
۱۰۔ خَبَالًا: فساد

۱۱۔ لَأَوْضَعُوْا: وہ دوڑتے پھرتے ہیں
۱۲۔ خِلَالَكُمْ: تمہاری صفوں کے درمیان

۱۳۔ سَمّٰعُوْنَ: وہ خوب سننے والے
۱۴۔ قَلَّبُوْا: وہ الٹ پھیر کرتے ہیں

۱۵۔ اِئْذَنْ: اجازت دیں
۱۶۔ لَا تَفْتِنِّیْ: مجھے فتنہ میں نہ ڈالئے

۱۷۔ سَقَطُوْا: وہ پڑے ہوئے ہیں
۱۸۔ تَسُؤْ: دکھ ہوتا ہے

۱۹۔ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ: دو بھلائیوں میں سے ایک
۲۰۔ طَوْعًا أَوْ كَرْهًا: خوشی یا بددلی

۲۱۔ نَفَقَتْ: چندے
۲۲۔ كُسَالٰى: کسمساتے

۲۳۔ تَزْهَقَ: وہ نکلے
۲۴۔ يُفْرَقُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں

۲۵۔ مَلْجَأً: پناہ گاہ
۲۶۔ مَغَارَاتٍ: غار (واحد: مَغَارَةٌ)

۲۷۔ مُدَّخَلًا: گھس بیٹھنے کی جگہ
۲۸۔ يَجْمَحُوْنَ: وہ بے لگام ہو جاتے

۲۹۔ مَنْ يَّلْمِزُ: وہ طعنہ دیتے ہیں
۳۰۔ اِنْ أُعْطُوْا: اگر دے دیا جائے

۳۱۔	یَسْخَطُوْنَ:	وہ ناراض ہوجاتے ہیں	۳۲۔	اَلْعٰمِلِیْنَ:	صدقات کی وصولی کرنیوالے اہلکار
۳۳۔	اَلْمُؤَلَّفَةِ "قُلُوْبٌ":	دلداری	۳۴۔	اَلرِّقَابِ:	آزاد کرنا (غلاموں کو)
۳۵۔	اَلْغَارِمِیْنَ:	قرض دار	۳۶۔	یُؤْذُوْنَ:	وہ دکھ پہنچاتے ہیں
۳۷۔	اُذُنٌ:	سراپا کان	۳۸۔	مَنْ یُّحَادِدْ:	جو ٹکر لے
۳۹۔	نَخُوْضُ:	ہم ہنسی مذاق کرتے ہیں	۴۰۔	نَلْعَبُ:	ہم دل لگی کرتے ہیں
۴۱۔	لَا تَعْتَذِرُوْا:	تم بہانہ نہ بناؤ	۴۲۔	خَلَاقِ:	حصہ
۴۳۔	خُضْتُمْ:	تم بے ہودہ باتوں میں پڑے تھے	۴۴۔	اَلْمُؤْتَفِكٰتِ:	بستیاں جنہیں الٹ دیا گیا
۴۵۔	اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ:	ان کے پاس ان کے رسول آئے	۴۶۔	جَنّٰتِ عَدْنٍ:	سدابہار باغات

مشق: ۵۷

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ فرائض میں انسان کا عذر کب تسلیم کیا جائے گا؟

۲۔ جد بن قیس کون تھا؟

۳۔ فقیر اور مسکین میں کیا فرق ہے؟

۴۔ زکوٰۃ کن لوگوں کے لئے لینا جائز ہے؟

۵۔ مؤلفۃ القلوب سے کیا مراد ہے؟

۶۔ مقروض کو کب زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

....

....

۷۔ ''فی سبیل اللہ'' سے کون سے لوگ مراد ہیں؟

....

....

۸۔ منافقین کا آپ علیہ السلام کو ''اُذُنٌ'' کہنے کا کیا مقصد تھا؟

....

....

۹۔ انسان کی زندگی کا اصل مقصد کیا ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

اِرْتَابَتْ	عُدَّةً	قَلَّبُوْا	اُعْطُوْا	لَاتَعْتَذِرُوْا	يَجْمَعُوْنَ
يَفْرَقُوْنَ	كُسَالٰى	اَلْغَارِمِيْنَ	يُحَادِدْ	سَمّٰعُوْنَ	سَقَطُوْا
يَلْمِزُ	اُقْعُدُوْا	نَفَقَتْ	خَبَالًا	جَنّٰتِ عَدْنٍ	عُدَّةً
	خَلَاقٍ		اُذُنٌ		

آیت نمبر ۷۳ تا ۹۹

الفاظ کے معنی:

۱۔ اُغْلُظْ: تم سختی کرو

۲۔ هَمُّوْا: انہوں نے ارادہ کیا

۳۔ مَانَقَمُوْا: انہوں نے بدلہ نہیں لیا

۴۔ يَكُ: ہوگا

۵۔ لَنَصَّدَّقَنَّ: ہم ضرور صدقہ کریں گے

۶۔ فَاَعْقَبَ: اس نے جما دیا

۷۔ يَلْمِزُوْنَ: وہ طعنے دیتے ہیں

۸۔ اَلْمُطَّوِّعِيْنَ: خوشی سے کرنے والے

۹۔ لَايَجِدُوْنَ: ان کو میسر نہیں

۱۰۔ جُهْدَ: محنت

۱۱۔	سَبْعِيْنَ:	ستر	۱۲۔	اَلْمُخَلَّفُوْنَ:	پیچھے رہنے والے
۱۳۔	خِلٰفَ:	جانے کے بعد	۱۴۔	بِمَقْعَدِ الْقُعُوْدِ:	بیٹھے رہنے پر، بیٹھنا رہنا
۱۵۔	اَلْحَرِّ:	گرمی	۱۶۔	لِيَضْحَكُوْا:	وہ ہنس لیں
۱۷۔	لِيَبْكُوْا:	وہ روتے رہیں	۱۸۔	لَنْ تُقَاتِلُوْا:	تم ہرگز نہیں لڑسکو گے
۱۹۔	اُقْعُدُوْا:	تم بیٹھے رہو	۲۰۔	اَلْخٰلِفِيْنَ:	پیچھے رہنے والے
۲۱۔	لَا تُصَلِّ عَلٰى	تو اس پر نماز جنازہ مت پڑھ	۲۲۔	اُولُوا الطَّوْلِ:	صاحبِ استطاعت
۲۳۔	ذَرْنَا:	ہمیں ہونے دیجئے	۲۴۔	اَلْخَوَالِفِ:	پیچھے رہ جانے والی عورتوں
۲۵۔	اَلْمُعَذِّرُوْنَ:	بہانہ باز لوگ	۲۶۔	اَلْاَعْرَابِ:	دیہاتیوں
۲۷۔	نَصَحُوْا:	وہ مخلص ہوں	۲۸۔	إِذَا مَا أَتَوْا:	جب وہ آئیں
۲۹۔	لِتَحْمِلَ:	تاکہ تم سواری مہیا کرو	۳۰۔	أَحْمِلُ ''عَلٰى'':	میں تمہیں سوار کرسکوں
۳۱۔	تَفِيْضُ:	وہ بہہ رہی تھیں	۳۲۔	اَلدَّمْعِ:	آنسو
۳۳۔	اَلسَّبِيْلُ:	الزام	۳۴۔	يَعْتَذِرُوْنَ:	وہ عذر پیش کریں گے
۳۵۔	لِتُعْرِضُوْا:	تم درگزر کرو	۳۶۔	أَجْدَرُ:	زیادہ لائق ہیں
۳۷۔	مَغْرَمًا:	تاوان	۳۸۔	اَلدَّوَائِرِ:	(مصیبتوں) کے چکر
۳۹۔	يَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ:	خرچ کئے ہوئے مال کو سمجھتے ہیں	۴۰۔	قُرُبَاتٍ:	قرب
۴۱۔	صَلَوَاتِ:	دعائیں	۴۲۔	قُرْبَةٌ:	تقرب

مشق:۵۸

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	صحیح، غلط	بیانات
۱۔	☐	جہاد کا اصل معنی جدوجہد اور محنت وکوشش کے ہیں، دین کی حفاظت اور دفاع کے لئے یہ کوشش مذاکرات کی شکل میں بھی ہوسکتی ہے اور زبانی بحث ومباحثہ اور دعوت وتبلیغ کے ذریعے بھی۔
۲۔	☐	منافقین پر سختی کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اوّل تو گفتگو میں ان کے ساتھ رعایت نہ ہو، دوسرا اگر ان سے قابلِ سزا جرم سرزد ہوجائے تو انہیں معافی نہ دی جائے۔
۳۔	☐	مشرکین کا وطیرہ تھا کہ وہ اپنی مجلسوں میں مؤمنانہ باتیں کہتے رہتے تھے لیکن جب ان سے پوچھا جاتا تو صاف انکار کردیتے۔
۴۔	☐	شرافت کا تقاضہ تو یہ تھا کہ منافقین عطا کی گئی خوشحالی پر اللہ تعالیٰ اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شکرگزار ہوتے لیکن بجائے اس

کے انہوں نے آپ کے خلاف سازشیں شروع کردیں۔

۵۔ ☐ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک حکیمانہ جملہ ہے ''تھوڑا مال جس کا تم شکر ادا کر سکو اس زیادہ مال سے بہتر ہے جس کا شکر ادا نہ کر سکو''

۶۔ ☐ ''سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ'' میں اللہ تعالیٰ کی طرف مذاق اڑانے کی نسبت محاورۃً کی گئی ہے، جسے عربی قواعد کی رو سے مشاکلت کہا جاتا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو مذاق اڑانے کی سزا دے گا۔

۷۔ ☐ دس انصاری صحابہ نے غزوۂ تبوک میں شرکت کے لئے آپ سے سواری کی درخواست کی، جب آپ نے فرمایا کہ میرے پاس کوئی سواری نہیں تو وہ روتے ہوئے واپس ہوگئے۔

۸۔ ☐ اپنے نفاق کی وجہ سے یہ منافقین سراپا گندگی ہیں ان کی معذرت انہیں اس گندگی سے پاک نہیں کرسکتی، آخر کار ان کو اللہ کی طرف سے صرف اس دنیا میں عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

۹۔ ☐ منافقین چاہتے ہیں کہ مسلمان مصیبت کے کسی ایسے چکر میں پڑ جائیں کہ ان لوگوں کو اس قسم کے احکام سے آزادی مل جائے، جن پر عمل بہت مشکل ہے۔

ترجمہ کیجئے:

اُغْلُظْ	يَلْمِزُوْنَ	اُقْعُدُوْا	ذَرْنَا	لَايَجِدُوْنَ	مَانَقَمُوْا
نَصَحُوْا	تَفِيْضُ	أَجْدَرُ	لِيَضْحَكُوْا	لِتُعْرِضُوْا	يَكُ
مَغْرَمًا	اَلدَّوَائِرِ	اَلدَّمْعِ	تاکہ تم سواری مہیا کرو	تم ہرگز نہ لڑسکو گے	قرب
		تاوان	دعائیں		

آیت نمبر ۱۰۰ تا ۱۱۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلسَّابِقُوْنَ: پہلے (ایمان لانے والے)　　۲۔ مَنْ حَوْلَكُمْ: جو تمہارے اردگرد

۳۔ مَرَدُوْا: وہ ماہر ہوگئے　　۴۔ مَرَّتَيْنِ: دو مرتبہ

۵۔ اٰخَرُوْنَ: کچھ لوگ　　۶۔ اِعْتَرَفُوْا: انہوں نے اعتراف کرلیا

۷۔	خَلَطُوْا:	انہوں نے ملے جلے کام کئے	۸۔	خُذْ:	تم وصول کرلو
۹۔	صَدَقَةً:	صدقہ	۱۰۔	تُطَهِّرُ، تُزَكِّيْ:	تم پاک کروگے، تم باعثِ برکت بنوگے
۱۱۔	صَلِّ:	تو دعا کرو	۱۲۔	سَكَنٌ:	سراپا تسکین
۱۳۔	مُرْجَوْنَ:	ملتوی کردیا گیا	۱۴۔	ضِرَارًا:	نقصان پہنچانا
۱۵۔	تَفْرِيْقًا:	پھوٹ ڈالنا	۱۶۔	إِرْصَادًا:	اڈہ
۱۷۔	حَارَبَ:	اس کی جنگ تھی (اللہ اور رسول کے ساتھ)	۱۸۔	لَيَحْلِفُنَّ:	وہ ضرور قسمیں کھالیں گے
۱۹۔	لَاتَقُمْ:	تم کھڑے مت ہونا	۲۰۔	أُسِّسَ:	اس کی بنیاد رکھی گئی
۲۱۔	أَحَقُّ:	زیادہ حقدار	۲۲۔	مَنْ أُسِّسَ:	جس نے بنیاد رکھی
۲۳۔	بُنْيَانَ:	عمارت	۲۴۔	شَفَا:	کنارہ
۲۵۔	جُرُفٍ هَارٍ:	گرتے ہوئے ڈھانک	۲۶۔	اِنْهَارَبِهٖ:	وہ جا گرے اسے لے کر
۲۷۔	لَايَزَالُ:	وہ برابر رہے	۲۸۔	بَنَوْا:	انہوں نے بنائی
۲۹۔	رِيْبَةً:	شک	۳۰۔	تَقَطَّعَ:	وہ ٹکڑے نہیں ہوجاتے
۳۱۔	أَوْفٰى:	پورا کرنے والا	۳۲۔	اِسْتَبْشِرُوْا:	تم خوشی مناؤ
۳۳۔	بَايَعْتُمْ:	تم نے جو سودا اللہ سے کیا	۳۴۔	اَلْحَامِدُوْنَ:	حمد کرنے والے
۳۵۔	اَلسَّائِحُوْنَ:	روزہ رکھنے والے	۳۶۔	اَلنَّاهُوْنَ:	روکنے والے
۳۷۔	عَنْ مَّوْعِدَةٍ:	وعدہ کرنے کی وجہ سے	۳۸۔	تَبَرَّأَ:	وہ دستبردار ہوگئے
۳۹۔	أَوَّاهٌ:	آہیں بھرنے والے	۴۰۔	حَلِيْمٌ:	بردبار

مشق:۵۹

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار	بیانات
۱۔	حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے جس ستون کے ساتھ اپنے آپ کو باندھا تھا وہ اب مسجدِ نبوی میں موجود ہے اور اسے ....کہا جاتا ہے۔
۲۔	اگر کسی سے کوئی............ ہوجائے تو مایوس ہونے کے بجائے اسے توبہ کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔
۳۔	گناہ کے بعد اپنی غلطی پر تاویلیں کرنے کے بجائے ہر ممکن طریقہ سے اپنی غلطی پر............ کرنا چاہئے۔

۴۔ اُمت کے فقہا کا اجماع ہے کہ اسلامی ریاست کے ہر .... کو اپنے عوام سے زکوٰۃ وصول کرنے اور اسے صحیح مصارف پر خرچ کرنے کا حق حاصل ہے۔

۵۔ .... کے بعد بھی کسی شخص کو بے فکر ہو کر نہیں بیٹھنا چاہیئے بلکہ آئندہ زندگی میں اپنا طرزِ عمل درست کرنے کی فکر کرنی چاہیئے۔

۶۔ قبیلہ خزرج کا .... نامی شخص، جنگ بدر سے لے کر جنگ حنین تک تمام جنگوں میں مسلمانوں کے خلاف دشمن کی مدد اور تائید کرتا رہا۔

۷۔ قباء پہلی .... تھی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعمیر فرمائی۔

۸۔ مسجدِ قباء کی فضیلت بتائی گئی کہ اس میں نماز پڑھنے والے .... کا خاص خیال کرتے ہیں چاہے وہ ظاہری ہو یا اعمال واخلاق کی۔

۹۔ اللہ تعالیٰ کے تمام احکام .... کے پابند ہیں، اگر وہ ان حدود میں انجام دیئے جائیں تو عبادت ورنہ یہ ناپسندیدہ اور بعض اوقات گناہوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

۱۰۔ عبادت میں حدود کی تعلیم سیکھنے کا بہترین طریقہ اس کے سوا اور نہیں ہے کہ انسان کسی .... صحبت میں رہے۔

۱۱۔ کسی کافر کے لئے اس نیت سے مغفرت کی دعا کرنا .... ہے کہ اسے ایمان لانے کی توفیق ہو جائے اور اسی طرح اس کی مغفرت ہو جائے۔

ترجمہ کیجئے:

اِسْتَبْشِرُوْا	بُنْيَانَ	خَلَطُوْا	جُرُفٍ هَارٍ	مَرَدُوْا	أَوَّاهٌ
کنارہ	روکنے والے	جس نے بنیاد اٹھائی	تم کھڑے مت ہونا	اس کی بنیاد رکھی گئی	ملتوی کر دیا گیا
رِيْبَةً	ضِرَارًا	سَكَنٌ	اَلسَّائِحُوْنَ	تَبَرَّأَ	إِرْصَادًا
	تَفْرِيْقًا		بَنَوْا		

آیت نمبر ۱۱۷ تا ۱۲۹

الفاظ کے معنی:

۱۔	سَاعَةِ الْعُسْرِ:	مشکل گھڑی	۲۔	يَزِيْغُ:	ڈگمگا جائے
۳۔	اَلثَّلٰثَةِ:	تینوں	۴۔	خُلِّفُوْا:	ان کا فیصلہ ملتوی کر دیا گیا
۵۔	ضَاقَتْ:	وہ تنگ ہو گئی	۶۔	بِمَا رَحُبَتْ:	ساری وسعتوں کے باوجود
۷۔	لَايُصِيْبُ:	نہیں پہنچتی	۸۔	ظَمَاٌ:	پیاس
۹۔	نَصَبٌ:	تھکن	۱۰۔	مَخْمَصَةٌ:	بھوک
۱۱۔	يَطَئُوْنَ:	وہ اٹھاتے ہیں قدم	۱۲۔	مَوْطِئًا:	قدم
۱۳۔	لَايَنَالُوْنَ:	وہ نہیں پاتے	۱۴۔	نَيْلًا:	کامیابی
۱۵۔	لَايَقْطَعُوْنَ:	وہ پار نہیں کرتے	۱۶۔	وَادِيًا:	وادی
۱۷۔	لِيَنْفِرُوْا:	وہ نکل کھڑے ہوں	۱۸۔	كَافَّةً:	سب کے سب
۱۹۔	لَوْلَا نَفَرَ:	کیوں نہ نکلے	۲۰۔	لِيَتَفَقَّهُوْا:	وہ سمجھ بوجھ حاصل کرنے کے لئے محنت کرے
۲۱۔	لِيُنْذِرُوْا:	وہ متنبہ کرے	۲۲۔	يَحْذَرُوْنَ:	وہ بچ کر رہیں
۲۳۔	يَلُوْنَكُمْ:	وہ تمہارے قریب ہیں	۲۴۔	غِلْظَةً:	سختی
۲۵۔	يُفْتَنُوْنَ:	وہ آزمائش میں مبتلا ہوئے ہیں	۲۶۔	كُلَّ عَامٍ:	ہر سال
۲۷۔	اِنْصَرَفُوْا:	وہ اٹھ کر چلے جاتے ہیں	۲۸۔	صَرَفَ:	اس نے پھیر دیا
۲۹۔	عَزِيْزٌ:	گراں	۳۰۔	مَا عَنِتُّمْ:	جو تمہیں تکلیف پہنچتی ہے
۳۱۔	رَءُوْفٌ:	انتہائی شفیق	۳۲۔	حَسْبِيَ:	میرے لئے کافی ہے
۳۳۔	اَلْعَرْشِ:	عرش	۳۴۔	اَلْعَظِيْمِ:	عظیم
۳۵۔	مَنْ حَوْلَهُمْ:	جو ان کے اردگرد	۳۶۔	لَايَرْغَبُوْا "بِ":	وہ بے فکر ہو جائیں
۳۷۔	يَغِيْظُ:	وہ گھٹن ڈالے	۳۸۔	وَلْيَجِدُوْا:	اور وہ محسوس کریں
۳۹۔	اَيُّكُمْ:	تم میں کس کے	۴۰۔	رِجْسًا:	گندگی

مشق:۶۰

ہدایات: صحیح جواب کی نشاندہی درست (✓) کے نشان کے ذریعہ کیجئے۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ غزوۂ تبوک میں شریک ہونے والوں کو اللہ نے شاباشی کیوں دی؟

☐ الف: انہوں نے کٹھن حالات کے باوجود تبوک میں حصہ لیا

☐ ب: انہوں نے بغیر اسلحہ کے غزوہ لڑا

☐ ج: انہوں نے تعداد کی کمی کے باوجود غزوہ لڑا

۲۔ غزوۂ تبوک سے رہ جانے والے تین صحابہ کرام کو سچائی بیان کرنے پر کیا انعام ملا؟

☐ الف: انہیں جنت کی خوشخبری ملی

☐ ب: انہیں علاقوں کا گورنر بنایا گیا

☐ ج: ان کی توبہ قبول ہوئی اور تا قیامت ان کا تذکرہ قرآن میں ہے

۳۔ انسان کو کیسے لوگوں کی صحبت رکھنی چاہئے؟

☐ الف: صحابہ کے ساتھ

☐ ب: مسلمانوں کے ساتھ

☐ ج: سچے لوگوں کے ساتھ

۴۔ عام حالات میں جب تک امیر کی طرف سے نفیر عام کا حکم نہ ہو تو جہاد کا کیا حکم ہے؟

☐ الف: جہاد فرضِ عین ہے

☐ ب: جہاد فرضِ کفایہ ہے

☐ ج: جہاد نفلی ہے

۵۔ جو لوگ جہاد میں نہ جائیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

☐ الف: وہ علم دین حاصل کریں

☐ ب: وہ مجاہدین کے ساتھ مالی تعاون کریں

☐ ج: وہ مجاہدین کے جذبات کو ابھاریں

۶۔ جنگ کی نوبت آجائے تو اس کی ابتداء کن لوگوں سے کرے؟

☐ الف: کفار کے سرداروں سے

☐ ب: اپنے قریب لوگوں سے

☐ ج: جنگ کے ماہر لوگوں سے

۷۔ منافقین پر ہر سال مصیبت کیوں آتی تھی؟

- ☐ الف: وہ زکوٰۃ نہیں دیتے تھے
- ☐ ب: وہ نفلی صدقہ نہیں دیتے تھے
- ☐ ج: ان کو متنبہ کرنے کے لئے

۸۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس میں نئی سورت تلاوت کرتے تو منافقین کا ردِ عمل کیا ہوتا تھا؟

- ☐ الف: وہ بھاگنے کی کوشش کرتے
- ☐ ب: ان پر رقت طاری ہوجاتی
- ☐ ج: وہ اس کو یاد کرنے میں جلدی کرتے

ترجمہ کیجئے:

يَزِيْغُ	لَا يُصِيْبُ	صَرَفَ	يَحْذَرُوْنَ	ظَمَأٌ	عَزِيْزٌ
يَطَئُوْنَ	مَخْمَصَةٌ	لَوْلَا نَفَرَ	نَصَبٌ	مَاعَنِتُّمْ	غِلْظَةٌ
رِجْسًا	ضَاقَتْ	نَيْلًا	سَاعَةَ الْعُسْرِ	حَسْبِيَ	يَلُوْنَكُمْ
	يَغِيْظُ		خَلَفُوْا		

مشق:۶۱ اعادہ مشق : ۴۹ تا ۶۰

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے مختصر اُجوابات تحریر کریں۔

نمبر شمار

ا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش کہ ''جزیرۂ عرب میں دو دین باقی نہ رہیں'' پر کس طرح عمل کیا گیا؟

....

....

۲۔ غزوۂ حنین کی فتح کے اثرات کیا تھے؟

....

....

۳۔ جنگ حنین کس مقام پر لڑی گئی اور اس میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

....

....

۴۔ جنگ حنین میں کس قدر مالِ غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا؟

....

....

۵۔ غزوۂ تبوک انتہائی مشکل غزوہ کیوں تھا، تین وجوہات لکھئے؟

....

....

۶۔ جد بن قیس نے غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہونے کا کیا بہانہ تراشا تھا؟

....

....

۷۔ جذبہ جہاد سے سرشار جن صحابہ نے آپ سے سواری طلب کی، ان کے نام تحریر کریں؟

....

....

۸۔ وہ کون سے مخلص تین صحابہ تھے جو غزوۂ تبوک میں کسی عذر کے بغیر شرکت نہ کر سکے؟

....

....

۹۔ منافقین مسجدِ ضرار کی تعمیر سے کیا مقاصد حاصل کرنا چاہتے تھے؟

....

....

۱۰۔ مسجدِ نبوی میں موجود اسطوانۃ التوبہ کا کیا پس منظر ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

خَلَطُوْا	أَوَّاهٌ	حَرِّصْ	بَطَرًا	أَبْلِغْ	يُرْضُوْنَ
ثِقَالًا	يُحَادِدُ	سَقَطُوْا	أُقْعُدُوْا	لَأَعَدُّوْا	مَرَّتَيْنِ

سورۂ یونس مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اَنۡذِرۡ:	ڈراؤ	۲۔	قَدَمَ صِدۡقٍ:	صحیح بڑا پایہ (درجہ)
۳۔	یَبۡدَؤُا:	وہ شروع میں پیدا کرتا ہے	۴۔	اَلۡخَلۡقَ:	مخلوق
۵۔	یُعِیۡدُ:	وہ دوبارہ پیدا کرے گا	۶۔	حَمِیۡمٍ:	کھولتا ہوا پانی
۷۔	ضِیَآءً:	سراپا روشنی	۸۔	قَدَّرَ:	مقرر کردیں
۹۔	مَنَازِلَ:	منزلیں	۱۰۔	عَدَدَ السِّنِیۡنَ:	برسوں کی گنتی
۱۱۔	لَا یَرۡجُوۡنَ:	وہ توقع نہیں رکھتے	۱۲۔	دَعۡوٰی:	پکار
۱۳۔	تَحِیَّۃٌ:	خیر مقدم	۱۴۔	لَوۡ تُعَجِّلُ:	اگر وہ جلدی کرے
۱۵۔	اِسۡتِعۡجَالَ:	جلدی مانگنا	۱۶۔	جَنۡبٌ:	لیٹے
۱۷۔	کَشَفۡنَا:	ہم دور کردیتے ہیں	۱۸۔	ضُرٌّ، ضَرَّآءَ:	تکلیف
۱۹۔	مَرَّ:	وہ چل کھڑا ہوتا ہے	۲۰۔	کَاَنۡ لَّمۡ یَدۡعُنَا:	جیسے کبھی ہمیں پکارا ہی نہ ہو
۲۱۔	اَلۡمُسۡرِفِیۡنَ:	حد سے گزرنے والے	۲۲۔	اَلۡقُرُوۡنَ:	قومیں
۲۳۔	اِئۡتِ ’’بِ‘‘:	لے آؤ	۲۴۔	غَیۡرِ ھٰذَا:	کوئی اور
۲۵۔	بَدِّلۡ:	تم تبدیل کرو	۲۶۔	مَا یَکُوۡنُ لِیۡ:	مجھے حق نہیں پہنچتا
۲۷۔	تِلۡقَآءِ:	طرف	۲۸۔	لَا اَدۡرٰی:	نہ میں واقف کراتا
۲۹۔	قَدۡ لَبِثۡتُ:	میں بسر کرچکا ہوں	۳۰۔	اَتُنَبِّئُوۡنَ:	کیا تم خبر دے رہے ہو
۳۱۔	اِذَآ اَذَقۡنَا:	جب ہم چکھاتے ہیں	۳۲۔	اَسۡرَعُ:	زیادہ جلدی
۳۳۔	یُسَیِّرُ:	وہ سفر کراتا ہے	۳۴۔	جَرَیۡنَ ’’بِ‘‘:	وہ لے کر چلتی ہے
۳۵۔	عَاصِفٌ:	تیز آندھی	۳۶۔	اُحِیۡطَ:	وہ گھر گئے
۳۷۔	یَبۡغُوۡنَ:	وہ سرکشی کرتے ہیں	۳۸۔	زُخۡرُفَ:	زیور
۳۹۔	اِزَّیَّنَتۡ:	وہ خوشنما ہوگئی	۴۰۔	حَصِیۡدًا:	کٹی ہوئی کھیتی
۴۱۔	لَا یَرۡھَقُ:	وہ نہ چھائے گی	۴۲۔	قَتَرٌ:	سیاہی

مشق: ۶۲

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات کے نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار: **بیانات**

۱۔ کائنات کا یہ (الف: محیر العقول نظام) جس میں چاند، سورج اور ستارے ایسے (ب: نپے تلے حساب) کے پابند ہوکر کام کر رہے ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی (ج: قدرت کاملہ اور حکمتِ بالغہ) کی نشانی ہے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ اگر اس (الف: دنیوی زندگی) کے بعد (ب: آخرت کی عارضی زندگی) نہ ہو، جس میں نیک لوگوں کو اچھا صلہ اور برے لوگوں کو برائی کا بدلہ نہ ملے تو اس کائنات کی پیدائش (ج: بے مقصد) ہوکر رہ جاتی ہے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ اگر اللہ تعالیٰ ان کی خواہش کے مطابق (الف: ابھی عذاب) نازل کردے تو ان کو سوچنے سمجھنے کی جو مہلت دی گئی وہ ختم ہوجائے گی اور ان کا (ب: ایمان لانا) (ج: معتبر) ہوگا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ اللہ تعالیٰ کے (الف: نیک بندوں) کا یہ کام نہیں ہوتا کہ وہ کافروں کے اس قسم کے (ب: ہر مطالبے) کو پورا کریں اور ہر کس و ناکس کی فرمائش پر معجزات دکھائیں جب کہ ان کا مقصود صرف (ج: وقت گزاری ہو)

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ جب تک (الف: مصیبت) کا سامنا تھا تو اللہ ہی کو یاد کرتے اور جب اس کی (ب: رحمت) سے مصیبت ختم ہوجاتی تو اس کی اطاعت سے منہ موڑنے کے (ج: حیلے بہانے) تلاش کرتے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ سلامتی کے گھر سے مراد (الف: دنیا کا گھر) ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعوت تو (ب: تمام مخلوق) کو عام ہے کہ وہ (ج: ایمان وعمل صالح) کے ذریعے اسے حاصل کریں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ (الف: قبر) میں تمام بہترین نعمتوں کے علاوہ کچھ نعمتیں ایسی ہوں گی کہ اللہ تعالیٰ ان کو بیان بھی فرمادے تو ان کی (ب: لذت وحلاوت) کو (ج: انسان) محسوس ہی نہیں کرسکتا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸۔ اللہ تعالیٰ اپنا حجاب ہٹا کر اپنی (الف: زیارت) کرائیں گے تو اس وقت (ب: جنت والوں) کو محسوس ہوگا کہ یہ نعمت ان تمام نعمتوں سے زیادہ (ج: لذیذ اور محبوب) ہے جو انہیں اب تک عطا ہوئی ہیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

يَبۡدَؤُا	قَتَرٌ	لَآ أَدۡرٰى	قَدۡ لَبِثۡتُ	جَنۡبِ	دَعۡوٰى
ضِيَآءً	أُحِيۡطَ	يَبۡغُوۡنَ	حَصِيۡدًا	زُخۡرُفَ	عَاصِفٌ
اَلۡقُرُوۡنَ	لَا يَرۡهَقُ	عَدَدَ السِّنِيۡنَ	کھولتا ہوا پانی	طرف	تکلیف
	سراپا روشنی		پکار		

آیت نمبر ۲۷ تا ۷۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ عَاصِمٍ: بچانے والا

۲۔ أُغۡشِيَتۡ وُجُوۡهٌ: چہروں پر چڑھادی گئی

۳۔ قِطَعًا مُّظۡلِمًا: تہہ، اندھیری

۴۔ مَكَانَكُمۡ: اپنی جگہ ٹھہرو

۵۔ زَيَّلۡنَا: ہم ختم کردیں گے

۶۔ إِيَّانَا: ہماری ہی

۷۔ هُنَالِكَ: اس موقع پر

۸۔ تَبۡلُوۡا: وہ پرکھ لے گا

۹۔ أَسۡلَفَتۡ: اس نے ماضی میں جو کچھ کیا

۱۰۔ رُدُّوۡا: لوٹا دیا جائے گا

۱۱۔ أَمَّنۡ: کون ہے

۱۲۔ تُصۡرَفُوۡنَ: تمہیں الٹا لئے جا رہا ہے

۱۳۔ حَقَّتۡ: سچ ہوگئی

۱۴۔ تُؤۡفَكُوۡنَ: تمہیں اوندھا منہ لئے جا رہا ہے

۱۵۔ لَا يَهِدِّيۡ: اس کو راستہ نہ سوجھے

۱۶۔ لَا يُغۡنِيۡ: وہ کچھ نہیں دے سکتا

۱۷۔ تَأۡوِيۡلُهٗ: اس کا انجام

۱۸۔ يَسۡتَمِعُوۡنَ: وہ کان لگا کر سنتے ہیں

۱۹۔ كَأَنۡ لَّمۡ يَلۡبَثُوۡا: جیسے وہ نہیں رہے

۲۰۔ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ: دن کی ایک گھڑی

۲۱۔ يَتَعَارَفُوۡنَ: وہ آپس میں پہچانتے ہوں گے

۲۲۔ إِمَّا نُرِيَنَّ: اگر ہم دکھادیں

۲۳۔ نَتَوَفَّيَنَّكَ: ہم تمہاری روح قبض کرلیں

۲۴۔ اَلۡقِسۡطِ: انصاف

۲۵۔ مَتٰى: کب

۲۶۔ لَا يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ: وہ نہ پیچھے جاسکتے ہیں

۲۷۔ لَا يَسۡتَقۡدِمُوۡنَ: وہ نہ آگے آسکتے ہیں

۲۸۔ بَيَاتًا: رات کے وقت

۲۹۔	يَسْتَعْجِلُ:	وہ جلدی کا مطالبہ کررہے ہیں	۳۰۔	آلْئٰنَ:	اب مانے
۳۱۔	يَسْتَنْبِئُوْنَ:	وہ پوچھتے ہیں	۳۲۔	إِي وَرَبِّيْ:	ہاں، میرے رب کی قسم
۳۳۔	أَسَرُّوْا:	وہ چھپانا چاہے گا	۳۴۔	لَمَّا رَأَوُ:	جب وہ دیکھے گا
۳۵۔	أَلَا:	یادرکھو	۳۶۔	مَوْعِظَةٌ:	نصیحت
۳۷۔	آللّٰهُ أَذِنَ:	کیا اللہ نے اجازت دی	۳۸۔	مَاتَكُوْنُ:	تم ہوتے ہو
۳۹۔	شَأْنٍ:	حالت	۴۰۔	شُهُوْدًا:	دیکھتے رہنا
۴۱۔	تُفِيْضُوْنَ:	تم مشغول رہتے ہو	۴۲۔	مَايَعْزُبُ:	وہ پوشیدہ نہیں
۴۳۔	أَصْغَرَ:	چھوٹی	۴۴۔	يَخْرُصُوْنَ:	وہ اندازوں کے تیر چلاتے ہیں
۴۵۔	لِتَسْكُنُوْا:	تاکہ تم سکون حاصل کرو	۴۶۔	مُبْصِرًا:	دیکھنے کی صلاحیت دینے والا

مشق: ۶۳

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ مشرکین جن بتوں کی عبادت کرتے تھے، قیامت کے دن وہ بت ان کی عبادت کا انکار کیوں کریں گے؟

....

....

۲۔ مشرکین عرب کا اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا عقیدہ تھا، تحریر کریں؟

....

....

۳۔ قرآن کریم کا ماٴخذ کیا ہے؟

....

....

۴۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کس بات پر اکثر غمگین رہا کرتے تھے؟

....

....

۵۔ راہِ راست پر کون شخص آسکتا ہے؟

....

....

۶۔ قیامت میں انسانوں کے دوبارہ زندہ ہونے کو مشرکینِ عرب کیوں ناممکن سمجھتے تھے؟

....

....

۷۔ ایمان اور تقویٰ کی صفات کے حامل لوگوں کے لیے قرآن کریم میں کس انعام کا ذکر ہے اور وہ کب ملے گا؟

....

....

۸۔ اولاد کی ضرورت انسان کو کس وجہ سے ہوتی ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

لَا يَهِدِّیْ	مَا يَعْزُبُ	أَسَرُّوا	اَلْقِسْطِ	شَأْنٍ	يَتَعَارَفُوْنَ
يَسْتَمِعُوْنَ	تُؤْفَكُوْنَ	حَقَّتْ	يَخْرُصُوْنَ	بَيَاتًا	حَقَّتْ
	زَيَّلْنَا	سَاعَةً	عَاصِمٍ	تَبْلُوْا	

آیت نمبر ۷۱ تا ۱۰۹

الفاظ کے معنی:

۱۔ كَبُرَ: بھاری ہورہا ہے — ۲۔ مَقَامِیْ: میرا رہنا

۳۔ تَذْكِيْرِ: نصیحت کرنا — ۴۔ غُمَّةً: گھٹن

۵۔ اِقْضُوْا: تم (دل کھول کر) کرگذرو — ۶۔ اَلْمُنْذَرِيْنَ: خبردار کئے جانے والے

۷۔ اَلْكِبْرِيَاءُ: چودھراہٹ — ۸۔ مَاجِئْتُمْ ''بِ'': جو تم نے دکھایا (لایا)

۹۔ لَعَالٍ: زورآور — ۱۰۔ تَبَوَّا: تم بساؤ

۱۱۔	اِطْمِسْ:	تم تہس نہس کر دو	۱۲۔	اُشْدُدْ:	سخت کر دیجیے
۱۳۔	قَدْ اُجِيْبَتْ:	قبول کر لی گئی	۱۴۔	فَاسْتَقِيْمَا:	تم ثابت قدم رہو
۱۵۔	لَا تَتَّبِعٰٓنِّ:	ہرگز تم مت چلنا	۱۶۔	بَغْيًا:	ظلم
۱۷۔	عَدْوًا:	زیادتی	۱۸۔	اَدْرَكَ:	سر پر آ پہنچا
۱۹۔	نُنَجِّيْ:	ہم بچائیں گے	۲۰۔	خَلْفَ:	بعد کے لوگ
۲۱۔	لَقَدْ بَوَّاْنَا:	ہم نے بسایا	۲۲۔	مُبَوَّاَ صِدْقٍ:	صحیح معنی میں بسنے کی جگہ
۲۳۔	فَسْئَلِ:	تم تو پوچھو	۲۴۔	يَقْرَءُوْنَ:	وہ پڑھتے ہیں
۲۵۔	لَا تَكُوْنَنَّ:	تم شامل نہ ہونا	۲۶۔	اَلْمُمْتَرِيْنَ:	شک کرنے والے
۲۷۔	فَلَوْلَا كَانَتْ:	بھلا کیوں نہ ہوئی	۲۸۔	تُكْرِهُ:	تم زبردستی کرو گے
۲۹۔	مَا تُغْنِي:	کارآمد نہیں ہے	۳۰۔	اَنْ اَقِمْ:	تم قائم رہو
۳۱۔	اِذًا:	تو	۳۲۔	اَلنُّذُرُ:	آگاہ کرنے والے
۳۳۔	حَنِيْفًا:	یکسوئی	۳۴۔	لَا تَدْعُ:	تم مت پکارنا
۳۵۔	فَاِنْ فَعَلْتَ:	اگر تم ایسا کر بیٹھے	۳۶۔	اِنْ يَّمْسَسْكَ:	اگر وہ تمہیں پہنچائے
۳۷۔	كَاشِفَ:	دور کرنے والا	۳۸۔	رَآدَّ:	پھیرنے والا
۳۹۔	اِهْتَدٰى:	ہدایت کا راستہ اپنائے گا	۴۰۔	يَهْتَدِيْ:	وہ ہدایت پائے گا

مشق: ۶۴

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ .... پر بنی اسرائیل کے کچھ نوجوان ایمان لائے تھے اور وہ بھی فرعون اور اس کے سرداروں سے ڈرتے ڈرتے۔

(۱) حضرت ہارون علیہ السلام (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام (۳) حضرت یوشع علیہ السلام

۲۔ بنی اسرائیل کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ ابھی .... ہجرت نہ کریں بلکہ اپنے گھروں میں ہی رہیں۔

(۲) فلسطین (۲) عراق (۳) مصر

۳۔ قانونِ قدرت یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا عذاب سر پر آ کر آنکھوں سے نظر آنے لگے یا کسی نزع کا عالم طاری ہو جائے تو .... کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔

(۱) رزق (۲) توبہ (۳) ہوش وحواس

۴۔ مؤرخین کی تحقیق ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے فرعون کا نام............................ تھا۔

(۱) منفتاح (۲) سامری (۳) ذوالقرنین

۵۔ جب آسمانی کتابوں کے ذریعے یہ علم آ گیا کہ آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اس وقت انہوں نے دین حق سے............................ شروع کر دیا۔

(۱) اتفاق (۲) اختلاف (۳) قریب ہونا

۶۔ .... کی قوم ایسی تھی کہ وہ عذاب کے نازل ہونے سے ذرا پہلے ایمان لے آئی تھی اس لئے ان کے ایمان کو منظور کرنے کے بعد ان پر عذاب ہٹالیا گیا۔

(۱) حضرت نوح علیہ السلام (۲) حضرت ادریس علیہ السلام (۳) حضرت یونس علیہ السلام

۷۔ اللہ تعالیٰ نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ آپ ان کفار سے کہہ دیں کہ: میرا کام............................ ہے، ماننا یا نہ ماننا تمہارا کام ہے اور تمہارے کفر اور بداعمالیوں کی مجھ سے پوچھ نہیں ہوگی۔

(۱) معجزات دکھانا (۲) دعوت وتبلیغ (۳) سمجھانا

۸۔ .... میں حکم یہ تھا کہ کفار کی طرف سے پہنچنے والی ہر تکلیف پر صبر کیا جائے، ہاتھوں سے انتقام لینے کی اجازت نہیں تھی۔

(۱) مدنی زندگی (۲) مکی زندگی (۳) اسلام سے قبل

ترجمہ کیجئے:

كَبُرَ	رَادَّ	تُكْرِهُ	بَغْيًا	إِقْضُوْا	اَلنُّذُرُ
مَا تُغْنِيْ	أَدْرَكَ	إِطْمِسْ	تَبَوَّا	قَدْ أُجِيْبَتْ	مَقَامِيْ
إِذاً	عَدْوًا	خَلْفَ	چودھراہٹ	یکسوئی	زوردار

سورۂ ہود مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اُحۡکِمَتۡ:	مضبوط کیا گیا	۲۔	فُصِّلَتۡ:	تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا
۳۔	مِنۡ لَّدُنۡ:	طرف سے	۴۔	یُؤۡتِ:	وہ دے گا
۵۔	یَثۡنُوۡنَ:	وہ دوہرا کر لیتے ہیں	۶۔	لِیَسۡتَخۡفُوۡا:	تا کہ وہ چھپے
۷۔	یَسۡتَغۡشُوۡنَ:	وہ لپیٹتے ہیں	۸۔	ثِیَابَ:	کپڑے
۹۔	وَمَا مِنۡ دَآبَّۃٍ:	اور چلنے والا کوئی جاندار نہیں	۱۰۔	مُسۡتَقَرَّ:	مستقل ٹھکانہ
۱۱۔	مُسۡتَوۡدَعَ:	عارضی ٹھکانہ	۱۲۔	لِیَبۡلُوَ:	تا کہ وہ آزمائے
۱۳۔	اَخَّرۡنَا:	ہم مؤخر کر دیں	۱۴۔	اُمَّۃٍ مَّعۡدُوۡدَۃٍ:	کچھ عرصہ
۱۵۔	مَا یَحۡبِسُ:	کس چیز نے روک رکھا ہے	۱۶۔	لَیۡسَ مَصۡرُوۡفًا:	ٹلائے نہیں ٹلے گی
۱۷۔	حَاقَ ''بِ'':	وہ گھیر لے گی	۱۸۔	نَزَعۡنَا:	ہم پھر واپس لے لیتے ہیں
۱۹۔	یَئُوۡسٌ:	مایوس	۲۰۔	کَفُوۡرٌ:	ناشکرا
۲۱۔	نَعۡمَآءَ:	نعمتیں	۲۲۔	فَرِحٌ ''فَخُوۡرٌ'':	اترانا، شیخی بھگارنا
۲۳۔	لَعَلَّکَ:	ممکن ہے کہ تو چھوڑ بیٹھے	۲۴۔	ضَآئِقٌ:	تنگ ہونے والا
۲۵۔	مُفۡتَرَیَاتٍ:	گھڑی ہوئی	۲۶۔	اِلَّمۡ یَسۡتَجِیۡبُوۡا:	اگر وہ قبول نہ کرے
۲۷۔	لَا یُبۡخَسُوۡنَ:	کمی نہیں ہوگی	۲۸۔	صَنَعُوۡا:	انہوں نے کارگزاری کی
۲۹۔	اَلۡاَحۡزَابِ:	گروہوں	۳۰۔	لَاتَکُ:	تم مت پڑو
۳۱۔	مِرۡیَۃٍ:	شک	۳۲۔	یُعۡرَضُوۡنَ:	ان کی پیشی ہوگی
۳۳۔	اَلۡاَشۡھَادُ:	گواہی دینے والے	۳۴۔	مُعۡجِزِیۡنَ:	بچ کر نکلنے والے
۳۵۔	یُضٰعَفُ:	دوگنا کر دیا جائے گا	۳۶۔	لَاجَرَمَ:	لامحالہ
۳۷۔	اَلۡاَخۡسَرُوۡنَ:	نقصان اٹھانے والے	۳۸۔	اَخۡبَتُوۡا:	وہ جھک گئے
۳۹۔	مَوۡعِدُ:	طے شدہ جگہ	۴۰۔	ھَلۡ یَسۡتَوِیٰنِ:	کیا وہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں

مشق: ۶۵

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی (✓) یا (✗) کے نشان کے ذریعے کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	جب انسان خدا تعالیٰ کی نافرمانی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے قہر اور عذاب کا مستحق ہو جائے، تو چاہے وہ کتنے بڑے پیغمبر سے قریبی رشتہ رکھتا ہو اس کا یہ رشتہ اسے عذابِ الٰہی سے نہیں بچا سکتا۔
۲۔	☐	سورۂ ہود میں عذابِ الٰہی کے واقعات اتنے مؤثر انداز میں بیان ہوئے کہ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی سورتوں نے بوڑھا کر دیا۔
۳۔	☐	"اللہ سے رجوع کرنے" کا مطلب صرف معافی مانگ لینا نہیں بلکہ آئندہ کے لئے گناہوں سے بچنے اور اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل نہ کرنے کا عزم بھی ضروری ہے۔
۴۔	☐	مفسرین نے فرمایا کہ آسمانوں سے مراد عالم بالا کی تمام چیزیں ہیں اور زمین سے مراد نیچے کی تمام چیزیں ہیں۔
۵۔	☐	انسان کو اعمال میں خشوع وخضوع سے زیادہ اعمال کی گنتی کی فکر کرنی چاہیئے۔
۶۔	☐	کوئی مسلمان کوئی نیک کام صرف دنیوی شہرت یا دولت کے حصول کے لئے کرے تو اسے دنیا میں شہرت یا دولت مل سکتی ہے، اور ساتھ ساتھ اس کا ثواب آخرت میں بھی ملتا ہے۔
۷۔	☐	قرآن کریم کی حقانیت کا ثبوت تو خود قرآن کریم کا اعجاز ہے کہ ساری دنیا کو اس جیسا کلام بنا کر لانے کا چیلنج دیا گیا مگر کوئی آگے نہ بڑھا۔
۸۔	☐	آخرت میں وہی نیکی معتبر ہے جو لوگوں کو دکھانے کی نیت سے کی گئی ہو۔

ترجمہ کیجئے:

يُعْرَضُوْنَ	لَاجَرَمَ	مَايَحْبِسُ	يَئُوْسٌ	لَا يُبْخَسُوْنَ	أَخْبَتُوْا
يُؤْتِ	يُضَاعِفُ	نَزَعْنَا	مَوْعِدُ	لِيَبْلُوَا	اَلْأَحْزَابِ

آیت نمبر ۲۵ تا ۴۹

الفاظ کے معنی:

۱۔ أَرَاذِلُ: بے حیثیت لوگ
۲۔ بَادِيَ الرَّأْيِ: سطحی طور پر رائے قائم کرنے والے
۳۔ عُمِّيَتْ: سجھائی نہیں دے رہی
۴۔ أَنُلْزِمُ: کیا ہم زبردستی مسلط کردیں
۵۔ طَارِدِ: دھتکارنے والا
۶۔ تَزْدَرِيْ: وہ حقیر سمجھتی ہیں
۷۔ أَنْ يُّغْوِيَ: وہ گمراہ کرے
۸۔ إِجْرَامِيْ: میرا جرم
۹۔ لَا تَبْتَئِسْ: تو صدمہ نہ کر
۱۰۔ إِصْنَعْ: تم بناؤ
۱۱۔ أَعْيُنِنَا: ہماری نگرانی
۱۲۔ لَا تُخَاطِبْ: تم بات نہ کرنا
۱۳۔ كُلَّمَا مَرَّ: جب بھی وہ گزرتے
۱۴۔ يُخْزِيْ: وہ رسوا کردے گا
۱۵۔ يَحِلُّ: وہ نازل ہونے والا
۱۶۔ فَارَ: وہ اُبل پڑا
۱۷۔ إِرْكَبُوْا: تم سوار ہوجاؤ
۱۸۔ مَجْرٖهَا: اس کا چلنا
۱۹۔ مُرْسٰهَا: اس کا لنگر ڈالنا
۲۰۔ مَعْزِلٍ: الگ
۲۱۔ سَاٰوِيْ: میں پناہ لوں گا
۲۲۔ يَعْصِمُنِيْ: وہ مجھے بچادے
۲۳۔ حَالَ: وہ حائل ہوگئی
۲۴۔ إِبْلَعِيْ: (اے زمین) تو نگل لے
۲۵۔ أَقْلِعِيْ: (اے آسمان) تو تھم جا
۲۶۔ غِيْضَ: وہ تھم گیا
۲۷۔ اِسْتَوَتْ: وہ آ ٹھہری
۲۸۔ الْجُوْدِيِّ: جودی (ایک پہاڑ کا نام)
۲۹۔ بُعْدًا: بربادی
۳۰۔ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ: ناپاک عمل کا پلندہ
۳۱۔ لَا تَسْئَلْنِ: تم مت مانگو
۳۲۔ أَعِظُ: میں نصیحت کرتا ہوں
۳۳۔ اِهْبِطْ: اتر جاؤ
۳۴۔ سَنُمَتِّعُ: ہم لطف اٹھانے کا موقع دیں گے
۳۵۔ إِنْ تَسْخَرُوْا: اگر تم ہنستے ہو
۳۶۔ مُلٰقُوْا: ملاقات کرنے والے

مشق:۶۶

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے دیں۔

نمبر شمار　　بیانات

۱۔ کسی نبی یا ولی کا کام کیا ہوتا ہے؟

(۱) وہ لوگوں کے عقائد اور اعمال و اخلاق کی اصلاح کرے۔

(۲) وہ لوگوں کی زکوٰۃ وصول کر کے اسے صحیح مصرف میں خرچ کرے

(۳) وہ لوگوں کو معجزات اور کرامات دکھائے

۲۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

(۱) ایک ہزار سال

(۲) ۸ سو سال

(۳) ۶ سو سال

۳۔ سب سے پہلے کشتی سازی کی صنعت کس نے ایجاد کی؟

(۱) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے

(۲) حضرت شیث علیہ السلام نے

(۳) حضرت نوح علیہ السلام نے

۴۔ حضرت نوح علیہ السلام کو کفار پر ہنسی کیوں آئی؟

(۱) مال و دولت میں ان کی رغبت کو دیکھ کر

(۲) عذاب ان کے سر پر آ پہنچا تھا اور وہ دل لگی کر رہے تھے

(۳) ان کی مزاحیہ حرکتوں کو دیکھ کر

۵۔ طوفانِ نوح کی ابتداء کس سے ہوئی؟

(۱) آسمان سے بارش برسی

(۲) تیز آندھی سے

(۳) سطح زمین سے پانی نکلنے سے

۶۔ کشتی میں تمام جانوروں کے جوڑے کیوں سوار کیے؟

(۱) تاکہ وہ کام آسکیں

(۲) تاکہ ان کی نسل باقی رہے

(۳) تاکہ ان کی دل لگی رہے

۷۔ ''جودی'' پہاڑ کس علاقے میں واقع ہے؟

(۱) مغربی فلسطین

(۲) جنوبی شام

(۳) شمالی عراق

ترجمہ کیجئے:

یَحِلُّ	اِهْبِطْ	سَاٰوِیْ	لَا تُخَاطِبْ	اِصْنَعْ	فَازَ
حَالَ	أَعِظُ	لَا تَبْتَئِسْ	اِبْلَعِیْ	غِیْضَ	طَارِدِ
مَعْزِلٍ	بُعْدًا	أَرَاذِلُ	میرا جرم	توتھم جا	وہ رسوا کردے گا
	وہ آٹھہری		اُتر جاؤ		

آیت نمبر ۵۰ تا ۷۶

الفاظ کے معنی:

۱۔ مُفْتَرُوْنَ: جھوٹی باتیں تراشنے والے
۲۔ مِدْرَارًا: موسلا دھار بارشیں
۳۔ تَارِکِیْ: چھوڑنے والے
۴۔ اِعْتَرٰی: اس نے بری طرح جھپٹے میں لے لیا
۵۔ اٰخِذٌ: (پکڑنے والا) قبضہ کرنے والا
۶۔ نَاصِیَۃِ: چوٹی (بادلوں کی چٹیا)
۷۔ یَسْتَخْلِفُ: وہ تمہاری جگہ بسا دے گا
۸۔ جَحَدُوْا: انہوں نے انکار کیا
۹۔ عَنِیْدٍ: پکا دشمن
۱۰۔ أُتْبِعُوا: پیچھے لگا دی گئی
۱۱۔ أَنْشَأَ: اس نے پیدا کیا
۱۲۔ اِسْتَعْمَرَ: اس نے آباد کیا
۱۳۔ مُجِیْبٌ: دعائیں قبول کرنے والا
۱۴۔ مَرْجُوًّا: وابستہ امیدیں
۱۵۔ أَتَنْهٰی: کیا تم منع کرتے ہو
۱۶۔ تَخْسِیْرٍ: بربادی
۱۷۔ عَقَرُوْا: انہوں نے مار ڈالا
۱۸۔ غَیْرُ مَکْذُوْبٍ: اس کو جھوٹا نہیں کر سکتا
۱۹۔ خِزْیِ: رسوائی
۲۰۔ اَلصَّیْحَۃُ: چنگھاڑ
۲۱۔ أَصْبَحُوْا: وہ رہ گئے
۲۲۔ جٰثِمِیْنَ: اوندھے گرے ہوئے
۲۳۔ کَأَنْ لَّمْ یَغْنَوْا: جیسے وہ بسے ہی نہ تھے
۲۴۔ مَا لَبِثَ: دیر نہیں گذری
۲۵۔ حَنِیْذٍ: بھنا ہوا
۲۶۔ لَا تَصِلُ: وہ نہیں بڑھ رہے
۲۷۔ نَکِرَ: وہ کھٹک گئے
۲۸۔ أَوْجَسَ: انہوں نے دل میں محسوس کیا
۲۹۔ خِیْفَۃً: خوف
۳۰۔ ضَحِکَتْ: وہ ہنس پڑی
۳۱۔ وَرَاءِ: بعد
۳۲۔ شَیْخًا: بوڑھا

۳۳۔	ءَأَلِدُ:	کیا میں بچہ جنوں گی	۳۴۔	عَجُوزٌ:	بوڑھی
۳۵۔	بَعْلِي:	میرے شوہر	۳۶۔	شَيْخًا:	بوڑھا
۳۷۔	أَتَعْجَبِينَ:	کیا آپ تعجب کررہی ہیں	۳۸۔	أَهْلَ الْبَيْتِ:	مقدس گھرانہ
۳۹۔	اَلرَّوْعُ:	گھبراہٹ	۴۰۔	مُنِيبٌ:	لولگانے والے

مشق: ۶۷

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

نمبر شمار　　بیانات

۱۔ روشن دلیل سے قوم ہود کی مراد ان کے .... تھے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے سیدھا راستہ مقرر کیا ہے اور اسی پر چلنے سے .... ملتا ہے۔

۳۔ .... سے مراد اللہ تعالیٰ کا بھیجا ہوا عذاب ہے جو قومِ ہود تیز آندھی اور ہوا کے طوفان کی صورت میں بھیجا گیا۔

۴۔ نبوت کے اعلان سے قبل حضرت صالح علیہ السلام کو پوری قوم بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھتی تھی اور انہیں اپنا .... بنانے کا ارادہ کیا تھا۔

۵۔ قومِ ثمود پر سات راتوں اور آٹھ دن تک مسلسل .... چلتی رہی، اس کے ساتھ ساتھ چنگھاڑ جیسی خوفناک آواز بھی تھی۔

۶۔ اللہ تعالیٰ نے .... دو کاموں کے لئے بھیجے کہ ایک حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کی خوشخبری دیں، دوسرا حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر عذاب نازل کریں۔

۷۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں رسم تھی کہ اگر مہمان کھانا نہ کھاتا تو یہ علامت تھی کہ وہ .... ہے۔

۸۔ حضرت لوط علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے .... تھے اور ان پر عراق میں ایمان لائے۔

ترجمہ کیجئے:

اِسْتَعْمَرَ	عَنِيدٍ	نَكِرَ	بَعْلِي	عَجُوزٌ	عَقَرُوْا
جَحَدُوْا	تَخْسِيرٍ	أَوْجَسَ	اِعْتَرٰى	لَاتَصِلُ	مَرْجُوًّا

آیت نمبر ۷۷ تا ۹۵

الفاظ کے معنی:

۱۔	سِیْٓءَ:	وہ گھبرائے	۲۔	ضَاقَ:	وہ پریشان ہوئے
۳۔	ذَرْعًا:	دل	۴۔	عَصِیْبٌ:	کٹھن
۵۔	یُهْرَعُوْنَ:	وہ دوڑتے ہوئے آئے	۶۔	بَنَاتِ:	بیٹیاں
۷۔	لَا تُخْزُوْنِ:	مجھے رسوا نہ کرو	۸۔	ضَیْفِیْ:	میرے مہمان
۹۔	رَجُلٌ رَّشِیْدٌ:	بھلا آدمی	۱۰۔	مَا نُرِیْدُ:	جو ہم چاہتے ہیں
۱۱۔	رُکْنٍ شَدِیْدٍ:	مضبوط سہارا	۱۲۔	لَنْ یَّصِلُوْٓا:	وہ ہرگز رسائی حاصل نہ کریں گے
۱۳۔	قِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ:	رات کا حصہ	۱۴۔	لَا یَلْتَفِتْ:	وہ پیچھے مڑ کر نہ دیکھے
۱۵۔	مُصِیْبُ:	مصیبت آنے والی	۱۶۔	عَالِیَهَا:	اس کا اوپر کا حصہ
۱۷۔	سَافِلَهَا:	اس کے نیچے کا حصہ	۱۸۔	سِجِّیْلٍ:	پکی مٹی کے کنکر
۱۹۔	مَنْضُوْدٍ:	تہہ بر تہہ	۲۰۔	مُسَوَّمَةً:	نشان لگے ہوئے
۲۱۔	بَعِیْدٍ:	دور	۲۲۔	لَا تَنْقُصُوْا:	تم کمی مت کرو
۲۳۔	خَیْرٍ:	خوشحالی	۲۴۔	یَوْمٍ مُّحِیْطٍ:	چاروں طرف سے گھیرنے والا دن
۲۵۔	لَا تَبْخَسُوْا:	تم نہ گھٹاؤ	۲۶۔	لَا تَعْثَوْا:	تم مت پھرو
۲۷۔	بَقِیَّتُ اللّٰهِ:	اللہ کا دیا بچ رہے	۲۸۔	لَا یَجْرِمَنَّ:	وہ نہ پہنچا دے
۲۹۔	شِقَاقِیْ:	میرے ساتھ ضد	۳۰۔	وَدُوْدٌ:	بہت محبت کرنے والا
۳۱۔	مَا نَفْقَهُ:	ہمیں سمجھ میں نہیں آتی	۳۲۔	لَوْلَا رَهْطُكَ:	اگر تمہارا خاندان نہ ہوتا
۳۳۔	رَجَمْنٰكَ:	ہم پتھر مار مار کر ہلاک کر دیتے	۳۴۔	اَعَزُّ:	زیادہ ہے
۳۵۔	ظِهْرِیًّا:	پس پشت	۳۶۔	اِرْتَقِبُوْا:	تم انتظار کرو
۳۷۔	رَقِیْبٌ:	انتظار کرنے والا	۳۸۔	كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا:	گویا وہ کبھی آباد نہ تھے

آیت نمبر ۹۶ تا ۱۲۳

الفاظ کے معنی:

۱۔	يَقْدُمُ:	وہ آگے آگے ہوگا	۲۔	أَوْرَدَ:	اس نے لا اتارا
۳۔	اَلْوِرْدُ:	گھاٹ	۴۔	اَلْمَوْرُوْدُ:	جس پر کوئی اترے
۵۔	اَلرِّفْدُ:	صلہ	۶۔	اَلْمَرْفُوْدُ:	جس کو دیا جائے (صلہ)
۷۔	حَصِيْدٌ:	کٹی ہوئی فصل	۸۔	مَا أَغْنَتْ:	وہ کام نہ آئے
۹۔	تَتْبِيْبٍ:	تباہی	۱۰۔	مَجْمُوْعٌ:	جمع کیا جائے گا
۱۱۔	يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ:	کھلی آنکھوں سے دیکھا جانے والا دن	۱۲۔	مَا نُؤَخِّرُ:	ہم نے ملتوی نہیں کیا
۱۳۔	أَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ:	گنی چنی مدت	۱۴۔	شَقِيٌّ:	بدحال
۱۵۔	سَعِيْدٌ:	خوشحال	۱۶۔	شَقُوْا:	وہ بدحال ہوں گے
۱۷۔	زَفِيْرٌ:	چیخنا	۱۸۔	شَهِيْقٌ:	چلانا
۱۹۔	مَادَامَتْ:	ہمیشہ ہمیشہ	۲۰۔	فَعَّالٌ:	وہ عمل کرتا ہے اچھی طرح
۲۱۔	سُعِدُوْا:	وہ خوشحال ہوں گے	۲۲۔	عَطَاءً:	عطا
۲۳۔	غَيْرَ مَجْذُوْذٍ:	ختم نہ ہونے والی	۲۴۔	مِرْيَةٍ:	شک
۲۵۔	مُوَفُّوْا:	چکا دیں گے	۲۶۔	نَصِيْبَ:	حصہ
۲۷۔	غَيْرَ مَنْقُوْصٍ:	کوئی کمی نہ ہوگی	۲۸۔	لَا تَطْغَوْا:	تم حد سے نہ نکلو
۲۹۔	لَا تَرْكَنُوْا:	تم مت جھکنا	۳۰۔	طَرَفَيِ:	دونوں سر (دونوں طرف)
۳۱۔	زُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ:	رات کا کچھ حصہ	۳۲۔	اَلْحَسَنٰتِ:	نیکیاں
۳۳۔	اَلسَّيِّئَاتِ:	برائیاں	۳۴۔	اَلْقُرُوْنِ:	امتیں
۳۵۔	أُولُوْا بَقِيَّةٍ:	بچی کچھی سمجھ والے لوگ	۳۶۔	أُتْرِفُوْا:	ان کو عیش و عشرت دیا گیا
۳۷۔	لَا يَزَالُوْنَ:	وہ ہمیشہ رہیں گے	۳۸۔	لَأَمْلَئَنَّ:	میں بھر دوں گا
۳۹۔	نُثَبِّتُ:	ہم تقویت پہنچائیں	۴۰۔	فُؤَادَكَ:	آپ کے دل

مشق: ۶۹

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ فرعون کا ملک مصر، فرعون کے غرق ہونے کے بعد بھی باقی رہا، اور عاد وثمود اور قوم لوط علیہ السلام کی بستیاں ایسی تباہ ہوئیں کہ بعد میں آباد نہ ہو سکیں۔ ....

۲۔ کسی کے عذاب وثواب کا تمام تر فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے، کسی کی فرمائش یا سفارش کا اس میں معمولی سا دخل ہے۔ ....

۳۔ کافروں کو عذاب دینا اللہ تعالیٰ کی مجبوری نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہے۔ ....

۴۔ دن کے دونوں سروں سے مراد فجر اور عصر کی نمازیں ہیں، بعض مفسرین کے نزدیک فجر اور مغرب کی نمازیں مراد ہیں۔ ....

۵۔ انسانوں سے جو صغیرہ گناہ سرزد ہوتے ہیں، ان کا کفارہ ان نیک کاموں سے ہوتا رہتا ہے جو انسان ان کے بعد کرتا ہے۔ ....

۶۔ وضو، نماز اور دوسروں کاموں کی خاصیت یہ ہے کہ وہ انسان کے بڑے بڑے گناہوں کو مٹاتے رہتے ہیں۔ ....

۷۔ اگر تم ان بڑے بڑے گناہوں سے پرہیز کرو جن سے تمہیں روکا گیا ہے تو تمہاری چھوٹی برائیوں کا ہم خود کفارہ کر دیں گے۔ ....

ترجمہ کیجئے:

لَاتَطْغَوْا	اَلْوِرْدُ	اُتْرِفُوْا	شَهِيْقٌ	لَاتَرْكَنُوْا	اَلرِّفْدُ
شَقُوْا	زَفِيْرٌ	مَآاَغْنَتْ	حَصِيْدٌ	مَانُؤَخِّرُ	لَايَزَالُوْنَ
اُولُوْابَقِيَّةٍ		مِرْيَةٍ		اَلسَّيِّئَاتِ	

مشق: ۷۰ اعادہ مشق: ۶۲ تا ۶۹

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی لائن میں مختصر طور پر تحریر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ کائنات کی پیدائش کب بے مقصد ہو کر رہ جاتی ؟

....

....

۲۔ قرآن کریم کا مأخذ کیا ہے؟

....

....

۳۔ کن وجوہات کی بنیاد پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے لئے بددعا کی؟

۴۔ مشرکین عرب کو قرآن مجید کے جھٹلانے پر کون سے چیلنج دیا گیا؟

۵۔ کسی نبی یا ولی کی تعلیمات کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

۶۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کی حفاظت کی جو دعا مانگی تھی اللہ تعالیٰ نے اس کا کیا جواب دیا؟

۷۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مہمان بن کر آنے والے دو فرشتوں سے خوف کیوں محسوس کیا؟

۸۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو نصیحت کرتے وقت خوشحالی کا تذکرہ کیوں فرمایا؟

۹۔ صغیرہ گناہوں کا کفارہ کیا ہے؟

۱۰۔ اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو ایک دین کا پابند کیوں نہیں بنایا؟

ترجمہ کیجئے:

حَصِيدًا	لَايَلْتَفِتْ	أَعِظُ	يُخْزِىْ	عَنِيْدٍ	يُعْرَضُوْنَ
تُفِيْضُوْنَ	ضَحِكَتْ	تَبَوَّا	رَجَمْنَا	إِطْمِسْ	ضَائِقٌ

سورۂ یوسف مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	أَحَدَ عَشَرَ:	گیارہ	۲۔	رُؤْیَا:	خواب
۳۔	یَکِیۡدُوۡا:	وہ سازش تیار کریں گے	۴۔	یَجۡتَبِیۡكَ:	وہ تمہیں منتخب کرے گا
۵۔	تَأۡوِیۡلَ الۡاَحَادِیۡثِ:	باتوں کا صحیح مطلب	۶۔	عُصۡبَةٌ:	مضبوط جتھا
۷۔	یُتِمُّ:	وہ پوری کرے گا	۸۔	اِطۡرَحُوۡا:	اس کو پھینک دو
۹۔	یَخۡلُ:	وہ خالص ہو جائے	۱۰۔	غَیٰبَتِ الۡجُبِّ:	اندھا کنواں
۱۱۔	یَلۡتَقِطۡ:	وہ اٹھا کرلے جائے	۱۲۔	بَعۡضُ السَّیَّارَةِ:	کوئی قافلہ
۱۳۔	لَا تَأۡمَنَّا:	آپ اطمینان نہیں کرتے	۱۴۔	غَداً:	کل
۱۵۔	یَرۡتَعۡ:	وہ کھائے پیے	۱۶:	لَیَحۡزُنُنِیۡ:	تو مجھے غم ہوگا
۱۷۔	اَلذِّئۡبُ:	بھیڑیا	۱۸۔	أَجۡمَعُوۡا:	انہوں نے طے کر رکھا تھا
۱۹۔	یَبۡکُوۡنَ:	وہ روتے ہوئے	۲۰۔	نَسۡتَبِقُ:	ہم دوڑنے کا مقابلہ کر رہے تھے
۲۱۔	سَوَّلَتۡ:	اس نے بات نکالی ہے	۲۲۔	جَمِیۡلٌ:	بہتر
۲۳۔	اَلۡمُسۡتَعَانُ:	مددگار	۲۴۔	تَصِفُوۡنَ:	تم باتیں بنا رہے ہو
۲۵۔	وَارِدَ:	پانی لانے والا	۲۶۔	أَدۡلٰی:	اس نے ڈالا
۲۷۔	دَلۡوَ:	ڈول	۲۸۔	یٰبُشۡرٰی:	خوشخبری سنو
۲۹۔	غُلَامٌ:	لڑکا	۳۰۔	أَسَرُّوۡا:	انہوں نے چھپالیا
۳۱۔	بِضَاعَةً:	تجارت کا مال	۳۲۔	ثَمَنٍۭ بَخۡسٍ:	کم قیمت
۳۳۔	مَعۡدُوۡدَةٍ:	چند	۳۴۔	اَلزَّاهِدِیۡنَ:	دلچسپی نہیں تھی

مشق:۱۷

ہدایات: نیچے دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ:
(۱) حضرت یوسف علیہ السلام (۲) بہترین قصہ (۳) جھکیں
(۴) حسد (۵) بھیڑیئے (۶) پتھر
(۷) اسرائیل (۸) نبوت (۹) تسلی

نمبر شمار:

۱۔ بنی اسرائیل کے جدامجد حضرت یعقوب علیہ السلام تھے، انہی کا دوسرا نام .... بھی تھا۔

۲۔ سورۂ یوسف کی خصوصیت ایک یہ ہے کہ اس میں .... کا پورا واقعہ ایک تسلسل میں تفصیل کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔

۳۔ مکہ مکرمہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جن تکالیف کا سامنا تھا، ان کے پیش نظر سورۂ یوسف میں .... کا سامان ہے۔

۴۔ اس واقعے میں مسلمان کے لئے بہت سے سبق ہیں اور شاید اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو .... قرار دیا ہے۔

۵۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کو اندیشہ ہوا کہ دوسرے سوتیلے بھائی .... میں آکر یوسف علیہ السلام کے خلاف کوئی کاروائی نہ کر بیٹھیں۔

۶۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹے حضرت یوسف علیہ السلام کو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں .... سے سرفراز کر کے تمہیں بہت سے مزید نعمتوں سے نوازے گا۔

۷۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو کسی ذریعے سے بتایا کہ گھبراؤ نہیں ایک وقت آنے والا ہے کہ یہ لوگ تمہارے آگے .... گے۔

۸۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کو یہ بات یقین سے معلوم ہوگئی تھی .... کے کھانے کی بات محض افسانہ ہے۔

۹۔ جب حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں ڈالا گیا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ .... پر جا بیٹھے تھے۔

ترجمہ کیجئے:

رُؤْيَا	عُصْبَةٌ	يَلْتَقِطْ	غَدًا	الذِّئْبُ	أَجْمَعُوْا
يَبْكُوْنَ	نَسْتَبِقُ	أَدْلٰى	أَسَرُّوْا	بِضَاعَةٍ	الزَّاهِدِيْنَ
تَصِفُوْنَ	دَلْوَ	مَعْدُوْدَةٍ	لَا تَأْمَنَّا	اِطْرَحُوْا	سَوَّلَتْ

آیت نمبر ۲۱ تا ۳۵

الفاظ کے معنی:

۱۔	اِمْرَأَةِ:	بیوی (عورت)	۲۔	أَكْرِمِيْ:	تو عزت سے رکھنا
۳۔	مَثْوٰی:	رکھنا	۴۔	أَشُدَّ:	بھرپور جوانی
۵۔	رَاوَدَتْ "عن":	اس نے ورغلانے کی کوشش کی	۶۔	غَلَّقَتْ:	اس نے بند کر دیا
۷۔	اَلْاَبْوَاب:	دروازوں	۸۔	هَيْتَ لَكَ:	آ بھی جاؤ
۹۔	مَعَاذَ اللهِ!:	اللہ کی پناہ!	۱۰۔	أَحْسَنَ:	اس نے اچھی طرح رکھا
۱۱۔	هَمَّتْ "ب":	اس عورت نے ارادہ کیا	۱۲۔	لَوْلَآ أَنْ رَّا:	اگر وہ دیکھ نہ لیتے
۱۳۔	لِنَصْرِفُ:	تا کہ ہم پھیر دیں	۱۴۔	اِسْتَبَقَا:	دونوں نے آگے پیچھے دوڑ لگائی
۱۵۔	قَدَّتْ:	اس عورت نے پھاڑ ڈالا	۱۶:	دُبُرٍ:	پیچھے
۱۷۔	أَلْفَيَا:	ان دونوں نے پایا	۱۸۔	سَيِّدَهَا:	عورت کا شوہر
۱۹۔	لَدَا:	نزدیک، پاس، پر	۲۰۔	مَاجَزَاءُ؟:	کیا سزا ہے؟
۲۱۔	يُسْجَنَ	: قید کر دیا جائے	۲۲۔	قُدَّ:	پھٹی ہو
۲۳۔	قُبُلٍ:	سامنے	۲۴۔	كَيْدِ:	مکاری
۲۵۔	أَعْرِضْ:	تم خیال نہ کرو	۲۶۔	نِسْوَةٌ:	عورتیں
۲۷۔	تُرَاوِدُ:	وہ ورغلا رہی تھی	۲۸۔	فَتٰی:	نوجوان
۲۹۔	قَدْشَغَفَ:	فریفتہ کیا	۳۰۔	أَرْسَلَتْ:	اس نے پیغام بھیجا
۳۱۔	أَعْتَدَتْ:	اس نے تیار کی	۳۲۔	مُتَّكَأً:	تکیوں والی نشست
۳۳۔	سِكِّيْنًا:	چاقو	۳۴۔	لَمَّا رَأَيْنَ:	جب ان عورتوں نے دیکھا
۳۵۔	أَكْبَرْنَ:	انہوں نے حیرت انگیز پایا	۳۶۔	حَاشَ لِلّٰهِ!:	حاش للہ (بزرگی تو بس اللہ کے لئے ہے!)
۳۷۔	ذٰلِكُنَّ:	یہ ہے	۳۸۔	لُمْتُنَّنِيْ:	تم نے مجھے طعنے دیئے
۳۹۔	اِسْتَعْصَمَ:	وہ بچ نکلا	۴۰۔	أَصْبُ "إِلَى":	میرا دل کھنچنے لگا

مشق:۷۲

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو درست لفظ کی مدد سے پُر کریں۔

۱۔ جس شخص نے حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدا وہ مصر کا.................. تھا، جسے اُس وقت ''عزیز مصر'' کہا جاتا تھا۔

(۱) وزیر اعظم (۲) وزیر خزانہ (۳) وزیر خارجہ

۲۔ عزیز مصر کی بیوی زلیخا حضرت یوسف علیہ السلام کے غیر معمولی مردانہ حسن پر اتنی فریفتہ ہوئی کہ انہیں.................. کی دعوت دی بیٹھی۔

(۱) کھانے (۲) گناہ (۳) شادی

۳۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے لئے زلیخا کی فرمائش سے انکار اور بھی زیادہ مشکل تھا، کیونکہ وہ اس کے گھر.................. تھے۔

(۱) ملازم (۲) مہمان (۳) قیام پذیر

۴۔ دل کے تقاضے کے باوجود اللہ تعالیٰ کے خوف سے اپنے آپ پر قابو رکھنا اور گناہ سے بچنا.................. کا کام ہے۔

(۱) ہمت (۲) بہادری (۳) اجر و ثواب

۵۔ حضرت یوسف علیہ السلام اس عورت سے رُخ موڑ کر.................. بھاگ رہے تھے۔

(۱) صحن کی طرف (۲) دروازے کی طرف (۳) گھر کے اندرونی حصہ کی طرف

۶۔ اس چھوٹے بچے کے ذریعے حضرت یوسف علیہ السلام کی بے گناہی ثابت ہونے کے بعد عزیز مصر کو یقین ہو گیا سارا کہ قصور اس کی.................. کا ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام بالکل بے گناہ ہیں۔

۷۔ عورتوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھا تو ان کے.................. میں ایسی محو ہوئیں کہ بے خیالی میں چاقو ان کے ہاتھوں پر چل گیا۔

(۱) زیب و زینت (۲) حسن و جمال (۳) اخلاق و اطوار

ترجمہ کیجئے:

أَلْفَيَا	أَحْسَنَ	أَعْرِضْ	أَكْبَرْنَ	أَعْتَدَتْ	أَكْرِمِي
مُتَّكَأً	لَدَا	سِكِّيْنًا	أَشُدَّ	مَثْوٰى	قُبُلٍ
قَدَّتْ	رَاوَدَتْ	اِسْتَبَقَا	دروازے	تا کہ ہم پھیر دیں	قید کر دیا جائے گا
	نوجوان		وہ بچ نکلا		

مشق :۷۳

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی خالی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ عزیز مصر نے اپنی بیوی کو بدنامی سے بچانے کے لئے کیا کام کیا؟

....

....

۲۔ حضرت یوسف علیہ السلام سے جن دو قیدیوں نے خواب کی تعبیر پوچھی تھی وہ بادشاہ کی کونسی خدمت کیا کرتے تھے؟

....

....

۳۔ کسی کو دین کی بات بتانے کے لئے اس کے دل میں اعتماد پیدا کرنا کیسا ہے؟

....

....

۴۔ دین کی دعوت میں پیغمبرانہ اسلوب کیا ہے؟

....

....

۵۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے رہا ہونے والے قیدی کو کیا بات بتلائی؟

....

....

۶۔ کسی بھی قصہ کو بیان کرنے میں قرآن کریم کا اسلوب کیا ہے؟

....

....

۷۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے عزیز مصر کے خواب کی کیا تعبیر بتائی؟

....

....

۸۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے بادشاہِ وقت کے سامنے اپنی بے گناہی ثابت ہونے پر کیا کہا؟

....

....

۹۔ حکومت کا عہدہ طلب کرنا شرعاً کیسا ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

أَحۡمِلُ		يُغَاثُ	يَابِسٰتٍ		
	وہ پلائے گا			اس کو یاد آئی	تم غلہ اُگاؤ گے
	فَلَبِثَ	لَمۡ أَخُنۡ			نَاجٍ
متفرق			روٹی	اس نے بھلا دی	

فَأَنۡسٰى	أَعۡصِرُ	دَأَبًا	نَبِّئۡنَا

آیت نمبر ۵۸ تا ۷۹

الفاظ کے معنی:

۱۔ مُنۡكِرُوۡنَ: وہ نہیں پہچانتے

۲۔ لَمَّا جَهَّزَ: جب اس نے تیار کر دیا

۳۔ جَهَازٍ: سامان

۴۔ اِئۡتُوۡا "بِ": تم لے کر آنا

۵۔ اَلۡمُنۡزِلِيۡنَ: مہمان نواز (واحد: اَلۡمُنۡزِلَ)

۶۔ لَا كَيۡلَ: کوئی غلہ نہیں ہوگا

۷۔ لَا تَقۡرَبُوۡنِ: میرے پاس بھی نہ پھٹکنا

۸۔ فِتۡيَانِ: نوکر (واحد: فَتًى)

۹۔ بِضَاعَةٍ: مال

۱۰۔ رِحَالِ: کجاوے

۱۱۔ إِذَا انۡقَلَبُوۡا: جب وہ پہنچیں واپس

۱۲۔ نَكۡتَلۡ: تاکہ ہم غلہ لا سکیں

۱۳۔ هَلۡ اٰمَنُ "عَلٰى": کیا میں تم پر بھروسہ کروں

۱۴۔ وَجَدُوۡا: انہوں نے دیکھا

۱۵۔ رُدَّتۡ: لوٹا دیا گیا

۱۶۔ مَا نَبۡغِيۡ!: ہمیں اور کیا چاہئے!

۱۷۔ نَمِيۡرُ: ہم غلہ لائیں گے

۱۸۔ نَزۡدَادُ: ہم زیادہ لائیں گے

۱۹۔ كَيۡلَ بَعِيۡرٍ: ایک اونٹ کا بوجھ

۲۰۔ حَتّٰى تُؤۡتُوۡنِ: جب تک مجھ سے کرو

۲۱۔ مَوۡثِقًا: عہد

۲۲۔ لَتَأۡتُنَّنِيۡ "بِ": تم ضرور اسے میرے پاس واپس لاؤ گے

۲۳۔ أَنۡ يُّحَاطَ بِكُمۡ: تم (واقعی) بے بس ہو جاؤ

۲۴۔ مَا أُغۡنِيۡ "بِ": میں نہیں بچا سکتا

۲۵۔ حَاجَةً: خواہش

۲۶۔ اٰوٰى: اس نے جگہ دی

۲۷۔ لَا تَبۡتَئِسۡ: تم رنجیدہ نہ ہونا

۲۸۔ اَلسِّقَايَةَ: پانی پینے کا پیالہ

۲۹۔ أَيَّتُهَا الۡعِيۡرُ: اے قافلے والو!

۳۰۔ لَسٰرِقُوۡنَ: چور

۳۱۔ أَقۡبَلُوۡا "عَلٰى": ان کی طرف مڑے

۳۲۔ مَاذَا تَفۡقِدُوۡنَ؟: کیا چیز ہے جو تم سے گم ہو گئی؟

۳۳۔ نَفۡقِدُ: ہمیں نہیں مل رہا

۳۴۔ صُوَاعَ: پیمانہ

۳۵۔ حِمۡلُ بَعِيۡرٍ: اونٹ کا بوجھ

۳۶۔ زَعِيۡمٌ: ذمہ دار

۳۷۔	تَاللّٰهِ!:	اللہ کی قسم!	۳۸۔	مَنْ وُّجِدَ:	جس سے مل جائے
۳۹۔	فَبَدَأَ:	اس نے شروع کیا	۴۰۔	أَوْعِيَةِ:	تھیلی (واحد: وِعَاءٌ)
۴۱۔	كِدْنَا:	ہم نے تدبیر کی	۴۲۔	دِيْنِ الْمَلِكِ:	بادشاہ کا قانون
۴۳۔	إِنْ يَّسْرِقْ:	اگر اس نے چوری کی	۴۴۔	لَمْ يُبْدِ:	اس نے ظاہر نہیں کیا

مشق: ۴۷

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) غیر جانبدار (۲) مصر (۳) شریعت
(۴) سامان (۵) فائق (۶) تاثیر
(۷) بھروسہ

نمبر شمار:

۱۔ سات سال بعد پورے..................میں سخت قحط پڑا اور آس پاس کے علاقے بھی اس کی لپیٹ میں آ گئے۔

۲۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے ان بھائیوں کے ساتھ احسان کیا کہ غلے کو خریدنے کے لئے انہوں نے جو قیمت دی تھی وہ واپس انہی کے..................میں رکھوادی۔

۳۔ انسان کی کسی تدبیر میں بذاتِ خود کوئی..................نہیں ہوتی، جو کچھ ہوتا ہے اللہ کی حکمت اور مشیت سے ہوتا ہے۔

۴۔ ایک مؤمن کا کام یہ ہے کہ وہ اپنی تدبیر ضرور کرے لیکن..................اس تدبیر کے بجائے اللہ تعالیٰ ہی پر رکھے۔

۵۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی..................میں یہی حکم ہے کہ جو چوری کرے اسے گرفتار کر کے رکھ لیا جائے۔

۶۔ سارے بھائی خوش تھے کہ ہم نے اپنا مقصد پا لیا لیکن ان کو علم نہ تھا کہ چلتے چلتے کیا ہونے والا ہے، کوئی شخص کتنے ہی بڑے علم کا دعویٰ کرتا ہو، اللہ تعالیٰ کا علم اس پر یقیناً..................ہے۔

۷۔ حضرت یوسف علیہ السلام ابتدا میں دوسرے بھائیوں کی تلاشی اس لئے شروع فرمائی تا کہ تلاشی..................سمجھی جائے۔

ترجمہ کیجئے:

تم رنجیدہ نہ ہونا	ایک اونٹ کا بوجھ	مال	پانی کا پیالہ	انہوں نے دیکھا	میرے پاس بھی نہ بھٹکنا
فَبَدَأَ	كَيْلَ بَعِيْرٍ	رِحَالِ	فِتْيَانِ	لَا كَيْلَ	كِدْنَا
مَوْثِقًا	نَزْدَادُ	نَفْقِدُ	لَمَّا جَهَّزَ	اٰوٰى	زَعِيْمٌ
	بِضَاعَةٍ		حَاجَةً		

آیت نمبر ۸۰ تا ۱۱۱

الفاظ کے معنی:

۱۔	فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا:	جب وہ مایوس ہو گئے	۲۔	خَلَصُوْا:	وہ الگ ہوئے
۳۔	نَجِيًّا:	چپکے چپکے	۴۔	مَا فَرَّطْتُّمْ:	جو تم قصور کر چکے ہو
۵۔	لَنْ أَبْرَحَ:	میں نہیں ٹلوں گا	۶۔	اِبْنَكَ:	آپ کا بیٹا
۷۔	اَلْعِيْرَ:	قافلہ	۸۔	سَوَّلَتْ:	اس نے بات بنالی
۹۔	تَوَلّٰى:	انہوں نے منہ پھیرلیا	۱۰۔	يَا أَسَفٰى:	ہائے
۱۱۔	اِبْيَضَّتْ:	سفید پڑ گئی	۱۲۔	تَفْتَؤُا تَذْكُرُ:	تو یاد کرنا نہیں چھوڑے گا (کرتا ہی رہے گا)
۱۳۔	حَرَضًا:	گھل جانا	۱۴۔	أَشْكُوْا:	میں فریاد کرتا ہوں
۱۵۔	بَثِّيْ:	اپنے رنج	۱۶:	تَحَسَّسُوْا:	تم سراغ لگاؤ
۱۷۔	رَّوْحِ اللّٰهِ:	اللہ کی رحمت	۱۸۔	لَا تَايْـَٔسُوْا:	تم ناامید نہ ہو
۱۹۔	مَسَّنَا:	ہم پر آپڑی	۲۰۔	مُّزْجٰىةٍ:	معمولی
۲۱۔	أَوْفِ:	آپ پورا پورا دیں	۲۲۔	تَصَدَّقْ:	آپ احسان کیجیے
۲۳۔	قَدْ مَنَّ:	(تحقیق) اس نے احسان کیا	۲۴۔	لَقَدْ اٰثَرَكَ:	(تحقیق) اس نے آپ کو ترجیح دی
۲۵۔	لَا تَثْرِيْبَ:	تم پر کوئی ملامت نہیں	۲۶۔	اَلْقُوْهُ:	اسے ڈال دو
۲۷۔	لَمَّا فَصَلَتِ:	جب روانہ ہوا	۲۸۔	لَأَجِدُ:	مجھے آرہی ہے
۲۹۔	لَوْلَا أَنْ:	اگر نہ ہو	۳۰۔	تُفَنِّدُوْنِ:	مجھے بوڑھا سٹھیا کہو
۳۱۔	اِرْتَدَّ:	وہ لوٹ آئی	۳۲۔	اٰمِنِيْنَ:	امن وچین والے
۳۳۔	اَلْعَرْشِ:	تخت	۳۴۔	خَرُّوْا:	وہ گر پڑے
۳۵۔	اَلْبَدْوِ:	دیہات	۳۶۔	نَّزَغَ:	اس نے فساد ڈالا
۳۷۔	اَلْحِقْ:	شامل کردے	۳۸۔	لَدَيْهِمْ:	ان کے پاس
۳۹۔	إِذْ أَجْمَعُوْا:	جب انہوں نے فیصلہ پختہ کر دیا	۴۰۔	لَوْ حَرَصْتَ:	تمہارا کیسا ہی دل چاہتا ہو
۴۱۔	غَاشِيَةٌ:	لپیٹنے والی	۴۲۔	يَمُرُّوْنَ:	ان کا گذر ہوتا ہے

مشق:۷۵

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار　　بیانات

۱۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے سوچا کہ پھر (الف) مصر جائیں، کیونکہ (ب) بنیامین تو وہاں یقینی طور پر موجود ہے، پہلے ان کی واپسی کی کوشش کرنی چاہئے پھر (ج) حضرت یوسف علیہ السلام کا سراغ لگانے کی کوشش کریں گے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۲۔ صدقہ ایسے (الف) عطیہ کو کہتے ہیں جو کسی کے ذمے (ب) واجب ہو اور اللہ تعالیٰ کی (ج) خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر احسان کے طور پر دیا جائے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۳۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے (الف) محبوب بندے حضرت یعقوب علیہ السلام کے (ب) صبر وضبط کا امتحان لینا تھا۔ اس لئے اس پورے عرصے میں حضرت یوسف علیہ السلام کو اجازت نہ دی کہ وہ اپنے (ج) والد سے رابطہ کریں۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۴۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی قافلے کی صورت میں (الف) شام روانہ ہوئے اور دوسری طرف (ب) کنعان میں حضرت یعقوب علیہ السلام کو حضرت یوسف علیہ السلام کی (ج) خوشبو آنے لگی۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۵۔ معجزہ کسی (الف) ولی کے اپنے (ب) اختیار میں نہیں ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ جب چاہتے ہیں اس کا (ج) مظاہرہ فرمادیتے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۶۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے زندہ ہونے کی (الف) خوشخبری دینے والے حضرت یوسف علیہ السلام کے (ب) بڑے بھائی تھے، جن کا نام بعض روایات میں یہوداہ اور بعض میں (ج) روبن آیا ہے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۷۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی (الف) شریعت میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو (ب) تعظیمی سجدہ کرنا (ج) جائز ہے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۸۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھئے کہ انہوں نے ان (الف) مصائب کے بارے میں ایک لفظ کہے بغیر واقعات کے صرف (ب) اچھے رُخ کا ذکر کرکے اللہ تعالیٰ کا (ج) شکر ادا فرمایا۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۹۔ ہر انسان کو چاہئے کہ وہ سخت سے سخت (الف) حالات میں بھی واقعات کے (ب) منفی رُخ کا تصور کرکے اللہ تعالیٰ کا (ج) شکر گزار رہو۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

تَحَسَّسُوْا	رَوْحِ اللهِ	لَاتَثْرِيْبَ	قَدْمَنَّ	مَسَّنَا	تَصَدَّقْ
قافلہ	وہ الگ بیٹھے	وہ گر پڑے	ان کا گذر ہوتا ہے	میں فریاد کرتا ہوں	وہ سفید پڑ گئی
لپیٹنے	اِبْنَكَ	فَأَلْقُوْهُ	بَثِّيْ	مُزْجٰةٍ	تُفَنِّدُوْنَ
	اَلْبَدْوِ		حَرَضًا		

مشق:۷۶ اعادہ مشق: ۷۱ تا ۷۵

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ قرآن مجید نے سورۃ یوسف کو بہترین قصہ کیوں قرار دیا؟

....

....

۲۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب اور اس کی تعبیر بیان کریں؟

....

....

۳۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائی کیوں قتل کرنا چاہتے تھے؟

....

....

۴۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی عفت و پاکدامنی کی گواہی کس نے دی؟

....

....

۵۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ جیل میں موجود قیدیوں نے کیا خواب دیکھا؟

....

....

۶۔ عزیز مصر نے کیا خواب دیکھا اور اس کی تعبیر کیا تھی؟

....

....

۷۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے قحط سالی کے لئے کیا منصوبہ اختیار کیا؟

....

....

۸۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو مصر جاتے ہوئے نظر بد سے بچانے کے لئے کیا حکم دیا؟

....

....

۹۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی شریعت میں چور کی سزا کیا تھی؟

....

....

۱۰۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے اوپر گذرنے والے مصائب کا تذکرہ کس طرح کیا؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

غُلَامٌ	يَلْتَقِطْ	أَدْلٰى	قَدَّتْ	أَكْبَرْنَ	أَعْرِضْ
حَرَضًا	بِضَاعَةً	لَسٰرِقُوْنَ	فَبَدَأَ	صُوَاعَ	سَوَّلَتْ
	فَلَبِثَ	مُتَفَرِّقُوْنَ	اِدَّكَرَ	نَزَغَ	

سورۂ رعد مکی

آیت نمبر ۱ تا ۱۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	رَفَعَ:	اس نے بلند کیا	۲۔	عَمَدٍ:	ستون
۳۔	تَرَوۡنَ:	تمہیں نظر آئے	۴۔	تُوۡقِنُوۡنَ:	تم یقین کرلو
۵۔	مَدَّ:	اس نے پھیلائی	۶۔	رَوَاسِیَ:	پہاڑ (واحد: رَاسِیَۃٌ)
۷۔	زَوۡجَیۡنِ اثۡنَیۡنِ:	دو دو جوڑے	۸۔	یُغۡشِیۡ:	وہ اڑھا دیتا ہے
۹۔	قِطَعٌ:	قطعے (ٹکڑے)	۱۰۔	مُتَجٰوِرٰتٌ:	پاس پاس
۱۱۔	صِنۡوَانٌ:	دہرے تنے والے	۱۲۔	غَیۡرُ صِنۡوَانٍ:	اکہرے تنے والے
۱۳۔	اَلۡاُکُلِ:	ذائقے	۱۴۔	اِنۡ تَعۡجَبۡ:	اگر تمہیں تعجب ہوتا ہے
۱۵۔	اَلۡاَغۡلٰلُ:	طوق (واحد: غلّ)	۱۶۔	اَعۡنَاقٌ:	گلے
۱۷۔	اَلۡمَثُلٰتُ:	رسوا کر دینے والے عذاب	۱۸۔	مَا تَغِیۡضُ:	جو کمی بیشی ہوتی ہے
۱۹۔	اَلۡمُتَعَالِ:	اونچی شان والا	۲۰۔	مُسۡتَخۡفٍ:	چھپنے والا
۲۱۔	سَارِبٌ:	چلنے والا	۲۲۔	مُعَقِّبٰتٌ:	نگران
۲۳۔	مَرَدَّ:	ٹالنا	۲۴۔	یُنۡشِئُ:	وہ اٹھاتا ہے
۲۵۔	اَلسَّحَابَ الثِّقَالَ:	لدے ہوئے (پانی سے) بادل	۲۶۔	اَلۡبَرۡقَ، اَلرَّعۡدُ:	بجلی کی چمک، بادلوں کی گرج
۲۷۔	شَدِیۡدُ الۡمِحَالِ:	زبردست طاقت	۲۸۔	بَاسِطٌ:	پھیلانے والا
۲۹۔	کَفَّیۡہِ:	دونوں ہاتھ	۳۰۔	فَاہُ:	اس کا منہ (فُوۡہٌ: منہ)
۳۱۔	ظِلٰلٌ:	سائے	۳۲۔	فَسَالَتۡ:	بہہ پڑے
۳۳۔	اَوۡدِیَۃٌ:	ندی نالے	۳۴۔	فَاحۡتَمَلَ:	اس نے اوپر اٹھایا
۳۵۔	اَلسَّیۡلُ:	پانی کا ریلہ	۳۶۔	زَبَدًا رَّابِیًا:	پھولے ہوئے جھاگ
۳۷۔	فَتَشَابَہَ:	ایک جیسا معلوم ہونا	۳۸۔	یُوۡقِدُوۡنَ:	وہ تپاتے ہیں
۳۹۔	حِلۡیَۃٍ:	زیور	۴۰۔	جُفَآءً:	ضائع
۴۱۔	فَیَمۡکُثُ:	وہ ٹھہرتی ہے	۴۲۔	لَافۡتَدَوۡا:	جان بچانے کے لئے کچھ دیں

مشق: ۷۷

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	اس دنیا میں دستورِ خداوندی یہ ہے کہ باطل چاہے کچھ عرصے غالب نظر آئے، لیکن وہ جھاگ کی طرح بے فائدہ اور فنا ہو جانے والا ہے
۲۔	☐	آسمان ایسے ستونوں پر نہیں کھڑا ہے جو آنکھوں سے نظر آسکیں، اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ ہی کے سہارے انہیں کھڑا کیا ہوا ہے۔
۳۔	☐	چاند سورج کے سپرد آسمانی مخلوق کی خدمت ہے، لہٰذا ایک ہوش مند کو یہ سوچنا چاہئے کہ یہ عظیم الشان مخلوقات اس کی خدمت کیوں انجام دے رہی ہیں۔
۴۔	☐	زمین کے مختلف حصے پاس پاس ہونے کے باوجود بھی کوئی فرق نہیں رکھتے، ایک قطعہ نرم ہے تو دوسرا بھی نرم، ایک سخت ہے تو دوسرا بھی۔
۵۔	☐	انسان کو آخرت کا یقین پیدا کر لینا چاہئے وہ اس طرح کہ جس ذات نے اتنی حیرت انگیز کائنات پیدا فرمائی ہے وہ اس بات پر کیوں قادر نہیں ہو سکتی کہ وہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرے۔
۶۔	☐	جب کسی کے گلے میں طوق پڑا ہوا ہو تو وہ سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح یہ کافر لوگ حقائق کو دیکھنے اور ان کی طرف دھیان رکھنے سے محروم ہیں۔
۷۔	☐	فرشتوں کی ایک جماعت دن کے وقت انسانوں کی نگرانی پر مامور ہے اور دوسری جماعت رات کے وقت ان کے اعمال لکھتی ہے۔
۸۔	☐	جنات مختلف حادثات سے انسانوں کی حفاظت کرتے ہیں، البتہ جب اللہ کا حکم ہی یہ ہو کہ اسے تکلیف میں مبتلا کیا جائے تو وہ وہاں سے ہٹ جاتے ہیں۔
۹۔	☐	جب کوئی قوم نافرمانی پر کمر باندھ کر اپنی حالت خود بدل ڈالے تو پھر اللہ تعالیٰ کا عذاب آتا ہے، اور اسے کوئی دور نہیں کر سکتا۔
۱۰۔	☐	''بادلوں کی گرج'' کا حمد اور تسبیح کرنا حقیقی معنی میں بھی ہو سکتا ہے کیونکہ کائنات کی ہر چیز اپنے اپنے انداز میں اللہ کی حمد اور تسبیح کرتی ہے۔

ترجمہ کیجئے:

صِنْوَانٌ	مُسْتَخْفٍ	بَاسِطِ	زَبَدًا رَّابِيًا	فَيَمْكُثُ	يُغْشِي
تم یقین کرلو	پہاڑ	طوق	ندی نالے	زیور	بہہ پڑے
جُفَاءً	مُعَقِّبٰتٌ	أَعْنَاقِ	قِطَعٌ	فَاحْتَمَلَ	ضَلٰلٍ
	وَالٍ		الرَّعْدُ		

آیت نمبر ۱۹ تا ۴۳

الفاظ کے معنی:

۱۔ یَصِلُوْنَ: وہ جوڑے رکھتے ہیں
۲۔ یَدْرَءُوْنَ: وہ دفاع کرتے ہیں
۳۔ عُقْبَى الدَّارِ: وطن اصلی
۴۔ لَا یَنْقُضُوْنَ: وہ خلاف ورزی نہیں کرتے
۵۔ مَنْ صَلَحَ: جو نیک ہوں
۶۔ نِعْمَ: بہترین ہے
۷۔ یَقْطَعُوْنَ: وہ کاٹ ڈالتے ہیں
۸۔ أَنْ یُّوْصَلَ: کہ وہ جوڑے
۹۔ یَبْسُطُ، یَقْدِرُ: وہ وسعت دیتا ہے، وہ تنگی کر دیتا ہے
۱۰۔ مَنْ أَنَابَ: جو رجوع کرے
۱۱۔ تَطْمَئِنُّ: وہ اطمینان کرتے
۱۲۔ طُوْبٰى: خوشحال
۱۳۔ سُیِّرَتْ: وہ ہٹا دیئے جاتے
۱۴۔ قُطِّعَتْ: شق کر دی
۱۵۔ كُلِّمَ: بات کر لی جاتی
۱۶۔ لَا یَزَالُ: ہمیشہ پڑی رہتی ہے
۱۷۔ قَارِعَةٌ: کھڑ کھڑانے والی
۱۸۔ تَحُلُّ: وہ نازل ہوتی رہتی ہے
۱۹۔ فَأَمْلَیْتُ: ہم نے مہلت دی
۲۰۔ سَمُّوْا: تم نام بتاؤ
۲۱۔ أَخَذْتُ: ہم نے گرفت میں لیا
۲۲۔ صُدُّوْا: رکاوٹ پیدا کی گئی
۲۳۔ أَمْ تُنَبِّئُوْنَ: یا تم خبر دو گے
۲۴۔ أَشَقُّ: زیادہ بھاری
۲۵۔ وَاقٍ: بچانے والا
۲۶۔ أُكُلُ: پھل
۲۷۔ دَائِمٌ: سدا بہار
۲۸۔ عُقْبٰى: انجام
۲۹۔ یَفْرَحُوْنَ: وہ خوش ہوتے ہیں
۳۰۔ اَلْأَحْزَابِ: گروہوں
۳۱۔ أَدْعُوْا: میں دعوت دیتا ہوں
۳۲۔ إِنَّمَآ أُمِرْتُ: مجھے حکم دیا گیا
۳۳۔ یَمْحُوْا: وہ منسوخ کر دیتا ہے
۳۴۔ یُثْبِتُ: وہ باقی رکھتا ہے
۳۵۔ أُمُّ الْكِتٰبِ: تمام کتابوں کی اصل
۳۶۔ إِنْ مَّا نُرِیَنَّ: اگر ہم دکھا دیں
۳۷۔ نَنْقُصُ: ہم گھٹاتے ہیں
۳۸۔ أَطْرَافِ: چاروں طرف
۳۹۔ لَا مُعَقِّبَ: نہیں توڑنے والا
۴۰۔ ظِلُّ: چھاؤں

مشق: ۷۸

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو درست لفظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار | بیانات

۱۔ قرآن کریم کی اصطلاح میں .... کا مفہوم بہت عام ہے۔

(۱)زکوٰۃ　(۲)احسان　(۳)صبر

۲۔ .... یہ ہے کہ انسان اپنی نفسانی خواہشات کے تقاضوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم کی وجہ سے دبالے۔

(۱)صبر　(۲)بہادری　(۳)ہمت وجذبہ

۳۔ اچھائی کرنے کا انجام بالآخر یہ ہوتا ہے کہ دوسرے کی .... کے برے اثرات مٹ جاتے ہیں۔

(۱)بدکلامی　(۲)بدلسانی　(۳)بدسلوکی

۴۔ .... اگرچہ دنیا کی خوشحالی میں مگن ہیں، مگر انہیں یہ اندازہ نہیں کہ اس چند دن کی زندگی کا عیش آخرت کے مقابلہ میں کچھ حیثیت نہیں رکھتا۔

(۱)مسلمان　(۲)کافر　(۳)مشرک

۵۔ ہدایت اسی کو نصیب ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ سے رجوع کرکے .... مانگے اور حق کی طلب رکھتا ہو۔

(۱)ہدایت　(۲)معجزہ　(۳)کرامت

۶۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے مسلمانوں کو تسلی دی گئی کہ جہاں اسلام کے .... موجود ہوں، وہاں بہت سے لوگ اس پیغام ہدایت کو قبول بھی کر رہے ہیں۔

(۱)حامی　(۲)دشمن　(۳)خیرخواہ

۷۔ بنیادی عقیدے تو تمام انبیائے کرام کی دعوت میں .... رہے ہیں۔

(۱)متفرق　(۲)مشترک　(۳)منقسم

۸۔ تمام کتابوں کی اصل سے مراد" .... " ہے جس میں ازل سے یہ بات درج ہے کہ کس اُمت کو کون سی کتاب اور کیسے احکام دیئے جائیں گے۔

(۱)قرآن مجید　(۲)لوحِ محفوظ　(۳)نامۂ اعمال

۹۔ ہر وہ شخص جسے .... کا علم ہے وہ اس علم کی روشنی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات کا جائزہ لے گا تو وہ بھی گواہی دے گا کہ آپ اللہ کے سچے رسول ہیں۔

(۱)سائنسی کتابوں　(۲)آسمانی کتابوں　(۳)آسمانی صحیفوں

ترجمہ کیجیے:

وَاقٍ	يَفْرَحُوْنَ	سُيِّرَتْ	يَقْطَعُوْنَ	اَلْاَحْزَابِ	كُلِّمَ
بہترین	وہ منسوخ کردیتا ہے	ہم نے گرفت میں لے لیا	انجام	شق کردی گئی	ہمیشہ
لَا مُعَقِّبَ	تَطْمَئِنُّ	مَنْ صَلَحَ	قَارِعَةٌ	تَحُلُّ	طُوْبٰى
	ظِلٌّ		اُمُّ الْكِتَابِ		

سورۂ ابراہیم مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	یَسۡتَحِبُّوۡنَ:	وہ پسند کرتے ہیں	۲۔	اَیّٰمِ اللّٰہِ:	اللہ کے دن
۳۔	اِذۡتَاَذَّنَ:	جب اس نے اعلان کیا	۴۔	لَاَزِیۡدَنَّ:	میں زیادہ دوں گا
۵۔	رَدُّوۡا:	انہوں نے رکھ دیئے	۶۔	اَفۡوَاہِ:	منہ (واحد: فُوۡہٌ)
۷۔	شَكٍّ مُرِیۡبٍ:	بھاری شک	۸۔	فَاۡتُوۡا "ب":	تم دکھاؤ
۹۔	یَمُنُّ:	وہ احسان فرماتا ہے	۱۰۔	سُبُلَنَا:	وہ راستے جن پر ہمیں چلنا ہے (واحد: سَبِیۡلٌ)
۱۱۔	اٰذَیۡتُمُوۡنَا:	تم نے ہمیں تکلیف پہنچائی	۱۲۔	لَتَعُوۡدُنَّ:	تمہیں واپس آنا پڑے گا
۱۳۔	لَنُھۡلِكَنَّ:	ہم ضرور ہلاک کر دیں گے	۱۴۔	لَنُسۡكِنَنَّ:	ہم یقیناً تمہیں بسائیں گے
۱۵۔	وَعِیۡدِ:	وعید (عذاب کا وعدہ)	۱۶:	مَقَامِیۡ:	میرے سامنے کھڑا ہونا
۱۷۔	اِسۡتَفۡتَحُوۡا:	انہوں نے فیصلہ مانگا	۱۸۔	خَابَ:	وہ نامراد ہوا
۱۹۔	عَنِیۡدٍ:	ہٹ دھرم	۲۰۔	یُسۡقٰی:	اسے پلایا جائے گا
۲۱۔	صَدِیۡدٍ:	پیپ	۲۲۔	یَتَجَرَّعُ:	وہ گھونٹ گھونٹ کر کے پیئے گا
۲۳۔	لَایَكَادُ:	وہ نہیں کر سکے گا	۲۴۔	یُسِیۡغُ:	وہ حلق سے نہیں اتارے گا
۲۵۔	وَرَآءٌ:	اس کے آگے	۲۶۔	رَمَادٍ:	راکھ
۲۷۔	اِشۡتَدَّتۡ "ب":	تیزی سے اڑا لے جائے	۲۸۔	اَلرِّیۡحُ:	ہوا
۲۹۔	یَوۡمٍ عَاصِفٍ:	آندھی طوفان والے دن	۳۰۔	یُذۡھِبۡ:	وہ فنا کر دے
۳۱۔	عَزِیۡزٍ:	مشکل	۳۲۔	بَرَزُوۡا:	وہ پیش ہوں گے
۳۳۔	اَلضُّعَفٰٓؤُا:	کمزور (واحد: ضَعِیۡفٌ)	۳۴۔	مُغۡنُوۡنَ:	بچانے والے
۳۵۔	جَزِعۡنَا:	(اَجۡزِعۡنَآ) ہم چیخیں یا چلائیں	۳۶۔	مَحِیۡصٍ:	چھٹکارے کا راستہ

مشق: ۷۹

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ سے دعا کی کہ انہیں اور ان کے بیٹوں کو بت پرستی سے محفوظ رکھا جائے، اسی وجہ سے اس سورت کا نام سورۂ ابراہیم ہے۔

....

۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی مادری زبان میں اس لئے بھیجا کہ وہ اپنی قوم کو اس کی اپنی زبان میں اللہ تعالیٰ کے احکام سمجھا سکے۔

....

۳۔ جو کوئی حق کا طلب گار بن کر قرآن پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت دیتے ہیں اور جو شخص ضد و عناد کے ساتھ پڑھتا ہے اسے اپنی رحمت میں چھوڑ دیتے ہیں۔

....

۴۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ارشاد فرمایا کہ آپ ان خاص خاص واقعات کا حوالہ دے کر اپنی قوم کو نصیحت کیجئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری اختیار کریں۔

....

۵۔ اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو کوئی نہ کوئی معجزہ عطا فرمایا تھا، لیکن ان مؤمنین کا کہنا تھا کہ جس معجزے کی ہم فرمائش کرتے جائیں تو دکھاتے جاؤ۔

....

۶۔ جو لوگ مؤمنین کو تنگ کیا کرتے تھے، اس وقت کے پیغمبروں نے ان سے کہا کہ اگر تم مؤمنین کو تکلیف پہنچانے کے درپے ہو تو مؤمن کو ان اوچھے ہتھکنڈوں سے ڈرایا نہیں جا سکتا، کیونکہ اس کا بھروسہ صرف اللہ پر ہوتا ہے۔

....

۷۔ ہر عذاب کے بعد ایک دوسرا نرم عذاب آنے والا ہوگا تاکہ ایک ہی قسم کا عذاب سہہ سہہ کر انسان اس کا عادی نہ ہو جائے۔

....

۸۔ جس طرح راکھ آندھی کو اڑا لے جائے تو اس کا کوئی پتہ و نشان نہیں ملتا، اس طرح کافروں کے ان اعمال کو ان کا کفر کالعدم کردے گا۔

....

۹۔ انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ اس دنیا کے بعد ایک دوسری زندگی ہو جس میں ہر انسان کو اس کے اعمال کے مناسب بدلہ دیا جا سکے۔

....

ترجمہ کیجئے:

لَأَزِيْدَنَّ	بَرَزُوْا	يَسْتَحِبُّوْنَ	عَنِيْدٍ	خَابَ	يَمُنُّ
مُرِيْبٍ	اِشْتَدَّتْ	لَنُسْكِنَنَّ	مَقَامِيْ	لَا يَكَادُ	وَعِيْدِ
مَحِيْص					أَفْوَاه
	راکھ	مشکل	ہوا	اسے پلایا جائے گا	

آیت نمبر ۲۲ تا ۵۲

الفاظ کے معنی:

۱۔	لَمَّا قُضِيَ:	جب فیصلہ ہو چکا	۲۔	أَخْلَفْتُ:	میں نے وعدہ خلافی کی
۳۔	دَعَوْتُ:	میں نے دعوت دی	۴۔	لَا تَلُوْمُوْنِيْ:	تم مجھے ملامت نہ کرو
۵۔	مُصْرِخٌ:	فریاد پر مدد کرنے والا	۶۔	أَشْرَكْتُمُوْنِ:	تم نے شریک مان لیا
۷۔	تَحِيَّتُهُمْ:	ایک دوسرے کا استقبال	۸۔	أَصْلُ:	جڑ
۹۔	ثَابِتٌ:	مضبوط پکی ہوئی	۱۰۔	فَرْعٌ:	شاخ
۱۱۔	تُؤْتِيْ:	وہ دیتا ہے	۱۲۔	اُجْتُثَّتْ:	اسے اکھاڑ لیا جائے
۱۳۔	قَرَارٍ:	جماؤ	۱۴۔	أَحَلُّوْا:	انہوں نے اتارا
۱۵۔	دَارَ الْبَوَارِ:	تباہی کے گھر میں	۱۶۔	مَصِيْرَكُمْ:	تمہارا جانا
۱۷۔	خِلَالٌ:	دوستی	۱۸۔	دَائِبَيْنِ:	مسلسل سفر میں رہنا
۱۹۔	اٰتٰى:	اس نے دیا	۲۰۔	إِنْ تَعُدُّوْا:	اگر تم شمار کرنے لگو
۲۱۔	لَا تُحْصُوْا:	تم شمار نہ کر سکو گے	۲۲۔	اُجْنُبْنِيْ:	مجھے بچایئے
۲۳۔	أَسْكَنْتُ:	میں نے لا بسایا	۲۴۔	وَادٍ:	وادی
۲۵۔	غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ:	جس میں کوئی کھیتی نہیں	۲۶۔	اَلْمُحَرَّمِ:	حرمت والا
۲۷۔	أَفْئِدَةً:	دل (واحد: فُؤَادٌ)	۲۸۔	تَهْوِيْ:	کشش پیدا ہو
۲۹۔	اَلْكِبَرِ:	بڑھاپا	۳۰۔	تَشْخَصُ:	وہ پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی
۳۱۔	مُهْطِعِيْنَ:	وہ دوڑ رہے ہوں گے	۳۲۔	مُقْنِعِيْ:	وہ اوپر اٹھانے والے
۳۳۔	طَرْفُ:	نگاہ	۳۴۔	هَوَاءٌ:	اڑے جا رہے ہوں گے (بدحواسی)
۳۵۔	أَنْذِرْ:	تم خبردار کرو	۳۶۔	لِتَزُوْلَ:	تا کہ وہ ہل جائے
۳۷۔	تُبَدَّلُ:	وہ بدل دی جائے گی	۳۸۔	مُقَرَّنِيْنَ:	وہ جکڑے ہوئے ہونگے
۳۹۔	اَلْاَصْفَادِ:	زمینوں	۴۰۔	سَرَابِيْلُ:	قمیض (واحد: سِرْبَالٌ)
۴۱۔	قَطِرَانٍ:	تارکول	۴۲۔	بَلٰغٌ:	پیغام

مشق: ۸۰

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی خالی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شیطان کو شریک ماننے کا کیا مطلب ہے؟

....

....

۲۔ شجرۂ طیبہ سے کونسا درخت مراد ہے؟

....

....

۳۔ کلمہ طیبہ کو شجرۂ طیبہ کے ساتھ تشبیہ کس چیز میں دی گئی؟

....

....

۴۔ کلمہ خبیثہ سے کیا مراد ہے؟

....

....

۵۔ کلمہ خبیثہ کو شجرہ خبیثہ کے ساتھ کس چیز میں تشبیہ دی گئی؟

....

....

۶۔ اللہ تعالیٰ مؤمنین کو ان کے ایمان پر دنیا و آخرت میں مضبوطی و جماؤ کیسے عطا کرتے ہیں، وضاحت کیجیے۔

....

....

۷۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے اہلِ خانہ کے لئے کیا دعا مانگی؟

....

....

۸۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے والد کے لئے دعا کیوں مانگی حالانکہ وہ کافر تھے؟

....

....

۹۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا (جو کہ آیت نمبر ۳۷ میں مذکور ہیں) کیسے قبول ہوئی وضاحت کیجئے۔

....

....

۱۰۔ کافر لوگ خدا کی نافرمانی کے باوجود ترقی کیوں کر رہے ہیں؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

هَوَاءٌ	قَطِرَانٍ	أَفْئِدَةً	أَصْلُ	مُصْرِخ
قُضِيَ	خِلٰلٌ	دَارَ الْبَوَار	سَرَابِيْلُ	ثَابِتٌ

سورۂ حجر مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	مُبِیۡنٌ:	روشن	۲۔	رُبَمَا یَوَدُّ:	ایک وقت آئے گا جب وہ تمنائیں کرینگے
۳۔	لَوۡ کَانُوۡا:	کاش کہ وہ ہوتے	۴۔	ذَرۡ:	آپ چھوڑیں
۵۔	یُلۡہِ:	وہ غفلت میں ڈالے رکھیں	۶۔	اَلۡاَمَلُ:	خیالی اُمیدیں
۷۔	مَاتَسۡبِقُ:	معین وقت سے پہلے نہ ہوتی	۸۔	یَاۤاَیُّھَا الَّذِیۡ:	اے وہ شخص
۹۔	اَلذِّکۡرُ:	ذکر (یعنی قرآن)	۱۰۔	لَوۡمَا:	کیوں نہیں
۱۱۔	تَاۡتِیۡ "ب":	تم لے آتے	۱۲۔	مُنۡظَرِیۡنَ:	مہلت دیئے جانے والے
۱۳۔	شِیَعِ:	گروہ (واحد: شِیۡعَۃٌ)	۱۴۔	کَذٰلِکَ:	اسی طرح
۱۵۔	نَسۡلُکُ:	ہم داخل کرتے ہیں	۱۶۔	قَدۡخَلَتۡ:	چلا آرہا ہے
۱۷۔	فَظَلُّوۡا:	وہ ہوجائیں	۱۸۔	یَعۡرُجُوۡنَ:	وہ چڑھتے چلے جائیں
۱۹۔	اِنَّمَا سُکِّرَتۡ:	باندھ دی گئی	۲۰۔	اَبۡصَارُنَا:	ہماری نظر (واحد: بَصَرٌ)
۲۱۔	مَسۡحُوۡرُوۡنَ:	جادو کے اثر میں آئے ہوئے	۲۲۔	بُرُوۡجًا:	برج (ستاروں کی جگہیں)
۲۳۔	مَنِ اسۡتَرَقَ:	جو چوری سے سننے کی کوشش کرے	۲۴۔	اَتۡبَعَ:	اس کا پیچھا کرتا ہے
۲۵۔	شِھَابٌ:	روشن شعلہ (انگارہ)	۲۶۔	مَدَدۡنَا:	ہم نے پھیلایا
۲۷۔	اَلۡقَیۡنَا:	ہم نے رکھ دیئے	۲۸۔	رَوَاسِیَ:	پہاڑ
۲۹۔	مَوۡزُوۡنٍ:	توازن کے ساتھ	۳۰۔	مَعَایِشَ:	روزی کا سامان
۳۱۔	اِنۡ:	نہیں ہے	۳۲۔	مِنۡ شَیۡءٍ:	کوئی چیز
۳۳۔	قَدَرٍ مَّعۡلُوۡمٍ:	معین مقدار	۳۴۔	اَلرِّیَاحَ لَوَاقِحَ:	ہوائیں جو بادلوں کو بھر دیتی ہیں
۳۵۔	فَاَسۡقَیۡنَا:	ہم نے سیراب کیا	۳۶۔	اَلۡمُسۡتَقۡدِمِیۡنَ:	آگے نکلنے والے
۳۷۔	خٰزِنِیۡنَ:	ذخیرہ کرنے والے	۳۸۔	یَحۡشُرُ:	وہ جمع کرے گا

مشق:۸۱

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے دیں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ مسلمان اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے کیا فائدہ اٹھاتا ہے؟

(۱) اسے آخرت کی بھلائی کے لئے استعمال کرتا ہے

(۲) اسے اپنے بچوں کے لئے بچا کر رکھتا ہے

(۳) اپنی صحت وغذا کے لئے استعمال کرتا ہے۔

۲۔ آخرت کی بھلائی کا بہترین راستہ کونسا ہے؟

(۱) دنیا سے بالکل کنارہ کشی

(۲) احکام شریعت کی پابندی

(۳) مسلسل روزے رکھنا

۳۔ سابقہ آسمانی کتابیں تحریف کا شکار کیوں ہوئیں؟

(۱) ان کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے نہیں لیا

(۲) لوگوں نے انہیں پڑھنا چھوڑ دیا

(۳) ان کی حفاظت نہ کی گئی

۴۔ شہابِ ثاقب شیطانوں کو کیوں جلاتا ہے؟

(۱) کیونکہ وہ لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں

(۲) وہ نماز میں وسوسے ڈالتے ہیں

(۳) وہ آسمانوں پر فرشتوں کی باتیں سننے کی کوشش کرتے ہیں

۵۔ اللہ تعالیٰ نے پہاڑ کس وجہ سے پیدا کئے؟

(۱) زمین کو خوبصورت بنانے کے لئے

(۲) ذخائر محفوظ کرنے کے لئے

(۳) زمین کو جمانے کے لئے

۶۔ ''جَعَلْنَا فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا'' میں برج سے کیا مراد ہے؟

(۱) ستارے

(۲) چاند

(۳) سورج

ترجمہ کیجئے:

ذَرْ	خٰزِنِيْنَ	مَعَايِشَ	مَنِ اسْتَرَقَ	يَعْرُجُوْنَ	قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ
وہ اکٹھا کرے گا	روشن شعلہ	مہلت دیئے جانے والے	پہاڑ	گروہ	ہم نے سیراب کیا
	مَاتَسْبِقُ		اَلذِّكْرُ		

آیت نمبر ۲۶ تا ۹۹

الفاظ کے معنی:

۱۔ صَلْصَالٍ: کھنکھناتی ہوئی مٹی
۲۔ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ: سڑا ہوا گارا
۳۔ اَلسَّمُوْمِ: لُو (گروپ لپیٹیں)
۴۔ نَفَخْتُ: میں پھونک دوں
۵۔ فَقَعُوْا: تم گرجانا
۶۔ جُزْءٌ: گروہ
۷۔ اٰمِنِيْنَ: بے خوف ہوکر
۸۔ غِلٍّ: رنجش
۹۔ سُرُرٍ: اونچی نشستیں (واحد: سَرِيْرٌ)
۱۰۔ مُتَقٰبِلِيْنَ: آمنے سامنے
۱۱۔ نَصَبٌ: تھکن
۱۲۔ نَبِّئْ: تم بتادو
۱۳۔ وَجِلُوْنَ: ڈر لگ رہا ہے
۱۴۔ لَا تَوْجَلْ: آپ ڈریئے نہیں
۱۵۔ فَبِمَ: پھر کس بنیاد پر
۱۶: اَلْقٰنِطِيْنَ: ناامید ہونے والے
۱۷۔ مَنْ يَّقْنَطُ: کون ناامید ہوسکتا ہے
۱۸۔ فَمَا خَطْبُ: کیا مہم
۱۹۔ اَلْغٰبِرِيْنَ: پیچھے رہ جانے والے
۲۰۔ مُنْكَرُوْنَ: اجنبی (واحد: مُنْكَرٌ)
۲۱۔ اَسْرِ ''بِ'': آپ نکل جایئے
۲۲۔ لَا يَلْتَفِتْ: پیچھے مڑ کر نہ دیکھے
۲۳۔ اِمْضُوْا: آپ چلتے رہیں
۲۴۔ دَابِرَ: جڑ
۲۵۔ مَقْطُوْعٌ: کاٹ کر رکھ دی جائے
۲۶۔ يَسْتَبْشِرُوْنَ: وہ خوشی مناتے ہیں
۲۷۔ لَا تَفْضَحُوْنِ: تم مجھے رسوا مت کرو
۲۸۔ اَوَلَمْ نَنْهَ؟: کیا ہم نے منع نہیں کیا؟
۲۹۔ لَعَمْرُكَ: تمہاری زندگی کی قسم
۳۰۔ مُشْرِقِيْنَ: سورج نکلتے ہی

۳۱۔	اَلْمُتَوَسِّمِيْنَ:	عبرت کی نگاہ سے دیکھنے والا	۳۲۔	سَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ:	ایسا راستہ جس پر لوگ چلتے رہیں
۳۳۔	اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ:	ایکہ کے باشندے	۳۴۔	اِمَامٍ مُّبِيْنٍ:	کھلی شاہراہ
۳۵۔	كَانُوْا يَنْحِتُوْنَ:	وہ تراشتے تھے	۳۶۔	اَلْمَثَانِيْ:	بار بار پڑھی جانے والی
۳۷۔	لَا تَمُدَّنَّ:	تم ہرگز نہ اٹھاؤ	۳۸۔	اِخْفِضْ:	تم پھیلا دو
۳۹۔	اَلْمُقْتَسِمِيْنَ:	تفرقہ کرنے والے	۴۰۔	عِضِيْنَ:	بخرے کرنا (ٹکڑے کرنا)
۴۱۔	اِصْدَعْ:	تم علی الاعلان سناؤ	۴۲۔	اَلْيَقِيْنُ:	یقینی

مشق: ۸۳

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ جس طرح انسان کے جدِ امجد حضرت آدم علیہ السلام ہیں، اسی طرح جنات میں سب سے پہلے جس جن کو پیدا کیا گیا اس کا نام .... تھا۔

۲۔ مفسرین کے مطابق شیطان کو .... تک مہلت دی گئی جس کے بعد ساری مخلوقات کو موت آئے گی، اس وقت شیطان کو بھی موت آجائے گی۔

۳۔ آیت نمبر ۴۲ میں ''اِنَّ عِبَادِيْ'' سے مراد وہ بندے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم پر چلنے کا پختہ عزم رکھتے ہیں اور اسی سے .... مانگتے ہیں۔

۴۔ حضرت لوط علیہ السلام کی بستیاں اردن کے .... آس پاس واقع ہیں۔

۵۔ .... اصل میں گھنے جنگل کو کہتے ہیں، حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم ایسے ہی گھنے جنگل کے پاس واقع تھی۔

۶۔ ''حجر'' .... کی ان بستیوں کا نام تھا جن کے پاس حضرت صالح علیہ السلام کو پیغمبر بنا کر بھیجا گیا تھا۔

۷۔ یہودیوں اور عیسائیوں نے اپنی کتابوں کے .... اس طرح کئے تھے کہ اس کے جس حکم کو چاہتے مان لیتے اور جس کو چاہتے نہ مانتے۔

۸۔ .... سے مراد موت ہے، یعنی پوری زندگی اللہ کی عبادت میں گزار دو یہاں تک کہ اللہ آپ کو وفات دے کر اپنے پاس بلالیں۔

ترجمہ کیجئے:

اِمْضُوْا	مُشْرِقِيْنَ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	مُنْكَرُوْنَ	نَفَخْتُ	وَجِلُوْنَ
نَصَبٌ	صَلْصَالٍ	اَلْمَثَانِيْ	مُّبِيْنٍ	گروہ	حصہ
آپ ڈریئے نہیں	اونچی نشستیں	تمہاری جان کی قسم	کون ناامید ہوسکتا ہے	آپ نکل جائیے	آمنے سامنے

مشق: ۸۳

اعادہ مشق نمبر ۷۷ تا ۸۲

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ انسانوں پر مقرر کردہ نگران فرشتوں کی کیا ذمہ داریاں ہوتی ہیں؟

....

....

۲۔ جب کوئی قوم نافرمانی پر کمر باندھ لے تو اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟

....

....

۳۔ باطل کو جھاگ اور حق کو پانی کے ساتھ تشبیہ کیوں دی گئی؟

....

....

۴ اللہ تعالیٰ نے ہر رسول کو اس کی قوم کی مادری زبان میں کیوں بھیجا؟

....

....

۵۔ کفار کے نیک اعمال کو راکھ کیوں کہا گیا؟

....

....

۶۔ کلمہ طیبہ سے توحید مراد لینے کی کیا وجہ ہے؟

....

....

۷۔ سورۂ ابراہیم کی آیت ۳۷ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ذکر کردہ دعائیں کس طرح قبول ہوئیں، وضاحت کیجئے؟

....

....

۸۔ ''اصحابِ ایکہ'' سے کون لوگ مراد ہیں؟

....

....

۹۔ حجر سے مراد کیا ہے؟

....

....

۱۰ ''حَتّٰی یَأْتِیَکَ الْیَقِیْنُ'' میں الیقین کا کیا مطلب ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

صِنْوَانٌ	سَارِبٌ	أَعْنَاقُ	جُفَآءً	زَبَدًا رَّابِيًا	دَآئِمٌ
وَاقٍ	لَا مُعَقِّبَ	أَجَزِعْنَا	اَلرِّيْحُ	أَصْلُ	ثَابِتٌ
وَادٍ	هَوَآءٌ	دَآئِبَيْنِ	اِصْدَعْ		

سورۂ نحل مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	فَلَا تَسْتَعْجِلُوْا:	تم جلدی نہ مچاؤ	۲۔	أَتٰی:	آن پہنچا
۳۔	تَعَالٰی:	وہ بلند و بالا ہے	۴۔	أَنْذِرُوْا:	تم آگاہ کردو
۵۔	نُطْفَةٍ:	نطفہ	۶۔	خَصِيْمٌ:	جھگڑا کرنے والا
۷۔	مُبِيْنٌ:	کھلم کھلا	۸۔	اَلْأَنْعَامَ:	چوپائے
۹۔	دِفْءٌ:	سردی سے بچاؤ کا سامان	۱۰۔	حِيْنَ:	جب
۱۱۔	تُرِيْحُوْنَ:	تم شام کو گھر واپس لاتے ہو	۱۲۔	تَسْرَحُوْنَ:	تم صبح چرانے لے جاتے ہو
۱۳۔	تَحْمِلُ:	وہ بوجھ لے جاتے ہیں	۱۴۔	لَمْ تَكُوْنُوْا:	تم نہیں ہو سکتے
۱۵۔	بٰلِغِيْ:	پہنچنے والے	۱۶۔	شِقِّ الْأَنْفُسِ:	جان جوکھوں میں ڈالے
۱۷۔	اَلْخَيْلَ:	گھوڑے	۱۸۔	اَلْبِغَالَ:	خچر (واحد: بَغْلٌ)
۱۹۔	اَلْحَمِيْرَ:	گدھے	۲۰۔	لِتَرْكَبُوْا:	تاکہ تم سوار ہو
۲۱۔	قَصْدُ السَّبِيْلِ:	سیدھا راستہ	۲۲۔	جَائِرٌ:	ٹیڑھے
۲۳۔	تُسِيْمُوْنَ:	تم چراتے ہو	۲۴۔	مَا ذَرَأَ:	جو اس نے پھیلا رکھی ہیں
۲۵۔	أَلْوَانُ:	رنگ (واحد: لَوْنٌ)	۲۶۔	يَذَّكَّرُوْنَ:	وہ سبق حاصل کریں
۲۷۔	لَحْمًا طَرِيًّا:	تازہ گوشت	۲۸۔	تَسْتَخْرِجُوْا:	تم نکالو
۲۹۔	حِلْيَةً:	زیورات	۳۰۔	مَوَاخِرَ:	پانی کو چیرتے ہوئے
۳۱۔	أَنْ تَمِيْدَ "بِ":	تاکہ وہ ڈگمگائے	۳۲۔	أَيَّانَ:	کب
۳۳۔	مُنْكِرَةٌ:	انکار کرنے والی	۳۴۔	لَا جَرَمَ:	ظاہر بات ہے
۳۵۔	أَسَاطِيْرُ:	افسانے	۳۶۔	أَوْزَارِ:	بوجھ (واحد: وِزْرٌ)
۳۷۔	بُنْيَانَ:	عمارتیں	۳۸۔	اَلْقَوَاعِدِ:	بنیاد (واحد: اَلْقَاعِدَةُ)
۳۹۔	خَرَّ:	وہ گر پڑا	۴۰۔	اَلسَّقْفُ:	چھت
۴۱۔	يُخْزِيْ:	وہ رسوا کرے گا	۴۲۔	كُنْتُمْ تُشَاقُّوْنَ:	تم جھگڑا کیا کرتے تھے
۴۳۔	ظَالِمِيْ:	ظلم کر رکھا تھا	۴۴۔	لِيَحْمِلُوْا:	تاکہ وہ اٹھائے

مشق: ۸۴

ہدایات　　: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	صحیح/غلط	بیانات
۱۔	☐	اللہ تعالیٰ نے اپنے انعامات میں شہد کی مکھی کا تذکرہ کیا کہ وہ کس طرح اللہ کے حکم سے پہاڑوں اور جنگلوں میں اپنے چھتے بناتی اور شہد پیدا کرتی ہے۔
۲۔	☐	جس ذات نے اس انسان کو ایک ناپاک بوند سے مکمل انسان بنایا اور اسے اشرف المخلوقات کا رتبہ بخشا، اس نے اسی ذات کے ساتھ شریک ٹھہرا کر اس سے جھگڑا شروع کیا۔
۳۔	☐	جس طرح اللہ نے انسان کے دنیا کے راستے طے کرنے کے لئے یہ سواریاں پیدا کی ہیں، اسی طرح آخرت کا روحانی سفر طے کرنے کے لئے سیدھا راستہ دکھانے کی ذمہ داری بھی لی ہے۔
۴۔	☐	تجارت میں جو نفع حاصل ہوتا ہے وہ درحقیقت انسان کی محنت کا ثمر ہے۔ اگر تجارت کے ذریعے مال و دولت حاصل ہو جائے تو انسان کو غرور کے بجائے اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیئے۔
۵۔	☐	جدید سائنس کے مطابق اب بھی بڑے بڑے براعظم سمندر کے پانی پر تھوڑے تھوڑے سرکتے رہتے ہیں اور یہ سرکنا اتنا تیز ہوتا ہے کہ انسان اسے محسوس کر سکتا ہے۔
۶۔	☐	اللہ کے کلام کو افسانہ قرار دے کر مشرکین مکہ نے جن لوگوں کو گمراہ کیا ہے، ان کے ایسے گناہوں کا بوجھ بھی ان پر لادا جائے گا جو انہوں نے ان کے زیر اثر آ کر کئے۔
۷۔	☐	دنیا میں انسان سے مطالبہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دکھائے ہوئے راستے پر اپنے اختیار سے چلے زبردستی نہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کے ذریعے راستہ دکھانے پر اکتفا فرماتا ہے۔
۸۔	☐	''نحل'' عربی میں پانی کی بلی کو کہتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

جَائِرٌ	حِلْيَةً	تَحْمِلُ	لَحْمًا طَرِيًّا	فَخْرً	دِفْءٌ
چھت	پانی کو چیرتے ہوئے	گھوڑے	وہ رسوا کرے گا	ظلم کر رکھا تھا	خچر
تَسْرَحُوْنَ	تُشَاقُّوْنَ	اَلْحَمِيْرَ	تُرِيْحُوْنَ	أَسَاطِيْرُ	أَيَّانَ
أَلْوَان		بُنْيَان		اَلْقَوَاعِدِ	

آیت نمبر ۳۰ تا ۶۰

الفاظ کے معنی:

۱۔	لَنِعْمَ:	بہترین ہے	۲۔	تَتَوَفّٰی:	وہ روح قبض کرتے ہیں
۳۔	طَيِّبِيْنَ:	پاک صاف (واحد: طَيِّبٌ)	۴۔	هَلْ يَنْظُرُوْنَ:	وہ کس بات کے منتظر ہیں
۵۔	حَاقَ "بِ":	اس نے آگھیرا	۶۔	اَلْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ:	صاف صاف پیغام پہنچانا
۷۔	اِجْتَنِبُوْا:	تم اجتناب کرو	۸۔	اَلطَّاغُوْتَ:	طاغوت (جھوٹے معبود)
۹۔	حَقَّتْ "عَلٰى":	مسلط ہوگئی	۱۰۔	إِنْ تَحْرِصْ:	اگر تمہیں حرص ہے
۱۱۔	جَهْدَ أَيْمَانِ:	زور آور قسم	۱۲۔	وَعْدًا حَقًّا:	سچا وعدہ
۱۳۔	لَنُبَوِّئَنَّ:	ہم ضرور بسائیں گے	۱۴۔	رِجَالًا:	انسان (واحد: رَجُلٌ)
۱۵۔	أَهْلَ الذِّكْرِ:	اہل علم	۱۶۔	اَلزُّبُرِ:	آسمانی کتابیں
۱۷۔	مَا نُزِّلَ:	جو اتاری گئی	۱۸۔	أَفَأَمِنَ:	کیا وہ بے خوف ہو گئے
۱۹۔	أَنْ يَّخْسِفَ:	کہ وہ دھنسا دے گا	۲۰۔	مِنْ حَيْثُ:	ایسی جگہ سے
۲۱۔	تَقَلُّبِ:	چلتے پھرتے	۲۲۔	تَخَوُّفٍ:	دھیرے دھیرے گھٹنا
۲۳۔	أَوَلَمْ يَرَوْا:	کیا انہوں نے نہیں دیکھا	۲۴۔	يَتَفَيَّؤُا:	وہ جھکے رہتے ہیں
۲۵۔	ظِلٰلٌ:	سائے	۲۶۔	اَلْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ:	دائیں اور بائیں
۲۷۔	دَاخِرُوْنَ:	عاجزی کا اظہار کرنے والے	۲۸۔	دَابَّةٍ:	جاندار
۲۹۔	وَاصِبًا:	ہر حال میں	۳۰۔	تَجْئَرُوْنَ:	تم فریاد کرتے ہو
۳۱۔	فَارْهَبُوْنِ:	تم مجھ ہی سے ڈرا کرو	۳۲۔	مَا بِكُمْ:	جو تم کو حاصل ہے
۳۳۔	إِذَا كَشَفَ:	جب وہ دور کرتا ہے	۳۴۔	إِذَا فَرِيْقٌ:	اچانک ایک گروہ
۳۵۔	مَا اٰتَيْنَا:	جو ہم نے خبر دی	۳۶۔	مُسْوَدًّا:	سیاہ
۳۷۔	كَظِيْمٌ:	وہ دل میں کڑھتا ہے	۳۸۔	يَتَوَارٰى:	وہ چھپتا پھرتا ہے
۳۹۔	أَيُمْسِكُ:	اپنے پاس رہنے دے	۴۰۔	هُوْنٍ:	ذلت
۴۱۔	يَدُسُّهٗ:	وہ اس کو گاڑ دے	۴۲۔	اَلتُّرَابِ:	مٹی

مشق:۸۵

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) رزق (۲) بدعملی (۳) راہِ راست

(۴) سائے (۵) طاغوت (۶) ہجرت

(۷) مہلت (۸) مشکل کام

نمبر شمار

۱۔ انبیائے کرام کی ذمہ داری پیغام پہنچانے کی حد تک محدود ہوتی ہے، ان کی ذمہ داری یہ نہیں کہ ضدی لوگ.................... پر آ ہی جائیں۔

۲۔ ....شیطان کو بھی کہتے ہیں اور بتوں کو بھی، مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ شیطان کے پیچھے نہ چلو اور یہ بھی کہ بت پرستی سے اجتناب کرو۔

۳۔ مرنے کے بعد زندہ کرنا اللہ کے لئے....................نہیں، کیونکہ کسی چیز کو پیدا کرنے کے لئے اسے محنت نہیں کرنی پڑتی، وہ تو حکم دیتا ہے اور چیز پیدا ہو جاتی ہے۔

۴۔ اگر مہاجرین کو....................کا اجر معلوم ہو جائے تو بے وطن ہونے سے انہیں جو تکلیف ہو رہی ہے وہ بالکل باقی نہ رہے۔

۵۔ اپنی....................کی سزا میں دھیرے دھیرے ان کی افرادی قوت اور ان کا مال و دولت گھٹتا چلا جائے۔

۶۔ اللہ تعالیٰ کی شفقت اور مہربانی کے سبب جو....................ان کفار کو ملی ہے تو یہ لوگ بے خوف ہو گئے، حالانکہ سابقہ اُمتوں کے انجام کو دیکھ کر انہیں بے خوف نہ ہونا چاہئے۔

۷۔ اللہ تعالیٰ نے ہر مخلوق کے ساتھ اس کے....................کی شکل میں ایسی چیز پیدا فرمادی جو اس کے اختیار کے بغیر ہر وقت اللہ کے آگے سجدہ ریز رہتی ہے۔

۸۔ جن بتوں کی نہ حقیقت مشرکین عرب کو معلوم ہے اور نہ ان کے وجود پر کوئی دلیل ہے تو کیسے اللہ کے دیئے ہوئے....................کو ان کے لئے نذر کر دیتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

دَاخِرُوْنَ	هُوْنٍ	تَقَلُّبِ	اَلزُّبُرِ	أَفَأَمِنَ	يَتَفَيَّؤُا
مُسْوَدًّا	طَيِّبِيْنَ	كَظِيْمٌ	إِذَا كَشَفَ	اَلْيَمِيْنِ	يَتَوَارٰى
دَآبَّةٍ	وَاصِبًا	مُسْوَدًّا	تَقَلُّبِ	الشَّمَائِلِ	لَنُبَوِّئَنَّ
	ظِلٰلُ		اَلتُّرَابِ		

آیت نمبر ۶۱ تا ۷۶

الفاظ کے معنی:

۱۔	لَوْ يُؤَاخِذُ:	اگر وہ پکڑ لیتا	۲۔	مَا يَكْرَهُوْنَ:	جسے وہ ناپسند کرتے ہیں
۳۔	تَصِفُ:	وہ تعریف کرتے ہیں	۴۔	أَلْسِنَةُ:	زبانیں
۵۔	اَلْحُسْنٰى:	بھلائی	۶۔	لَا جَرَمَ:	لازمی بات ہے
۷۔	مُفْرَطُوْنَ:	پڑا رہنے دیا جائے	۸۔	تَاللّٰهِ:	اللہ کی قسم
۹۔	أَحْيَا:	اس نے جان ڈالی	۱۰۔	اَلْأَنْعَامِ:	مویشی
۱۱۔	نُسْقِيْ:	ہم پینے کو دیتے ہیں	۱۲۔	بُطُوْنِ:	پیٹ (واحد: بَطْنٌ)
۱۳۔	فَرْثٍ:	گوبر	۱۴۔	لَبَنًا خَالِصًا:	صاف ستھرا دودھ
۱۵۔	سَآئِغًا:	خوشگوار	۱۶۔	سَكَرًا:	شراب
۱۷۔	أَوْحٰى:	اس نے دل میں بات ڈالی	۱۸۔	اَلنَّحْلِ:	شہد کی مکھی
۱۹۔	اِتَّخِذِيْ:	تو بنا	۲۰۔	يَعْرِشُوْنَ:	وہ چھتریاں اٹھاتے ہیں
۲۱۔	كُلِيْ:	تم خوراک حاصل کرو	۲۲۔	فَاسْلُكِيْ:	تم چلو
۲۳۔	ذُلُلًا:	آسان	۲۴۔	أَلْوَانُ:	رنگ (واحد: لَوْنٌ)
۲۵۔	أَرْذَلِ الْعُمُرِ:	عمر کا ناکارہ حصہ	۲۶۔	لِكَيْ لَا يَعْلَمَ:	چنانچہ وہ نہیں جانتا
۲۷۔	اَلَّذِيْنَ فُضِّلُوْا:	جن لوگوں کو برتری دی گئی	۲۸۔	رَآدِّيْ:	لوٹا دینے والے
۲۹۔	مَا مَلَكَتْ:	غلام	۳۰۔	فَضَّلَ:	اس نے برتری دی
۳۱۔	يَجْحَدُوْنَ:	وہ انکار کرتے ہیں	۳۲۔	بَنِيْنَ:	بیٹے
۳۳۔	حَفَدَةً:	پوتے	۳۴۔	فَلَا تَضْرِبُوْا:	تم نہ گھڑو
۳۵۔	عَبْدًا مَّمْلُوْكًا:	ایسا غلام جو کسی کی ملکیت ہو	۳۶۔	أَبْكَمُ:	گونگا
۳۷۔	كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ:	اپنے آقا پر بوجھ	۳۸۔	أَيْنَمَا:	جہاں کہیں
۳۹۔	يُوَجِّهْهُ:	وہ اسے بھیجتا ہے	۴۰۔	مَوْلٰى:	آقا

مشق:۸۶

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار

۱۔ یہ خود اپنے لئے بیٹیوں کو پسند نہیں کرتے بلکہ (الف) بیٹوں کی ولادت کے (ب) خواہش مند رہتے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کے بارے میں کہتے کہ اس کی (ج) بیٹیاں ہیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ شراب کو (الف) حرام رزق کے (ب) مقابلے میں ذکر فرمایا کر یہ اشارہ کردیا گیا کہ (ج) شراب پاکیزہ رزق نہیں ہے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ (الف) شہد کی مکھی عام طور پر چھتے (ب) زمین کے نیچے کسی جگہ پر بناتی ہیں تاکہ اس میں بننے والا شہد (ج) زمین کی کثافتوں سے بھی محفوظ رہے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ انتہائی بڑھاپے کی حالت کو (الف) بہترین عمر سے تعبیر کیا گیا ہے جس میں انسان کی (ب) جسمانی وذہنی قوتیں (ج) عمدہ ہوجاتی ہیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ "لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا" یعنی سب کچھ جاننے کے باوجود کچھ نہ جاننے کا مطلب یہ ہے کہ (الف) جوانی کے اس حصے میں انسان اس علم کا (ب) اکثر حصہ بھول جاتا ہے جو اس نے (ج) پچھلی زندگی میں حاصل کیا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ دنیا کے (الف) تغیرات سے اسے سبق سیکھنا چاہئے کہ یہ سارا کارخانہ ایک (ب) بڑے علم وبڑی قدرت والے خدا کا بنایا ہوا ہے، جس کا (ج) کوئی شریک نہیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ تم میں سے (الف) کوئی شخص نہیں چاہتا کہ (ب) اپنے بیٹے کو اپنی دولت اس طرح دی دے کہ وہ دولت میں اس کے (ج) برابر ہوجائے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ (الف) اللہ نے ان بتوں کو (ب) اپنی خدائی اس طرح دے دی ہو کہ انہیں (ج) اللہ کے برابر معبود بننے کا حق حاصل ہوگیا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

فَأَحْيَا	فَرْثٍ	أَبْكَمُ	كَلٌّ	سَكَرًا	أَرْذَلِ الْعُمُرِ
إِتَّخِذِىْ	لَوْ يُؤَاخِذُ	يُوَجِّهْهُ	بُطُوْنِ	رَآدِّيْ	مَا مَلَكَتْ
أَيْنَمَا	نُسْقِيْ	فَاسْلُكِيْ	سَائِغًا	حَفَدَةً	اَلْحُسْنٰى
	ذُلُلًا		اَلسُّنَّةُ		

آیت نمبر ۷۷ تا ۱۰۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ أَمْرُ السَّاعَةِ: قیامت کا معاملہ

۲۔ لَمْحِ الْبَصَرِ آنکھ کا جھپکنا

۳۔ أَقْرَبُ: اس سے بھی جلدی (قریب)

۴۔ مُسَخَّرٰتٍ: حکم کے پابند

۵۔ جَوِّ: فضا

۶۔ مَا يُمْسِكُ: کوئی تھامے ہوئے نہیں

۷۔ سَكَنًا: سکون کی جگہ

۸۔ جُلُوْدِ: کھالیں

۹۔ تَسْتَخِفُّوْنَ: تم ہلکا پھلکا محسوس کرتے ہو

۱۰۔ ظَعْنِ: سفر

۱۱۔ إِقَامَةِ: ٹھہرنا

۱۲۔ أَصْوَافِ: اُون (واحد: صُوْفٌ)

۱۳۔ أَوْبَارِ: رویں (واحد: وَبَرٌ)

۱۴۔ أَشْعَارِ: بال (واحد: شَعْرٌ)

۱۵۔ أَثَاثًا: گھریلو سامان

۱۶۔ مَتَاعًا: چیزیں

۱۷۔ أَكْنَانًا: پناہ گاہیں

۱۸۔ تَقِيْ: وہ بچاتے ہیں

۱۹۔ بَأْسَ: لڑائی

۲۰۔ يُتِمُّ: وہ مکمل کرتا ہے

۲۱۔ لَا يُؤْذَنُ: اجازت نہیں دی جائے گی

۲۲۔ وَلَهُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ: نہ ان سے توبہ کی فرمائش کی جائیگی

۲۳۔ إِذَا رَأَ: جب وہ آنکھوں سے دیکھ لیں گے

۲۴۔ كُنَّا نَدْعُوْا: ہم پکارا کرتے تھے

۲۵۔ أَلْقَوْ "إِلَى": وہ بات پھینک ماریں گے

۲۶۔ اَلسَّلَمَ: فرمانبرداری (عاجز ہو کر)

۲۷۔	ضَلَّ عَنْهُمْ :	ان کو سراغ نہ ملے گا	۲۸۔	صَدُّوْ، صَدَدْتُّمْ :	انہوں نے روکا، تم نے روکا
۲۹۔	تِبْيَانًا:	کھول کھول کر بیان کرنا	۳۰۔	إِيْتَآءِ:	دینے کا
۳۱۔	اَلْفَحْشَآءِ:	بے حیائی	۳۲۔	يَعِظُ :	وہ نصیحت کرتا ہے
۳۳۔	لَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ:	تم قسموں کو نہ توڑو	۳۴۔	تَوْكِيْدِ:	پختہ کرنا
۳۵۔	كَفِيْلًا:	گواہ	۳۶۔	غَزْلَ:	سوت
۳۷۔	أَنْكَاثًا:	تار تار	۳۸۔	دَخَلًا:	فساد
۳۹۔	أَرْبٰى:	زیادہ فائدہ	۴۰۔	تَزِلَّ:	وہ پھسل جائے
۴۱۔	يَنْفَدُ:	وہ ختم ہو جائے گا	۴۲۔	بَاقٍ:	باقی رہنے والا
۴۳۔	فَاسْتَعِذْ:	تم پناہ مانگو	۴۴۔	يَتَوَلَّوْنَ:	وہ دوست بناتے ہیں

مشق: ۸۷

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ آیت نمبر ۸۰ میں بُیُوْتِکُمْ سے مراد وہ.................. ہیں جو چمڑے سے بنائے جاتے ہیں اور عرب لوگ انہیں سفر میں ساتھ لے جاتے ہیں۔

۲۔ توبہ کا دروازہ.................. سے پہلے پہلے تک کھلا رہتا ہے اس کے بعد توبہ قبول نہیں ہوتی۔

۳۔ قیامت کے دن ان.................. کو بھی سامنے لایا جائے گا جن کی مشرکین عبادت کرتے تھے تاکہ ان کی بے چارگی سب کے سامنے واضح ہو۔

۴۔ مکہ میں.................. نامی ایک دیوانی عورت تھی جو محنت کے ساتھ سوت کاتتی اور پھر شام کو اسے ادھیڑ ڈالتی تھی۔

۵۔ جھوٹی قسم کھانے یا قسم توڑنے کا مقصد.................. ہوتا ہے اس لئے فرمایا کہ معمولی فائدے کے خاطر ایسے گناہ کا ارتکاب نہ کرو۔

۶۔ اللہ تعالیٰ نے قسم توڑنے کا ایک نقصان یہ بھی بتایا کہ جب تم قسم توڑو گے تو عین ممکن ہے کہ تمہیں دیکھ کر کوئی شخص اس گناہ (قسم توڑنے) پر آمادہ ہو تو اس کے اس گناہ کا سبب تم بنے لہٰذا تمہیں.................. ہوگا۔

۷۔ کسی تکلیف کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر کوئی شکایت نہ کی جائے تو یہ بھی.................. ہے۔

۸۔ شیطان سے پناہ صرف تلاوت کے وقت نہیں بلکہ ہر.................. کے وقت پناہ مانگ لی جائے تو انشاء اللہ شیطانی اثرات سے حفاظت رہے گی۔

ترجمہ کیجئے:

اَرْبٰی	تَقِیْ	جَوِّ	لَا يُؤْذَنُ	غَزْلَ	بَأْس
اَلْقَوْا "اِلٰی"	إِذَا رَأَ	أَنْكَاثًا	سَكَنًا	مَا يُمْسِكُ	يَنْفَدُ
تَسْتَخِفُّوْنَ	يُتِمُّ	اَلسَّلَمَ	أَصْوَافِ		

آیت نمبر ۱۰۱ تا ۱۲۸

الفاظ کے معنی:

۱۔ مُفْتَرٍ: جھوٹ باندھنے والے
۲۔ لِيُثَبِّتَ: تاکہ وہ ثابت قدم رکھے
۳۔ يُعَلِّمُ: وہ سکھاتا پڑھاتا ہے
۴۔ لِسَانُ: زبان
۵۔ يُلْحِدُوْنَ "اِلٰی": جس کا وہ حوالہ دے رہا ہے
۶۔ أَعْجَمِیٌّ: عجمی (غیر عربی)
۷۔ مَنْ أُكْرِهَ: جسے زبردستی (کلمہ کفر کہنے پر) مجبور کیا جائے
۸۔ مَنْ شَرَحَ: جس نے کھول دیا
۹۔ صَدْرًا: سینہ (دل)
۱۰۔ اِسْتَحَبُّوْا: انہوں نے محبوب سمجھا
۱۱۔ مَا فُتِنُوْا: جو فتنہ میں مبتلا ہوئے
۱۲۔ تُجَادِلُ: وہ باتیں کرے گا
۱۳۔ تُوَفّٰی: بدلہ دیا جائے گا
۱۴۔ رَغَدًا: فراوانی
۱۵۔ أَنْعُمِ: نعمتیں
۱۶۔ أَذَاقَ: اس نے مزہ چکھایا
۱۷۔ لِبَاسَ الْجُوْعِ: بھوک کا اوڑھنا بچھونا
۱۸۔ كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ: وہ کرتوت کرتے تھے
۱۹۔ مَا تَصِفُ: جو بناتی ہیں
۲۰۔ أُمَّةً قَانِتًا: فرمانبردار پیشوا
۲۱۔ لَمْ يَكُ: وہ نہیں تھے
۲۲۔ إِجْتَبٰى: اس نے چن لیا
۲۳۔ جُعِلَ: لازم کئے گئے
۲۴۔ أُدْعُ "اِلٰی": تم دعوت دو
۲۵۔ اَلْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ: خوش اسلوب نصیحت
۲۶۔ جَادِلْ: تم بحث کرو
۲۷۔ أَحْسَنُ: بہترین
۲۸۔ إِنْ عَاقَبْتُمْ: اگر تم بدلہ لو

٢٩۔	فَعَاقِبُوْا:	پس تم بدلہ لو	٣٠۔	بِمِثْلِ مَا:	اتناہی
٣١۔	عُوْقِبْتُمْ:	تمہارے ساتھ زیادتی کی گئی	٣٢۔	لَاتَكُ:	تم نہ ہو
٣٣۔	ضَيْقٍ:	تنگ دل	٣٤۔	يَمْكُرُوْنَ:	وہ مکاریاں کررہے ہیں

مشق:٨٨

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی خالی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

١۔ قرآن مجید نے کفار کے اعتراض کہ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوہار سے قرآن سیکھتے ہیں'' کا کیا جواب دیا؟

....

....

٢۔ کوئی شخص جان کے خوف سے کلمہ کفر کہے جب اس کا دل مطمئن ہوتو کیا وہ کافر ہے؟

....

....

٣۔ آیت نمبر ١١٠ میں "مَافُتِنُوْا" سے کون لوگ مراد ہیں؟

....

....

٤۔ مکہ مکرمہ کے لوگوں پر قحط سالی کا عذاب کیوں آیا؟

....

....

٥۔ کفار مکہ کس پیغمبر کی اتباع کا دعویٰ کرتے تھے؟

....

....

٦۔ یہود پر سنیچر (ہفتہ) کے دن کونسی سرگرمیاں ممنوع تھیں؟

....

....

٧۔ ''احسان'' کی تشریح حدیث کی روشنی میں بیان کریں؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

أَذَاقَ	ضَيِّقٍ	لِمَا تَصِفُ	لِيُثَبِّتَ	رَغَدًا	جُعِلَ
أَحْسَنُ	تُوَفّٰى	أَنْعُمِ	مُفْتَرٍ	جَادِلْ	إِجْتَبٰى
يَمْكُرُوْنَ	صَدْرًا	عُوْقِبْتُمْ	لِسَانُ		

مشق:۸۹　　اعادہ مشق: ۸۴ تا ۸۸

ہدایات: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دی گئی لائنوں میں مختصراً تحریر کریں۔

۱۔ احسان سے کیا مراد ہے؟

....

....

۲۔ انسان کا سایہ زمین پر پڑ کر کس چیز کا مظاہرہ کرتا ہے؟

....

....

۳۔ طاغوت سے کیا مراد ہے؟

....

....

۴۔ کون سی تجارت اللہ رب العزت کے ہاں پسندیدہ ہے؟

....

....

۵۔ شراب کو پاکیزہ رزق کے مقابلے میں ذکر کرنا کس بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

....

....

۶۔ بڑھاپے کی عمر کو "ناکارہ عمر" سے کیوں تعبیر کیا؟

....

....

۷۔ یہودیوں کے لئے سنیچر (ہفتہ) کے دن کا کام ممنوع تھے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

دِفْءٌ	تُرِيحُونَ	اَلتُّرَابِ	تَقَلُّبِ	أَيْنَمَا	نُسْقِيَ
فَاسْلُكِيْ	ذُلُلًا	رَغَدًا	يَمْكُرُوْنَ	سَكَرًا	أَرْذَلِ الْعُمُرِ

سورۂ بنی اسرائیل مکی

آیت نمبر ۱ تا ۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ: پاک ہے وہ ذات جو

۲۔ أَسۡرٰی ''بِ'': وہ ذات لے گئی (راتوں رات)

۳۔ اَلۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا: مسجد اقصیٰ (بیت المقدس)

۴۔ بٰرَکۡنَا: ہم نے برکتیں نازل کی

۵۔ لِنُرِیَ: تاکہ ہم دکھائیں

۶۔ وَکِیۡلًا: کارساز

۷۔ قَضَیۡنَا: ہم نے فیصلہ کیا

۸۔ لَتُفۡسِدُنَّ: تم (ضرور) فساد مچاؤ گے

۹۔ مَرَّتَیۡنِ: دو مرتبہ

۱۰۔ لَتَعۡلُنَّ: تم سرکشی کا مظاہرہ کرو گے

۱۱۔ عُلُوًّا: بڑی سرکشی

۱۲۔ وَعۡدُ أُوۡلٰی: پہلا واقعہ

۱۳۔ أُوۡلِیۡ: والے

۱۴۔ بَأۡسٍ شَدِیۡدٍ: سخت جنگجو

۱۵۔ فَجَاسُوۡا: وہ پھیل گئے

۱۶۔ خِلٰلَ الدِّیَارِ: شہروں میں گھس کر

۱۷۔ رَدَدۡنَا: ہم نے پلٹنے کا موقع دیا

۱۸۔ اَلۡکَرَّۃَ: غلبہ

۱۹۔ أَمۡدَدۡنَا: ہم نے اضافہ کیا

۲۰۔ نَفِیۡرًا: نفری

۲۱۔ إِنۡ أَحۡسَنۡتُمۡ: اگر تم اچھے کام کرو گے

۲۲۔ إِنۡ أَسَأۡتُمۡ: اگر تم برے کام کرو گے

۲۳۔ وَعۡدُ الۡاٰخِرَۃِ: دوسرا واقعہ

۲۴۔ لِیَسُوۡٓءٗا: تاکہ وہ بگاڑے

۲۵۔ لِیُتَبِّرُوۡا: تاکہ وہ تہس نہس کر دے

۲۶۔ مَا عَلَوۡا: جس چیز پر ان کا زور چلے

۲۷۔ تَتۡبِیۡرًا: تہس نہس کرنا

۲۸۔ إِنۡ عُدۡتُّمۡ: اگر تم پھر وہی کام کرو گے

۲۹۔ عُدۡنَا: ہم دوبارہ وہی کریں گے

۳۰۔ حَصِیۡرًا: قید خانہ

۳۱۔ اَلَّتِیۡ: وہ

۳۲۔ أَقۡوَمُ: سب سے زیادہ سیدھا

۳۳۔ أَوَّلَ مَرَّۃٍ: پہلے لوگوں کی طرح (پہلی مرتبہ)

۳۴۔ أَعۡتَدۡنَا: ہم نے تیار کر رکھا ہے

۳۵۔ یَدۡعُ: وہ مانگتا ہے

۳۶۔ عَجُوۡلًا: جلد باز

مشق:۹۵

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ معراج کا واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے.................. بعد اور ہجرت سے..................
.... سال پہلے پیش آیا۔

۲۔ چونکہ اس سورت کے شروع میں بنی اسرائیل کے ساتھ پیش آنے والے.................. کا تذکرہ ہے اس لئے اس کا نام سورۃ بنی اسرائیل ہے۔

۳۔ .... خاص طور پر اس سفر کو کہا جاتا ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجدِ حرام سے بیت المقدس تک لے جایا گیا۔

۴۔ .... جنت کے ایک درخت کا نام ہے

۵۔ صحیح روایات کے مطابق معراج کا سفر.................. کی حالت میں پیش آیا تھا۔

۶۔ پہلی مرتبہ بابل کے بادشاہ.................. نے بنی اسرائیل پر حملہ کر کے ان کا قتلِ عام کیا اور زندہ بچ جانے والوں کو گرفتار کرلیا۔

۷۔ ستر سال کی غلامی کے بعد.................. نے بابل پر حملہ کر کے بنی اسرائیل کو آزاد کرایا۔

۸۔ جب بنی اسرائیل نے.................. کی شریعت کی مخالفت کی تو ان پر بخت نصر کو مسلط کر دیا گیا۔

۹۔ جب بنی اسرائیل نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کی تو ان پر.................. کو مسلط کر دیا گیا۔

ترجمہ کیجئے:

حَصِيْرًا	قَضَيْنَا	تَتْبِيْراً	عُدْنَا	عُلُوًّا	لِنُرِيَ
جَاسُوْا	أَلْكَرَّةَ	أَمْدَدْنَا	أَقْوَمُ	لِيُتَبِّرُوْا	أَسْرٰی
جلد باز	سخت جنگجو	کارساز	دومرتبہ		

آیت نمبر ۱۲ تا ۴۰

الفاظ کے معنی:

۱۔	مَحَوْنَا:	ہم نے اندھیری بنا دیا	۲۔	مُبْصِرَةً:	روشن
۳۔	اَلْزَمْنَا:	ہم نے چمٹا دیا	۴۔	طٰٓئِرَ:	عمل کا انجام
۵۔	عُنُقِ:	گلے	۶۔	یَلْقٰی:	وہ دیکھے گا
۷۔	مَنْشُوْرًا:	کھلا ہوا	۸۔	حَسِیْبًا:	حساب لینے والا
۹۔	مُتْرَفِیْ:	خوشحال لوگ	۱۰۔	دَمَّرْنَا:	ہم تباہ و برباد کر ڈالتے ہیں
۱۱۔	تَدْمِیْرًا:	تباہ کرنا	۱۲۔	اَلْعَاجِلَةَ:	دنیا کے فوری فائدے
۱۳۔	مَذْمُوْمًا:	ذلیل	۱۴۔	مَدْحُوْرًا:	خوار
۱۵۔	مَشْكُوْرًا:	قدردانی کی گئی	۱۶۔	كُلًّا نُّمِدُّ:	ہر ایک کو ہم نوازتے ہیں
۱۷۔	مَحْظُوْرًا:	بند	۱۸۔	تَقْعُدُ:	تو بیٹھا رہے گا
۱۹۔	مَخْذُوْلًا:	بے یار و مددگار	۲۰۔	لَا تَنْهَرْ:	تم نہ جھڑکو
۲۱۔	قَضٰی:	اس نے حکم دیا	۲۲۔	اِیَّاهُ:	اسی کی
۲۳۔	اِمَّا یَبْلُغَنَّ:	اگر وہ پہنچ جائیں	۲۴۔	كِلٰهُمَا:	دونوں
۲۵۔	جَنَاحَ الذُّلِّ:	انکساری	۲۶۔	رَبَّیٰنِیْ:	ان دونوں نے مجھے پالا
۲۷۔	اَلْاَوَّابِیْنَ:	رجوع کرنے والے	۲۸۔	اٰتِ:	تم دو
۲۹۔	لَا تُبَذِّرْ:	تم مال کو نہ اڑاؤ	۳۰۔	اَلْمُبَذِّرِیْنَ:	بے ہودہ کام میں مال اڑانے والے
۳۱۔	تَرْجُوْهَا:	تم توقع رکھو	۳۲۔	مَیْسُوْرًا:	نرمی (نرم گفتگو)
۳۳۔	مَغْلُوْلَةً:	باندھ رکھنا	۳۴۔	مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا:	قابل ملامت قلاش
۳۵۔	اِمْلَاقٍ:	مفلسی	۳۶۔	اَلْقِسْطَاسِ:	ترازو
۳۷۔	لَا تَقْفُ:	تم پیچھے نہ پڑو	۳۸۔	لَا تَمْشِ مَرَحًا:	تم اکڑ کر مت چلو
۳۹۔	لَنْ تَخْرِقَ:	تم زمین کو پھاڑ نہیں سکتے ہو	۴۰۔	اَصْفٰی:	اس نے چن لیا

مشق:۹۱

ہدایات :دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	صحیح/غلط	بیانات
۱۔	☐	دن اور رات کا ایک دوسرے کے بعد تسلسل کے ساتھ آنا اللہ کی قدرت اور رحمت و حکمت کی نشانی ہے۔
۲۔	☐	جو شخص دنیا میں اَن پڑھ تھا، قیامت کے دن اسے بھی اپنا اعمال نامہ پڑھنے کی صلاحیت دے دی جائے گی۔
۳۔	☐	دنیا میں صرف مومن و متقی کو اللہ کی طرف سے رزق عطا کیا جاتا ہے اور کافر و فاسق پر رزق کے دروازے بند ہیں۔
۴۔	☐	جس چیز کے لئے آدمی کو پوری کوشش کرنی چاہئے وہ آخرت کے فوائد ہیں جو دنیا کے فوائد سے بدرجہا بہتر ہیں۔
۵۔	☐	جائز کاموں میں ضرورتوں سے زائد خرچ کیا جائے تو تبذیر کہلاتا ہے اور ناجائز کاموں میں زائد خرچ اسراف کہلاتا ہے۔
۶۔	☐	انسان کو چاہئے کہ وہ یتیم کے مال کو امانت سمجھے اور اس میں وہی تصرف کرے جو اپنے لئے سودمند ہو۔
۷۔	☐	جب تک کسی شخص کے بارے میں شرعی دلیل سے جرم یا گناہ ثابت نہ ہو جائے اسوقت تک اس کے خلاف کارروائی ناجائز ہے۔
۸۔	☐	جن باتوں کا علم یقینی نہ ہو اور نہ ہی اس پر دنیا و آخرت کے کام موقوف ہے تو بلاوجہ ایسی چیزوں کی تحقیق و جستجو میں پڑنا جائز ہے۔
۹۔	☐	دلیل شرعی کے بغیر کسی شخص کے بارے میں یقین کر لینا کہ وہ گناہ کا مرتکب ہے، یہ دل کا گناہ ہے جس پر کوئی باز پرس نہیں۔
۱۰۔	☐	تم سینہ تان کر اپنا قد کتنا ہی اونچا کرنے کی کوشش کر لو، تمہاری لمبائی پہاڑوں سے زیادہ نہیں۔ اگر لمبا قد ہی فضیلت کا معیار ہوتا تو پہاڑ کو تم سے افضل ہونا چاہئے۔

ترجمہ کیجئے:

مَنْشُوْرًا	لَا تُبَذِّرْ	تَدْمِيْرًا	قَطْعِي	مَدْحُوْرًا	تَقْعُدَ
أَلْزَمْنَا	مَخْذُوْلًا	تَرْجُوْا	لَا تَقْفُ	مَغْلُوْلَةً	مَذْمُوْمًا
مَحَوْنَا	مَيْسُوْرًا	جَنَاحَ الذُّلِّ	طٰٓئِرَہٗ	مفلسی	تو اکڑ کر مت چل
حساب لینے والا		ہم تباہ و برباد کر ڈالتے ہیں		ترازو	

آیت نمبر ۴۱ تا ۶۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ لَقَدْ صَرَّفْنَا: ہم نے طرح طرح کی وضاحتیں کی ہیں
۲۔ نُفُوْرًا: بدکنا
۳۔ إِذًا لَّابْتَغَوْا: وہ پیدا کر لیتے
۴۔ إِنْ مِّنْ: کوئی نہیں
۵۔ لَا تَفْقَهُوْنَ: تم سمجھتے نہیں ہو
۶۔ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا: اَن دیکھا پردہ
۷۔ أَكِنَّةً: غلاف
۸۔ أَنْ يَّفْقَهُوْا: وہ سمجھتے نہیں
۹۔ اٰذَانٌ: کان (واحد: أُذُنٌ)
۱۰۔ وَقْرًا: گرانی
۱۱۔ يَسْتَمِعُوْنَ: وہ کان لگا کر سنتے ہیں
۱۲۔ نَجْوٰى: سرگوشیاں
۱۳۔ رَجُلًا مَّسْحُوْرًا: جادو کیا گیا آدمی
۱۴۔ ضَرَبُوْا: انہوں نے چست کی ہیں
۱۵۔ عِظَامًا: ہڈیاں
۱۶۔ رُفَاتًا: چورا چورا
۱۷۔ خَلْقًا جَدِيْدًا: نئے سرے سے پیدا کرنا
۱۸۔ حَدِيْدًا: لوہا
۱۹۔ خَلْقًا: مخلوق
۲۰۔ يَكْبُرُ: وہ مشکل ہے
۲۱۔ مَنْ يُّعِيْدُ: کون زندہ کرے گا
۲۲۔ اَلَّذِيْ فَطَرَ: جس نے پہلی بار پیدا کیا
۲۳۔ فَسَيُنْغِضُوْنَ: وہ کہیں گے
۲۴۔ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ: تم اس کے حکم کی تعمیل کرو گے
۲۵۔ إِنْ لَّبِثْتُمْ: تم نہیں ٹھہرے
۲۶۔ يَنْزَغُ: وہ فساد ڈالتا ہے
۲۷۔ وَكِيْلًا: ذمہ دار
۲۸۔ زَعَمْتُمْ: تم سمجھتے ہو
۲۹۔ تَحْوِيْلًا: تبدیل کرنا
۳۰۔ يَبْتَغُوْنَ: وہ تلاش کرتے ہیں
۳۱۔ أَقْرَبُ: زیادہ قریب
۳۲۔ يَرْجُوْنَ: وہ امیدوار ہیں
۳۳۔ مَحْذُوْرًا: ڈرنے کی چیز
۳۴۔ مُهْلِكُوْا: ہلاک کرنے والے
۳۵۔ مَسْطُوْرًا: لکھی جا چکی
۳۶۔ مَا مَنَعَنَا: ہمیں کسی نے نہیں روکا
۳۷۔ اَلنَّاقَةَ: اونٹنی
۳۸۔ مُبْصِرَةً: آنکھ کھولنے کو
۳۹۔ تَخْوِيْفًا: ڈرانا
۴۰۔ اَلرُّءْيَا: نظارہ

مشق: ۹۲

ہدایات: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کے ذریعے دیں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ دنیا کی ساری چیزیں اللہ کی تسبیح کس طرح کرتی ہیں؟

(۱) سجدوں میں گر کر

(۲) رات کی تنہائی میں گنگنا کر

(۳) ان کی پیدائش ہی تسبیح ہے

۲۔ اپنی اصلاح کی فکر نہ کرنے کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(۱) غربت و مفلسی آتی ہے

(۲) طلب حق دلوں میں پیدا نہیں ہوتی

(۳) نیکی کے جذبات دلوں سے ختم ہو جاتے ہیں

۳۔ کفار سے گفتگو کس لہجے میں کی جائے؟

(۱) ترش رو ہو کر

(۲) خوش اسلوبی کے ساتھ

(۳) سخت غصے کے انداز میں

۴۔ مشرکین عرب فرشتوں اور جنات کو کونسا درجہ دیتے تھے؟

(۱) انبیا کا

(۲) خدا کے مقربین کا

(۳) خدا کی اولاد کا

۵۔ اگر کافر فرمائشی معجزے کو تسلیم نہ کریں تو اللہ کی سنت کیا ہے؟

(۱) انہیں فوراً ہلاک کر دیا جاتا ہے

(۲) انہیں توبہ کی مہلت ملتی ہے

(۳) انہیں صرف آخرت میں سخت عذاب کا سامنا ہوگا

۶۔ ”زقوم“ سے کیا مراد ہے؟

(۱) دوزخیوں کا درخت

(۲) جنتیوں کا درخت

(۳) اہل اعراف کا درخت

۷۔　کائنات میں اگر دو خدا ہوتے تو کیا ہوتا؟

(۱) پورا نظام درہم برہم ہو جاتا

(۲) کائنات کا نظام چلانے میں آسانی ہوتی

(۳) کائنات کی تخلیق مزید خوبصورت ہو جاتی ہے

۸۔　اَن دیکھے پردہ سے کیا مراد ہے؟

(۱) کفر کا غلاف

(۲) غفلت کا غلاف

(۳) نفاق کا غلاف

ترجمہ کیجئے:

يَنْزَغُ	نُفُوْرًا	لَا تَفْقَهُوْنَ	مَسْتُوْرًا	أَكِنَّةً	عِظَامًا
مُبْصِرَةً	تَخْوِيْفًا	حَدِيْدًا	نَجْوٰى	اَلنَّاقَةَ	چوراچورا
وہ امیدوار ہیں	انہوں نے چست کی	تم سمجھتے ہو	ذمہ دار	نظارہ	وہ مشکل ہے
	کون زندہ کرے گا		بوجھ		

آیت نمبر ۶۱ تا ۱۱۱

الفاظ کے معنی:

۱۔	كَرَّمْتَ:	تو نے عزت بخشی	۲۔	لَئِنْ أَخَّرْتَ:	اگر تم نے مہلت دی
۳۔	لَأَحْتَنِكَنَّ:	میں لگام ڈال دوں گا	۴۔	مَوْفُوْرًا:	مکمل بھرپور
۵۔	اِسْتَفْزِزْ:	تو بہکا لے	۶۔	أَجْلِبْ:	تو چڑھالا (کھینچ لا)
۷۔	خَيْلٍ، رَجِلٍ:	سوار، پیادہ پا	۸۔	شَارِكْ:	تو اپنا حصہ لگالے
۹۔	عِدْ:	تو وعدہ کر	۱۰۔	يُزْجِيْ:	وہ چلاتا ہے
۱۱۔	تَارَةً:	دوبارہ	۱۲۔	قَاصِفًا:	طوفان
۱۳۔	تَبِيْعًا:	پیچھا کرنے والا	۱۴۔	لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ:	تم بھی جھکنے کے قریب ہوئے

۱۵۔	لَأَذَقْنَا:	ہم نے دیئے	۱۶۔	ضِعْفَ:	دگنا
۱۷۔	دُلُوكِ:	ڈھلنا	۱۸۔	غَسَقِ:	اندھیرا
۱۹۔	نَافِلَةً:	اضافی عبادت	۲۰۔	زَهَقَ:	وہ مٹ گیا
۲۱۔	مُدْخَلَ، مُخْرَجَ:	داخل کرنا، نکالنا	۲۲۔	نَاٰبِجَانِبِ:	وہ پہلو بدل لیتا ہے
۲۳۔	شَاكِلَةِ:	طریقہ	۲۴۔	ظَهِيْرًا:	مددکرنے والا
۲۵۔	يَنْبُوْعًا:	چشمہ	۲۶۔	تَفْجِيْرًا:	زمین کا پھاڑنا
۲۷۔	تُسْقِطَ:	تو گرادے	۲۸۔	قَبِيْلًا:	آمنے سامنے
۲۹۔	زُخْرُفٍ:	سونا	۳۰۔	تَرْقٰى:	تم چڑھ جاؤ
۳۱۔	كُلَّمَا خَبَتْ:	جب کبھی وہ دھیمی ہونے لگے	۳۲۔	سَعِيْرًا:	بھڑکانا
۳۳۔	لَأَمْسَكْتُمْ:	تم ضرور روک لیتے	۳۴۔	قَتُوْرًا:	تنگ دل
۳۵۔	مَثْبُوْرًا:	برباد ہونے والے	۳۶۔	أَنْ يَّسْتَفِزَّ:	وہ اکھاڑ پھینکے
۳۷۔	لَفِيْفًا:	جمع کرکے	۳۸۔	فَرَقْنَا:	ہم نے جدا جدا حصے بنائے
۳۹۔	مُكْثٍ:	ٹھہر ٹھہر کر	۴۰۔	يَخِرُّوْنَ:	وہ گرجاتے ہیں
۴۱۔	اَلْاَذْقَانِ:	ٹھوڑیاں	۴۲۔	أَيًّا مَّا تَدْعُوْا:	جس نام سے بھی پکارو
۴۳۔	يَبْكُوْنَ:	وہ روتے ہوئے	۴۴۔	لَا تَجْهَرْ، لَا تُخَافِتْ:	تم اونچی آواز سے نہ پڑھو، تم پست آواز سے پڑھو

مشق: ۹۳

ہدایات: مندرجہ ذیل خالی جگہ کو دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) عقیدۂ توحید (۲) شیطان (۳) نبوت
(۴) نکل جانے کا (۵) فوج (۶) مقامِ محمود
(۷) تخلیق (۸) فرمانبرداری (۹) فجر

نمبر شمار بیانات

۱۔ شیطان اپنی ایک .... رکھتا ہے، جس میں شریر جنات اور انسان شامل ہیں یہ سب مل کر انسان کو بہکانے میں شیطان کی مدد کرتے ہیں۔

۲۔ جب کوئی شخص مال و دولت اور اولاد اللہ کے حکم کے خلاف حاصل یا استعمال کرتا ہے تو گویا اس نے اپنے مال و دولت اور اولاد میں .... کا حصہ لگا دیا۔

۳۔ آیت نمبر ۶۵ میں ''إِنَّ عِبَادِيْ'' سے مراد وہ مخلص بندے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی .... کی فکر رکھتے ہیں۔

۴۔ ہجرت کے آٹھ سال بعد مکہ فتح ہو گیا اور نویں سال تمام کافروں کو یہاں سے .... کا حکم ملا۔

۵۔ .... کی نماز میں اٹھنے کے سبب دوسری نمازوں کے مقابلے میں زیادہ مشقت ہوتی ہے اس لئے اس کو خاص اہمیت کے ساتھ ذکر فرمایا۔

۶۔ .... سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ منصب ہے جس کے تحت آپ کو شفاعت کا حق دیا جائے گا۔

۷۔ روح ایسی چیز ہے جس کی .... کا کوئی عمل انسان کے مشاہدے میں نہیں آتا۔

۸۔ "خَزَآئِنَ رَحۡمَةِ رَبِّیۡۤ" یعنی رحمت کے خزانوں سے مراد یہاں .... عطا فرمانے کا اختیار ہے۔

۹۔ اسماءِ حسنیٰ میں سے کسی بھی نام سے اگر اللہ کو پکارا جائے تو اس سے .... پر کوئی حرف نہیں آتا۔

ترجمہ کیجئے:

كَرَّمْتَ	قَاصِفًا	يَبْكُوْنَ	أَنْ يَّسْتَفِزَّ	شَاكِلَتِهٖ	يَنْبُوْعًا
تو وعدہ کر	ڈھلنا	وہ چلاتا ہے	سونا	تو بہکا لے	ہم دیتے

عِدْ	مَثْبُوْرًا	ضِعْفَ	تَرْقٰی
قَبِيْلًا	اَلْاَذْقَانِ	زَهَقَ	نَافِلَةً

سورۂ کہف مکی

آیت نمبر ۱ تا ۳۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ قَیِّمًا: سیدھی سیدھی
۲۔ مَاکِثِیْنَ: رہنے والے
۳۔ بَاخِعٌ: جان گھلانے والا
۴۔ صَعِیْدًا جُرُزًا: سپاٹ میدان
۵۔ اَلْکَھْفِ، اَلرَّقِیْمِ: غار، رقیم (کھوہ)
۶۔ اَلْفِتْیَۃُ: نوجوان
۷۔ ھَیِّئْ: تو مہیا کر
۸۔ اَلْحِزْبَیْنِ: دو گروہ
۹۔ اَحْصٰی: وہ شمار کرتا ہے
۱۰۔ لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا: سوئے رہنے کی مدت
۱۱۔ رَبَطْنَا: ہم نے مضبوط کر دیئے
۱۲۔ شَطَطًا: لغویات
۱۳۔ اِعْتَزَلْتُمُوْا: تم نے علیحدگی اختیار کی
۱۴۔ فَاْوٗٓا: تم پناہ لو
۱۵۔ تَقْرِضُ: وہ کترا کر چلا گیا
۱۶۔ تَزٰوَرُ: وہ ہٹ کر نکل جاتا
۱۷۔ مُرْشِدًا: سیدھے راستے پر لانے والا
۱۸۔ اَیْقَاظًا: جاگتے ہوئے
۱۹۔ رُقُوْدٌ: سوئے ہوئے
۲۰۔ نُقَلِّبُ: ہم کروٹ دلواتے رہتے تھے
۲۱۔ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ: دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے
۲۲۔ اَلْوَصِیْدِ: دہلیز
۲۳۔ لَوِ اطَّلَعْتَ: اگر تم جھانک کر دیکھتے
۲۴۔ لَوَلَّیْتَ: تم بھاگ کھڑے ہوتے
۲۵۔ لَمُلِئْتَ: تمہارے اندر سما جاتی
۲۶۔ وَرِقٌ: سکہ چاندی کا
۲۷۔ اَزْکٰی: زیادہ پاکیزہ
۲۸۔ وَلْیَتَلَطَّفْ: اور وہ ہوشیاری سے کام لے
۲۹۔ لَا یُشْعِرَنَّ: وہ خبر نہ ہونے دے
۳۰۔ اَعْثَرْنَا: ہم نے خبر پہنچا دی
۳۱۔ رَجْمًا بِالْغَیْبِ: اٹکل کے تیر چلانا
۳۲۔ فَلَا تُمَارِ: تم بحث نہ کرو
۳۳۔ اَبْصِرْ بِہٖ وَاَسْمِعْ!: وہ کتنا دیکھنے والا اور وہ کتنا سننے والا!
۳۴۔ مُلْتَحَدًا: پناہ کی جگہ
۳۵۔ فُرُطًا: حد سے گزرا ہوا
۳۶۔ سُرَادِقُ: قناتیں
۳۷۔ یَسْتَغِیْثُوْا، یُغَاثُوْا: اگر وہ فریاد کریں گے، فریاد کا جواب ملے گا
۳۸۔ اَلْمُھْلِ: تیل کی تلچھٹ
۳۹۔ یَشْوِیْ: وہ بھون کر رکھ دے گا
۴۰۔ مُرْتَفَقًا: آرام گاہ
۴۱۔ یُحَلَّوْنَ: وہ مزین کئے جائیں گے
۴۲۔ اَسَاوِرَ، ثِیَابًا خُضْرًا: کنگن، سبز کپڑے
۴۳۔ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ: باریک اور دبیز ریشم
۴۴۔ اَلْاَرَآئِکِ: اونچی مسندیں

مشق: ۹۴

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ .... کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کی بڑی فضیلت آئی ہے۔

(۱) ہفتے کے دن　(۲) جمعہ کے دن　(۳) جمعرات کے دن

۲۔ سورۂ کہف میں جن جوانوں کا ذکر ہے وہ ایک مشرک بادشاہ کے عہدِ حکومت میں .... کے قائل تھے۔

(۱) بت پرستی　(۲) عیسائیت　(۳) توحید

۳۔ اصحابِ کہف میں سے ایک شخص جب کھانا لینے شہر پہنچا تو اس نے دو کاندار کو .... پہلے کا سکہ پیش کیا۔

(۱) تین سو سال　(۲) سات سو سال　(۳) پانچ سو سال

۴۔ عیسائیوں کے یہاں یہ واقعہ ''..................... '' کے نام سے مشہور ہے۔

(۱) اصحابِ کہف　(۲) سات غار والے　(۳) سات سونے والے

۵۔ بادشاہ نے جب اصحابِ کہف سے عقیدہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بے باکی کے ساتھ .... کا عقیدہ بیان کیا۔

۶۔ بادشاہ نے اصحابِ کہف کی یادگار میں .... تعمیر کی۔

(۱) مسجد　(۲) مزار　(۳) پانی کی ایک بہت بڑی سبیل

۷۔ اصحابِ کہف کے غار کا محلِ وقوع ایسا تھا کہ اس میں .... نہیں آتی تھی۔

(۱) ہوا　(۲) ٹھنڈ　(۳) دھوپ

۸۔ سورۂ کہف کی آیت ۲۱ سے مقبرے یا قبروں کو عبادت گاہ میں تبدیل کرنے کا .... نہیں نکلتا۔

(۱) جواز　(۲) عدمِ جواز　(۳) حرام ہونا

ترجمہ کیجیے:

زیادہ پاکیزہ	ہم کروٹ دلواتے ہیں	نوجوان	چاندی کا سکہ	وہ بھون کر رکھ دے گا	کنگن
فَأْوٗا	فَجْوَةٌ	لَا يُشْعِرَنَّ	هَيِّئْ	أَيْقَاظًا	ثِيَابًا خُضْرًا
رَبَطْنَا	سُرَادِقُ	اِعْتَزَلْتُمُوْا	اَلْوَصِيْدِ	اونچی مسندیں	لغوبات
	دہلیز		قناتیں		

آیت نمبر ۳۲ تا ۷۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ حَفَفۡنَا: ہم نے گھیرا ہوا تھا
۲۔ كِلۡتَا: دونوں
۳۔ خِلٰلَهُمَا: ان دونوں کے درمیان
۴۔ يُحَاوِرُ: باتیں کرتے ہوئے
۵۔ أَعَزُّ نَفَرًا: میرا جتھا مضبوط ہے
۶۔ أَنۡ تَبِيۡدَ: وہ تباہ ہو جائے گا
۷۔ لَئِنۡ رُّدِدۡتُّ: اگر مجھے بھیجا گیا
۸۔ سَوّٰىكَ: اس نے بھلا چنگا بنا دیا
۹۔ حُسۡبَانًا: آفت
۱۰۔ صَعِيۡدًا زَلَقًا: چکنا میدان
۱۱۔ غَوۡرًا: زمین میں اتر جائے (خشک ہو جائے)
۱۲۔ اَلۡوَلَايَةُ: اختیار مدد کا
۱۳۔ يُقَلِّبُ كَفَّيۡهِ: وہ ہاتھ ملتا رہ گیا
۱۴۔ عُقۡبًا: انجام
۱۵۔ هَشِيۡمًا: ریزہ ریزہ
۱۶۔ أَمَلًا: امیدیں
۱۷۔ بَارِزَةً: کھلی پڑی
۱۸۔ فَلَمۡ نُغَادِرۡ: ہم نہیں چھوڑیں گے
۱۹۔ عُرِضُوۡا: پیش کیا جائے گا
۲۰۔ وُضِعَ: رکھ دی جائے گی
۲۱۔ مُشۡفِقِيۡنَ: خوف زدہ (واحد: مُشۡفِقٌ)
۲۲۔ عَضُدًا: دست و بازو
۲۳۔ مَوۡبِقًا: مہلک آڑ
۲۴۔ مُوَاقِعُوۡا: گرنے والے
۲۵۔ جَدَلًا: تمہارے اندر سما جاتی
۲۶۔ وَرِقِ: سکہ چاندی کا
۲۷۔ مَوۡئِلًا: پناہ گاہ
۲۸۔ لَا أَبۡرَحُ: میں جاری رکھوں گا
۲۹۔ مَجۡمَعَ الۡبَحۡرَيۡنِ: دو سمندروں کے سنگم
۳۰۔ أَمۡضِيَ حُقُبًا: میں برسوں چلتا رہوں گا
۳۱۔ حُوۡتَ: مچھلی
۳۲۔ سَرَبًا: سرنگ
۳۳۔ أَوَيۡنَا: ہم ٹھہرے
۳۴۔ اَلصَّخۡرَةِ: چٹان
۳۵۔ نَصَبًا: تھکاوٹ
۳۶۔ قَصَصًا: قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے
۳۷۔ شَيۡئًا إِمۡرًا: خوفناک کام (عجیب کام)
۳۸۔ اِنۡطَلَقَا: وہ دونوں روانہ ہوئے
۳۹۔ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ: تم نہیں کر سکتے
۴۰۔ لَمۡ تُحِطۡ بِهٖ: تمہیں واقفیت نہیں ہے
۴۱۔ خُبۡرًا: خبر، بات
۴۲۔ كُنَّا نَبۡغِ: ہمیں تلاش تھی

مشق:۹۵

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی (✓) یا (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	اگر اللہ کے ساتھ رشتہ مضبوط نہ ہو تو مال دار بھی ہاتھ ملتے رہ جاتے ہیں اور اللہ کے ساتھ معاملہ صحیح ہو تو غریب لوگ ان سے کہیں آگے نکل جاتے ہیں۔
۲۔	☐	دنیوی زندگی بھی شروع میں سبزہ کی طرح بڑی خوبصورت اور بارونق معلوم ہوتی ہے اسی طرح اس کا انجام بھی بڑا بارونق ہوگا۔
۳۔	☐	دنیا کے مال واسباب کے ساتھ امید لگاؤ تو وہ دھوکہ دے جاتے ہیں لیکن نیک اعمال جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے کئے جائیں تو ان سے وابستہ ثواب کی امید پوری ہوتی ہے۔
۴۔	☐	اللہ تعالیٰ کا معاملہ یہ ہے کہ وہ نافرمانوں پر فوراً عذاب بھیجتا ہے تاکہ انہیں ایمان لانے کی مہلت ہی نہ ملے۔
۵۔	☐	حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے نوجوان شاگرد حضرت لوط علیہ السلام کو لے کر طلبِ علم کے سفر پر روانہ ہوئے۔
۶۔	☐	جو مچھلی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے زادِراہ کے طور پر لی تھی وہ زنبیل میں تھی اور وہاں سے کھسک کر دریا میں گری اور وہاں پانی میں سرنگ بن گئی۔
۷۔	☐	انسان کی نظر چونکہ لامحدود ہے اس لئے اس کائنات کی حکمت خداوندی سمجھ میں نہیں آتی لیکن جس قادرِ مطلق کے ہاتھ میں پوری کائنات کی باگ ڈور ہے وہی جانتا ہے کس وقت کیا واقعہ پیش آئے گا۔
۸۔	☐	حضرت خضر علیہ السلام کے پاس خصوصی علم تھا جس سے مرید شریعیات کا علم ہے۔
۹۔	☐	حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا اللہ نے مجھے ایسا علم دیا جو آپ کے پاس نہیں اور آپ کو ایک ایسا علم دیا جو میرے پاس نہیں۔
۱۰۔	☐	اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو علم کے کچھ ایسے گوشوں سے روشناس کرائیں جو ان کی واقفیت کے دائرے سے باہر تھے۔

ترجمہ کیجئے:

عُقُبًا	لَآ أَبۡرَحُ	نَصَبًا	لَمۡ نُغَادِرۡ	جَدَلًا	سَوّٰى
مَّوۡبِقًا	حَفَفۡنَا	سَرَبًا	وُضِعَ	حُسۡبَانًا	لِيُدۡحِضُوۡا
أَمَلًا	أَنۡ تَبِيۡدَ	مَّوۡئِلًا	أَوَيۡنَآ	حُوۡت	الصَّخۡرَة
	هَشِيۡمًا		صَعِيۡدًا زَلَقًا		

آیت نمبر ۷۱ تا ۱۱۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ: انہوں نے کہا، کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا؟

۲۔ فَلَا تُصٰحِبْنِىْ: آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیے

۳۔ اِسْتَطْعَمَا: ان دونوں نے کھانا مانگا

۴۔ فَاَبَوْا: انہوں نے انکار کیا

۵۔ اَنْ يُّضَيِّفُوْا: وہ مہمانی کریں

۶۔ جِدَارًا: دیوار

۷۔ اَنْ يَّنْقَضَّ: وہ گرا ہی چاہتی تھی (گرنے کے قریب تھی)

۸۔ تَاْوِيْلِ: مقصد

۹۔ غَصْبًا: چھین کر

۱۰۔ اَنْ يُّرْهِقَ: وہ پھنسا دے

۱۱۔ طُغْيَانًا: سرکشی

۱۲۔ زَكٰوةً: پاکیزگی

۱۳۔ اَقْرَبَ رُحْمًا: حسن سلوک میں بڑھی ہوئی

۱۴۔ كَنْزٌ: گڑا ہوا خزانہ

۱۵۔ مَكَّنَّا: ہم نے بخشا

۱۶: سَبَبًا: وسائل

۱۷۔ حَمِئَةٍ: دلدل

۱۸۔ نُكْرًا: سخت

۱۹۔ سِتْرًا: اوٹ

۲۰۔ بِمَا لَدَيْهِ: جو کچھ اس کے پاس ہے

۲۱۔ السَّدَّيْنِ: دو پہاڑ

۲۲۔ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ: یاجوج اور ماجوج

۲۳۔ خَرْجًا: مال

۲۴۔ سَدًّا: دیوار

۲۵۔ فَاَعِيْنُوْنِىْ: تم میری مدد کرو

۲۶۔ رَدْمًا: مضبوط دیوار

۲۷۔ زُبَرَ الْحَدِيْدِ: لوہے کی چادر

۲۸۔ سَاوٰى: انہوں نے ملا دیا

۲۹۔ الصَّدَفَيْنِ: دونوں پہاڑوں کے سرے

۳۰۔ اُنْفُخُوْا: تم آگ دہکاؤ

۳۱۔ قِطْرًا: پگھلا ہوا تانبا

۳۲۔ مَا اسْتَطَاعُوْا مَا اسْطَاعُوْا: وہ طاقت نہیں رکھتے تھے

۳۳۔ نَقْبًا: سوراخ

۳۴۔ دَكَّآءَ: ڈھا کر (زمین کے برابر کرنا)

۳۵۔ عَرْضًا: ہم سامنے لائیں گے

۳۶۔ غِطَآءٍ: پردہ

۳۷۔ نُزُلًا: مہمانی

۳۸۔ الْاَخْسَرِيْنَ: سب سے زیادہ ناکام

۳۹۔ صُنْعًا: کام

۴۰۔ فَلَا نُقِيْمُ: ہم شمار نہیں کریں گے

۴۱۔ الْفِرْدَوْسِ: فردوس (جنت کا اعلیٰ مقام)

۴۲۔ حِوَلًا: کہیں اور جانا

۴۳۔ مِدَادًا: روشنائی (Ink)

۴۲۔ اَنْ تَنْفَدَ: کہیں اور جانا

مشق:۹۶

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی خالی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ عالمِ تکوین کسے کہا جاتا ہے؟

....

....

۲۔ حضرت خضر علیہ السلام کون سے عالم کے پیغمبر تھا؟

....

....

۳۔ علم تکوین کے احکام کی تعمیل کون کرتا ہے؟

....

....

۴۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ کیوں نہیں چل سکے؟

....

....

۵۔ کیا حضرت خضر علیہ السلام کے واقعہ کو بنیاد بنا کر شریعت کے احکام کی خلاف ورزی کرنا جائز ہے؟

....

....

۶۔ ذوالقرنین کے کیا معنی ہے اور وہ کس ملک کا بادشاہ تھا؟

....

....

۷۔ ذوالقرنین نے سدِ سکندری کی تعمیر کا کارنامہ انجام دینے کے بعد کونسی حقیقت واضح کی؟

....

....

۸۔ ذوالقرنین نے کون سے تین سفر کئے؟

....

....

....

....

۹۔ یاجوج اور ماجوج سے کون مراد ہے؟

۱۰۔ ذوالقرنین نے دیوار کن چیزوں سے اور کس طرح تیار کی؟

۱۱۔ عمل کی مقبولیت کے لئے نیت کے ساتھ کیا چیز ضروری ہے؟

ترجمہ کیجئے:

سَاوٰى	جِدَارًا	اُنْفُخُوْا	خَرْجًا	مَكَّنَّا	صُنْعًا
فَأَعِيْنُوْنِيْ	دَكَّآءَ	اَسْتَطَعَمَا	نَقْبًا	مَااسْطَاعُوْا	قَطْرًا
أَنْ يُّرْهِقَ	غِطَاءِ	أَنْ يُّضَيِّفُوْا	سِتْرًا	سَدَدًا	اَلصَّدَفَيْنِ
	سَتْرًا		سِتْرًا		

مشق: ۹۷

اعادہ مشق: ۹۰ تا ۹۶

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجدِ حرام سے بیت المقدس تک لے جایا گیا، یہ سفر معراج کا دوسرا مرحلہ تھا جسے اسراء کہا جاتا ہے۔ ....

۲۔ حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں جو شخص دنیا میں اَن پڑھ تھا، قیامت کے دن اسے بھی اپنا اعمال نامہ پڑھنے کی صلاحیت دے دی جائے گی۔ ....

۳۔ اللہ تعالیٰ کی سنت ہے کہ جب کافروں کو کوئی فرمائشی معجزہ دکھا دیا جاتا ہے اس کے باوجود اگر وہ ایمان نہ لائے تو انہیں مختصر مہلت دی جاتی ہے۔ ....

۴۔ ''مقامِ محمود'' وہ منصب ہے جس کے تحت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شفاعت کا حق دیا جائے گا۔ ....

۵۔ اگر مال کو ناجائز کاموں میں خرچ کیا جائے تو وہ تبذیر کہلاتا ہے۔ ....

۶۔ اللہ تعالیٰ نے اصحابِ کہف کے بارے میں بتایا کہ وہ تین سو تین سال تک سوتے رہے۔ ....

۷۔ دنیوی زندگی بھی شروع میں بڑی خوبصورت اور بارونق معلوم ہوتی ہے لیکن انجام کار وہ فنا ہو جانے والی ہے۔ ....

۸۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے جوان شاگرد حضرت ہارون علیہ السلام کو ساتھ لے کر اس سفر پر روانہ ہوئے۔ ....

۹۔ ذوالقرنین کا لفظی معنی ہے ''دو سینگوں والا'' یہ کسی نامعلوم وجہ سے بادشاہ کا لقب تھا۔ ....

۱۰۔ عیسائیوں کے ہاں اصحابِ کہف کا واقعہ آٹھ سونے والوں کے نام سے مشہور ہے۔ ....

ترجمہ کیجئے:

عُدْنَا	مَغْلُوْلَةً	فَجْوَةٍ	هَيِّئْ	وُضِعَ	أَمْدَدْنَا
لَا تُبَذِّرُوْا	غِطَاءٍ	أَسْرٰى	لِيُدْحِضُوْا	أَنْ يُّرْهِقَ	أَنْ تَبِيْدَ

سورۂ مریم مکی

آیت نمبر ۱ تا ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ نِدَآءً خَفِيًّا: آہستہ آہستہ آواز

۲۔ وَهَنَ: وہ کمزور ہوگئی

۳۔ اِشْتَعَلَ: وہ بھڑک اٹھا ہے

۴۔ اَلرَّأْسُ: سر

۵۔ شَيْبًا: بڑھاپا

۶۔ بِدُعَائِكَ: آپ سے دعا مانگ کر

۷۔ شَقِيًّا: نامراد

۸۔ اَلْمَوَالِيَ: چچازاد بھائی

۹۔ عَاقِرًا: بانجھ

۱۰۔ فَهَبْ: تو عطا کر

۱۱۔ رَضِيًّا: پسندیدہ

۱۲۔ سَمِيًّا: اس نام کا

۱۳۔ اَلْكِبَرِ عِتِيًّا: جسم سوکھنا (بے حد بڑھاپا)

۱۴۔ هَيِّنٌ: معمولی بات

۱۵۔ لَمْ تَكُ: تم نہ تھے

۱۶: سَوِيًّا: برابر مکمل

۱۷۔ صَبِيًّا: بچپن

۱۸۔ حَنَانًا: نرم دلی

۱۹۔ بَرًّا: خدمت گذار

۲۰۔ وُلِدَ: وہ پیدا ہو جائے

۲۱۔ اِذِانْتَبَذَتْ: جب وہ علیحدہ ہو کر چلی گئی

۲۲۔ فَتَمَثَّلَ: وہ ظاہر ہوا

۲۳۔ لِاَهَبَ: تاکہ میں دوں

۲۴۔ بَغِيًّا: بدکار

۲۵۔ اَمْرًا مَّقْضِيًّا: طے بات

۲۶۔ قَصِيًّا: دور

۲۷۔ فَاَجَآءَ: اس نے پہنچادیا

۲۸۔ اَلْمَخَاضُ: زچگی کا درد

۲۹۔ جِذْعِ النَّخْلَةِ: کھجور کا درخت

۳۰۔ نَسْيًا مَّنْسِيًّا: بھولی بسری

۳۱۔ سَرِيًّا: چشمہ

۳۲۔ هُزِّيْ: تم ہلاؤ

۳۳۔ رُطَبًا جَنِيًّا: تازہ کھجور

۳۴۔ قَرِّيْ: تم ٹھنڈی رکھو

۳۵۔ فَاِمَّا تَرَيِنَّ: اگر تم دیکھو

۳۶۔ فَرِيًّا: غضب ڈھانا

۳۷۔ اَلْمَهْدِ: پالنا

۳۸۔ مَادُمْتُ: جب تک میں رہوں

۳۹۔ جَبَّارًا شَقِيًّا: سرکش و سنگ دل

۴۰۔ وُلِدْتُّ: جب میں پیدا ہوا

۴۱۔ يَمْتَرُوْنَ: وہ جھگڑ رہے تھے

۴۲۔ مَشْهَدِ: مشاہدہ

۴۳۔ اَسْمِعْ!: کتنے سننے والے!

۴۴۔ اَبْصِرْ!: کتنے دیکھنے والے!

مشق: ۹۸

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے دعا مانگی کہ مجھے ایسا بیٹا عطا فرما دیجئے جو میرے .... کا وارث ہو۔

۲۔ جس اللہ تعالیٰ نے تمہیں .... وجود بخشا وہ اس بات پر قادر ہے کہ تمہیں بڑھاپے میں اولاد عطا فرما دے۔

۳۔ آیت نمبر ۱۹ میں "غُلٰمًا زَكِيًّا" یعنی "پاکیزہ لڑکا" ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ نسب اور اپنے .... کے اعتبار سے پاکیزہ ہوگا۔

۴۔ اگرچہ عام حالات میں موت کی تمنا جائز نہیں لیکن کسی .... کے اندیشے سے ایسی تمنا منع نہیں۔

۵۔ پچھلی شریعتوں میں بات چیت نہ کرنے کا روزہ رکھنا بھی .... کی ایک شکل تھی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت میں منسوخ ہوگئی۔

۶۔ بچہ کی پیدائش کے بعد حضرت مریم علیہا السلام پوری طرح مطمئن تھیں کہ جس نے یہ بچہ خاص قدرت سے پیدا کیا ہے وہ ان کی .... بھی ظاہر کر دے گا۔

۷۔ شیر خوار بچے کا اس طرح بولنا اللہ کی طرف سے کھلا .... تھا جس نے حضرت مریم علیہا السلام کی برأت بالکل واضح کر دی۔

۸۔ حضرت مریم علیہا السلام جس جگہ تشریف لے گئیں تھیں وہ بلندی پر واقع ہے اور آج کل شاید اسے .... کہا جاتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

وَهَنَ	رُطَبًا جَنِيًّا	فَهَبْ	سَرِيًّا	فَتَمَثَّلَ	سَوِيًّا
اَلرَّأْسُ	شَقِيًّا	حَنَانًا	عَاقِرًا	قُصِيًّا	بَغِيًّا
دور	بھولی بسری	جب تک میں رہوں	بڑھاپا	معمولی بات	تو ٹھنڈی رکھ
	پسندیدہ		مشاہدہ		

آیت نمبر ۴۱ تا ۹۸

الفاظ کے معنی:

۱۔	يَآأَبَتِ!:	ابا جان	۲۔	عَصِيًّا:	نافرمان
۳۔	أَرَاغِبٌ أَنْتَ:	کیا تم بیزار ہو	۴۔	لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ:	اگر تم باز نہ آئے
۵۔	لَأَرْجُمَنَّكَ:	میں تم پر پتھر برساؤں گا	۶۔	وَاهْجُرْنِي:	مجھ سے دور ہو جاؤ
۷۔	مَلِيًّا:	ہمیشہ کے لئے	۸۔	حَفِيًّا:	مہربان
۹۔	أَعْتَزِلُ:	میں الگ ہوں	۱۰۔	عَلِيًّا:	اونچا درجہ
۱۱۔	مُخْلَصًا:	چنے ہوئے (منتخب کردہ)	۱۲۔	اَلْأَيْمَنِ:	دائیں
۱۳۔	نَجِيًّا:	رازدار	۱۴۔	وَاجْتَبَيْنَا:	اور ہم نے منتخب کیا
۱۵۔	خَرُّوْا:	وہ گر جاتے ہیں	۱۶۔	بُكِيًّا:	روتے ہوئے
۱۷۔	خَلْفٌ:	بعد میں آنے والے لوگ	۱۸۔	غَيًّا:	گمراہی
۱۹۔	جَنّٰتُ عَدْنٍ:	ہمیشہ کے باغات	۲۰۔	مَأْتِيًّا:	پہنچنا
۲۱۔	وَمَا نَتَنَزَّلُ:	ہم نہیں اترتے	۲۲۔	نَسِيًّا:	بھول جانے والے
۲۳۔	ءَإِذَا مَامِتُّ:	جب میں مر چکا ہوں گا	۲۴۔	فَوَرَبِّكَ!:	تو قسم ہے تمہارے پروردگار کی!
۲۵۔	لَنَحْشُرَنَّ:	ہم ضرور اکٹھا کریں گے	۲۶۔	جِثِيًّا:	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے
۲۷۔	لَنَنْزِعَنَّ:	ہم کھینچ نکالیں گے	۲۸۔	شِيعَةٍ:	گروہ
۲۹۔	عِتِيًّا:	سرکشی	۳۰۔	أَوْلٰى "بِ"	: زیادہ مستحق ہے
۳۱۔	حَتْمًا مَّقْضِيًّا:	حتمی ذمہ	۳۲۔	صِلِيًّا:	دوزخ میں جھونکے جانے والے
۳۳۔	نَدِيًّا:	مجلس	۳۴۔	رِئْيًا:	ظاہری آن بان
۳۵۔	فَلْيَمْدُدْ:	وہ ڈھیل دیتا ہے	۳۶۔	مَرَدًّا:	انجام
۳۷۔	فَرْدًا:	تن تنہا	۳۸۔	عِزًّا:	پشت پناہی
۳۹۔	تَؤُزُّ أَزًّا:	وہ اکساتے رہتے ہیں، اکسانا	۴۰۔	وَفْدًا:	مہمان بنا کر
۴۱۔	وِرْدًا:	پیاسے	۴۲۔	إِدًّا:	سنگین حرکت
۴۳۔	هَدًّا:	ٹوٹ کر	۴۴۔	وُدًّا:	محبت
۴۵۔	لُدًّا:	جھگڑنے پر آمادہ	۴۴۔	رِكْزًا:	بھنک

مشق:۹۹

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار　　بیانات

۱۔ (الف) بتوں کی عبادت کرنے کا خیال درحقیقت (ب) شیطان کا ڈالا ہوا خیال تھا اس لئے بتوں کی عبادت کا مطلب یہی تھا کہ شیطان کو (ج) قابل اطاعت سمجھ کر اس کی عبادت کرے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۲۔ عام حالات میں کافروں کو (الف) سلام کی ابتدا کرنا جائز نہیں، (ب) لیکن جہاں دنیوی مصلحت داعی ہو تو اس نیت سے (ج) سلام کرنے کی گنجائش ہے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۳۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لئے (الف) صبر کی صفت اس لئے بیان کی گئی کہ جب انہیں (ب) ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تو انہوں نے اپنے والد سے وعدہ کیا کہ انہیں (ج) صبر کرنے والا پائیں گے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۴۔ نیک لوگ تو اس (الف) پل صراط سے اس طرح گذر جائیں گے کہ انہیں (ب) دوزخ کی تکلیف نہ ہوگی (ج) کافر اور بدعمل لوگوں کو دوزخ میں گرادیا جائے گا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۵۔ (الف) برے لوگوں کو دوزخ سے گذارنے کی حکمت یہ بھی ہے کہ (ب) جہنم کا ہولناک نظارہ دیکھنے کے بعد (ج) جنت کی قدر و قیمت یقیناً زیادہ ہوگی۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۶۔ (الف) بعض مشرکین یہ کہا کرتے تھے کہ ہم (ب) چاند اور سورج کی عبادت اس لئے کرتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے پاس (ج) ہماری سفارش کریں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۷۔ اس وقت تو (الف) مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ (ب) کفار ان کی مخالفت پر تلے ہوئے، لیکن عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب مخلوق خدا کے دلوں میں (ج) مسلمانوں کی محبت پیدا ہوجائے گی۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

۸۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا باپ (الف) آزر نہ صرف (ب) ستاروں کی پرستش کرتا تھا بلکہ (ج) خود بت تراشی کیا کرتا تھا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د:　کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

خَرُّوْا	مَلِيًّا	لَأَرْجُمَنَّ	عِتِيًّا	أَعْتَزِلُ	جِثِيًّا
تَؤُزُّ	غَنِيًّا	وَاهْجُرْنِيْ	وِرْداً	وَاجْتَبَيْنَا	نَجِيًّا
مَرَدًّا	خَلْفٌ	فَوَرَبِّكَ!	مُخْلَصًا	رِكْزًا	وُدًّا
	هَدًّا		نَدِيًّا		

سورۃ طٰہٰ مکی

آیت نمبر ۱ تا ۷۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ لِتَشْقٰى: تم تکلیف اٹھاؤ
۲۔ اَلثَّرٰى: زمین کی تہ کے نیچے
۳۔ اُمْكُثُوْا: تم یہیں ٹھہرو
۴۔ اٰنَسْتُ: میں نے دیکھی ہے
۵۔ قَبَسٍ: شعلہ
۶۔ فَاخْلَعْ: تم اتار دو
۷۔ اِخْتَرْتُ: میں نے تمہیں منتخب کیا
۸۔ اَكَادُ: میں چاہتا ہوں (میں قریب ہوں)
۹۔ فَتَرْدٰى: پس تم ہلاکت میں پڑ جاؤ گے
۱۰۔ اَتَوَكَّؤُا: میں سہارا لیتا ہوں
۱۱۔ اَهُشُّ: میں پتے جھاڑتا ہوں
۱۲۔ غَنَمِىْ: اپنی بکریاں
۱۳۔ مَاٰرِبُ: ضروریات
۱۴۔ حَيَّةٌ: سانپ
۱۵۔ وَاضْمُمْ: تم دبا دو
۱۶۔ اِشْرَحْ: آپ کھول دیں
۱۷۔ وَاحْلُلْ عُقْدَةً: دور کر دیجئے گرہ کو
۱۸۔ اُشْدُدْ، اَزْرِىْ: آپ مضبوط کر دیں میری طاقت
۱۹۔ اَشْرِكْ: شریک کار بنا دو
۲۰۔ اَنِ اقْذِفِيْهِ: تم رکھو
۲۱۔ فَلْيُلْقِ: تم ڈال دو
۲۲۔ لِتُصْنَعَ: تم پرورش پاؤ
۲۳۔ اَدُلُّ: کیا میں تمہیں پتہ بتاؤں
۲۴۔ كَىْ تَقَرَّ: تا کہ ٹھنڈی رہیں
۲۵۔ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا: ہم نے تمہیں آزمائشوں سے گذارا
۲۶۔ اِصْطَنَعْتُ: میں نے بنایا
۲۷۔ لَا تَنِيَا: تم سستی نہ کرو
۲۸۔ اَنْ يَّفْرُطَ: کہ وہ زیادتی کرے
۲۹۔ فَاْتِيَا: پس تم دونوں جاؤ
۳۰۔ فَمَا بَالُ: پس کیا معاملہ ہوا
۳۱۔ شَتّٰى: مختلف
۳۲۔ اِرْعَوْا: تم چراؤ
۳۳۔ اُولِى النُّهٰى: عقل والے
۳۴۔ تَارَةً اُخْرٰى: ایک مرتبہ پھر
۳۵۔ مَكَانًا سُوًى: کھلے میدان
۳۶۔ يَوْمُ الزِّيْنَةِ: جشن منانے کا دن
۳۷۔ فَيُسْحِتَ: ملیامیٹ کر دے گا
۳۸۔ اَلنَّجْوٰى: سرگوشی
۳۹۔ قَدْ خَابَ: وہ نامراد ہوتا ہے
۴۰۔ اَلْمُثْلٰى: بہترین طریقہ
۴۱۔ مَنِ اسْتَعْلٰى: جو غالب ہوگا
۴۲۔ حِبَالٌ، عِصِيٌّ: رسیاں، لاٹھیاں
۴۳۔ يُخَيَّلُ: محسوس ہونے لگیں
۴۴۔ فَاَوْجَسَ: ان کو محسوس ہوا

مشق:۱۰۰

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	طٰہٰ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی میں سے ایک نام ہے۔
۲۔	☐	نصیحت اس کے لئے کارآمد ہے جس کے دل میں حق کی طلب ہو اور وہ بے فکر ہو کر بیٹھ جائے او وہ ہٹ دھرمی کی روش اختیار کرے۔
۳۔	☐	کوہِ طور کے دامن میں موجود وادی کا نام وادی تیہ ہے۔
۴۔	☐	اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہم کلامی کا شرف مل رہا تھا، ادب اور عجز و نیاز کے اظہار کا موقع تھا، اس لئے بھی جوتے اتار دینا مناسب تھا۔
۵۔	☐	اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا جب بغل سے ہاتھ نکالو گے تو سفیدی سے چمک رہا ہوگا، اور یہ سفیدی برص وغیرہ کی کسی بیماری کی وجہ سے نہ ہوگی۔
۶۔	☐	بچپن میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک پتھر زبان پر رکھ لیا تھا جس کی وجہ سے زبان میں تھوڑی سی لکنت پیدا ہو گئی تھی۔
۷۔	☐	تسبیح وذکر تنہا بھی کیا جا سکتا ہے لیکن اچھے رفقاء میسر ہوں اور ماحول سازگار ہو تو یہ رفاقت خود بخود اس تسبیح اور ذکر کا داعیہ بن جاتی ہے۔
۸۔	☐	کسی نجومی نے فرعون سے کہا کہ بنی اسرائیل کا ایک شخص تمہاری سلطنت ختم کرے گا، اس لئے اس نے حکم جاری کیا کہ بنی اسرائیل میں جو بچہ پیدا ہو اسے قتل کر دو۔
۹۔	☐	حضرت موسیٰ علیہ السلام ک شکل وصورت میں اللہ تعالیٰ نے ایسی معصومیت رکھ دی تھی کہ جو بھی آپ کو دیکھتا آپ سے محبت کرتا تھا، اس لئے فرعون نے گھر میں رکھنے کی اجازت دی۔
۱۰۔	☐	ایک داعی حق کو ہر وقت امراء سے تعلق قائم رکھنا چاہئے اور ہر مشکل میں انہی سے مدد مانگنی چاہئے۔

ترجمہ کیجئے:

اِرْعَوْا	أَزْرِیْ	فَيُسْحِتُ	غَنَمِیْ	فَتَرْدٰی	شَتّٰی
أَهُشُّ	ضروریات	وہ نامراد ہوتا	زمین کی تہہ کے نیچے	سانپ	انہوں نے محسوس کیا
قَبَسٍ	لِتَشْقٰی	وَاضْمُمْ	أُشْدُدْ	يَوْمُ الزِّيْنَةِ	أَنِ اقْذِفِ
	حِبَال، عِصِيُّ		فَاخْلَعْ		

آیت نمبر ۷۷ تا ۱۳۵

الفاظ کے معنی:

۱۔ يَبَسًا: خشک

۲۔ دَرَكًا: (دشمن کے) آ پکڑنے کا

۳۔ فَأَتْبَعَ: چنانچہ اس نے پیچھا کیا

۴۔ فَغَشِيَ: پس اس نے ڈھانپ دیا

۵۔ اَلْأَيْمَنَ: دائیں طرف

۶۔ لَا تَطْغَوْا: تم سرکشی نہ کرو

۷۔ فَيَحِلَّ: وہ نازل ہو جاتا ہے

۸۔ فَقَدْ هَوٰى: وہ تباہی میں گر کر رہتا ہے

۹۔ أَثَرِيْ: میرے پیچھے

۱۰۔ عَجِلْتُ: میں جلدی آ گیا

۱۱۔ أَلَمْ يَعِدْ: کیا اس نے وعدہ نہیں کیا تھا

۱۲۔ أَفَطَالَ؟: کیا لمبی مدت گزر گئی

۱۳۔ حُمِّلْنَا: ہم پر لدے ہوئے تھے

۱۴۔ أَوْزَارًا: بوجھ

۱۵۔ خُوَارٌ: آواز (بچھڑے کی آواز)

۱۶۔ لَنْ نَّبْرَحَ: ہم رہیں گے

۱۷۔ عَاكِفِيْنَ: جمے رہنے والے

۱۸۔ يَبْنَؤُمَّ!: اے میری ماں کے بیٹے! (میرے بھائی)

۱۹۔ لِحْيَتِيْ: میری داڑھی

۲۰۔ لَمْ تَرْقُبْ: تم نے پاس نہیں کیا

۲۱۔ قَبَضْتُ قَبْضَةً: میں نے ایک مٹھی اٹھا لی، مٹھی

۲۲۔ سَوَّلَتْ: اس نے سمجھا دیا

۲۳۔ لَا مِسَاسَ: مت چھونا

۲۴۔ ظَلْتَ عَاكِفًا: تو جما بیٹھا تھا

۲۵۔ لَنُحَرِّقَنَّ: ہم اسے جلا ڈالیں گے

۲۶۔ لَنَنْسِفَنَّ، نَسْفًا: ہم چورا کر کے بکھیر دیں گے

۲۷۔ زُرْقًا: نیلے

۲۸۔ يَتَخَافَتُوْنَ: وہ سرگوشیاں کر رہے تھے

۲۹۔ أَمْثَلُ: سب سے بہتر

۳۰۔ قَاعًا، صَفْصَفًا: میدان، ہموار چٹیل

۳۱۔ عِوَجًا، أَمْتًا: بل، ابھار

۳۲۔ خَشَعَتْ: دب جائیں گی

۳۳۔ هَمْسًا: پاؤں کی سرسراہٹ

۳۴۔ عَنَتْ: جھکے ہوئے

۳۵۔ هَضْمًا: حق تلفی

۳۶۔ يُحْدِثُ: وہ پیدا کرے

۳۷۔ عَزْمًا: عزم

۳۸۔ لَا تَجُوْعَ، لَا تَعْرٰى: نہ تم بھوکے ہو گے، نہ تم ننگے ہو گے

۳۹۔ لَا تَظْمَأُ، لَا تَضْحٰى: نہ پیاسے رہو گے، نہ تم دھوپ میں تپو گے

۴۰۔ أَدُلُّ: میں بتاؤں

۴۱۔ ضَنْكًا: تنگ

۴۲۔ لِزَامًا: چمٹنے والا

۴۳۔ زَهْرَةَ: بہار

۴۴۔ اٰنَآئِ: اوقات

۴۵۔ لِنَفْتِنَ: تا کہ ہم آزمائیں

۴۶۔ اِصْطَبِرْ: تم ثابت قدم رہو

مشق: ۱۰۱

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	صحیح/غلط	بیانات
۱۔	☐	صحرائے سینا میں قیام کے دوران اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہِ طور پر بلایا تھا تاکہ وہ وہاں تیس دن تک اعتکاف کریں تو انہیں تورات عطا کی جائے۔
۲۔	☐	سامری ایک لوہار تھا جو بظاہر حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا مگر حقیقت میں منافق تھا۔
۳۔	☐	قرآن کریم نے اس روایت کی واضح طور پر تردید کی کہ ہارون علیہ السلام خود بھی (معاذ اللہ) بچھڑے کی پرستش میں مبتلا ہو گئے تھے۔
۴۔	☐	جس شخص کو زیادہ سمجھدار سمجھا جاتا تھا وہ تو کہے گا کہ ہماری دنیا میں قیام کی مدت یا قبروں میں رہنے کی مدت صرف ایک دن تھی۔
۵۔	☐	سامری کے جرم کی سزا اس کو یہ دی گئی کہ تمام لوگ اس کا بائیکاٹ کریں اور اسے زنجیروں میں جکڑ دیا جائے۔
۶۔	☐	قیامت کا دن مجرمین کے لئے اتنا ہولناک ہوگا کہ وہ دنیا کی ساری زندگی کو ایسا سمجھیں گے جیسے وہ دس دن کی بات ہو۔
۷۔	☐	علم ایک ایسا سمندر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں، آدمی کو چاہئے کہ وہ علم کے کسی بھی درجے پر قناعت کر کے بیٹھ جانا چاہئے۔
۸۔	☐	شیطان نے یہ تاویل سمجھائی کہ اس درخت کی ممانعت اس وجہ سے تھی کہ تم میں اس درخت کے پھل کھانے کی طاقت نہیں تھی اب عرصہ گذر جانے کے بعد یہ رکاوٹ باقی نہ رہی۔
۹۔	☐	حضرت آدم علیہ السلام کی غلطی اجتہادی تھی اور انبیاء سے اس قسم کی اجتہادی غلطی کا ہونا ان کے شایانِ شان نہیں اس لئے اسے حکم ٹالنے یا بھٹکنے سے تعبیر کیا۔
۱۰۔	☐	جس طرح دنیا میں آقا اپنے غلاموں کو معاشی مشغلے میں لگا کر ان کی آمدنی سے رزق حاصل کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ تمہاری اس طرح کی بندگی سے بے نیاز ہے اس کے بجائے وہ تمہیں خود رزق دے گا۔

ترجمہ کیجئے:

قَاعًا صَفْصَفًا	لِزَامًا	ضَنْكًا	فَغَشِيَ	سَوَّلَتْ	لَا تَطْغَوْا
ہم اسے جلا دیں گے	کیا لمبی مدت گزر گئی	بوجھ	آواز	پاؤں کی سرسراہٹ	میں جلدی آ گیا
لَا مِسَاسَ	هَضْمًا	رِزْقًا	عَاكِفِينَ	زَهْرَةَ	اِضْطُرَّ

سورۃ انبیاء مکی

آیت نمبر ۱ تا ۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اِقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ:	لوگوں کے لئے قریب آپہنچا	۲۔	مُحۡدَثٍ:	نئی
۳۔	لَاهِيَةً:	فضولیات میں منہمک	۴۔	اَلنَّجۡوٰى:	سرگوشی
۵۔	اَفَتَاۡتُوۡنَ:	کیا تم جاؤ گے	۶۔	اَضۡغَاثُ اَحۡلَامٍ:	بے جوڑ خواب
۷۔	اَهۡلَ الذِّكۡرِ:	نصیحت کا علم رکھنے والے	۸۔	وَكَمۡ قَصَمۡنَا مِنۡ قَرۡيَةٍ:	ہم نے کتنی بستیوں کو پیس ڈالا
۹۔	اَنۡشَاۡنَا:	ہم نے پیدا کیں	۱۰۔	فَلَمَّا اَحَسُّوۡا:	جب انہوں نے آہٹ پائی
۱۱۔	بَاۡسَنَا:	ہمارا عذاب	۱۲۔	يَرۡكُضُوۡنَ:	وہ بھاگنے لگے
۱۳۔	اُتۡرِفۡتُمۡ:	تم عیش و عشرت لوٹ رہے تھے	۱۴۔	فَمَا زَالَتۡ:	جاری رہی
۱۵۔	حَصِيۡدًا:	کٹی ہوئی کھیتی	۱۶۔	خَامِدِيۡنَ:	بجھی ہوئی آگ
۱۷۔	نَقۡذِفُ:	ہم کھینچ مارتے ہیں	۱۸۔	فَيَدۡمَغُ:	پس وہ سر توڑ ڈالتا ہے
۱۹۔	زَاهِقٌ:	ملیامیٹ ہوجانے والا	۲۰۔	لَا يَسۡتَحۡسِرُوۡنَ:	وہ نہیں تھکتے
۲۱۔	لَا يَفۡتُرُوۡنَ:	وہ سست نہیں پڑتے	۲۲۔	يُنۡشِرُوۡنَ:	وہ نئی زندگی دیتے ہیں
۲۳۔	لَفَسَدَتَا:	وہ دونوں درہم برہم ہوجاتے	۲۴۔	هَاتُوۡا:	لاؤ
۲۵۔	لَا يَسۡبِقُوۡنَ:	وہ آگے نہیں بڑھتے	۲۶۔	لِمَنِ ارۡتَضٰى:	جس کے لئے اس کی مرضی ہو
۲۷۔	مُشۡفِقُوۡنَ:	سہمے رہنے والے	۲۸۔	رَتۡقًا:	بند
۲۹۔	فَفَتَقۡنَا:	ہم نے کھول دیئے	۳۰۔	رَوَاسِيَ:	جمے ہوئے پہاڑ
۳۱۔	اَنۡ تَمِيۡدَ:	تاکہ وہ ہلنے نہ پائے	۳۲۔	فِجَاجًا:	چوڑے چوڑے
۳۳۔	سَقۡفًا:	چھت	۳۴۔	يَسۡبَحُوۡنَ:	وہ تیر رہے ہیں
۳۵۔	اَلۡخُلۡدَ:	ہمیشہ	۳۶۔	اِنۡ مِّتَّ:	اگر تمہارا انتقال ہوگیا
۳۷۔	لَا يَكُفُّوۡنَ:	وہ دور نہ کرسکیں گے	۳۸۔	فَتَبۡهَتُهُمۡ:	وہ ہوش و حواس گم کرکے رکھ دے گی
۳۹۔	مَنۡ يَّكۡلَؤُ:	کون بچاؤ کرے	۴۰۔	يُصۡحَبُوۡنَ:	وہ ساتھ دے سکتے ہیں
۴۱۔	نَفۡحَةٌ:	جھونکا	۴۲۔	اَلۡمَوَازِيۡنَ:	ترازویں
۴۳۔	خَرۡدَلٍ:	رائی	۴۴۔	ضِيَآءً:	روشنی

مشق: ۱۰۲

ہدایات: مندرجہ ذیل خالی جگہ کو دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) آنکھوں سے　(۲) فرمائشی معجزات　(۳) دیوتا
(۴) انسانوں　(۵) گول دائرے　(۶) تولنے کا عمل
(۷) زمین　(۸) مربوط نظام　(۹) مُردوں

نمبر شمار

۱۔ اللہ تعالیٰ کی سنت یہ ہے کہ جب کوئی قوم اپنے............................دیکھ کر بھی ایمان نہ لائے تو اسے ہلاک کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ اگر تمہیں خود پچھلے پیغمبروں کا علم نہیں ہے تو اہل کتاب سے پوچھ لو وہ اس بات کی تصدیق کریں گے کہ تمام انبیاء کرام..................ہی میں آئے تھے۔

۳۔ جن دیوتاؤں کو انہوں نے خدا بنا رکھا ہے، کیا وہ اس بات پر قادر ہیں کہ..................کو نئی زندگی دے سکیں۔

۴۔ ان لوگوں کا عقیدہ تھا کہ..................زمین کو نئی زندگی دیتے ہیں جس سے وہ سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے۔

۵۔ اس پوری کائنات کا ایک ہی..................میں بندھا ہوا ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے اس کو ایک ہی مشیت اور ایک ہی منصوبہ بندی نے باندھ رکھا ہے۔

۶۔ جب..................کو بچھایا گیا تو وہ ہلتی تھی، اللہ تعالیٰ نے بڑے بڑے پہاڑ پیدا کر کے اس پر جمائے تو اس کو قرار حاصل ہوا۔

۷۔ قرآن کریم میں اصل لفظ "فلک" ہے جو عربی زبان میں..................کو کہتے ہیں۔

۸۔ قیامت کے دن صرف یہی نہیں کہ تمام لوگوں سے انصاف ہوگا بلکہ اس بات کا اہتمام ہوگا کہ انصاف سب لوگوں کو..................نظر آجائے۔

۹۔ انسان سردی گرمی جیسی چیزوں کو تولنے کے لئے نئے نئے آلات ایجاد کر سکتا ہے تو ظاہر ہے کہ اللہ اس بات پر قادر ہے کہ وہ ان اعمال کو..................مظاہرہ فرما دیں۔

ترجمہ کیجئے:

جمے ہوئے پہاڑ	تم عیش وعشرت لوٹ رہے تھے	وہ آگے نہیں بڑھتے	فضولیات	رائی	ہم کھینچ مارتے ہیں
ہمیشہ	نئی	جھونکا	سرگوشی	حَصِيدًا	فَيَدْمَغُ
وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ	ضِيَآءً	يَسْبَحُوْنَ	رَتْقًا	لَا يَكُفُّوْنَ	زَاهِقٌ
	خٰمِدِيْنَ		أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ		

آیت نمبر ۵۱ تا ۱۱۲

الفاظ کے معنی:

۱۔	رُشْدَ:	سمجھ بوجھ	۲۔	اَلتَّمَاثِيْلُ:	مورتیں
۳۔	عَاكِفُوْنَ:	دھرنا دے کر بیٹھنے والے	۴۔	جُذَاذًا:	ٹکڑے ٹکڑے
۵۔	لَأَكِيْدَنَّ:	میں کام کروں گا	۶۔	مُدْبِرِيْنَ:	پیٹھ پھیرنے والے
۷۔	أَعْيُنِ:	سامنے	۸۔	فَتًى:	نوجوان
۹۔	يَنْطِقُوْنَ:	وہ بولتے ہیں	۱۰۔	نُكِسُوْا:	انہوں نے جھکا لئے
۱۱۔	أُفٍّ:	تُف ہے	۱۲۔	حَرِّقُوْا:	تم آگ میں جلا ڈالو
۱۳۔	كُوْنِيْ:	ہوجا	۱۴۔	بَرْدًا وَّسَلَامًا:	ٹھنڈی اور سلامتی
۱۵۔	كَيْدًا:	برائی	۱۶۔	نَافِلَةً	انعام کے طور پر
۱۷۔	اَلْكَرْبِ:	مصیبت	۱۸۔	سَوْءٍ:	برے
۱۹۔	إِذْ نَفَشَتْ:	جب وہ جا گھسی تھیں	۲۰۔	غَنَمُ:	بکریاں
۲۱۔	فَفَهَّمْنَا:	ہم نے سمجھا دی	۲۲۔	صَنْعَةً:	صنعت
۲۳۔	لَبُوْسٍ:	جنگی لباس	۲۴۔	لِتُحْصِنَ:	تاکہ وہ بچائے
۲۵۔	عَاصِفَةً:	تیز چلنے والی	۲۶۔	يَغُوْصُوْنَ:	وہ غوطے لگاتے تھے
۲۷۔	ذَاالنُّوْنِ:	مچھلی والے	۲۸۔	أَصْلَحْنَا:	ہم نے اچھا کردیا
۲۹۔	أَحْصَنَتْ:	اس نے حفاظت کی	۳۰۔	فَرْجَ:	عصمت
۳۱۔	لَا كُفْرَانَ:	ناقدری	۳۲۔	حَدَبٍ:	بلندی
۳۳۔	يَنْسِلُوْنَ:	وہ پھسلتے ہوں گے	۳۴۔	شَاخِصَةٌ:	پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی
۳۵۔	حَصَبُ:	ایندھن	۳۶۔	وَارِدُوْنَ:	اترنے والے
۳۷۔	زَفِيْرٌ:	چیخیں	۳۸۔	مُبْعَدُوْنَ:	دور رکھا جائے گا
۳۹۔	حَسِيْسَ:	سرسراہٹ	۴۰۔	اَلْفَزَعُ:	پریشانی
۴۱۔	نَطْوِيْ، طَيٌّ:	ہم لپیٹ دیں گے، لپیٹنا	۴۲۔	اٰذَنْتُ:	میں نے خبردار کیا تھا
۴۳۔	اَلسِّجِلِّ:	کاغذ کا طومار (فولڈر)	۴۴۔	إِنْ أَدْرِيْ:	میں نہیں جانتا

مشق: ۱۰۳

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی خالی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ تمام لوگوں کے تہوار منانے کے لئے چلے جانے کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کے بتوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

....

....

۲۔ معجزات کے منکر درحقیقت کس چیز کا انکار کرتے ہیں؟

....

....

۳۔ لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے رشتہ میں کیا لگتے تھے؟

....

....

۴۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے مخاصمین (دو جھگڑے والوں) کے درمیان کیا فیصلہ کیا؟

....

....

۵۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے مخاصمین کے درمیان جو فیصلہ کیا اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

....

....

۶۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام کو کیا معجزات عطا کئے تھے؟

....

....

۷۔ حضرت ذوالکفل کون تھے؟

....

....

۸۔ معجزات کے منکر درحقیقت کس چیز کا انکار کرتے ہیں؟

....

....

۹۔ قُربِ قیامت میں یاجوج ماجوج کس طرح ظاہر ہوں گے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

اَلتَّمَاثِيْلُ	أَحْصَنَتْ	زَفِيْرٌ	يَنْسِلُوْنَ	أُفٍّ	اٰذَنْتُ
حَرِّقُوْا	حَدَبٍ	لَاَكِيْدَنَّ	ذَاالنُّوْنِ	اَلْفَزَعُ	لِتُحْصِنَ
اَلسِّجِلِّ	صُنْعَةَ	سرسراہٹ	جوان	بکریاں	ایندھن
		وہ غوطہ لگاتے تھے			

سورۂ حج مکی

آیت نمبر ۱ تا ۳۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	تَذۡهَلُ:	لوگوں کے لئے قریب آپہنچا	۲۔	مُرۡضِعَةٍ:	دودھ پلانے والی
۳۔	أَرۡضَعَتۡ:	اس نے دودھ پلایا تھا	۴۔	تَضَعُ:	وہ گرادے گی
۵۔	ذَاتِ حَمۡلٍ:	حمل والی	۶۔	سُكٰرٰى:	نشہ میں
۷۔	مَرِيۡدٍ:	سرکش	۸۔	تَوَلّٰى:	اس نے منہ موڑا
۹۔	عَلَقَةٍ، مُضۡغَةٍ:	جمے ہوئے خون، گوشت کا لوتھڑا	۱۰۔	مُخَلَّقَةٍ:	پورا بن جانے والا
۱۱۔	نُقِرُّ:	ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں	۱۲۔	طِفۡلًا:	بچے
۱۳۔	أَرۡذَلِ الۡعُمُرِ:	بدترین عمر (انتہائی بڑھاپا)	۱۴۔	هَامِدَةً:	مرجھائی ہوئی
۱۵۔	اِهۡتَزَّتۡ وَرَبَتۡ:	وہ حرکت میں آتی ہے اور اس میں بڑھوتری ہوتی ہے	۱۶۔	زَوۡجٍ بَهِيۡجٍ:	خوشنما چیزیں
۱۷۔	ثَانِيَ عِطۡفِهٖ:	پہلو اکڑائے ہوئے	۱۸۔	حَرۡفٍ:	کنارہ
۱۹۔	فَلۡيَمۡدُدۡ بِسَبَبٍ:	تو وہ تان لے ایک رسی	۲۰۔	اَلدَّوَآبُّ:	جانور
۲۱۔	خَصۡمٰنِ:	دو فریق	۲۲۔	اِخۡتَصَمُوۡا:	انہوں نے جھگڑا کیا
۲۳۔	قُطِّعَتۡ:	تراشے جائیں گے	۲۴۔	ثِيَابٌ:	کپڑے
۲۵۔	يُصَبُّ:	چھوڑا جائے گا	۲۶۔	يُصۡهَرُ:	وہ گل جائے گی
۲۷۔	مَقَامِعُ مِنۡ حَدِيۡدٍ:	لوہے کے ہتھوڑے	۲۸۔	لُؤۡلُؤًا، حَرِيۡرٌ:	موتیاں، ریشم
۲۹۔	اَلۡعَاكِفُ، اَلۡبَادِ:	وہاں کے باشندے، باہر سے آنے والے	۳۰۔	اِلۡحَادٍ:	ٹیڑھی راہ
۳۱۔	ضَامِرٍ:	دُبلی اونٹنیوں	۳۲۔	فَجٍّ عَمِيۡقٍ:	دور دراز کے راستے
۳۳۔	بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ:	چوپائے	۳۴۔	اَلۡبَآئِسَ:	بھوکا
۳۵۔	لِيَقۡضُوۡا تَفَثَهُمۡ:	تاکہ وہ اپنا میل کچیل دور کریں	۳۶۔	اَلۡبَيۡتِ الۡعَتِيۡقِ:	بیت عتیق (قدیم گھر، بیت اللہ)
۳۷۔	تَخۡطَفُ:	وہ اچک لے جائیں	۳۸۔	تَهۡوِيۡ "بِهِ":	وہ لا پھینکے
۳۹۔	سَحِيۡقٍ:	دور	۴۰۔	اَلۡمُخۡبِتِيۡنَ:	دل جھکا دینے والے
۴۱۔	وَجِلَتۡ:	رعب طاری ہوجاتا ہے	۴۲۔	اَلۡبُدۡنَ:	قربانی کے اونٹ یا گائے

۴۳۔ صَوَآفَّ: قطار میں کھڑے ہوں ۴۴۔ فَإِذَا وَجَبَتْ: جب وہ گرجائیں

۴۵۔ اَلْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ: صبر سے بیٹھا ہوا محتاج، حاجت ظاہر کرنیوالا محتاج ۴۶۔ خَوَّانٍ: دغاباز

مشق: ۳۴

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ سورۂ حج میں پہلی بار مسلمانوں کو کفار کے ظلم وستم کے مقابلے میں جہاد کی اجازت دی گئی۔ ....

۲۔ جس ذات نے اس حیرت انگیز طریقے سے تمہیں اس وقت پیدا کیا جب تم کچھ بھی نہیں تھے تو کیا وہ تمہیں مردہ لاش بننے کے بعد دوبارہ زندگی نہیں دے سکتا؟

....

۳۔ اللہ تعالیٰ ہی کا وجود ایسا ہے جو کسی کا محتاج نہیں، اور باقی ساری چیزیں اسی کی قدرت سے وجود میں آتی ہیں۔ ....

۴۔ اسلام پر اس لئے عمل کرو کہ صرف اس دنیا میں تمہیں اس سے فائدہ حاصل ہوجائے، اور یہی اللہ تعالیٰ کی بندگی کا تقاضا ہے۔ ....

۵۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کامیابیاں حاصل ہورہی ہیں، ان کا سرچشمہ وہ وحی ہے جو آپ پر آسمان سے نازل ہوئی۔ ....

۶۔ آیت نمبر ۲۵ میں ''اِلحاد'' یعنی ''ٹیڑھی راہ'' سے مراد کفر و شرکت، حرم کے احکام کی خلاف ورزی بلکہ ہر قسم کا گناہ ہے۔ ....

۷۔ حرم میں جس طرح ہر نیکی کا ثواب بڑھ جاتا ہے اسی طرح وہاں گناہوں کا وبال دوسری جگہوں کے مقابلے میں کم ہے۔ ....

۸۔ بیت عتیق کا ایک معنی آزاد گھر بھی ہے، وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے ظالموں کے قبضہ کر لینے سے آزاد رکھا ہے۔ ....

۹۔ شرک کا مرتکب شخص عزت کے بلند مقام سے نیچے گر کر اپنی نفسانی خواہشات اور شیاطین کا غلام بن بیٹھتا ہے جو اسے گمراہی کی انتہا تک پہنچادیتا ہے۔

....

۱۰۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت کا لازمی طریقہ یہ ہے کہ جب انسانوں کو دنیا میں پیدا کیا ہے تو آخرت میں انہیں دوسری زندگی دے کر انعام یا سزا ضرور دے۔

....

ترجمہ کیجئے:

بھوکا	تراشے جائیں گے	سرکش	رعب طاری ہوجائے	دور دراز کے راستے	اس نے دودھ پلایا
تَذْهَلُ	ضَامِرٍ	سُكٰرٰى	نُقِرُّ	تَضَعُ	يُصْهَرُ
خَوَّانٍ	اِهْتَزَّتْ	صَوَآفَّ	سَحِيْقٍ	پورا بن جائے	خون کا لوتھڑا
	کنارہ		بدترین عمر		

آیت نمبر ۳۹ تا ۷۸

الفاظ کے معنی:

۱۔	أُذِنَ:	اجازت دی جاتی ہے	۲۔	يُقَاتِلُونَ:	جنگ کی جارہی ہے
۳۔	وَلَوْلَا دَفْعُ:	اگر (وہ اللہ) دفع نہ کرتا	۴۔	لَهُدِّمَتْ:	مسمار کردی جاتی
۵۔	صَوَامِعُ:	خانقاہیں	۶۔	بِيَعٌ:	کلیسا (واحد: بيعة)
۷۔	صَلَوٰتٌ:	عبادت گاہیں (یہود کی)	۸۔	إِنْ مَّكَّنَّا:	اگر ہم اقتدار بخشیں
۹۔	فَأَمْلَيْتُ:	ہم نے ڈھیل دی	۱۰۔	نَكِيرِ:	میری پکڑ
۱۱۔	كَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ:	کتنی ہی بستیاں	۱۲۔	خَاوِيَةٌ:	وہ گری پڑی ہیں
۱۳۔	عُرُوشٍ:	چھت (واحد: عرش)	۱۴۔	بِئْرٍ:	کنویں
۱۵۔	مُعَطَّلَةٍ:	بیکار	۱۶۔	قَصْرٍ:	محل
۱۷۔	مَشِيْدٍ:	پکے بنے ہوئے	۱۸۔	لَا تَعْمَى:	اندھی نہیں ہوتی
۱۹۔	لَنْ يُّخْلِفَ:	وہ ہرگز خلاف ورزی نہیں کرتا	۲۰۔	كَأَلْفِ سَنَةٍ:	ایک ہزار سال کی طرح
۲۱۔	إِذَا تَمَنّٰى:	جب اس نے پڑھا	۲۲۔	أَلْقَى، يُلْقِي:	اس نے رکاوٹ ڈال دی
۲۳۔	أُمْنِيَّةٍ:	پڑھنا	۲۴۔	فَيَنْسَخُ:	وہ دور کردیتا ہے
۲۵۔	أَلْقَاسِيَةِ:	سخت	۲۶۔	شِقَاقٍ:	مخالفت
۲۷۔	فَتُخْبِتَ:	پس وہ جھک جائیں	۲۸۔	عَقِيمٍ:	بانجھ
۲۹۔	مُدْخَلًا:	داخل ہونے کی جگہ	۳۰۔	مَنْ عَاقَبَ:	جس نے بدلے میں تکلیف پہنچائی
۳۱۔	مَا عُوْقِبَ بِهٖ:	جتنی اسے تکلیف پہنچائی گئی تھی	۳۲۔	بُغِيَ "عَلَى":	اس کے ساتھ زیادتی کی گئی
۳۳۔	مُخْضَرَّةً:	سرسبز	۳۴۔	يُمْسِكُ:	اس نے تھام رکھا تھا
۳۵۔	أَنْ تَقَعَ:	کہ وہ گر جائے	۳۶۔	مَنْسَكًا:	عبادت کا ایک طریقہ
۳۷۔	نَاسِكُوْا:	وہ عبادت کرتے تھے	۳۸۔	فَلَا يُنَازِعُنَّ:	وہ جھگڑا نہ کرے
۳۹۔	إِنْ جَادَلُوْا:	اگر وہ جھگڑا کریں	۴۰۔	يَسْطُوْنَ:	وہ حملہ کریں گے
۴۱۔	ذُبَابًا:	مکھی	۴۲۔	إِنْ يَّسْلُبْ:	اگر وہ چھین کرلے جائے
۴۳۔	لَا يَسْتَنْقِذُوْا:	وہ چھڑا نہیں سکے	۴۴۔	سَمّٰى:	اس نے نام رکھا

مشق:۳۵

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو درست لفظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ مکہ مکرمہ میں تیئیس سال صبر وضبط کے بعد سورۃ الحج کی ۳۹ نمبر آیت وہ پہلی آیت ہے، جس میں مسلمانوں کو کافروں کے خلاف .... کی اجازت دی گئی۔

(۱) مظاہرہ کرنے کی　　(۲) مناظرہ کرنے کی　　(۳) تلوار اٹھانے کی

۲۔ جو لوگ آسمانی مذاہب کے مخالف تھے وہ تمام آسمانی مذاہب کی عبادت گاہوں کو مٹانے کے درپے رہے، اگر ان کے خلاف جہاد کی اجازت نہ ہوتی تو وہ ان عبادت گاہوں کو............ کر ڈالتے۔

(۱) مسمار　　(۲) ویران　　(۳) فروخت

۳۔ اگرچہ............ کا معاملہ زیادہ افضل ہے لیکن برابر کا بدلہ لینا بھی جائز ہے۔

(۱) جرمانے　　(۲) معافی　　(۳) بدلہ میں زیادتی

۴۔ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے جس سے یہ علم حاصل ہو سکے کہ یہ بت واقعی .... کا درجہ رکھتے ہیں۔

(۱) سفارشی　　(۲) خدائی　　(۳) خدائی میں شریک ہونے

۵۔ اگر برابر کا بدلہ لینے کے بعد ظالم دوبارہ زیادتی کرے تو اس پر اللہ تعالیٰ .... گے۔

(۱) پکڑ فرمائیں　　(۲) درگذر فرمائیں　　(۳) دنیا میں ہی عذاب دیں

۶۔ مسلمانوں کو ان............ سے لڑنے کی اجازت دی گئی تھی جنھوں نے ان پر ظلم ڈھائے تھے۔

(۱) کافروں　　(۲) مشرکوں　　(۳) منافقوں

۷۔ انبیاء کرام جب لوگوں کو اللہ کا کلام پڑھ کر سناتے تو شیطان لوگوں کے دلوں میں .... پیدا کر دیتا تھا۔

(۱) خوف　　(۲) شکوک　　(۳) نفرت

۸۔ جہاد کا لغوی معنی............ ہے۔

(۱) جدوجہد کرنا　　(۲) لڑائی کرنا　　(۳) قتال کرنا

ترجمہ کیجئے:

لَنۡ يُّخۡلِفَ	مُخۡضَرَّةً	فَتُخۡبِتَ	شِقَاقٍ	نَاسِكُوۡا	فَأَمۡلَيۡتُ
وہ دور کر دیتا ہے	میری پکڑ	وہ گر پڑی ہیں	کنویں	وہ جھگڑا نہ کرے	یہود کے عبادت خانے
لَهُدِّمَتۡ	أُمۡنِيَّتِهٖ	بِيَعٌ	لَا يَسۡتَنۡقِذُوۡهُ	خانقاہیں	بیکار
	مکھی		کلیسا		

مشق: ۱۰۶

اعادہ مشق نمبر ۹۸ تا ۱۰۵

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نیچے دی گئی خالی لائن میں مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار

۱۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے بیٹے کی فرمائش کیوں کی تھی؟

....

....

۲۔ موت کی تمنا کرنا کس وقت جائز ہے؟

....

....

۳۔ قوم نے حضرت مریم علیہا السلام کو اُختِ ہارون (ہارون علیہ السلام کی بہن) کیوں کہا؟

....

....

۴۔ کفار سے سلام کی ابتداء کرنا جائز ہے یا نہیں؟

....

....

۵۔ ''صبر'' کی صفت حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ خاص طور پر کیوں ذکر کی گئی؟

....

....

۶۔ ''کوہِ طور'' پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جوتے اتارنے کا حکم کیوں ملا؟

....

....

۷۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبانِ مبارک میں لکنت کیوں تھی؟

....

....

۸۔ اگر آسمان وزمین کے خدا الگ الگ ہوتے تو کیا ہوتا؟

....

....

۹۔ اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کی تخلیق کا کیا سبب بیان کیا ہے؟

....

....

۱۰۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عید کے دن قوم کے جانے کے بعد بتوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

....

....

۱۱۔ حضرت ذوالکفل کا مختصر تعارف تحریر کریں؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

وَاهْجُرْنِيْ	ضِيَآءً	قَاعًا، صَفْصَفًا	يَسْبَحُوْنَ	فَتَمَثَّلَ	فَيُسْحِتَ
لَا تَطْغَوْا	حَرِّقُوْا	رُطَبًا جَنِيًّا	ذَالنُّوْنِ	فَوَرَبِّكَ	قَبَسٍ

سورۃ المؤمنون مکی

آیت نمبر ۱ تا ۵۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ قَدْ اَفْلَحَ: انہوں نے فلاح پالی

۲۔ مُعْرِضُوْنَ: منہ موڑنے والے

۳۔ غَيْرَ مَلُوْمِيْنَ: قابل ملامت نہیں

۴۔ اِبْتَغٰى: اس نے اختیار کیا

۵۔ اَلْعٰدُوْنَ: حد سے گزرنے والے

۶۔ رَاعُوْنَ: پاس رکھنے والے (رعایت کرنے والے)

۷۔ اَلْوَارِثُوْنَ: وارثین

۸۔ سُلٰلَةٍ: ست (خلاصہ، لب لباب)

۹۔ طِيْنٍ: مٹی

۱۰۔ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ: محفوظ جگہ

۱۱۔ عِظٰمًا: ہڈیاں

۱۲۔ فَكَسَوْنَا: ہم نے لباس پہنایا

۱۳۔ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ: سب سے بڑھ کر کاریگر

۱۴۔ لَمَيِّتُوْنَ: موت آنے والی

۱۵۔ تُبْعَثُوْنَ: تمہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا

۱۶۔ سَبْعَ طَرَآئِقَ: سات تہہ بر تہہ راستے

۱۷۔ فَوَاكِهُ: میوے

۱۸۔ طُوْرِ سَيْنَآءَ: طور سینا (علاقے کا نام)

۱۹۔ اَلدُّهْنِ، صِبْغٍ: تیل، سالن

۲۰۔ اَلْاَنْعَامِ: مویشیوں

۲۱۔ تُحْمَلُوْنَ: تمہیں سوار کیا جاتا ہے

۲۲۔ اَنْ يَّتَفَضَّلَ: وہ برتری جمانا چاہتا ہے

۲۳۔ جِنَّةٌ: جنون

۲۴۔ فَتَرَبَّصُوْا: تم انتظار کرو

۲۵۔ فَارَ: وہ ابل پڑا

۲۶۔ اَلتَّنُّوْرُ: تنور

۲۷۔ اُسْلُكْ: تم سوار کر لینا

۲۸۔ مُغْرَقُوْنَ: غرق کئے جانے والے

۲۹۔ اِسْتَوَيْتَ: تم ٹھیک ٹھیک بیٹھ چکے

۳۰۔ اَتْرَفْنَا: ہم نے عیش دے رکھا تھا

۳۱۔ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ: بہت ہی بعید، سمجھ سے دور

۳۲۔ مَبْعُوْثِيْنَ: دوبارہ زندہ کیا جانا

۳۳۔ نٰدِمِيْنَ: پچھتانے والے

۳۴۔ اَلصَّيْحَةُ: چنگھاڑ

۳۵۔ غُثَآءً: کوڑا کرکٹ

۳۶۔ تَتْرَا: پے در پے

۳۷۔ عَالِيْنَ: بڑے تکبر والے

۳۸۔ اٰوَيْنَا: ہم نے پناہ دی

۳۹۔ رَبْوَةٍ: بلندی

۴۰۔ ذَاتِ قَرَارٍ: پرسکون جگہ

مشق: ۱۰۷

نمبر شمار بیانات

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص سورۃ المؤمنون کی .... جو باتیں ذکر کی گئی ہیں، اس پر عمل کرنا شروع کردے تو وہ سیدھا جنت میں جائے گا۔

۲۔ سورۃ المؤمنون کا .... انسان کو اس کی اصلیت کی طرف متوجہ کرکے اس بات پر غور و فکر کی دعوت دینا ہے کہ اس کے دنیا میں آنے کا مقصد کیا تھا۔

۳۔ عربی میں خضوع کے معنی .... اور خشوع کے معنی .... ہے۔

۴۔ .... کا مطلب ہے بیکار مشغلہ جس میں نہ دنیا کا کوئی فائدہ ہو نہ آخرت کا۔

۵۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر جو فریضہ عائد کیا ہے کہ وہ اپنے اموال میں سے کچھ حصہ غریبوں کے لئے نکالیں، اسے .... کہا جاتا ہے۔

۶۔ نمازوں کی .... میں یہ بات بھی داخل ہے کہ نماز کی پوری پابندی کی جائے، اور اسے آداب و شرائط کے ساتھ ادا کیا جائے۔

۷۔ انسان کی پیدائش ایک ناپاک قطرے سے ہوتی ہے اور وہ غذا سے پیدا ہوتا ہے جس کے اُگنے اور بننے میں .... کا دخل واضح ہے۔

۸۔ طوفانِ نوح اس طرح شروع ہوا کہ ایک .... سے پانی اُبلنے لگا اور اوپر سے بارش شروع ہوگئی اور رفتہ رفتہ یہ ہولناک طوفان میں تبدیل ہوگیا۔

۹۔ آسمانوں کو .... سے تعبیر کیا گیا ہے کیونکہ اللہ کے فرشتے انہی آسمانوں سے آتے جاتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

رَبْوَةٍ	غُثَآءً	تَتْرَا	فَازَ	جِنَّةٍ	طِيْنٍ
رَاعُوْنَ	فَوَاكِهُ	اَلدُّهْنِ	صِبْغٍ	عِظٰمًا	عَالِيْنَ
سَبْعَ طَرَائِقَ	اَتْرَفْنَا	ست	بہت ہی بعید	محفوظ جگہ	چنگھاڑ
	تنور		پچھتانے والے		

آیت نمبر:۵۱ تا ۱۱۸

الفاظ کے معنی:

۱۔	تَقَطَّعُوْا:	انہوں نے پھوٹ ڈالی	۲۔	زُبُرًا:	فرقے
۳۔	فَرِحُوْنَ:	مگن (واحد: فَرِحٌ)	۴۔	غَمْرَةٍ	ڈوبنا (جہالت میں)
۵۔	وَجِلَةٌ:	سہمے ہوئے	۶۔	يَنْطِقُ:	وہ بول دے گی
۷۔	يَجْئَرُوْنَ:	وہ بلبلا اٹھیں گے	۸۔	تَنْكِصُوْنَ:	تم مڑ جاتے ہو
۹۔	سٰمِرًا:	رات کی مجلس	۱۰۔	تَهْجُرُوْنَ:	بے ہودہ باتیں کرتے تھے
۱۱۔	خَرَاجُ:	معاوضہ	۱۲۔	لَتَدْعُوْا:	تم بلا رہے ہو
۱۳۔	نَاكِبُوْنَ:	ہٹے ہوئے	۱۴۔	ضُرٌّ:	تکلیف
۱۵۔	لَلَجُّوْا:	مبتلا ہیں	۱۶۔	يَتَضَرَّعُوْنَ:	وہ عاجزانہ روش اختیار نہیں کرتے
۱۷۔	مُبْلِسُوْنَ:	مایوس ہونے والے	۱۸۔	أَنْشَأَ:	اس نے پیدا کیا
۱۹۔	تُرَابًا:	مٹی	۲۰۔	مَلَكُوْتُ:	مکمل اختیار
۲۱۔	يُجِيْرُ:	وہ پناہ دیتا ہے	۲۲۔	تُسْحَرُوْنَ:	تم پر جادو چل جاتا
۲۳۔	فَتَعٰلٰى:	وہ بلند و بالا ہے	۲۴۔	تُرِيَنِّيْ:	آپ سامنے لے آئیں
۲۵۔	اِدْفَعْ:	تم دفیعہ کرتے رہو	۲۶۔	هَمَزَاتِ:	چرکے
۲۷۔	بَرْزَخٌ:	عالم برزخ	۲۸۔	لَا أَنْسَابَ:	رشتے ناتے نہ رہیں گے
۲۹۔	ثَقُلَتْ:	وہ بھاری نکلیں	۳۰۔	تَلْفَحُ:	وہ جھلس ڈالے گی
۳۱۔	كٰلِحُوْنَ:	صورتوں کا بگڑ جانا	۳۲۔	شِقْوَةُ:	بدبختی
۳۳۔	اِخْسَئُوْا:	تم ذلیل ہو کر پڑے رہو	۳۴۔	لَا تُكَلِّمُوْنَ:	تم مجھ سے بات نہ کرو
۳۵۔	سِخْرِيًّا:	مذاق	۳۶۔	أَنْسَوْا:	انہوں نے غافل کر دیا
۳۷۔	اَلْفَائِزُوْنَ:	مراد پانے والے	۳۸۔	اَلْعَادِّيْنَ:	گنتی کرنے والے
۳۹۔	إِنْ لَّبِثْتُمْ:	تم نہیں رہے	۴۰۔	عَبَثًا:	بے مقصد
۴۱۔	لَا يُفْلِحُ:	وہ فلاح (کامیابی) نہیں پا سکتے	۴۲۔	لَا بُرْهَانَ:	دلیل نہیں ہے

مشق: ۱۰۸

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ (الف) نیک عمل کرتے ہوئے بھی مؤمنین کے دل میں کوئی بڑائی نہیں آتی بلکہ (ب) وہ سہمے رہتے ہیں کہ اس عمل میں کوئی ایسی کوتاہی نہ رہ گئی جو اللہ تعالیٰ کی (ج) ناراضی کا سبب بن جائے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۲۔ اہل مکہ (الف) تیس سال سے آپ کی سچائی اور (ب) اعلیٰ اخلاق و کردار کا کھلی آنکھوں مشاہدہ کرتے رہے ہیں، اس کے باوجود آپ کو اس طرح (ج) پہچان رہے ہیں جیسے وہ آپ کے حالات سے کبھی واقف ہی نہیں تھے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۳۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (الف) حق کی جو بات لے کر آئے ہیں، وہ کفار کی (ب) خواہشات کے مطابق ہے، اس لئے (ج) اسے جھٹلانے کے لئے مختلف بہانے بناتے رہتے ہیں۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۴۔ جو ذات (الف) کائنات کی تخلیق جیسے عظیم اور حیرت انگیز کام کرنے پر (ب) قادر ہے وہ انسانوں کو مرنے کے بعد (ج) دوبارہ دنیا میں کیوں نہیں بھیج سکتی۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۵۔ کفار کی (الف) بے ہودگیوں کا اور ان کی طرف سے (ب) جو تکلیفیں پہنچ رہی ہیں ان کا جواب (ج) حتی الامکان ترش روی، سختی سے دیئے جائیے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۶۔ (الف) مرنے کے بعد سے قیامت تک (ب) مردہ جس عالم میں رہتا ہے، اسے (ج) عالم برزخ کہا جاتا ہے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۷۔ دنیا میں (الف) رشتہ دار و دوست ایک دوسرے سے پوچھتے رہتے ہیں کہ وہ کس حال میں ہے، لیکن (ب) قیامت کا منظر (ج) اتنا ہولناک ہوگا کہ ہر شخص کو اپنی فکر پڑی ہوگی۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۸۔ جو لوگ اہل ایمان کا مذاق اڑایا کرتے تھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان سے کہیں گے کہ تمہارا جرم (الف) صرف یہی نہیں کہ تم نے اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کئے بلکہ (ب) نیک بندوں پر ظلم کرکے (ج) حقوق العباد بھی پامال کئے۔

الف : ☐　ب: ☐　ج: ☐　د: ☐ کوئی غلطی نہیں

۹۔ (الف) آخرت کا عذاب اتنا سخت ہوگا کہ اس کے مقابلے میں (ب) دنیا کی ساری زندگی وہ ان (ج) اعراف والوں کو ایک دن یا اس سے بھی کم معلوم ہوگی۔

الف : ب: ج: د: کوئی غلطی نہیں

۱۰۔ جو لوگ مرنے کے بعد دوبارہ زندگی کا (الف) انکار کرتے ہیں ان کے موقف کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ (ب) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات (ج) بے مقصد پیدا کر دی ہے۔

الف : ب: ج: د: کوئی غلطی نہیں

<u>ترجمہ کیجیے:</u>

عَبَثًا	وَجِلَةٌ	زُبُرًا	بَرْزَخٌ	هَمَزَاتِ	ثَقُلَتْ
تَلْفَحُ	سِخْرِيًّا	ضُرًّ	نَاكِبُوْنَ	وہ بلبلا اٹھے	رات کی مجلس
بدبختی	معاوضہ	مٹی	وہ جھلس ڈالے گی	وہ پناہ دیتا ہے	مکمل اختیار
ڈوبنا					

سورۃ النور مکی

آیت نمبر ۱ تا ۳۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلزَّانِیَۃُ، اَلزَّانِیۡ: زنا کرنے والی عورت، زنا کرنے والا مرد
۲۔ فَاجۡلِدُوۡا، جَلۡدَۃً: کوڑے لگاؤ، کوڑے
۳۔ رَاۡفَۃٌ: ترس
۴۔ یَرۡمُوۡنَ: وہ تہمت لگائیں
۵۔ اَلۡمُحۡصَنٰتِ: پاک دامن (عورتیں)
۶۔ لَا تَقۡبَلُوۡا: تم قبول نہ کرو
۷۔ یَدۡرَؤُا: وہ دور کریں
۸۔ اَلۡاِفۡکِ: جھوٹی تہمت
۹۔ عُصۡبَۃٌ: ٹولہ
۱۰۔ لَا تَحۡسَبُوۡا: تم نہ سمجھو
۱۱۔ کِبۡرَہٗ: اس کا بڑا حصہ
۱۲۔ اِفۡکٌ مُّبِیۡنٌ: کھلم کھلا جھوٹ
۱۳۔ اَفَضۡتُمۡ: تم پڑ گئے ہو
۱۴۔ اِذۡ تَلَقَّوۡنَ: جب تم نقل کر رہے تھے
۱۵۔ ھَیِّنًا: معمولی
۱۶۔ بُھۡتَانٌ عَظِیۡمٌ: زبردست بہتان (الزام)
۱۷۔ یَعِظُ: وہ نصیحت کرتا ہے
۱۸۔ تَشِیۡعَ: پھیلے
۱۹۔ اَلۡفَاحِشَۃُ: بے حیائی
۲۰۔ خُطُوٰتِ: پیچھے (نقش قدم)
۲۱۔ مَا زَکٰی: وہ پاک صاف نہ ہوتا
۲۲۔ یُزَکِّیۡ: وہ پاک صاف کر دیتا ہے
۲۳۔ اَلسَّعَۃِ: مالی وسعت
۲۴۔ یَعۡفُوۡا، یَصۡفَحُوۡا: وہ معاف کر دیں، وہ درگزر سے کام لیں
۲۵۔ یُوَفِّیۡ: وہ پورا پورا بدلہ دے گا
۲۶۔ اَلۡخَبِیۡثٰتُ، اَلۡخَبِیۡثُوۡنَ: گندی عورتیں، گندے مرد
۲۷۔ اَلطَّیِّبٰتُ، اَلطَّیِّبِیۡنَ: پاک باز عورتیں، پاکباز مرد
۲۸۔ مُبَرَّءُوۡنَ: مبرا ہیں (بری ہے)
۲۹۔ بُیُوۡتًا: گھروں
۳۰۔ تَسۡتَاۡنِسُوۡا: تم اجازت لو
۳۱۔ جُنَاحٌ: گناہ
۳۲۔ غَیۡرَ مَسۡکُوۡنَۃٍ: نہ رہتا ہو
۳۳۔ مَتَاعٌ: فائدہ
۳۴۔ مَا تَکۡتُمُوۡنَ: جو تم چھپ کر کرتے ہو
۳۵۔ یَغُضُّوۡا: وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں
۳۶۔ زِیۡنَۃٌ: سجاوٹ
۳۷۔ خُمُرِ: اوڑھنی (واحد: خِمَارٌ)
۳۸۔ بُعُوۡلَ: شوہر (واحد: بَعۡلٌ)
۳۹۔ غَیۡرِ اُولِی الۡاِرۡبَۃِ: جن کے دل میں کوئی (جنسی) تقاضہ داخل نہ ہو
۴۰۔ عَوۡرٰتِ: چھپا ہوا حصہ
۴۱۔ اَلۡاَیَامٰی: بغیر نکاح والے
۴۲۔ لِیَسۡتَعۡفِفۡ: وہ پاکدامن رہیں
۴۳۔ اَلۡبِغَآءِ: بدکاری
۴۴۔ یُکۡرِہۡ: وہ مجبور کرے

مشق:۱۰۹

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ سورۃ المؤمنون کا مرکزی موضوع معاشرے میں بے حیائی اور فحاشی کو روکنے اور عفت وعصمت کو فروغ دینے کیلئے ضروری ہدایت اور احکام دینا ہے۔ ....

۲۔ اگر زنا کا ارتکاب غیر شادی شدہ مرد یا عورت نے کیا ہو تو اس کی سزا سنگساری ہے۔ ....

۳۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ اپنے لئے شریکِ زندگی تلاش کرتے وقت اس کی خوبصورتی اور مالداری کا ضرور خیال رکھیں۔ ....

۴۔ کسی بے گناہ پر زنا کی جھوٹی تہمت لگانا بھی نہایت سنگین جرم قرار دیا گیا ہے اور اس کی سزا اسی کوڑے مقرر کی گئی ہے۔ ....

۵۔ اگر کوئی گھر کسی اور کا ہے اور بظاہر خالی معلوم ہو رہا ہے، تو اس میں بلا اجازت داخل ہونا جائز ہے۔ ....

۶۔ عورتوں کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ غیر محرموں کے سامنے اپنا پورا جسم کسی ایسی چادر یا برقع سے چھپائیں جو ان کی سجاوٹ کے مقامات کو چھپا لے۔ ....

۷۔ اگر پاؤں میں پازیب پہنی ہوئی ہے تو اس طرح نہ چلیں کہ پازیب کی آواز سنائی دے یا زیوروں کے ایک دوسرے سے ٹکرا کر بجنے کی آواز غیر محرم سنیں۔ ....

۸۔ جو بالغ مرد و عورت نکاح کے قابل نہ ہوں، تو تمام متعلقین کو یہ کوشش کرنی چاہئے کہ ان کا نکاح ہو جائے۔ ....

۹۔ جاہلیت میں یہ بھی رواج تھا کہ لوگ اپنی کنیزوں کو بدکاری پر مجبور کر کے پیسہ کماتے تھے، سورۃ المؤمنون میں اس گھناؤنی رسم کو قتل انسانیت قرار دے کر اسے ختم کر دیا۔ ....

ترجمہ کیجئے:

رَأْفَةٌ	جُيُوْبِ	خُمُرِ	اَلْبِغَآءِ	جُنَاحٌ	أَنْ تَشِيْعَ
اَلسَّعَةِ	مُبَرَّءُوْنَ	اَلْاِفْكِ	جَلْدَةٍ	مَاتَكْتُمُوْنَ	غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ
إِذْ تَلَقَّوْنَ	غَيْرَ أُوْلِي الْاِرْبَةِ	اَلْاَيَامٰى	معمولی	بے حیائی	پاکدامن
	ٹولہ		شوہر		

آیت نمبر ۳۵ تا ۶۴

الفاظ کے معنی:

۱۔ مِشْكٰوةٍ: طاق
۲۔ اَلْمِصْبَاحُ: چراغ
۳۔ زُجَاجَةُ: شیشہ
۴۔ كَوْكَبٌ: ستارہ
۵۔ دُرِّيٌّ: موتی
۶۔ لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ: نہ مشرقی، نہ مغربی
۷۔ يُضِيْٓءُ: وہ روشنی دے گا
۸۔ لَمْ تَمْسَسْهُ: وہ اسے نہ لگے (نہ چھوئے)
۹۔ اَلْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ: صبح وشام
۱۰۔ لَا تُلْهِيْ: وہ غافل نہیں کرتی
۱۱۔ تَتَقَلَّبُ: وہ الٹ پلٹ کر رہ جائیں گی
۱۲۔ سَرَابٍ بِقِيْعَةٍ: چٹیل صحرا میں سراب
۱۳۔ اَلظَّمْاٰنُ: پیاسا
۱۴۔ لُّجِّيٍّ: گہرا
۱۵۔ يَغْشٰى: اس نے ڈھانپ رکھا ہو
۱۶۔ سَحَابٌ: بادل
۱۷۔ اَلطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ: پر پھیلائے ہوئے پرندے
۱۸۔ يُزْجِيْ: وہ ہنکاتا ہے
۱۹۔ رُكَامًا: تہہ در تہہ گھٹا
۲۰۔ اَلْوَدْقَ: بارش
۲۱۔ خِلٰلِ: درمیان
۲۲۔ بَرَدٍ: اولے
۲۳۔ يُصِيْبُ: وہ مصیبت بناتا ہے
۲۴۔ سَنَا بَرْقِ: بجلی کی کڑک
۲۵۔ يَّمْشِيْ: وہ چلتے ہیں
۲۶۔ مُذْعِنِيْنَ: فرمانبردار رہنے والے
۲۷۔ اِرْتَابُوْٓا: وہ شک میں ہے
۲۸۔ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ: فرمانبرداری، مشہور
۲۹۔ لَيُمَكِّنَنَّ: وہ ضرور بخشے گا اقتدار
۳۰۔ لَيُبَدِّلَنَّ: وہ تبدیل کردے گا
۳۱۔ لِيَسْتَاْذِنْ: وہ اجازت لیں
۳۲۔ اَلظَّهِيْرَةِ: دوپہر کا وقت
۳۳۔ طَوّٰفُوْنَ: آنا جانا
۳۴۔ اَلْاَطْفَالُ: بچے
۳۵۔ مُتَبَرِّجٰتٍ: نمائش کرنے والی
۳۶۔ اِنْ يَّسْتَعْفِفْنَ: اگر وہ احتیاط رکھیں
۳۷۔ اَلْاَعْمٰى، اَلْاَعْرَجِ: نابینا، پاؤں سے معذور
۳۸۔ اَشْتَاتًا: الگ الگ
۳۹۔ تَحِيَّةً: دُعا
۴۰۔ جَامِعٍ: اجتماعی
۴۱۔ يَتَسَلَّلُوْنَ: وہ کھسک جاتے ہیں چپکے سے
۴۲۔ عَذَابٌ اَلِيْمٌ: دردناک عذاب

مشق: ۳۰

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط کی نشاندہی (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	آسمان اور زمین کی تمام مخلوقات کو ہدایت کا نور پہنچانے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔
۲۔	☐	مسجدوں اور عبادت گاہوں میں عبادت کرنے والے دنیا کو بالکل چھوڑ بیٹھتے ہیں۔
۳۔	☐	ایک دن ایسا آنے والا ہے جس میں سارے اعمال کا حساب دینا ہوگا وہ دن اتنا ہولناک ہوگا کہ اس میں لوگوں اور خاص طور پر نافرمانوں کے دل اُلٹ جائیں گے۔
۴۔	☐	کافر لوگ جو عبادت نیکی سمجھ کر کرتے ہیں اس کا اجر نہیں آخرت میں ملے گا۔
۵۔	☐	کافر اگر اعمال نیکی سمجھ کر کرے تو اس کی مثال سراب کی طرح ہے وار اگر وہ نیکی سمجھ کر نہ کرے تو اس کی مثال ان اندھیروں کی ہے جن میں روشنی کی کوئی کرن نہیں ہوتی۔
۶۔	☐	اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو۔
۷۔	☐	قرآن کریم سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جن چیزوں کو ہم بے حس نہیں سمجھتے وہ درحقیقت بے حس ہی ہیں۔
۸۔	☐	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے زمانے میں پورا جزیرۃ عرب اسلام کے جھنڈے تلے آچکا تھا۔
۹۔	☐	جہاں یہ بات یقینی ہو کہ اصل مالک ہمارے کھانے سے خوش نہیں ہوگا وہاں کھانے میں کچھ حرج نہیں ہے۔

ترجمہ کیجئے:

مِشْکٰوۃٍ	بَرَدٍ	أَشْتَاتًا	تَحِيَّةً	اَلظَّمْاٰنُ	مُتَبَرِّجٰتٍ
مُذْعِنِيْنَ	اَلظَّهِيْرَةُ	اَلْاَعْلٰى	اَلْاَعْرَجُ	شیشہ	بادل
تہہ در تہہ گھٹا	اجتماعی	گہرا	لَا تُلْهِيْ	يَتَسَلَّلُوْنَ	يُصِيْبُ
	يُزْجِيْ		يُضِيْءُ		

سورۃ الفرقان مکی

آیت نمبر ۱ تا ۴۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اَلۡفُرۡقَانَ:	حق و باطل کا فیصلہ کرنے والی	۲۔	قَدَّرَ:	اس نے نپا تلا اندازہ عطا کیا
۳۔	نُشُوۡرًا:	دوبارہ زندہ کرنا	۴۔	اِفۡتَرٰی:	اس نے گھڑ لی
۵۔	أَعَانَ:	انہوں نے مدد کی	۶۔	زُوۡرًا:	کھلے جھوٹ
۷۔	بُکۡرَۃً وَّاَصِیۡلًا:	صبح و شام	۸۔	تُمۡلٰی عَلَیۡہِ:	اس کے سامنے پڑھ کے سنائی جاتی ہے
۹۔	اَلۡاَسۡوَاقِ:	بازاروں	۱۰۔	جَنَّۃٌ:	باغ
۱۱۔	مَسۡحُوۡرًا:	جادو کیا ہوا	۱۲۔	فَضَلُّوۡا:	چنانچہ وہ بھٹکے ہوئے ہیں
۱۳۔	قُصُوۡرًا:	محلات	۱۴۔	سَعِیۡرًا:	بھڑکتی آگ
۱۵۔	تَغَیُّظًا:	بپھرنا	۱۶۔	زَفِیۡرًا:	پھنکارنا
۱۷۔	ضَیِّقًا:	تنگ	۱۸۔	مُقَرَّنِیۡنَ:	باندھے ہوئے
۱۹۔	ثُبُوۡرًا:	موت	۲۰۔	مَصِیۡرًا:	آخری انجام
۲۱۔	مَسۡئُوۡلًا:	ذمہ داری دیئے ہوئے	۲۲۔	قَوۡمًا بُوۡرًا:	برباد قوم
۲۳۔	وَقَالَ الَّذِیۡنَ:	اور وہ لوگ کہتے ہیں	۲۴۔	عَتَوۡ عُتُوًّا:	انہوں نے سرکشی اختیار کی، سرکشی
۲۵۔	حِجۡرًا مَّحۡجُوۡرًا:	دور کر دینے والی پناہ	۲۶۔	ھَبَآءً مَّنۡثُوۡرًا:	بکھرے ہوئے گرد و غبار
۲۷۔	مَقِیۡلًا:	آرام گاہ	۲۸۔	تَشَقَّقُ:	وہ پھٹ جائے گا
۲۹۔	اَلۡغَمَامِ:	بادل	۳۰۔	عَسِیۡرًا:	سخت
۳۱۔	یَعَضُّ:	وہ کاٹ کھائے گا	۳۲۔	خَذُوۡلًا:	بے کس
۳۳۔	مَھۡجُوۡرًا:	چھوڑا ہوا	۳۴۔	ھَادِیًا وَّنَصِیۡرًا:	ہدایت دینے والا، مدد کرنے والا
۳۵۔	فُؤَادَكَ:	تمہارا دل	۳۶۔	رَتَّلۡنَا:	ہم نے ٹھہر ٹھہر کر پڑھوایا
۳۷۔	دَمَّرۡنَا:	ہم نے نیست و نابود کر دیا	۳۸۔	أَصۡحَابَ الرَّسِّ:	کنویں والے
۳۹۔	تَبَّرۡنَا:	ہم نے پیس کر رکھ دیا	۴۰۔	قُرُوۡنًا:	نسلیں
۴۱۔	مَطَرَ:	بارش	۴۲۔	ھُزُوًا:	مذاق

مشق:۱۱۱

ہدایات: مندرجہ ذیل خالی جگہ کو دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

(۱)حق بات (۲)بے ہودہ اعتراضات (۳)ایمان

(۴)اعتراض (۵)شکایت (۶)حق

(۷)پیغمبروں (۸)گردوغبار

نمبرشمار بیانات

۱۔ چونکہ ان کو قیامت اور آخرت پر ایمان نہیں ہے، اس لئے ان کو..................... کرتے ہوئے کوئی خوف نہیں ہوتا کہ آخرت میں ان پر سزا بھی مل سکتی ہے۔

۲۔ مخالفین کو تمہاری آزمائش کا ذریعہ بنا کر تم ان کی پہنچائی ہوئی تکلیفوں پر صبر کرتے ہو یا نہیں، کیونکہ اسی صبر سے ظاہر ہوگا کہ تم نے..................... سچے دل سے قبول کیا ہے۔

۳۔ جن اعمال کو کفار نے نیکی سمجھ رکھا تھا وہ آخرت میں..................... کی طرح بے حقیقت نظر آئیں گی۔

۴۔ آخرت میں تمام نیکیوں کے قبول ہونے کے لئے..................... لازمی شرط ہے۔

۵۔ اگر مسلمان ہونے کے باوجود قرآن کریم کو پسِ پشت ڈال دیا جائے تو کہیں ہمارے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شفاعت کے بجائے..................... پیش نہ کریں۔

۶۔ جن کے مقدر میں ہدایت قبول کرنا ہوتا ہے اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت دے دیتے ہیں اور اپنے..................... کی مدد فرماتے ہیں۔

۷۔ قرآن کریم کو تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کرنے کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جب کوئی دنیا..................... کافروں کی طرف سے آتا ہے تو قرآن کریم کی نئی آیت کے ذریعے اس کا واضح جواب دیا جاتا ہے۔

۸۔ قرآن کریم نے جابجا آپ کو تسلی دی ہے کہ آپ کا فریضہ..................... کو پہنچانے کی حد تک محدود ہے۔

ترجمہ کیجئے:

زُوْرًا	تَبَّرْنَا	عُتُوًّا	مَهْجُوْرًا	قَوْمًا بُوْرًا	يَعَضُّ
ثُبُوْرًا	دَمَّرْنَا	أَصْحٰبَ الرَّسِّ	زَفِيْرًا	هَبَآءً مَّنْثُوْرًا	خَذُوْلًا
جَنَّةٌ	مَقِيْلًا	هُزُوًا	عَسِيْرًا	نُشُوْرًا	

آیت نمبر ۴۵ تا ۷۷

الفاظ کے معنی:

۱۔	مَدَّ:	وہ پھیلاتا ہے	۲۔	نُسْقِیَ:	ہم سیراب کریں
۳۔	أَنَاسِیَّ:	انسانوں	۴۔	مَرَجَ:	اس نے چلایا
۵۔	عَذْبٌ فُرَاتٌ:	میٹھا، قابل تسکین	۶۔	مِلْحٌ أُجَاجٌ:	نمکین، سخت کڑوا
۷۔	بَرْزَخًا:	آڑ	۸۔	صِهْرًا:	سسرالی
۹۔	بُرُوْجًا:	برج	۱۰۔	سِرٰجًا:	روشن چراغ
۱۱۔	غَرَامًا:	چمٹ جانے والی تباہی	۱۲۔	نُفُوْرًا:	بدکنا
۱۳۔	خِلْفَةً:	ایک دوسرے کے پیچھے	۱۴۔	هَوْنًا:	عاجزی
۱۵۔	يُبَيِّتُوْنَ:	وہ رات گزارتے ہیں	۱۶۔	اِصْرِفْ عَنَّا:	ہم سے دور رکھ
۱۷۔	غَرَامًا:	چمٹ جانے والی تباہی	۱۸۔	سَآءَتْ:	بدترین جگہ ہے
۱۹۔	مُسْتَقَرًّا:	مستقر	۲۰۔	مُقَامًا:	قیام گاہ
۲۱۔	لَمْ يُسْرِفُوْا:	وہ فضول خرچی نہیں کرتے	۲۲۔	لَمْ يَقْتُرُوْا:	وہ تنگی نہیں کرتے
۲۳۔	يَلْقَ:	وہ سامنا کرے گا	۲۴۔	أَثَامًا:	گناہ کا وبال
۲۵۔	يَخْلُدْ:	وہ ہمیشہ رہے گا	۲۶۔	مُهَانًا:	ذلیل
۲۷۔	اَلزُّوْرَ:	ناحق کام	۲۸۔	مَرُّوْا:	وہ گذرتے ہیں
۲۹۔	لَمْ يَخِرُّوْا:	وہ نہیں گرتے	۳۰۔	صُمًّا:	بہرے
۳۱۔	عُمْيَانًا:	اندھے	۳۲۔	إِمَامًا:	سربراہ
۳۳۔	يَعْبَؤُا:	وہ پرواہ نہیں کرتا	۳۴۔	لِزَامًا:	گلے پڑنا (لازم ہونا)

مشق:۱۱۲

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ دھوپ اور چھاؤں کی تبدیلی انسانوں کے لئے کیوں ضروری ہے؟

....

....

۲۔ "جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا" یعنی "سورج کو سائے کا رہنما بنانے" سے کیا مراد ہے؟

....

....

۳۔ آیت نمبر ۵۲ میں "پانی کی الٹ پھیر کا" مطلب واضح کریں؟

....

....

۴۔ مشرکین مکہ لفظ "رحمٰن" سن کر کیوں غضب کا شکار ہوتے تھے؟

....

....

۵۔ آیت نمبر ۶۱ میں ذکر کردہ "بروج" سے کیا مراد ہے؟

....

....

۶۔ قرآن مجید میں ذکر کردہ "زور" کا مطلب وضاحت سے کیجئے؟

....

....

۷۔ قرآن مجید نے والد کو بحیثیت باپ اولاد کے لئے کونسی دعا سکھائی ہے؟

....

....

۸۔ منافقین اللہ تعالٰی کی آیتوں سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟

....

....

۹۔ اللہ تعالٰی کن لوگوں کے بہتر انجام کا کفیل ہے؟

....

....

۱۰۔　اللہ تعالیٰ کیسے لوگوں کی پرواہ نہیں کرتے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

وہ پرواہ نہیں کرتا	بدکنا	عاجزی	قیام گاہ	ناحق کام	سربراہ
سسرالی	روشن چراغ	بدترین جگہ	برج	اندھے	بہرے
گناہوں کا وبال	دلیل	نمکین	سخت کڑوا	قابل تسکین	میٹھا
اس نے چلایا					

سورۃ الشعراء مکی

آیت نمبر ۱ تا ۱۰۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	بَاخِعٌ:	ہلاک کرنے والا	۲۔	ظَلَّتۡ:	وہ رہ جائیں گے
۳۔	خٰضِعِیۡنَ:	جھک جانے والے	۴۔	مُحۡدَثٍ:	نئی
۵۔	یَضِیۡقُ:	وہ تنگ ہوتا ہے	۶۔	ذَنۡبٌ:	جرم
۷۔	وَلِیۡدًا:	بچہ	۸۔	اَلضَّآلِّیۡنَ:	لاعلم
۹۔	خِفۡتُ:	مجھے خوف ہوا	۱۰۔	تَمُنُّ:	تم نے احسان کیا
۱۱۔	اَلۡمَسۡجُوۡنِیۡنَ:	جیل میں قید (واحد: مَسۡجُوۡنٌ)	۱۲۔	ثُعۡبَانٌ مُّبِیۡنٌ:	کھلا اژدھا
۱۳۔	بَیۡضَآءُ:	سفید	۱۴۔	اَلۡمَدَآئِنِ:	شہروں
۱۵۔	حٰشِرِیۡنَ:	ہرکارے	۱۶۔	سَحَّارٍ:	جادوگر
۱۷۔	تَلۡقَفُ:	اس نے نگلنا شروع کیا	۱۸۔	لَاُقَطِّعَنَّ:	میں کٹواؤں گا
۱۹۔	لَاُصَلِّبَنَّ:	میں سولی پر لٹکاؤں گا	۲۰۔	نَطۡمَعُ:	ہم امید لگائے بیٹھے ہیں
۲۱۔	مُتَّبَعُوۡنَ:	پیچھا کیا جانے والے	۲۲۔	لَشِرۡذِمَۃٌ:	چھوٹی سی ٹولی
۲۳۔	لَغَآئِظُوۡنَ:	دل جلانے والے	۲۴۔	حٰذِرُوۡنَ:	احتیاطی تدبیر کرنے والے
۲۵۔	کُنُوۡزٍ:	خزانوں	۲۶۔	مُّشۡرِقِیۡنَ:	سورج نکلنے کا وقت
۲۷۔	اِنۡفَلَقَ:	وہ پھٹ گیا	۲۸۔	اَلطَّوۡدِ:	پہاڑ
۲۹۔	اَزۡلَفۡنَا:	ہم قریب لے آئے	۳۰۔	عٰکِفِیۡنَ:	دھرنا دینے والے
۳۱۔	اَلۡاَقۡدَمُوۡنَ:	پرانے	۳۲۔	عَدُوٌّ:	دشمن
۳۳۔	مَرِضۡتُ:	میں بیمار ہوتا ہوں	۳۴۔	یَشۡفِیۡنِ:	وہ مجھے شفا دیتا ہے
۳۵۔	یَسۡقِیۡنِ:	وہ مجھے پلاتا ہے	۳۶۔	یُحۡیِیۡنِ:	وہ مجھے زندہ کرے گا
۳۷۔	اَلۡحِقۡنِیۡ:	مجھے شامل فرما	۳۸۔	قَلۡبٍ سَلِیۡمٍ:	دل، سلامتی والا
۳۹۔	بُرِّزَتِ:	ظاہر کردی جائے گی	۴۰۔	اَلۡجَحِیۡمُ:	جہنم
۴۱۔	کُبۡکِبُوۡا:	اوندھے منہ ڈال دیا جائے گا	۴۲۔	اَلۡغَاوٗنَ:	گمراہوں

۴۳۔ شَافِعِيْنَ: سفارش کرنے والا　　۴۴۔ صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ: دوست، ہمدرد

۴۵۔ كَرَّةً: واپسی کا موقع　　۴۶۔ رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ: امانت دار

مشق: ۱۱۳

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	اگر کسی دل میں انصاف ہو اور وہ سچے دل سے حق کا متلاشی ہو تو اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں اس کی توحید کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں۔
۲۔	☐	حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک مظلوم کو بچاتے ہوئے ظالم کو ایک مکا مارا تھا جس سے وہ زخمی ہو گیا۔
۳۔	☐	حضرت یوسف علیہ السلام جب مصر کے حکمران بنے تو انہوں نے اپنی ساری اولاد کو مصر بلا کر آباد کر دیا۔
۴۔	☐	حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے شام چلے گئے تھے جہاں سے واپسی میں انہیں نبوت عطا ہوئی۔
۵۔	☐	اللہ کی حقیقت و ماہیت کوئی نہیں جان سکتا، البتہ اُس کی صفات سے پہچانا جاتا ہے۔
۶۔	☐	حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو معجزہ دکھلایا، وہ اس درجہ مؤثر تھا کہ اس نے جادوگروں کو بے ساختہ رکوع میں گرا دیا۔
۷۔	☐	اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو سمندر سے پار کرانے کے لئے پانی کے کئی حصے کر کے ان کو پہاڑ کی طرح کھڑا کر دیا اور ان حصوں کے درمیان پل بن گئے۔
۸۔	☐	فرعون کے لشکر نے جب دیکھا کہ سمندر کے درمیان راستے بنے ہوئے ہیں تو اس نے لشکر کو ان راستوں سے گزرنے سے منع کر دیا۔
۹۔	☐	بیماری انسان کی کسی اپنی غلطی کے سبب آتی ہے اور شفا براہِ راست اللہ تعالیٰ کی عطا ہے۔
۱۰۔	☐	حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے مغفرت کا وعدہ کیا تھا لیکن اللہ کی طرف سے ممانعت کے بعد انہوں نے برأت کا اعلان کر دیا۔

ترجمہ کیجئے:

كُنُوْزٍ	كَرَّةً	اَلْغَاوٗنَ	وَلِيْدًا	الطَّوْدِ	اِنْفَلَقَ
كُبْكِبُوْا	تَمُنُّ	بُرِّزَتْ	بَاخِعٌ	تَلْقَفُ	أَزْلَفْنَا
اَلْجَحِيْمُ	عٰكِفِيْنَ	صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ	سلامتی والا دل	چھوٹی سی ٹولی	ہرکارے
	جرم		بچہ		

آیت نمبر ۱۰۵ تا ۲۲۷

الفاظ معنی

۱۔ أَرْذَلُوْنَ: نچلے درجے کے لوگ
۲۔ طَارِدِ: دھتکارنے والا
۳۔ نَجِّ: آپ بچا لیجئے
۴۔ اَلْمَشْحُوْنَ: بھری ہوئی
۵۔ أَغْرَقْنَا: ہم نے غرق کر دیا
۶۔ تَبْنُوْنَ: تم بناتے (تعمیر) کرتے ہو
۷۔ رِيْعٍ: اونچی جگہ
۸۔ مَصَانِعَ: کاری گری سے بنائی ہوئی عمارتیں
۹۔ بَطَشْتُمْ: تم پکڑتے ہو
۱۰۔ جَبَّارِيْنَ: ظالم وجابر (واحد: جَبَّارٌ)
۱۱۔ أَمَدَّ: اس نے نوازا
۱۲۔ وَعَظْتَ: تم نصیحت کرو
۱۳۔ زُرُوْعٍ: کھیتوں (کھیت)
۱۴۔ هَضِيْمٌ: ایک دوسرے میں پیوست
۱۵۔ تَنْحِتُوْنَ: تم تراشتے ہو
۱۶۔ فَعَقَرُوْا: انہوں نے کونچے کاٹ ڈالیں
۱۷۔ تَذَرُوْنَ: تم چھوڑ بیٹھے
۱۸۔ لَمْ تَنْتَهِ: تم باز نہ آئے
۱۹۔ اَلْقَالِيْنَ: بیزار (واحد: اَلْقَالِي)
۲۰۔ عَجُوْزًا: بڑھیا
۲۱۔ اَلْغٰبِرِيْنَ: پیچھے رہنے والے
۲۲۔ دَمَّرْنَا: ہم نے تباہ کر دیا
۲۳۔ أَصْحٰبُ الْئَيْكَةِ: ایکہ (گھنے جنگل) کے باشندے
۲۴۔ اَلْقِسْطَاسِ: ترازو
۲۵۔ لَا تَبْخَسُوْا: تم گھٹا کر نہ دو
۲۶۔ وَلَا تَعْثَوْا: تم مت پھرو
۲۷۔ أَسْقِطْ: تم گرا دو
۲۸۔ كِسَفًا: ٹکڑا
۲۹۔ يَوْمِ الظُّلَّةِ: سائبان کا دن
۳۰۔ اَلرُّوْحُ الْأَمِيْنُ: امانت دار فرشتہ (حضرت جرائیل علیہ السلام)
۳۱۔ زُبُرِ: کتابیں
۳۲۔ سَلَكْنَا: ہم نے داخل کیا
۳۳۔ لَمَعْزُوْلُوْنَ: روک دیئے گئے
۳۴۔ عَشِيْرَةَ: قریب ترین خاندان
۳۵۔ اِخْفِضْ: تم جھکا دو
۳۶۔ تَقَلُّبَ: تمہاری آمد و رفت
۳۷۔ أَفَّاكٍ أَثِيْمٍ: پرلے درجے کا جھوٹا، گناہ گار
۳۸۔ اَلشُّعَرَاءُ: شاعر (واحد: اَلشَّاعِرُ)
۳۹۔ يَهِيْمُوْنَ: وہ بھٹکتے رہے ہیں
۴۰۔ مُنْقَلَبٍ: انجام
۴۱۔ يُلْقُوْنَ: وہ لا ڈالتے ہیں
۴۲۔ قُلُوْبِ: دلوں

مشق : ۱۱۴

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ ہر بلند جگہ پر کوئی.................. کرنے کو ہی فضول حرکت کہا گیا کیونکہ یہ کام محض دکھاوے اور بڑائی کے اظہار کے لئے کیا جاتا تھا۔

۲۔ تم نے اپنی ساری دوڑ دھوپ کا مقصد اس نام و نمود اور شان و شوکت کو بنایا ہے اور اس کو اپنی.................. سمجھ بیٹھے ہو۔

۳۔ قرآن کریم نے ہم سب کو توجہ دلائی کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ بس دنیا کی شان و شوکت ہی کو سب کچھ سمجھ کر..................

...... سے غافل ہوں۔

۴۔ قوم ثمود پر عذاب ایک خوفناک.................. کی شکل میں آیا جس سے ان کے کلیجے پھٹ کر رہ گئے۔

۵۔ ایکہ اصل میں.................. کو کہتے ہیں اور حضرت شعیب علیہ السلام جس قوم کی طرف بھیجے گئے تھے وہ ایسے جنگل

کے پاس واقع تھی۔

۶۔ .... کا کام کرنے والے کو سب سے پہلے اپنے گھر اور اپنے خاندان سے شروع کرنا چاہئے۔

۷۔ جو لوگ شاعری ہی کو اوڑھنا بچھونا بنا لیتے ہیں ان کو کوئی بھی اپنا.................. نہیں بناتا اور اگر کوئی ان کو مقتدا بناتا ہے۔

۸۔ شیاطین کی باتوں پر بھروسہ کرنے والے کوئی.................. لوگ نہیں، گناہ گار لوگ ہوتے ہیں۔

۹۔ .... ان لوگوں کو کہا جاتا ہے جن کا دعویٰ یہ تھا کہ جنات ان کے قبضے میں ہیں، جو انہیں غیب کی خبریں لا کر دیتے ہیں۔

۱۰۔ کس وقت کون سا.................. نازل کیا جائے یہ فیصلہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، وہ جب مناسب سمجھے گا نازل فرمادے گا۔

ترجمہ کیجئے:

اَلْقَالِیْنَ	یَہِیْمُوْنَ	طَارِدِ	هَضِیْمٌ	زُبُرِ	كِسَفًا
يَوْمَ الظُّلَّةِ	اِخْفِضْ	رِيْعٍ	مَصَانِعَ	دَمَّرْنَا	عَشِيْرَةَ
زُرُوْعٍ	أَرْذَلُوْنَ	عَجُوْزًا	اَلْقِسْطَاسُ	جَبَّارِيْنَ	بَطَشْتُمْ
	أَفَّاكٍ		أَثِيْمٍ		

مشق: ۱۱۵

اعادۂ مشق ۱۰۷ تا ۱۱۴

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ زکاۃ کے مفہوم کو واضح کیجئے؟

....

....

۲۔ سورۃ المؤمنون کی آیت نمبر ۹ میں ''نمازوں کی نگرانی'' سے کیا مراد ہے؟

....

....

۳۔ انسان کی تخلیق میں مٹی کا کیا عمل دخل ہے؟

....

....

۴۔ طوفانِ نوح کی ابتداء کس طرح ہوئی؟

....

....

۵۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟

....

....

۶۔ ''عالم برزخ'' کس عالم کو کہا جاتا ہے؟

....

....

۷۔ ''حد قذف'' کسے کہتے ہیں؟

....

....

۸۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کی مالی امداد بند کرنے کی قسم کیوں کھائی؟

....

....

۹۔ کفار کے اعمال کو سراب کیوں کہا گیا؟

....

....

۱۰۔ سورۃ الشعراء میں ذکر کردہ ''زور'' کا مطلب واضح کیجئے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

يَعِظُ	اَلسَّعَةِ	جُنَاحٌ	مَهْجُوْرًا	زَفِيْرًا	فَوَاكِهُ
تَلْفَحُ	لَا بُرْهَانَ	طِيْنٍ	خُطُوٰتِ	ضَيِّقًا	رَبْوَةٍ
اَلظَّمْآنُ	سربراہ	روشن چراغ	بدترین جگہ	نمکین	قابل تسکین

سورۃ النمل مکی

آیت نمبر ۱ تا ۹۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	یَعۡمَھُوۡنَ:	وہ بھٹکتے پھر رہے ہیں	۲۔	لَتُلَقَّی:	تمہیں عطا کیا جارہا ہے
۳۔	لَدُنۡ:	طرف	۴۔	شِھَابٍ:	شعلہ
۵۔	قَبَسٍ:	آگ	۶۔	تَصۡطَلُوۡنَ:	تم گرمی حاصل کرو
۷۔	نُوۡدِیَ:	آواز دی گئی	۸۔	تَھۡتَزُّ:	وہ حرکت کررہی ہے
۹۔	جَآنٌّ:	سانپ	۱۰۔	لَمۡ یُعَقِّبۡ:	پیچھے مڑکر نہ دیکھا
۱۱۔	اِسۡتَیۡقَنَتۡ:	انہیں یقین ہو چکا	۱۲۔	عُلُوًّا:	تکبر
۱۳۔	مَنۡطِقَ:	بولی	۱۴۔	یُوۡزَعُوۡنَ:	انہیں قابو میں رکھا جاتا ہے
۱۵۔	وَادِالنَّمۡلِ:	چیونٹیوں کی وادی	۱۶۔	نَمۡلَۃٌ:	چیونٹی
۱۷۔	تَبَسَّمَ:	وہ مسکرائے	۱۸۔	اَوۡزِعۡنِیۡ:	مجھے پابند بنادیجئے
۱۹۔	تَفَقَّدَ:	انہوں نے حاضری لی	۲۰۔	لَاَذۡبَحَنَّ:	میں ذبح کرڈالوں گا
۲۱۔	اَلۡخَبۡءَ:	چھپی ہوئی	۲۲۔	اَلَّا تَعۡلُوۡا:	تم سرکشی نہ کرو
۲۳۔	اَفۡتُوۡنِیۡ:	تم مجھے مشورہ دو	۲۴۔	قَاطِعَۃً:	حتمی
۲۵۔	بَاۡسٍ شَدِیۡدٍ:	ڈٹ کر لڑنا	۲۶۔	اَتُمِدُّوۡنَ:	کیا تم امداد کرنا چاہتے ہو
۲۷۔	عِفۡرِیۡتٌ:	قوی ہیکل	۲۸۔	یَرۡتَدُّ:	وہ جھپکے
۲۹۔	اَلصَّرۡحَ:	محل	۳۰۔	لُجَّۃً:	پانی
۳۱۔	مُمَرَّدٌ:	شفاف	۳۲۔	قَوَارِیۡرَ:	شیشوں
۳۳۔	تُفۡتَنُوۡنَ:	تمہاری آزمائش ہورہی ہے	۳۴۔	رَھۡطٍ:	آدمی (نو آدمیوں کی جماعت کو رہط کہتے ہیں)
۳۵۔	تَقَاسَمُوۡا:	تم مل کر اللہ کی قسم کھاؤ	۳۶۔	مَکَرُوۡا:	انہوں نے چال چلی
۳۷۔	اِصۡطَفٰی:	اس نے منتخب کیا	۳۸۔	حَدَآئِقَ:	باغ
۳۹۔	ذَاتَ بَھۡجَۃٍ:	بارونق	۴۰۔	اَلۡمُضۡطَرَّ:	بے قرار

۴۱۔	اِدّٰرَكَ:	بے بس ہو گیا	۴۲۔	رَدِفَ:	وہ آلگا ہے
۴۳۔	يَقُصُّ:	وہ واضح کرتا ہے	۴۴۔	جَامِدَةً:	جمے ہوئے
۴۵۔	فَزِعَ:	گھبراہٹ	۴۶۔	صَدَقْتَ:	تو نے سچ کہا

مشق:۱۱۶

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ جس پروردگار نے جانوروں کو پیدا کیا ہے اور بولنے پر قدرت عطا فرمائی ہے وہ ان کی بولی کو جانتا اور سمجھتا بھی ہے لہٰذا اگر وہ یہ بولی اپنے کسی ....کو سکھا دے تو کیا تعجب ہے۔

(۱) پیغمبر　(۲) فرشتے　(۳) ولی

۲۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو جو ....عطا فرمائی تھی وہ صرف انسانوں پر نہیں بلکہ جنات اور پرندوں پر بھی تھی۔

(۱) نبوت　(۲) سلطنت　(۳) طاقت

۳۔ سباء ایک ....کا نام تھا جو یمن کے ایک علاقہ میں آباد تھی۔

(۱) قبیلہ　(۲) بستی　(۳) قوم

۴۔ ملکہ بلقیس کی حکومت کی خبر حضرت سلیمان علیہ السلام کو ....نے دی۔

(۱) کبوتر　(۲) ہدہد　(۳) ابابیل

۵۔ بلقیس کی سچائی تسلیم کرنے کے سبب اللہ نے اس کو ....عورت قرار دیا۔

(۱) سمجھدار　(۲) جنتی　(۳) نیک

۶۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندے دنیا کے مال و دولت اور اقتدار حاصل کرنے کے بعد ناشکری کے بجائے ....کرتے ہیں۔

(۱) زیادہ صدقہ　(۲) زیادہ اطاعت　(۳) زیادہ عبادت

۷۔ حضرت صالح علیہ السلام کی بستیاں عرب ہی کے علاقے میں تھیں اور ....سے کچھ ہی فاصلے پر ہیں۔

(۱) مکہ مکرمہ　(۲) مدینہ منورہ　(۳) شام

۸۔ قیامت کی آخری علامتوں میں ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ زمین سے ایک .... پیدا کریں گے جو انسانوں سے بات کرے گا۔

(۱) عجیب الخلقت جن (۲) عجیب الخلقت جانور (۳) عجیب الخلقت انسان

ترجمہ کیجئے:

شِهَابٍ	رَدِفَ	جَامِدَةً	عِفْرِيْتٌ	بَأْسٍ شَدِيْدٍ	قَوَارِيْرَ
لُجَّةً	مُمَرَّدٌ	لَدُنْ	الصَّرْحَ	نَمْلَةٌ	قَاطِعَةً
عُلُوًّا	اَلْمُضْطَرَّ	رَهْطٍ	تَهْتَزُّ	اِدّٰرَكَ	تَصْطَلُوْنَ
	مَنْطِقَ		حَدَآئِقَ		

سورۃ القصص مکی

آیت نمبر ۱ تا ۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ أَئِمَّةً: پیشوا
۲۔ اَلْوَارِثِيْنَ: وارث
۳۔ يَحْذَرُوْنَ: وہ بچاؤ کی تدبیریں کر رہے تھے
۴۔ رَآدُّوْا: واپس پہنچانے والا
۵۔ اِلْتَقَطَ: اس نے اٹھالیا
۶۔ هَامٰنَ: ہامان
۷۔ خٰطِئِيْنَ: خطا کار
۸۔ فُؤَادُ: دل
۹۔ فٰرِغًا: بے قرار
۱۰۔ قُصِّيْهِ: تم اس کا سراغ لگاؤ
۱۱۔ اَلْمَرَاضِعَ: دودھ پلانے والیاں
۱۲۔ يَكْفُلُوْنَ: وہ پرورش کریں
۱۳۔ تَقَرَّ: وہ ٹھنڈی رہے
۱۴۔ شِيْعَةِ: برادری (قبیلہ)
۱۵۔ اِسْتَغَاثَ: اس نے مدد کے لئے پکارا
۱۶۔ وَكَزَ: اس نے مکا مارا
۱۷۔ ظَهِيْرًا: مددگار
۱۸۔ يَتَرَقَّبُ: وہ جائزہ لیتے ہوئے
۱۹۔ يَسْتَصْرِخُ: وہ پکار رہا ہے
۲۰۔ أَنْ يَّبْطِشَ: کہ وہ پکڑے
۲۱۔ يَسْعٰى: وہ دوڑ رہا ہے
۲۲۔ تِلْقَاءَ: طرف
۲۳۔ وَرَدَ: پہنچے
۲۴۔ تَذُوْدٰنِ: وہ دونوں روکے کھڑی ہیں
۲۵۔ اَلظِّلِّ: سایہ
۲۶۔ اِسْتِحْيَاءٍ: شرم وحیا
۲۷۔ لِيَجْزِيَ: تا کہ وہ انعام دیں
۲۸۔ نَجَوْتَ: تم بچ آئے
۲۹۔ اِسْتَأْجِرْ: آپ اجرت پر کام دیجیے
۳۰۔ أَتْمَمْتَ: اگر تم پورا کرو
۳۱۔ اُمْكُثُوْا: ٹھہرو
۳۲۔ شَاطِئِ: کنارے
۳۳۔ اَلْبُقْعَةِ: علاقہ
۳۴۔ تَهْتَزُّ: وہ حرکت کر رہی ہے
۳۵۔ أَفْصَحُ: زیادہ صاف زبان والا
۳۶۔ يُصَدِّقُ: وہ تائید کرے
۳۷۔ سَنَشُدُّ: ہم مضبوط کرتے ہیں
۳۸۔ مُفْتَرًى: بناوٹی
۳۹۔ أَوْقِدْ: تم آگ دے کر پکواؤ
۴۰۔ اَطَّلِعُ: میں جھانک کر دیکھوں

۴۱۔ بَصَائِرَ:	بصیرت کی باتیں	۴۲۔ اَلْغَرْبِيِّ:	مغرب
۴۳۔ تَطَاوَلَ:	طویل گزر گیا (ہوگیا)	۴۴۔ ثَاوِيًا:	مقیم
۴۵۔ تَظٰهَرَ:	وہ ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں		

مشق: ۱۱۷

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	سورۃ القصص کا مرکزی موضوع حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور آپ کے دعویٰ کی سچائی کو ثابت کرنا ہے۔
۲۔	☐	اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم علیہا السلام کے دل میں الہام فرمایا کہ اس بچے (حضرت موسیٰ علیہ السلام) کو صندوق میں رکھ کر بحیرۂ عرب میں ڈال دو۔
۳۔	☐	فرعون کی بیوی حضرت آسیہ نے فرعون کو آمادہ کرلیا کہ وہ اس بچے (حضرت موسیٰ علیہ السلام) کو بیٹا بنا کر پالیں گے۔
۴۔	☐	حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقصد تو یہ تھا کہ اسرائیلی شخص کو قبطی کے ظلم سے بچائیں، اس لئے اسے قتل کرنا مقصود تھا چنانچہ وہ ایک ہی مکے سے مر گیا۔
۵۔	☐	جس جگہ مسلمان اور غیر مسلم مل جل کر امن کے ساتھ رہ رہے ہوں وہاں مسلمانوں کے لئے حلال ہے کہ وہ غیر مسلم کو قتل کرے یا اس کے مال پر قبضہ کرے۔
۶۔	☐	مدین حضرت شعیب علیہ السلام کی بستی تھی اور وہ علاقہ فرعون کی حکومت سے باہر تھا۔
۷۔	☐	ضرورت کے وقت خواتین کا کسی کام کے لئے باہر نکلنا جائز ہے، البتہ اگر مرد وہ کام انجام دے سکتے ہوں تو مردوں ہی کو انجام دینا چاہئے۔
۸۔	☐	جو خاتون حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بلانے گئی تھیں ان کا نام صفورا تھا اور پھر انہی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نکاح ہوا۔
۹۔	☐	ایک اچھے ملازم میں دو بنیادی خصوصیات ہونی چاہئے ایک یہ کہ وہ جو فرائض اس کے سپرد کئے گئے ہیں، ان کو بجالانے کی جسمانی قوت رکھتا ہو اور دوسرے یہ کہ ہر کام جلدی کرتا ہو۔

ترجمہ کیجئے:

اِلْتَقَطَ	فٰرِغًا	مُفْتَرًى	تِلْقَاۤءَ	ثَاوِيًا	شَاطِئِ
فُؤَادُ	بَصَائِرَ	وَكَزَ	ظَهِيْرًا	اَلْوٰرِثِيْنَ	شِيْعَةِ
تَهْتَزُّ	وَرَدَ	نَجَوْتَ	اَلْغَرْبِيِّ	تم اس کا سراغ لگاؤ	سایہ
بناوٹی		وہ ٹھنڈی رہے		ٹکڑا	

آیت نمبر ۵۱ تا ۸۸

الفاظ کے معنی:

۱۔	أَحْبَبْتَ:	تم چاہو	۲۔	نُتَخَطَّفْ:	ہمیں اچک لیا جائے گا
۳۔	يُجْبٰى:	وہ کھنچے چلے آتے ہیں	۴۔	بَطِرَتْ:	وہ اتراتی ہیں
۵۔	اَلْقُرٰى:	بستیاں	۶۔	اَلْمُحْضَرِيْنَ:	وہ دھر لیے جائیں گے
۷۔	أَغْوَيْنَا:	ہم نے گمراہ کیا	۸۔	تَبَرَّأْنَا:	ہم دست بردار ہوتے ہیں
۹۔	أَجَبْتُمْ:	تم نے جواب دیا	۱۰۔	عَمِيَتْ:	بے نشان ہو چکی ہوں گی
۱۱۔	اَلْأَنْبَآءُ:	ساری باتیں (خبریں)	۱۲۔	اَلْخِيَرَةُ:	اختیار
۱۳۔	ضِيَاءٍ:	روشنی	۱۴۔	سَرْمَدًا:	مسلط
۱۵۔	تَزْعُمُوْنَ:	تم دعویٰ کرتے تھے	۱۶۔	نَزَعْنَا:	ہم نکال لائیں گے
۱۷۔	اَلْعُصْبَةِ:	جماعت	۱۸۔	لَا تَفْرَحْ:	اتراؤ نہیں
۱۹۔	لَا تَنْسَ:	تم نظر انداز نہ کرو	۲۰۔	لَا تَبْغِ:	تم نہ مچاؤ
۲۱۔	ذُوْ حَظٍّ:	نصیبوں والا	۲۲۔	وَيْلَكُمْ:	تم پر افسوس ہے
۲۳۔	خَسَفْنَا:	ہم نے دھنسا دیا	۲۴۔	فِئَةٍ:	گروہ
۲۵۔	تَمَنَّوْا:	وہ تمنا کر رہے تھے	۲۶۔	مَنَّ:	اس نے احسان کیا
۲۷۔	عُلُوًّا:	بڑائی	۲۸۔	مَعَادٍ:	انسیت کی جگہ (لوٹنے کی جگہ)
۲۹۔	تَرْجُوْا:	تمہیں امید نہ تھی	۳۰۔	لَا يَصُدُّنَّ:	تم روکنے نہ پاؤ گے
۳۱۔	هَالِكٌ:	فنا ہونے والی			

مشق: ۱۱۸

ہدایات : مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک حصہ غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ قرآن مجید کے (الف) ایک مرتبہ نازل نہ ہونے میں یہ فائدہ مقصود تھا کہ ہر موقع پر اس کے (ب) مناسب ہدایات دی جاسکیں اور ایک کے بعد ایک ہدایت دے کر اس بات کا موقع دیا جائے کہ (ج) وہ کسی بات کو قبول کرلیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ بربادی تو (الف) اللہ تعالیٰ کی ذات کے منکر ہونے کی وجہ سے آتی ہے، چنانچہ پہلی جن قوموں نے (ب) کفر کی راہ اختیار کی آخر کر وہی تباہ ہوئیں نہ کہ وہ لوگ (ج) جنہوں نے بدعت کی۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ (الف) اگر بالفرض اسلام چھوڑنے کے نتیجے میں تمہیں دنیا میں (ب) جو سکون اطمینان ملے تو وہ (ج) آخرت کی تکلیفوں کے مقابلے میں کم ہے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ اللہ تعالیٰ سب سے پہلے ہر علاقہ میں اپنا کوئی پیغمبر بھیجتے (الف) جو انہیں سیدھی راہ کی طرف دعوت دیتے اگر وہ (ب) زنا سے باز آجاتے تو انہیں ہلاک نہیں کیا جاتا اور اگر وہ اپنی ظالمانہ روش پر اڑے رہے (ج) تو انہیں سزا ملتی۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ اللہ تعالیٰ نے (الف) رات کے آخری وقت کو (ب) سکون حاصل کرنے کا ذریعہ بنا دیا (ج) اندھیرا طاری کر کے سب کو مجبور کر دیا کہ وہ اس وقت آرام کر سکیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ قارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کا (الف) چچا زاد بھائی تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی (ب) نبوت سے پہلے فرعون نے اس کو (ج) بنی اسرائیل کی نگرانی پر متعین کیا ہوا تھا۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ (الف) آخرت کا گھر بنانے کا یہ مطلب نہیں کہ (ب) دنیا کی ضروریات مقدم رکھو بلکہ (ج) دنیا اس انداز سے نہ کماؤ کہ آخرت میں نقصان اٹھانا پڑے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸۔ (الف) صبر کا مطلب قرآن کریم کی اصطلاح میں ہے کہ انسان اپنی (ب) جائز خواہشات پر قابو پا کر اپنے آپ کو (ج) اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری پر ثابت قدم رکھے۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

۹۔ (الف) دن کے وقت کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل تلاش کرنے یعنی (ب) روزی کمانے کا وقت بنا دیا تاکہ اس وقت (ج) سب کھانا کھانے میں لگیں۔

☐ الف : ☐ ب: ☐ ج: ☐ د: کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجئے:

بَطِرَتْ	نَزَعْنَا	خَسَفْنَا	مَعَادٍ	اَلْاَنْبَآءُ	يُجْبٰى
هَالِكٌ	اَجَبْتُمْ	ضِيَآءٍ	سَرْمَدًا	جماعت	گروہ
ہمیں اچک لیا جائے گا		بڑائی		تم پر افسوس ہے	

سورۃ العنکبوت مکی

آیت نمبر ۱ تا ۶۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ يُتۡرَكُوۡا: انہیں چھوڑ دیا جائے گا
۲۔ لَا يُفۡتَنُوۡنَ: ان کو آزمایا نہ جائے گا
۳۔ لِقَآءَ: ملنا (ملاقات)
۴۔ مَنۡ جَاهَدَ: جو محنت اٹھاتا
۵۔ لَنُكَفِّرَنَّ: ہم جھاڑ دیں گے
۶۔ وَصَّيۡنَا: ہم نے حکم دیا
۷۔ لَا تُطِعۡ: تم مت مانو
۸۔ أُنَبِّئُ: میں بتاؤں گا
۹۔ صُدُوۡرِ: سینے
۱۰۔ خَطَايَا: خطائیں
۱۱۔ أَثۡقَالَ: بوجھ
۱۲۔ أَصۡحٰبَ السَّفِيۡنَةِ: کشتی والے
۱۳۔ أَوۡثَانًا: بتوں
۱۴۔ إِفۡكًا: جھوٹی باتیں
۱۵۔ مَوَدَّةَ: دوستی
۱۶۔ يَلۡعَنُ: وہ لعنت بھیجیں گے
۱۷۔ الۡغٰبِرِيۡنَ: پیچھے رہ جانے والے
۱۸۔ رِجۡزًا: عذاب
۱۹۔ اَلرَّجۡفَةُ: زلزلہ
۲۰۔ جٰثِمِيۡنَ: اوندھے پڑے ہوئے
۲۱۔ مُسۡتَبۡصِرِيۡنَ: سوجھ بوجھ رکھنے والے
۲۲۔ سٰبِقِيۡنَ: جیتنے والے
۲۳۔ أَخَذۡنَا: ہم نے پکڑ لیا
۲۴۔ خَسَفۡنَا: ہم نے دھنسا دیا
۲۵۔ اَلۡعَنۡكَبُوۡتِ: مکڑی
۲۶۔ أَوۡهَنَ: سب سے کمزور
۲۷۔ اَلۡفَحۡشَآءِ: بے حیائی
۲۸۔ اَلۡمُنۡكَرِ: برے کام
۲۹۔ يَجۡحَدُ: وہ انکار کرتے ہیں
۳۰۔ مُحِيۡطَةٌ: گھیرنے والی
۳۱۔ غُرَفًا: بالاخانے
۳۲۔ أَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ: وہ کہاں اوندھے چل پڑتے ہیں
۳۳۔ يُتَخَطَّفُ: انہیں اچک لیا جاتا ہے
۳۴۔ لَنَهۡدِيَنَّ: ہم ضرور بضرور پہنچائیں گے
۳۵۔ حَاصِبًا: پتھراؤ کرنے والی ہو
۳۶۔ اَلصَّيۡحَةُ: چنگھاڑ
۳۷۔ لَا تَخُطُّ: تم نہ کوئی کتاب لکھتے تھے
۳۸۔ سَخَّرَ: اس نے کام پر لگایا
۳۹۔ يَتَمَتَّعُوۡا: وہ اڑا لیں کچھ مزے
۴۰۔ حَسِبَ: اس نے گمان کیا

مشق:۱۱۹

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کے لئے جو جنت تیار فرمائی ہے وہ اتنی .... نہیں کہ کسی کو تکلیف کے بغیر حاصل ہو جائے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ عنکبوت میں فرمایا کہ مشرکین کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے .... پر بھروسہ رکھا ہو اس لئے اس سورۃ کا نام سورۃ العنکبوت ہے۔

۳۔ اگر والدین کافر ہوں تب بھی ان سے ساتھ عام برتاؤ میں نیک سلوک کرنا چاہئے اور ان کی توہین یا ان کو تکلیف پہنچانا .... کا کام نہیں ہے۔

۴۔ حق و باطل کے معاملے میں دوستوں اور رشتہ داروں کی .... میں کوئی راستہ اختیار نہیں کرنا چاہئے بلکہ بصیرت کے ساتھ وہی راستہ اختیار کرنا چاہئے جو حق ہو۔

۵۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت لوط علیہ السلام کو .... اور .... کی بستیوں کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا۔

۶۔ جو شخص .... کو سوچ سمجھ کر اس طرح پڑھے جیسے پڑھنا چاہئے تو وہ اسے یقیناً برائیوں سے روک دے گی۔

۷۔ دعوتِ اسلام میں ہر جگہ یہ تعلیم دی جاتی ہے کہ .... کے ساتھ ہو لیکن خاص طور پر اہلِ کتاب کے ساتھ کیونکہ وہ بت پرستوں کے مقابلے میں مسلمانوں کے زیادہ قریب ہیں۔

۸۔ .... کی کمی اور زیادتی تمام تر اللہ تعالیٰ کی مشیت اور حکمت پر موقوف ہے، لہٰذا وہی فیصلہ کرتا ہے یہ کس کو کس وقت اور کتنا رزق دینا ہے۔

۹۔ جس طرح کھیل کود میں کچھ دیر تو مزہ آتا ہے مگر وہ پائیدار چیز نہیں اسی طرح دنیا کی .... بھی ناپائیدار ہے اور کچھ عرصے میں ہی ختم ہو جائیں گی۔

۱۰۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمی (جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو) ہونے کے باوجود جب آپ کی زبانِ مبارک پر قرآن کریم جاری ہوا تو یہ بذاتِ خود ایک عظیم الشان .... تھا۔

ترجمہ کیجیے:

سینے	بوجھ	چنگھاڑ	عذاب	زلزلہ	مُحِيْطَةٌ
أَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ	إِفْكًا	جٰثِمِيْنَ	سَخَّرَ	غُرُفًا	حَاصِبًا
يَلْعَنُ	اَلْمُنْكَرِ	يَجْحَدُ	لِقَآءَ	خَسَفْنَا	أَوْهَنَ
	اَلْعَنْكَبُوْتِ		اَلْفَحْشَآءَ		

سورۃ الروم مکی

آیت نمبر ۱ تا ۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ غُلِبَتْ: وہ مغلوب ہو گئے
۲۔ أَدْنٰی: قریب
۳۔ سَیَغْلِبُوْنَ: وہ غالب آ جائیں گے
۴۔ بِضْعِ سِنِیْنَ: چند سال
۵۔ یَفْرَحُ: وہ خوش ہوں گی
۶۔ لَا یُخْلِفُ: وہ خلاف نہیں کرتا
۷۔ أَشَدَّ: زیادہ مضبوط
۸۔ اَثَارُوْا: انہوں نے جوتا (زمین کو)
۹۔ عَمَرُوْا: انہوں نے آباد کیا
۱۰۔ یَظْلِمُوْنَ: وہ ظلم کرتے رہے
۱۱۔ عَاقِبَةَ: انجام
۱۲۔ أَسَاؤُوْا: انہوں نے برائی کی
۱۳۔ اَلسُّوْآی: برا
۱۴۔ تَقُوْمُ: وہ برپا ہوگی
۱۵۔ اَلسَّاعَةُ: قیامت
۱۶۔ یُبْلِسُ: وہ ناامید ہوں گے
۱۷۔ شُفَعٰٓؤُا: سفارشی
۱۸۔ رَوضَةٍ: جنت
۱۹۔ یُحْبَرُوْنَ: وہ پھوٹ رہی ہوں گی
۲۰۔ تُمْسُوْنَ، تُصْبِحُوْنَ: تمہارے پاس شام آتی ہے، تمہارے پاس صبح طلوع ہوتی ہے
۲۱۔ عَشِیًّا: سورج ڈھلنے کا وقت
۲۲۔ اَلْحَیُّ، اَلْمَیِّتُ: زندہ، مردہ
۲۳۔ تَنْتَشِرُوْنَ: تم پھیلے پڑے ہو
۲۴۔ لِتَسْکُنُوْا: تاکہ تم سکون حاصل کرو
۲۵۔ اَلْوَانِ: رنگ
۲۶۔ مَنَامُ: سونا (نیند)
۲۷۔ یَسْمَعُوْنَ: وہ سنتے ہیں
۲۸۔ اَلْبَرْقَ: بجلی کی چمک
۲۹۔ خَوْفًا وَّطَمَعًا: ڈر اور امید
۳۰۔ یُحْیِیْ: وہ زندگی بخشتا ہے
۳۱۔ قٰنِتُوْنَ: اتباع کرنے والے
۳۲۔ یَبْدَؤُا: وہ ابتدا کرتا ہے
۳۳۔ یُعِیْدُ: وہ دوبارہ پیدا کرے گا
۳۴۔ أَهْوَنُ: زیادہ آسان
۳۵۔ اَلْأَعْلٰی: اونچی
۳۶۔ تَخْرُجُوْنَ: تم نکل پڑو گے

مشق: ۱۲۰

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ بعثتِ نبوی کے وقت کونسی دو طاقتیں موجود تھیں، ان کے نام تحریر کریں؟

....

....

۲۔ ''کسریٰ'' و ''قیصر'' کس ملک کے بادشاہوں کے لقب تھے؟

....

....

۳۔ سورۃ روم کے شروع میں کیا پیشنگوئی کی گئی ہے؟

....

....

۴۔ اُبی بن خلف نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا شرط لگائی تھی؟

....

....

۵۔ اگر آخرت کو تسلیم نہ کیا جائے تو اس کائنات کی کیا اہمیت ہوگی؟

....

....

۶۔ انسانوں کو دوبارہ زندہ کرنے کو اللہ تعالیٰ نے سورۃ روم میں کون سی دو مثالیں دے کر سمجھایا؟

....

....

۷۔ رزق کی تلاش اور وقتِ آرام کو اگر انسانوں کی صوابدید پر چھوڑ دیا جاتا تو کیا خرابی لازم آتی؟

....

....

۸۔ بجلی کی چمک میں ڈر اور اُمید کی صورت بیان کیجئے؟

....

....

۹۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو شرط میں جیتے ہوئے اونٹوں کے متعلق کیا حکم دیا؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

مَنَامُ	اَلْبَرْقَ	يُحْيِي	عَاقِبَةَ	رَوْضَةٍ	عَشِيًّا
أَلْوَانِ	يَسْمَعُوْنَ	يُبْلِسُ	تَقُوْمَ	أَشَدَّ	يَفْرَحُ
أَهْوَنُ		يُحْبَرُوْنَ		أَثَارُوْا	

آیت نمبر ۲۸ تا ۶۰

الفاظ کے معنی:

۱۔ تَخَافُوْنَ: تم ڈرتے ہو

۲۔ أَضَلَّ، يَهْدِيْ: اس نے گمراہ کیا، وہ ہدایت دے سکتا ہے

۳۔ أَقِمْ: تم قائم رکھو

۴۔ فِطْرَتَ: فطرت

۵۔ مُنِيْبِيْنَ: لو لگانے والے

۶۔ حِزْبٍ: گروہ

۷۔ يَقْنَطُوْنَ: وہ مایوس ہونے لگتے ہیں

۸۔ ذَا الْقُرْبٰى: رشتہ دار

۹۔ رِبًا يَرْبُوْا: سود، وہ بڑھ جائے

۱۰۔ مُضْعِفُوْنَ: بڑھانے والے

۱۱۔ لَا مَرَدَّ: ٹلنے کا امکان نہیں

۱۲۔ يَصَّدَّعُوْنَ: وہ الگ الگ ہو جائیں گے

۱۳۔ مُبَشِّرَاتٍ: وہ خوشخبری لے کر آتی ہے

۱۴۔ يَمْهَدُوْنَ: وہ راستہ بنا رہے ہیں

۱۵۔ اَلدِّيْنِ الْقَيِّمِ: صحیح دین

۱۶۔ اِنْتَقَمْنَا: ہم نے انتقام لیا

۱۷۔ تُثِيْرُ: وہ اٹھاتی ہیں

۱۸۔ يَبْسُطُ: وہ پھیلاتا ہے

۱۹۔ كِسَفًا: تہہ در تہہ

۲۰۔ اَلْوَدْقَ: بارش

۲۱۔ خِلٰلِ: درمیان

۲۲۔ رِيْحًا: ہوا

۲۳۔ مُصْفَرًّا: پیلا

۲۴۔ ضُعْفٍ، قُوَّةٍ: کمزوری، طاقت

۲۵۔ شَيْبَةً: بڑھاپا

۲۶۔ لَا يَنْفَعُ: وہ فائدہ نہیں پہنچائے گی

۲۷۔ يُسْتَعْتَبُوْنَ: وہ ناراضگی دور کریں

۲۸۔ مُبْطِلُوْنَ: غلط کار

۲۹۔ يَطْبَعُ: وہ ٹھپہ لگا دیتا ہے

۳۰۔ لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ: وہ ڈھیلے پڑ جائیں

۳۱۔ لَا يُوْقِنُوْنَ: وہ یقین نہیں کرتے

۳۲۔ فَاصْبِرْ: تم صبر سے کام لو

مشق:۱۲۱

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	اللہ تعالیٰ نے ہر انسان میں یہ صلاحیت رکھ دی ہے کہ وہ اپنے خالق و مالک کو پہچانے اس کی توحید کا قائل ہو۔
۲۔	☐	کوئی شخص مسلسل ضد اور عناد کی روش اختیار کیے رکھے، اور حق بات سننے کے لئے تیار ہی نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے کسی بیماری میں مبتلا کر دیتے ہیں۔
۳۔	☐	وسعت اور تنگی مالداروں ہی کے اختیار میں ہے، اس لئے تنگی کے موقع پر مالداروں سے رجوع کر کے مدد مانگنی چاہئے۔
۴۔	☐	رزق اللہ تعالیٰ کی عطا ہے، اس لئے جو کچھ اس نے عطا فرمایا ہے وہ اسی کے حکم اور ہدایت کے مطابق خرچ ہونا چاہئے۔
۵۔	☐	مال و دولت کا اصل فائدہ تو یہ ہے کہ انسان کو آرام و راحت نصیب ہو جبکہ حرام آمدنی بڑھانے والے دنیا میں تو خوشحال رہتے ہیں لیکن آخرت میں انہیں راحت نصیب نہیں ہوتی۔
۶۔	☐	دنیا میں جو عام مصیبتیں لوگوں پر آئیں ان سب کا اصل سبب ناقص انتظامات تھے۔
۷۔	☐	عام مصیبتوں کے وقت چاہے وہ ظاہری اسباب کے تحت وجود میں آئی ہوں اپنے گناہوں پر استغفار اور اللہ کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔
۸۔	☐	''اللہ تعالیٰ کا فضل تلاش کرنا'' قرآن کریم کی ایک اصطلاح ہے، جس سے مراد تجارت اور روزگار کے دوسرے ذرائع اختیار کرنا ہے۔
۹۔	☐	اگر یہ ہوائیں نہ ہوں جن سے کشتیاں اور جہاز سمندروں میں چلنے کے لائق ہوتے ہیں تو تمہارے سفر ٹھپ ہو کر رہ جائیں کیونکہ بین الاقوامی سفر کا دارومدار پانی کے جہازوں پر ہی ہوتا ہے۔
۱۰۔	☐	قرآن کریم میں جہاں ''ریاح'' (جمع کا صیغہ) کا لفظ آیا ہے، اس سے مراد فائدہ مند ہوائیں ہیں اور جہاں ریح (واحد) کا لفظ ہے اس سے مراد نقصان زدہ ہوا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

گروہ	بڑھاپا	غلط کار	وہ ٹھپہ لگا دیتا ہے	درمیان	بارش
رشتہ دار	تہہ در تہہ	صحیح دین	لولگانے والے	وہ ڈھیلے پڑ جائیں	تم قائم رکھو
	پیلا		تم ڈرتے رہو		

سورۃ لقمان مکی

آیت نمبر ۱ تا ۳۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ يَشْتَرِيْ: وہ خریدار بنتے ہیں

۲۔ هُزُوًا: مذاق

۳۔ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ: ذلیل کرنے والا عذاب

۴۔ وَلّٰى: وہ منہ موڑ لیتا ہے

۵۔ وَقْرًا: بہرا پن

۶۔ غَيْرِ عَمَدٍ: ستونوں کے بغیر

۷۔ أَنْ تَمِيْدَ: وہ ڈگمگائے نہیں

۸۔ بَثَّ: اس نے پھیلا دیئے

۹۔ مَنْ يَّشْكُرْ: جو شکر ادا کرتا ہے

۱۰۔ وَهْنًا: کمزوری

۱۱۔ فِصَالٌ: دودھ چھوٹنا

۱۲۔ أَنَابَ: اس نے لو لگا رکھی ہے

۱۳۔ خَرْدَلٍ: رائی کا دانہ

۱۴۔ صَخْرَةٍ: چٹان

۱۵۔ لَا تُصَعِّرْ: تم مت پھیلاؤ

۱۶۔ خَدَّ: گال (رخسار)

۱۷۔ لَا تَمْشِ: تم مت چلو

۱۸۔ مَرَحًا: اتراتے ہوئے

۱۹۔ أُغْضُضْ: تم آہستہ رکھو

۲۰۔ صَوْتُ الْحَمِيْرِ: گدھوں کی آواز

۲۱۔ أَسْبَغَ: اس نے نچھاور کی

۲۲۔ يُجَادِلُ: وہ بحث کرتے ہیں

۲۳۔ نَضْطَرُّ: ہم کھینچ کر لے جائیں گے

۲۴۔ أَقْلَامٌ: قلم

۲۵۔ مَا نَفِدَتْ: ختم نہیں ہوں گی

۲۶۔ يُوْلِجُ: وہ داخل کرتا ہے

۲۷۔ غَشِيَ: وہ چڑھتی ہیں

۲۸۔ اَلظُّلَلِ: سائبان

۲۹۔ مُقْتَصِدٌ: راہِ راست پر رہنے والے

۳۰۔ اِخْشَوْا: تم ڈرو

۳۱۔ مَوْلُوْدٌ: بیٹا

۳۲۔ جَازٍ: وہ کام آئے

۳۳۔ لَا تَغُرَّنَّ: وہ دھوکہ میں نہ ڈالے

۳۴۔ اَلْغَيْثَ: بارش

۳۵۔ مَا تَدْرِيْ: وہ نہیں جانتا

۳۶۔ غَدًا: کل

۳۷۔ تَمُوْتُ: وہ مرے گا

۳۸۔ اَلْأَرْحَامِ: ماؤں کے پیٹ

۳۹۔ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ: پکا بدعہد، پرلے درجے کا ناشکرا

مشق:۱۱۲

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) ذاتی مطالعہ　(۲) دانشور عقل مند　(۳) ظلم
(۴) سمجھ اور رائے　(۵) توحید　(۶) جائز نہیں
(۷) اسلام قبول　(۸) شرک　(۹) دین
(۱۰) دینی فرائض

نمبر شمار　بیانات

۱۔ حضرت لقمان اہل عرب کے ایک بڑے .... کی حیثیت سے مشہور تھے، ان کی حکیمانہ باتوں کو اہل عرب بڑا وزن دیتے تھے۔

۲۔ لقمان جیسے حکیم اور دانشور جن کی عقل وحکمت کا تم بھی لوہا مانتے ہو وہ بھی .... کے قائل تھے۔

۳۔ والدین کی عزت اور اطاعت اپنی جگہ لیکن اگر وہ اپنی اولاد کو .... اختیار کرنے کے لئے دباؤ ڈالیں تو ان کی بات ماننا جائز نہیں۔

۴۔ قرآن کریم کی تاثیر ایسی تھی کہ جو لوگ ایمان نہیں لائے تھے وہ چھپ چھپ کر قرآن کریم سنا کرتے تھے جس کے نتیجے میں بعض لوگ .... بھی کر لیتے تھے۔

۵۔ ہر وہ دل بہلانے کا مشغلہ جو انسان کو اپنے .... سے غافل اور بے پروا کرے ناجائز ہے۔

۶۔ شرک اس لحاظ سے واضح .... ہے کہ عبادت اللہ کا خالص حق ہے اور مشرک اللہ کا یہ حق ادا کرنے کے بجائے بندوں اور مخلوقات کو دیتے ہیں۔

۷۔ والدین سے اچھے سلوک کا یہ مطلب نہیں ہے کہ انسان اپنے .... کے معاملے میں اللہ کا حکم ماننے کے بجائے ماں باپ کا حکم ماننا شروع کر دے۔

۸۔ دینی معاملے میں والدین اگر کوئی غلط بات کہیں تو ان کا کہنا ماننا تو .... ہے لیکن ان کی بات رَد کرنے کے لئے کوئی ایسا طریقہ اختیار کرے جس میں ان کی توہین نہ ہو۔

۹۔ دین پر عمل صرف اپنی .... سے نہیں کرنا چاہئے بلکہ جن لوگوں نے اللہ سے لو لگائی ہوئی ہے ان کو دیکھنا چاہئے کہ انہوں نے کس طرح عمل کیا اور پھر انہی کا راستہ اختیار کرنا چاہئے۔

۱۰۔ قرآن وحدیث کے صرف .... کی بنیاد پر کوئی ایسا نتیجہ نہیں نکالنا چاہئے جو اُمت کے علماء اور بزرگوں کی تشریح کے خلاف ہو۔

ترجمہ کیجیے:

هُزُوًا	اَلْغَيْثَ	اَلْاَرْحَامِ	صَوْتُ الْحَمِيْرِ	وَهْنًا	مُقْتَصِدٌ
مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ	لَا تَغُرَّنَّ	اَقْلَامٌ	صَخْرَةٍ	وَقْرًا	يُوْلِجُ
غَدًا	مَوْلُوْدٌ	اَسْبَغَ	نَضْطَرُّ	عَذَابٌ مُّهِيْنٌ	اُغْضُضْ
	مَرَحًا		خَدَّ		

سورۃ الٓمّٓ السجدۃ مکی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ لِتُنۡذِرَ: تم خبردار کرو

۲۔ وَلِیٍّ، شَفِیۡعٍ: رکھوالا، سفارشی

۳۔ لَا تَتَذَکَّرُوۡنَ: تم نصیحت پر دھیان نہیں دیتے

۴۔ یُدَبِّرُ: وہ انتظام کرتا ہے

۵۔ یَعۡرُجُ: وہ اوپر پہنچ جاتا ہے

۶۔ تَعُدُّوۡنَ: تم گنتے ہو

۷۔ بَدَاَ: اس نے ابتدا کی

۸۔ نَسۡلَ: نسل

۹۔ سُلٰلَۃٍ: نچوڑا ہوا

۱۰۔ مَآءٍ مَّہِیۡنٍ: حقیر پانی

۱۱۔ نَفَخَ: اس نے پھونکی

۱۲۔ یَتَوَفّٰی: وہ پورا پورا وصول کرلے گا

۱۳۔ تُرۡجَعُوۡنَ: تمہیں لے جایا جائے گا

۱۴۔ نَاکِسُوۡا: جھکانے والے

۱۵۔ مُوۡقِنُوۡنَ: یقین کرنے والے

۱۶۔ ذُوۡقُوۡا: تم مزہ چکھو

۱۷۔ نَسِیۡتُمۡ: تم نے بھلاڈالا

۱۸۔ خَرُّوۡا: وہ گر پڑتے ہیں

۱۹۔ تَتَجَافٰی: وہ جدا ہوتے ہیں

۲۰۔ جُنُوۡبُ: پہلو

۲۱۔ اَلۡمَضَاجِعِ: بستروں

۲۲۔ لَا یَسۡتَوٗنَ: وہ برابر نہیں ہوسکتے

۲۳۔ اَلۡمَاۡوٰی: مستقل قیام

۲۴۔ نُزُلًا: مہمانی

۲۵۔ أَعۡرَضَ: اس نے منہ موڑ لیا

۲۶۔ مُنۡتَقِمُوۡنَ: بدلہ لینے والے

۲۷۔ نَسُوۡقُ: ہم کھینچتے ہیں

۲۸۔ اَلۡجُرُزِ: خشک

۲۹۔ زَرۡعًا: کھیتی

۳۰۔ یَوۡمَ الۡفَتۡحِ: فیصلہ کا دن

۳۱۔ اِنۡتَظِرۡ: تم انتظار کرو

۳۲۔ أَعۡرِضۡ: تم پروا نہ کرو

مشق: ۱۲۳

ہدایات: دیئے گئے سوالات کا جواب تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ سورۃ الٓمٓ السجدۃ کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

(۱) بنیادی عقائد

(۲) معاملات

(۳) مستحبات

۲۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کس سورۃ کی تلاوت کیا کرتے تھے؟

(۱) سورۃ الملک

(۲) سورۃ البروج

(۳) سورۃ الٓمٓ سجدہ

۳۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سونے سے قبل کن سورتوں کی تلاوت کیا کرتے تھے؟

(۱) سورۃ الٓمٓ سجدۃ وسورۃ اخلاص

(۲) سورۃ طارق وسورۃ الٓمٓ سجدۃ

(۳) سورۃ الملک وسورۃ الٓمٓ سجدۃ

۴۔ اہل عرب بتوں کی پوجا کس عقیدہ کے سبب کیا کرتے تھے؟

(۱) تاکہ وہ ان کی مغفرت کریں

(۲) تاکہ وہ ان کی سفارش کریں

(۳) تاکہ وہ انہیں مال واولاد دیں

۵۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک دن ایک ہزار سال ہونے کا حضرت عبداللہ ابن عباس نے کیا مطلب نکالا؟

(۱) قیامت کے دن مراد ہے

(۲) یہ متشابہات میں سے ہے

(۳) مخلوق کے اعتبار سے ہزار سال مراد ہے

۶۔ جتنی مخلوقات کا انتظام اس وقت اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں ان سب کا اختتام کیا ہوگا؟

(۱) وہ فنا ہو جائیں گی

(۲) وہ اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے

(۳) انسانوں اور جنات کے علاوہ سب کو جنت اور جہنم کے درمیان اعراف میں رکھا جائے گا۔

۷۔ اگر اللہ تعالیٰ سب کو زبردستی ہدایت پر لے آئے تو کیا ہوگا؟

(۱) دنیا سے فساد ختم ہو جائے گا

(۲) ایک پُرامن معاشرہ وجود میں آ جاتا

(۳) کائنات کی تخلیق بے مقصد ہو جاتی

۸۔ خزانۂ غیب میں چھپی ہوئی نعمتیں کن لوگوں کے لئے ہیں؟

(۱) نیک لوگوں کے لئے

(۲) معصوم بچوں کے لئے

(۳) بوڑھوں کے لئے

۹۔ آخرت کے عذاب سے پہلے دنیا میں مصائب کیوں آتے ہیں؟

(۱) تاکہ لوگ آخرت کے عذاب کی شدت کو سمجھ سکیں

(۲) تاکہ لوگ گناہوں سے باز آ جائیں

(۳) تاکہ آخرت کے عذاب میں کچھ کمی آ جائے

ترجمہ کیجئے:

بَدَأَ	نَسُوْقُ	مُنْتَقِمُوْنَ	زَرْعًا	اَلْمَضَاجِعِ	جُنُوْبُ
سُلٰلَ	اَلْجُرُزِ	تَتَجَافٰی	نَفَخَ	حقیر پانی	مستقل قیام
فیصلہ کا دن		تم خبردار کرو		تم مزہ چکھو	

سورۃ الاحزاب مدنی

آیت نمبر ۱ تا ۳۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ لَا تُطِعْ: تم کہنا مت مانو
۲۔ قَلْبَیْنِ: دو دل
۳۔ جَوْفٍ: سینہ
۴۔ اَقْسَطُ: پورا انصاف
۵۔ مَوَالِیْ: دوست
۶۔ جُنَاحٌ: گناہ
۷۔ مَا تَعَمَّدَتْ: جو تم جان بوجھ کر کرو
۸۔ أَوْلٰی: زیادہ
۹۔ مَسْطُوْرًا: لکھی ہوئی بات
۱۰۔ مِیْثَاقًا غَلِیْظًا: پختہ عہد
۱۱۔ لِیَسْئَلَ: تا کہ وہ پوچھے
۱۲۔ أَعَدَّ: اس نے تیار کر رکھا ہے
۱۳۔ جُنُوْدٌ: لشکر
۱۴۔ أَسْفَلَ: نیچے
۱۵۔ زَاغَتِ: وہ پتھرا گئی ہے
۱۶۔ اَلْحَنَاجِرَ: منہ
۱۷۔ تَظُنُّوْنَ: تم سوچنے لگے
۱۸۔ عَوْرَةٌ: غیر محفوظ
۱۹۔ أَقْطَارِ: چاروں طرف سے
۲۰۔ لَا یُوَلُّوْنَ: وہ نہیں مڑیں گے
۲۱۔ اَلْأَدْبَارَ: پیٹھ
۲۲۔ لَا تُمَتَّعُوْنَ: تم لطف نہیں اٹھاؤ گے
۲۳۔ یَعْصِمُ: وہ بچائے گا
۲۴۔ اَلْمُعَوِّقِیْنَ: جہاد میں رکاوٹ ڈالنے والے
۲۵۔ هَلُمَّ: چلے آؤ
۲۶۔ أَشِحَّةً: لالچ
۲۷۔ اَلْأَحْزَابَ: لشکر
۲۸۔ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ: بہترین نمونہ
۲۹۔ یُعَذِّبُ: وہ عذاب دے
۳۰۔ صِیَاصِ: قلعے
۳۱۔ قَذَفَ: اس نے ڈال دیا
۳۲۔ تَأْسِرُوْنَ: تم نے قیدی بنا دیا
۳۳۔ لَمْ تَطَئُوْا: تمہارے قدم نہیں پہنچے
۳۴۔ أُمَتِّعْ: میں تحفے دوں
۳۵۔ أُسَرِّحْ: میں رخصت کروں
۳۶۔ وَمَنْ یَّقْنُتْ: اور جو تابعدار رہے گی
۳۷۔ نُؤْتِ: ہم دیں گے
۳۸۔ فَلَا تَخْضَعْنَ: تم نزاکت مت اختیار کرو
۳۹۔ فَیَطْمَعَ: وہ لالچ کرے
۴۰۔ قَرْنَ: تم قرار کے ساتھ رہو
۴۱۔ لَا تَبَرَّجْنَ: تم بناؤ سنگھار دکھاتی نہ پھرو (غیر مردوں کو)
۴۲۔ اَلرِّجْسَ: گندگی
۴۳۔ یُطَهِّرُ: وہ پاکیزگی عطا کرے

مشق: ۱۲۴

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ غزوۂ احزاب کو.................. بھی کہا جاتا ہے۔

(۱) جنگ حنین

(۲) جنگ جمل

(۳) جنگ خندق

۲۔ جب سنجیدگی سے منہ بولے بیٹے کی ولدیت بتائی جائے تو اس وقت اسے اپنا.................. ظاہر کرنا درست نہیں۔

(۱) بھائی

(۲) بیٹا

(۳) دوست

۳۔ عرب کے مختلف قبائل نے مسلمانوں کے خلاف ایک لشکر ترتیب دیا جس کی تعداد بارہ سے.................. ہزار تک تھی۔

(۱) پندرہ

(۲) سترہ

(۳) انیس

۴۔ .... کے مشورے سے صحابہ نے بڑی محنت کر کے صرف چھ دن میں یہ خندق کھودی۔

(۱) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

(۲) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

(۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

۵۔ سخت چٹان کو توڑتے وقت آپ نے فرمایا کہ مجھے یمن، ایران اور روم کے محلات دکھا کر یہ بشارت دی گئی ہے کہ یہ سب.................. کے ہاتھوں فتح ہوں گے۔

(۱) میرے صحابہ رضی اللہ عنہم

(۲) میری اُمت

(۳) میرے اہل بیت رضی اللہ عنہم

۶۔ .... نے غزوۂ احزاب میں یہ بہانہ بنایا کہ ہمارے گھروں کی دیواریں نیچی ہیں اور وہ غیر محفوظ ہیں۔

(۱) یہودیوں

(۲) مشرکوں

(۳) منافقوں

۷۔ غزوۂ احزاب میں.................... نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہوا معاہدہ اچانک توڑ کر مسلمانوں کی پشت سے خنجر گھونپنے کا منصوبہ بنایا۔

(۱) بنو قریظہ

(۲) بنو نضیر

(۳) خزرج

۸۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے بنو قریظہ کے متعلق یہ فیصلہ کیا کہ ان کے لڑنے والے مردوں کو.................... جائے اور عورتوں اور نابالغ بچوں کو قیدی بنایا جائے۔

(۱) فدیہ لے کر چھوڑ دیا

(۲) قتل کر دیا

(۳) غلام بنالیا

۹۔ خواتین کو غیر محرم مردوں سے بات کرنے میں جان بوجھ کر.................... نہیں پیدا کرنی چاہئے بلکہ کسی بداخلاقی کے بغیر پھیکے انداز میں اپنی بات کہہ دینی چاہئے۔

(۱) بداخلاقی

(۲) نزاکت

(۳) سختی

۱۰۔ .... کا اصل فریضہ گھر اور خاندان کی تعمیر ہے ایسی سرگرمیاں جو اس مقصد میں خلل انداز ہوں، اس کے اصل مقصد زندگی کیخلاف ہے۔

(۱) مرد

(۲) عورت

(۳) والدین

ترجمہ کیجئے:

أَقْطَارِ	اَلرِّجْسَ	أُسَرِّحْ	جَوْفِ	اَقْسَطُ	جُنُوْدٌ
صِيَاصِ	أَشِحَّةً	عَوْرَةٌ	مَسْطُوْراً	يُعَذِّبُ	لَا تَبَرَّجْنَ
يَعْصِمُ	اَلْأَحْزَابَ	قَذَفَ	گواہ	نیچے	بہترین نمونہ
	دو دل		تم نے قیدی بنالیا		

آیت نمبر ۳۵ تا ۷۳

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلْقٰنِتِیْنَ وَالْقٰنِتٰتِ: عبادت گزار مرد وعورتیں

۲۔ اَلْخٰشِعِیْنَ وَالْخٰشِعٰتِ: دل سے جھکنے والے مرد وعورتیں

۳۔ اَلصَّآئِمِیْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ: روزہ دار مرد وعورتیں

۴۔ یَعْصِ: اس نے نافرمانی کی

۵۔ وَطَرًا: تعلق

۶۔ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا: نپا تلا مقدر

۷۔ خَلَوْا: وہ گذر چکے

۸۔ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا: صبح وشام

۹۔ تَحِيَّتُهُمْ: ان کا استقبال

۱۰۔ سِرَاجًا مُّنِيْرًا: روشنی پھیلانے والے چراغ

۱۱۔ اَذٰى: تکلیف

۱۲۔ اَنْ تَمَسُّوْا: کہ تم چھوؤ

۱۳۔ تُرْجِیْ: تم ملتوی کردو

۱۴۔ تُئْوِیْ: تم اپنے پاس رکھو

۱۵۔ اِبْتَغَيْتَ: تم واپس بلانا چاہو

۱۶۔ عَزَلْتَ: تم نے الگ کیا

۱۷۔ رَقِيْبًا: پوری نگرانی کرنے والا

۱۸۔ فَانْتَشِرُوْا: تو تم اپنی اپنی راہ لو

۱۹۔ لَا مُسْتَاْنِسِيْنَ: جی لگا کر نہ بیٹھنا

۲۰۔ يُؤْذِیْ: وہ تکلیف پہنچاتی ہے

۲۱۔ لَا يَسْتَحْيٖ: وہ نہیں شرماتا

۲۲۔ حِجَابٍ: پردہ

۲۳۔ يُدْنِيْنَ: وہ جھکا لیا کریں

۲۴۔ اَلْمُرْجِفُوْنَ: شرانگیز افواہیں پھیلانے والے

۲۵۔ لَا يُجَاوِرُوْنَ: وہ نہیں کرسکیں گے

۲۶۔ مَلْعُوْنِيْنَ: پھٹکارے ہوئے

۲۷۔ سَادَتَنَا: ہمارے سردار

۲۸۔ فَبَرَّاَ: اس نے بری کردیا

۲۹۔ وَجِيْهًا: بڑے رتبے والا

۳۰۔ قَوْلًا سَدِيْدًا: سیدھی سچی بات

۳۱۔ يُصْلِحْ: وہ سنوار دے گا

۳۲۔ فَوْزًا عَظِيْمًا: زبردست کامیابی

۳۳۔ اَبَيْنَ: انہوں نے انکار کردیا

۳۴۔ حَمَلَ: اس نے بوجھ اٹھالیا

۳۵۔ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا: بڑا ظالم، بڑا نادان

۳۶۔ جَلَابِيْبِ: چادریں

۳۷۔ تُقَلَّبُ: ان کو الٹا پلٹا جائے گا

۳۸۔ اَبَدًا: ہمیشہ

مشق:۱۲۵

ہدایات: مندرجہ ذیل بیانات میں سے جن میں کوئی غلطی ہے، اس غلطی کی نشاندہی کرنے کے بعد سامنے دی گئی لائن پر درست لفظ لکھیں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ خشوع کا مطلب یہ ہے کہ تہجد کے وقت دل عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ساتھ لگا ہوا ہو۔ ....

۲۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم غالباً یہ چاہتے تھے کہ لوگ صرف اپنی خاندانی یا مالی فوقیت کی وجہ سے اچھے رشتوں سے انکار کرنے کا رجحان ختم کر دیں۔ ....

۳۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے بعد سوائے مجتہد کے کسی بھی مخلوق کو اپنی رائے چلانے کا اختیار نہیں رہتا۔ ....

۴۔ اگر رخصتی نہ ہوئی ہو اور طلاق ہو جائے تو اس کا حکم یہ ہے کہ ایسی صورت میں عورت کے لئے عدت گزارنا واجب نہیں۔ ....

۵۔ اگر کسی وجہ سے میاں بیوی کا آپس میں نبھاؤ ممکن نہ رہا ہو اور طلاق دینی ہی ہو تو دونوں کے درمیان جدائی بھی لڑائی اور دشمنی کی فضا کے بجائے خوش اسلوبی کے ساتھ ہونی چاہئے۔ ....

۶۔ عام مسلمانوں پر یہ فرض ہے کہ اگر ان کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں تو ہر معاملے میں ان کیساتھ برابری کا سلوک نہ کرے۔ ....

۷۔ دعوت کے کھانے میں وقت سے پہلے جا بیٹھنا یا کھانے کے بعد دیر تک بیٹھے رہنا جس سے میزبان کی آزادی میں خلل آئے، اسلامی تہذیب کے خلاف ہے۔ ....

۸۔ تمام مسلمان عورتوں کے لئے حکم ہے جب وہ کسی ضرورت کے لئے گھر سے باہر نکلیں تو اپنی چادروں کو اپنے چہروں پر جھکا کر انہیں چھپا لیا کریں۔ ....

۹۔ جب عورتیں پردے کے ساتھ باہر نکلیں گی تو ہر دیکھنے والا یہ سمجھ جائے گا کہ یہ شریف اور پاکدامن عورتیں ہیں۔ ....

۱۰۔ ’’عرضنا الأمانة‘‘ میں امانت سے مراد اپنی مرضی سے اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطاعت کی ذمہ داری لینا ہے۔ ....

ترجمہ کیجئے:

يَغْضِ	وَجِيْهًا	حِجَابٍ	وَطَرًا	بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا	أَبَيْنَ
خَلَوْا	تُقَلَّبُ	تُرْجِيْ	رَقِيْبًا	عَزَلْتَ	ظَلُوْمًا جَهُوْلًا
مَلْعُوْنِيْنَ	فَبَرَّأَ	اِبْتَغَيْتَ	اَلْخٰشِعِيْنَ	فَانْتَشِرُوْا	يُدْنِيْنَ
	سَادَتَنَا		جَلَابِيْبِ		

مشق:۱۲۶

اعادۂ مشق: ۱۱۶ تا ۱۲۵

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ ایک اچھے ملازم میں کون سی دو بنیادی صفات ہونی چاہئے؟

....

....

۲۔ سورۃ الروم کی ابتدائی آیات میں کیا پیشن گوئی کی گئی ہے؟ مختصراً تحریر کریں۔

....

....

۳۔ دنیا میں آنے والے مصائب کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

....

....

۴۔ حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو کن چیزوں کے بارے میں نصیحت کی، مختصراً تحریر کریں۔

....

....

۵۔ غزوۂ خندق میں کھدائی کے دوران آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سی پیشن گوئی کی؟

....

....

۶۔ ''غزوۂ احزاب''میں شرکت سے بچنے کے لئے منافقین نے کیا بہانا بنایا؟

....

....

۷۔ غزوۂ خندق میں بنو قریظہ کے متعلق حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کیا فیصلہ کیا؟

....

....

۸۔ قرآن کریم کی ہدایات کی روشنی میں عورت کو نامحرم مردوں سے کس انداز میں بات کرنی چاہئے؟

....

....

۹۔ عورتوں کے لیے پردے میں نکلنے کی قرآن مجید نے کیا حکمت بتائی ؟

....

....

۱۰۔ عرضنا الأمانۃ : میں امانت سے کیا مراد ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

فُؤَادُ	ثَاوِيًا	مَعَادٍ	ضِيَاءٍ	الْعَنْكَبُوتِ	حَاصِبًا
إِفْكًا	جٰثِمِيْنَ	يَفْرَحُ	رَوْضَةٍ	وَقْرًا	يُوْلِجُ
غَدًا	الْغَيْثَ	خَرْدَلٍ	بستروں	فیصلہ کا دن	لالچ
	لشکر		گناہ		

سورۃ سبا مکی

آیت نمبر ۱ تا ۵۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ يَلِجُ: وہ جاتی (داخل ہوتی) ہیں
۲۔ يَعۡرُجُ: وہ چڑھتی ہیں
۳۔ لَا يَعۡزُبُ: وہ دور نہیں ہوتی
۴۔ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ: ذرہ برابر چیز
۵۔ لَاۤ اَصۡغَرُ وَلَاۤ اَكۡبَرُ: نہ چھوٹی اور نہ بڑی
۶۔ نَدُلُّ: ہم پتہ بتائیں
۷۔ مُزِّقۡتُمۡ: تم ریزہ ریزہ ہو چکے ہو گے
۸۔ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ: نیا جسم
۹۔ نَخۡسِفۡ: ہم دھنسا دیں
۱۰۔ نُسۡقِطۡ: ہم گرا دیں
۱۱۔ عَبۡدٍ مُّنِيۡبٍ: اللہ کی طرف رجوع کرنے والا بندہ
۱۲۔ اَوِّبِىۡ: تم تسبیح میں ہم آواز بن جاؤ
۱۳۔ اَلَنَّا: ہم نے نرم کر دیا
۱۴۔ سٰبِغٰتٍ: زرہیں
۱۵۔ اَلسَّرۡدِ: کڑیاں
۱۶۔ غُدُوُّ وَرَوَاحُ: صبح کا سفر اور شام کا سفر
۱۷۔ عَيۡنَ الۡقِطۡرِ: تانبے کا چشمہ
۱۸۔ مَنۡ يَّزِغۡ: جو ٹیڑھا راستہ اختیار کرے
۱۹۔ نُذِقۡ: ہم چکھائیں گے
۲۰۔ مَحَارِيۡبَ وَتَمَاثِيۡلَ: اونچی عمارتیں اور تصویریں
۲۱۔ جِفَانٍ: حوض
۲۲۔ قُدُوۡرٍ رّٰسِيٰتٍ: زمین میں جمی ہوئی دیگیں
۲۳۔ مِنۡسَاَتَهٗ: ان کا عصا
۲۴۔ سَبَاٍ: سبا (قوم کا نام)
۲۵۔ سَيۡلَ الۡعَرِمِ: بند والا سیلاب
۲۶۔ خَمۡطٍ وَّاَثۡلٍ: بدمزہ پھل اور جھاؤ کا درخت
۲۷۔ سِدۡرٍ: بیری
۲۸۔ قُرًى: بستیاں
۲۹۔ اِذَا فُزِّعَ: گھبراہٹ دور کر دی جاتی ہے
۳۰۔ كَآفَّةً: سارے (تمام)
۳۱۔ صَدَدۡنَا: ہم نے روکا
۳۲۔ اَعۡنَاقِ: گلے
۳۳۔ اَسَرُّوا: وہ چھپا رہے ہوں گے
۳۴۔ اِفۡكٌ مُّفۡتَرًى: من گھڑت جھوٹ
۳۵۔ مِعۡشَارَ: دسواں حصہ
۳۶۔ مَثۡنٰى وَفُرَادٰى: دو مل کر اور اکیلے اکیلے
۳۷۔ نَكِيۡرِ: میری دی ہوئی سزا
۳۸۔ يَقۡذِفُ: وہ اوپر سے بھیج رہا ہے
۳۹۔ لَا فَوۡتَ: بھاگ نکلنے کا راستہ نہ ہو
۴۰۔ اَلتَّنَاوُشُ: ہاتھ آنا
۴۱۔ يَشۡتَهُوۡنَ: وہ آرزو کریں گے
۴۲۔ اَشۡيَاعِ: پہلے لوگ (قبائل)
۴۳۔ حِيۡلَ: آڑ کر دی جائے گی

مشق: ۱۲۷

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی اقتدار حاصل ہو یا دنیوی خوشحالی نصیب ہو تو اس میں مگن ہو کر اللہ تعالیٰ کو بھلا بیٹھنا تباہی کو دعوت دینا ہے۔
۲۔	☐	پہاڑوں اور پرندوں کو ذکر و تسبیح کی صلاحیت حاصل ہونا حضرت سلیمان علیہ السلام کا خاص معجزہ تھا۔
۳۔	☐	اللہ تعالیٰ کو ہر کام اور ہر صنعت میں سلیقے اور توازن کا خیال رکھنا پسند ہے
۴۔	☐	اللہ تعالیٰ نے ہوا کو حضرت داؤد علیہ السلام کے تابع بنا دیا وہ ہوا کی تیز رفتاری کو استعمال فرما کر دور دراز کا سفر مختصر وقت میں طے کر لیتے تھے۔
۵۔	☐	وہ شریر جنات جو ہر ایک کے قابو میں آتے تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع بنا دیا تھا۔
۶۔	☐	قومِ سبأ (سبا) جو یمن میں آباد تھی وہ کسی زمانے میں اپنے تہذیب و تمدن میں ممتاز حیثیت رکھتی تھی۔
۷۔	☐	قومِ سبأ کے پاس یکے بعد دیگرے تیرہ پیغمبر بھیجے گئے جنہوں نے اس قوم کو ہر طرح سمجھانے اور راہِ راست پر لانے کی کوشش کی مگر وہ نہ مانے تو ان پر عذاب آیا۔
۸۔	☐	دنیا میں رزق دینے کا معیار اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ نہیں کہ جو جتنی محنت کرے اتنا ہی رزق دیا جائے بلکہ اللہ تعالیٰ کی مشیت و حکمت پر موقوف ہے۔
۹۔	☐	اللہ تعالیٰ اوپر سے حق کو بھیج کر اسے باطل پر غالب فرما رہے ہیں لہٰذا تم کتنی مخالفت کرو، باطل رفتہ رفتہ ختم ہو جائے گا اور حق غالب آ کر رہے گا۔
۱۰۔	☐	حضرت داؤد علیہ السلام کو یہ خصوصیت عطا فرمادی تھی کہ پتھر ان کے ہاتھ میں پہنچ کر نرم ہو جاتا تھا۔

ترجمہ کیجئے:

دسواں حصہ	حوض	زرہیں	نیا جسم	ہم دھنسا دیں	بیری
گلے	ہم پتہ بتائیں	تانبے کا چشمہ	بند والا سیلاب	وہ چڑھتی ہے	ہم نے روکا
من گھڑت جھوٹ	پہلے لوگ	اونچی عمارتیں	تصویریں	کڑیاں	ہاتھ آنا

سورۃ فاطر مکی

آیت نمبر ١ تا ٤٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

١۔ أُولِىٓ أَجْنِحَةٍ : پروں والے

٢۔ لَا مُمْسِكَ: کوئی روکنے والا نہیں

٣۔ لَا تَغُرَّنَّ: وہ دھوکے میں نہ ڈالے

٤۔ أَصْحٰبِ السَّعِيْرِ: دوزخ کے باسی (دوزخی لوگ)

٥۔ زُيِّنَ: وہ خوشنما بنا کر پیش کی گئی

٦۔ فَتُثِيْرُ: وہ اٹھاتی ہیں

٧۔ سُقْنَا: ہم ہنکا کر لے جاتے ہیں

٨۔ يَصْعَدُ: وہ چڑھتا ہے

٩۔ يَبُوْرُ: وہ ملیا میٹ ہو جائے گی

١٠۔ يُعَمَّرُ: عمر دی جاتی ہے

١١۔ عَذْبٌ فُرَاتٌ: میٹھا پیاس بجھانے والا

١٢۔ سَآئِغٌ: خوشگوار

١٣۔ مِلْحٌ أُجَاجٌ: کڑوا نمکین

١٤۔ لَحْمًا طَرِيًّا: تازہ گوشت

١٥۔ مَوَاخِرَ: وہ پانی کو پھاڑتے ہوئے چلتے ہیں

١٦۔ قِطْمِيْرٍ: کھجور کی گٹھلی

١٧۔ لَا تَزِرُ: وہ بوجھ نہیں اٹھائے گا

١٨۔ اَلْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ: اندھا، اور دیکھنے والا

١٩۔ اَلظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ: اندھیرے اور روشنی

٢٠۔ اَلظِّلُّ وَالْحَرُوْرُ: سایہ اور دھوپ

٢١۔ اَلْأَحْيَآءُ وَالْأَمْوَاتُ: زندہ لوگ اور مردہ

٢٢۔ اَلزُّبُرِ: صحیفے

٢٣۔ جُدَدٌ بِيْضٌ: ٹکڑے سفید

٢٤۔ غَرَابِيْبُ سُوْدٌ: کالے سیاہ

٢٥۔ اِصْطَفَيْنَا: ہم نے چن لیا

٢٦۔ مُقْتَصِدٌ: درمیانے درجے والے

٢٧۔ سَابِقٌ: بڑھے چلے جانے والے

٢٨۔ لُؤْلُؤًا، حَرِيْرٌ: موتیاں، ریشم

٢٩۔ نَصَبٌ، لُغُوْبٌ: کلفت، تھکن

٣٠۔ يَصْطَرِخُوْنَ: وہ چیخ و پکار مچائیں گے

٣١۔ مَقْتًا: اسی پر

٣٢۔ أَنْ تَزُوْلَا : کہ وہ ٹلیں نہیں

٣٣۔ نُفُوْرًا: بھاگنا

٣٤۔ مَكْرَ السَّيِّئِ : بری چالیں

٣٥۔ لَا يَحِيْقُ: وہ گھیرے میں نہیں لیتی

٣٦۔ تَحْوِيْلًا: ٹلتا ہوا

٣٧۔ يُؤَاخِذُ: وہ پکڑ کرنے لگتا

٣٨۔ يُؤَخِّرُ: وہ مہلت دے رہا ہے

مشق: ۱۲۸

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ اگر کوئی شخص .... سے گمراہی کا راستہ اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو گمراہی میں ہی مبتلا رکھ کے اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔

۲۔ .... سے مراد وہ کلمہ ہے جس کے ذریعے انسان ایمان کا اقرار کرتا ہے۔

۳۔ انسان کو جو .... ملتی ہے ظاہری اعتبار سے انسان اسے اپنی قوتِ بازو کا کرشمہ سمجھتا ہے لیکن درحقیقت وہ اللہ کا فضل ہے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ دوسروں کی .... اور ان کی تعریف سے بے نیاز ہے کوئی اس کی تعریف کرے یا نہ کرے وہ بذاتِ خود قابل تعریف ہے۔

۵۔ انسان کو اوسطاً جتنی عمر دی جاتی ہے وہ اتنی طویل ہے اور اس میں انسان اتنے مختلف مراحل سے گزرتا ہے کہ اگر وہ واقعی .... تک پہنچنا چاہے تو پہنچ سکتا ہے۔

۶۔ .... سے مراد انبیاء کرام اور اس اُمت کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنھوں نے انسان کو آخرت کے عذاب سے آگاہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

۷۔ بدنیتی سے کسی کے خلاف جو .... کی جاتی ہیں اکثر دنیا ہی میں وہ الٹی پڑ جاتی ہیں اور ان کا نقصان خود تدبیر کرنے والے کو اٹھانا پڑتا ہے۔

۸۔ کائنات کی عجیب وغریب مخلوقات کو دیکھ کر اُنہی کے دل میں اللہ تعالیٰ کی .... پیدا ہوتی ہے جن کو اللہ کی عظمت کا علم اور اس کی سمجھ ہے۔

۹۔ نیک کلمے کے اوپر چڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ کے نزدیک .... ہوتے ہیں۔

۱۰۔ .... قرآن کریم کی اصطلاح ہے جس سے مراد تجارت وغیرہ کے ذریعے روزی کمانا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

یَصْعَدُ	لَحْمًا طَرِيًّا	لَا يَحِيقُ	يَبُوْرُ	مَكْرَ السَّيِّءِ	قِطْمِيْرٍ
سَائِغٌ	أَصْحٰبِ السَّعِيْرِ	تَحْوِيْلًا	مَقْتًا	الزُّبُرِ	مُقْتَصِدٌ
عَذْبٌ فُرَاتٌ	مِلْحٌ أُجَاجٌ	لَا تُمْسِكُ	بھاگنا	تھکن	سایہ اور دھوپ
کالے سیاہ		صحیفے		ہم نے چن لیا	

سورۃ یٰسٓ مکی

آیت نمبر ۱ تا ۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ یٰسٓ: یٰس (ان کا مطلب اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں)
۲۔ مُقْمَحُوْنَ: سر اوپر کو اٹھے رہ گئے
۳۔ سَدًّا: آڑ
۴۔ اَحْصَيْنَا: ہم نے احاطہ کر رکھا ہے
۵۔ اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ: بستی والے
۶۔ تَطَيَّرْنَا: ہم نے نحوست محسوس کی
۷۔ لَمْ تَنْتَهُوْا: اگر تم باز نہ آئے
۸۔ لَنَرْجُمَنَّ: ہم پتھر برسائیں گے
۹۔ طَآئِرُ: نحوست
۱۰۔ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ: شہر کا پرلا علاقہ (دور کا علاقہ)
۱۱۔ وَمَالِيَ: بھلا میں
۱۲۔ لَا تُغْنِ: کوئی کام نہ آئے
۱۳۔ جُنْدٍ: لشکر
۱۴۔ اَلْعُيُوْنَ: چشمے
۱۵۔ قَدَّرْنَا: ہم نے ناپ تول کر مقدر کر لی
۱۶۔ اَلْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ: کھجور کی پرانی ٹہنی
۱۷۔ يَنْۢبَغِيْ: یہ مجال ہے
۱۸۔ يَرْكَبُوْنَ: وہ سواری کرتے ہیں
۱۹۔ نُغْرِقْ: ہم غرق کر ڈالیں
۲۰۔ يُنْقَذُوْنَ: ان کی جان بچائی جائے گی
۲۱۔ مُعْرِضِيْنَ: منہ موڑنے والی
۲۲۔ نُطْعِمُ: ہم کھانا کھلائیں
۲۳۔ صَيْحَةً: چنگھاڑ
۲۴۔ تَوْصِيَةً: وصیت
۲۵۔ اَلْاَجْدَاثِ: قبروں
۲۶۔ يَنْسِلُوْنَ: وہ تیز روانہ ہو جائیں گے
۲۷۔ مَرْقَدِ: مرقد (قبر)
۲۸۔ فٰكِهُوْنَ: وہ مگن ہوں گے
۲۹۔ اَلْاَرَآئِكِ: آرام دہ نشستیں
۳۰۔ مُتَّكِئُوْنَ: ٹیک لگائے ہوئے
۳۱۔ اِمْتَازُوْا: تم الگ ہو جاؤ
۳۲۔ لَطَمَسْنَا: ہم ملیا میٹ کر دیں
۳۳۔ اِسْتَبَقُوْا: وہ بھاگے پھریں گے
۳۴۔ لَمَسَخْنَا: ہم مسخ کر دیں
۳۵۔ مُضِيًّا: آگے بڑھنا
۳۶۔ نُنَكِّسْ: ہم الٹ کر رہتے ہیں تخلیقی اعتبار سے
۳۷۔ مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ: فوائد اور پینے کی چیزیں
۳۸۔ خَصِيْمٌ: جھگڑا کرنے والا
۳۹۔ اَلْعِظَامَ: ہڈیاں
۴۰۔ اَلْاَخْضَرِ: سرسبز
۴۱۔ تُوْقِدُوْنَ: تم سلگاتے ہو

مشق:۱۲۹

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔		نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ آپ نے سورۃ الفاتحہ (سورۃ الفاتحہ) کو "قرآن کا دل" قرار دیا ہے۔
۲۔		حق کے صاف صاف ظاہر ہونے کے باوجود ان لوگوں نے اس طرح ہٹ دھرمی کی روش اختیار کی ہے جیسے ان کے گلوں میں طوق پڑے ہوئے ہوں۔
۳۔		ان لوگوں کی ساری بدعملیاں بھی لکھی جا رہی ہیں اور ان بدعملیوں کے جو برے اثرات ان کے مرنے کے بعد بھی باقی رہ جاتے ہیں وہ معاف ہو جاتے ہیں۔
۴۔		شہر کے اطراف سے آنے والے شخص کا نام حبیب نجار تھا اور وہ لوہار تھا اور پیغمبروں کی دعوت پر پہلے ایمان لا چکا تھا۔
۵۔		سنگدل قوم نے حبیب نجار کی خیر خواہانہ تقریر کے جواب میں انہیں عمر بھر کے لئے قید میں ڈال دیا۔
۶۔		جنت میں اصل داخلہ تو حشر ونشر کے بعد ہوگا البتہ نیک لوگوں کو اللہ تعالیٰ عالم برزخ میں بھی جنت کی بعض نعمتیں عطا فرما دیتے ہیں۔
۷۔		قرآن کریم نے بتایا ہے کہ نباتات میں نر اور مادہ کے جوڑے نہیں ہوتے یہ حقیقت سائنس کو بہت بعد میں دریافت ہوئی ہے۔
۸۔		جب سورج نکلتا ہے تو وہ اپنی روشنی کا ایک غلاف کائنات کے کچھ حصے پر چڑھا دیتا ہے جس سے روشنی ہو جاتی ہے۔
۹۔		کبھی کبھار سورج کے لیے یہ ممکن ہو جاتا ہے کہ وہ رات کے وقت جب چاند اُفق پر موجود، اس وقت نکل آئے اور دن کو رات بنا دے۔
۱۰۔		جب اللہ تعالیٰ انسانوں کے جسم میں یہ تغیرات (طاقت، کمزوری وغیرہ) پیدا کر سکتا ہے تو وہ ان کی نافرمانیوں کی بنا پر ان کی بینائی بالکل ختم بھی کر سکتا ہے۔ اور ان کی صورتیں بھی بالکلیہ مسخ کر سکتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

خَصِيْمٌ	وَامْتَازُوْا	أَحْصَيْنَا	مُّقْمَحُوْنَ	جُنْدٍ	مُعْرِضِيْنَ
يَنْسِلُوْنَ	مَرْقَدِ	الْأَخْضَرِ	مُضِيًّا	لَنَرْجُمَنَّ	نُنَكِّسْ
يُنْقَذُوْنَ	تَوْصِيَةً	حُبًّا	نحوست	آڑ	آرام دہ نشستیں
	چشمے		چنگھاڑ		

سورۃ الصّٰفّٰت مکی

آیت نمبر ۱ تا ۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلصّٰفّٰتِ: پرے باندھ کر صف بنانے والے

۲۔ اَلزّٰجِرٰتِ: روک ٹوک کرنے والے

۳۔ اَلتّٰلِیٰتِ: تلاوت کرنے والے

۴۔ اَلۡمَشَارِقِ: ستارے طلوع ہونے کے مقامات

۵۔ اَلۡکَوَاکِبِ: ستاروں

۶۔ مَارِدٍ: شریر

۷۔ دُحُوۡرًا: دھکے دیئے جانا

۸۔ خَطِفَ، اَلۡخَطۡفَۃَ: اس نے اچک لیا، اچکنا

۹۔ لَازِبٍ: لیس دار

۱۰۔ دَاخِرُوۡنَ: ذلیل ہونے والے

۱۱۔ قِفُوۡھُمۡ: تم ٹھہراؤ ان کو

۱۲۔ مُسۡتَسۡلِمُوۡنَ: سر جھکائے ہوئے

۱۳۔ اَغۡوَیۡنَا: ہم نے بہکایا

۱۴۔ مَجۡنُوۡنٍ: دیوانہ

۱۵۔ سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیۡنَ: اونچی نشستیں آمنے سامنے

۱۶۔ کَاۡسٍ: جام

۱۷۔ غَوۡلٌ: خمار

۱۸۔ قٰصِرٰتُ الطَّرۡفِ: نگاہیں نیچے رکھنے والی

۱۹۔ مَکۡنُوۡنٌ: چھپا رکھے ہوئے

۲۰۔ قَرِیۡنٌ: ساتھی

۲۱۔ مُّطَّلِعُوۡنَ: جھانک کر دیکھنے والا (واحد: مُطَّلِع)

۲۲۔ لَتُرۡدِیۡنِ: تم مجھے برباد کرنے لگے تھے

۲۳۔ شَجَرَۃُ الزَّقُّوۡمِ: زقوم کا درخت

۲۴۔ اَصۡلِ الۡجَحِیۡمِ: دوزخ کی تہہ

۲۵۔ رُءُوۡسُ الشَّیٰطِیۡنِ: شیطانوں کا سر

۲۶۔ مَالِئُوۡنَ: وہ بھریں گے

۲۷۔ لَشَوۡبًا: آمیزہ

۲۸۔ یُھۡرَعُوۡنَ: وہ لپک لپک کر دوڑتے ہیں

۲۹۔ سَقِیۡمٌ: طبیعت خراب

۲۹۔	رَوْحٌ:	آرام ہی آرام	۳۰۔	سَلٰمٌ:	سلامتی ہی سلامتی
۳۱۔	تَصْلِيَةُ:	داخلہ	۳۲۔	اَلْيَقِيْنِ:	یقینی
۳۳۔	سَبِّحْ:	تم تسبیح کرو	۳۴۔	اِسْمِ:	نام

مشق:۱۴۸

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	دائیں ہاتھ والوں سے مراد وہ خوش نصیب مؤمن ہیں جن کا نامہ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، وہ یہ صاحب ایمان ہوں گے۔
۲۔	☐	جو پروردگار موت اور زندگی کا مالک ہے، وہی مرنے کے بعد بھی انسان کے انجام کا فیصلہ کرنے کا حق رکھتا ہے۔
۳۔	☐	جنت کے پھلوں کے نام ہمارے سمجھانے کیلئے وہی ہیں جنہیں ہم دنیا میں جانتے ہیں، اسی طرح ان کی کیفیت، لذت حجم بھی وہی ہوگا۔
۴۔	☐	جس طرح انسان کی تخلیق اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے، اسی طرح اسے موت دینا بھی اسی کا کام ہے۔
۵۔	☐	مرخ اور عفار وہ درخت ہیں کہ ان کی ٹہنیوں کو رگڑنے سے بجلی پیدا ہوتی ہے۔
۶۔	☐	شیطانوں کو آسمان کے قریب جا کر باتیں سننے کی اجازت دی گئی ہے اور شہاب ثاقب کے ذریعے ان کی حفاظت کا سامان کیا گیا۔
۷۔	☐	اللہ تعالیٰ کا یہ کلام (قرآن) بھی نہایت محکم اور ناقابل شکست نظام کے تحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔
۸۔	☐	جس طرح عالم بالا میں پاک فرشتے ہی قرآن مجید کو چھوتے ہیں اسی طرح دنیا میں انہی لوگوں کو چھونا چاہئے جنہوں نے کم از کم غسل کیا ہو۔
۹۔	☐	موت اور زندگی کے مالک نے یہ کائنات اس مقصد کے لیے پیدا کی ہے کہ انسان کو عمر بھر کی مہلت دے کر آخر میں اس سے حساب لیا جائے کہ اس نے اس مہلت سے کیا فائدہ اٹھایا؟
۱۰۔	☐	قرآن کریم نے ستاروں کا ذکر فرماتے ہوئے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ ان کو انسانوں کی حفاظت کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

ترجمہ کیجئے:

رُجَّتْ	بُسَّتْ	لَا يُنْزَفُوْنَ	مَسْكُوْبٍ	رَوْحٌ	اَلْمُقَرَّبُوْنَ
يَحْمُوْمٍ	تَحْرُثُوْنَ	أُجَاجًا	مَوْضُوْنَةٍ	حُطَامًا	لَا يَمَسُّ
مُدْهِنُوْنَ		عُرُبًا		أَتْرَابًا	

سورۃ الحدید مدنی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلظَّاهِرُ اَلْبَاطِنُ: ظاہر، چھپا ہوا
۲۔ يَلِجُ: وہ داخل ہوتی ہے
۳۔ تُرْجَعُ: وہ لوٹائے جاتے ہیں
۴۔ مُسْتَخْلَفِيْنَ: قائم مقام (واحد: مُسْتَخْلِفٌ)
۵۔ يَدْعُوْا: وہ دعوت دے رہے ہیں
۶۔ مِيْرَاثُ: میراث
۷۔ لَا يَسْتَوِیْ: وہ برابر نہیں
۸۔ أَنْفَقَ: اس نے خرچ کیا
۹۔ يُقْرِضُ: وہ قرض دے گا
۱۰۔ يُضٰعِفُ: وہ بڑھا دے
۱۱۔ يَسْعٰى: وہ دوڑ رہا ہے
۱۲۔ اَلْفَوْزُ: کامیابی
۱۳۔ نَقْتَبِسْ: ہم کچھ روشنی حاصل کریں
۱۴۔ اِلْتَمِسُوْا: تم تلاش کرو
۱۵۔ اِرْجِعُوْا: تم پیچھے لوٹ آؤ
۱۶۔ سُوْرٍ: دیوار
۱۷۔ اِرْتَبْتُمْ: تم شک میں پڑے رہے
۱۸۔ اَلْأَمَانِيُّ: جھوٹی آرزوؤں
۱۹۔ اَلْاَمَدُ: مدت
۲۰۔ فَقَسَتْ: وہ سخت ہوگئے
۲۱۔ تَفَاخُرٌ: آپس میں فخر جتانا
۲۲۔ تَكَاثُرٌ: ایک دوسرے سے بڑھنا
۲۳۔ غَيْثٍ: بارش
۲۴۔ يَهِيْجُ: وہ زور دکھاتی ہے
۲۵۔ مُصْفَرًّا: زرد
۲۶۔ أَنْ نَّبْرَأَ: ہم نے پیدا کیا
۲۷۔ تَأْسَوْا: تم غم نہ کرو
۲۸۔ اَلْبُخْلِ: کنجوسی
۲۹۔ مُهْتَدٍ: ہدایت والے
۳۰۔ قَفَّيْنَا: ہم نے پیچھے بھیجے
۳۱۔ رَأْفَةً: شفقت
۳۲۔ رَعَوْ: انہوں نے رعایت رکھی
۳۳۔ كِفْلَيْنِ: دو حصے
۳۴۔ اِبْتَدَعُوْا: انہوں نے خود ایجاد کی

مشق: ۱۴۹

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ: (۱) دینی کاموں　(۲) آخرت　(۳) منافقین
(۴) توازن واعتدال　(۵) فضل　(۶) تقدیر
(۷) دولت　(۸) پرہیزگاری　(۹) اچھے قرض
(۱۰) شفقت

نمبر شمار	بیانات
۱۔	انسان.................کی ملکیت میں اللہ تعالیٰ کا قائم مقام ہے اس لیے اس پر لازم ہے وہ اسے اللہ تعالیٰ ہی کی مرضی اور اسی کے حکم کے مطابق خرچ کرے۔
۲۔	.................سے مراد یہ ہے کہ وہ پورے خلوص کے ساتھ صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرکے دیا گیا ہو، دکھاوا مقصود نہ ہو۔
۳۔	اللہ تعالیٰ.................میں خرچ کرنے کا صلہ دنیا و آخرت میں اہتمام سے عطا فرماتا ہے، جیسے کوئی قرض دار اپنا قرض واپس کرتا ہے۔
۴۔	.................اس انتظار میں تھے کہ مسلمانوں کو ان کے دشمنوں کے ہاتھوں شکست ہو جائے اور اسلام کا بالکل خاتمہ ہو جائے۔
۵۔	''صدیق'' کے معنی ہیں وہ شخص جو اپنے قول اور فعل کا سچا ہو، اور یہ انبیاء کرام کے بعد.................کا سب سے اونچا درجہ ہے۔
۶۔	آخرت میں پہنچ کر انسان کو پتہ چلے گا کہ یہ ساری دلچسپیاں بے حقیقت تھیں اور اصل حاصل کرنے کی چیز تو یہ.................کی خوش حالی تھی۔
۷۔	جس شخص کا اس بات پر ایمان ہو کہ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ اس کی.................کے مطابق ہو رہا ہے تو اسے کسی ناگوار واقع پر اتنا صدمہ نہیں ہوتا جو اسے دائمی پریشانی میں مبتلا رکھے۔
۸۔	انسان کو چاہئے کہ اپنی زندگی کے ہر مرحلے پر.................سے کام لے، یہی طرزِ زندگی انبیاء کرام اور آسمانی کتابوں کی تعلیمات میں پایا جاتا ہے۔
۹۔	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں بظاہر جہاد اور قتال کے احکام بھی نہیں تھے، اس لئے ان کے متبعین میں.................ہی کا پہلو بہت نمایاں تھا۔
۱۰۔	اللہ تعالیٰ کا.................کسی بندے کے اختیار میں نہیں ہوتا یہ تمام تر اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے کہ وہ کس کو اپنی مغفرت اور رحمت سے نوازے۔

ترجمہ کیجئے:

نَقْتَبِسْ	لَا يَسْتَوِي	يُضْعِفُ	يَدْعُوْا	رَأْفَةً	تَكَاثُرٌ
غَيْثٍ	يَهِيْجُ	مُهْتَدٍ	اَلْبُخْلِ	يَسْعٰى	مُصْفَرًّا
تَأْسَوْا	وہ داخل ہوتی ہے	دیوار	کنجوسی	دو حصے	بارش

سورۃ المجادلۃ مکی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	قَدۡ سَمِعَ اللّٰهُ:	اللہ نے سن لی	۲۔	تُجَادِلُ:	وہ بحث کر رہی ہے
۳۔	تَشۡتَكِیۡ:	وہ فریاد کرتی ہے	۴۔	تَحَاوُرَ:	تم دونوں کی گفتگو
۵۔	یُظٰهِرُوۡنَ:	وہ ظہار کرتے ہیں	۶۔	زُوۡرًا:	جھوٹ
۷۔	یَّتَمَآسَّا:	وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں	۸۔	تُوۡعَظُوۡنَ:	تمہیں نصیحت کی جا رہی ہے
۹۔	كُبِتُوۡا:	وہ ذلیل ہوئے تھے	۱۰۔	نَجۡوٰی:	سرگوشی
۱۱۔	یَتَنٰجَوۡنَ:	وہ ایک دوسرے کے ساتھ سرگوشیاں کرتے ہیں	۱۲۔	لَمۡ یُحَیِّكَ:	اس نے تمہیں سلام نہیں کیا
۱۳۔	تَفَسَّحُوۡا:	تم گنجائش پیدا کرو	۱۴۔	اُنۡشُزُوۡا:	اٹھ جاؤ
۱۵۔	أَشۡفَقۡتُمۡ:	تم ڈر گئے	۱۶۔	جُنَّةٌ:	ڈھال
۱۷۔	فَصَدُّوۡا:	وہ راستہ روکتے ہیں	۱۸۔	فَیَحۡلِفُوۡنَ:	وہ قسمیں کھائیں گے
۱۹۔	اِسۡتَحۡوَذَ:	اس نے فیصلہ جما لیا	۲۰۔	أَنۡسٰی:	اس نے غافل کر دیا
۲۱۔	یُحَآدُّوۡنَ:	وہ مخالفت کرتے ہیں	۲۲۔	یُوَآدُّوۡنَ:	وہ دوستی رکھے
۲۳۔	أَیَّدَ:	اس نے مدد کی	۲۴۔	حِزۡبُ:	گروہ
۲۵۔	مَانِعَةُ:	بچانے والے	۲۶۔	حُصُوۡنُ:	قلعے
۲۷۔	لَمۡ یَحۡتَسِبُوۡا:	ان کا گمان نہیں تھا	۲۸۔	یُخۡرِبُوۡنَ:	وہ اجاڑ رہے ہیں
۲۹۔	قَذَفَ:	اس نے رعب ڈال دیا	۳۰۔	أَفَآءَ:	اس نے مال فئی کے طور پر دلوایا
۳۱۔	یُسَلِّطُ:	وہ تسلط عطا فرماتا ہے	۳۲۔	تَبَوَّؤُ:	وہ مقیم ہیں
۳۳۔	هَاجَرَ:	وہ ہجرت کر کے آتا ہے	۳۴۔	خَصَاصَةٌ:	تنگ دستی
۳۵۔	شُحَّ:	بخل	۳۶۔	سَبَقُوۡا:	جو پہلے آئے
۳۷۔	رَهۡبَةً:	دہشت	۳۸۔	مُحَصَّنَةٍ:	قلعوں میں محفوظ
۳۹۔	لِغَدٍ:	کل کے لئے	۴۰۔	مُتَصَدِّعًا:	پھٹ پڑتا
۴۱۔	اَلۡمَلِكُ، اَلۡقُدُّوۡسُ:	بادشاہ، تقدس کا مالک	۴۲۔	اَلسَّلٰمُ، اَلۡمُؤۡمِنُ:	سلامتی دینے والا، امن بخشنے والا
۴۳۔	اَلۡمُهَیۡمِنُ، اَلۡعَزِیۡزُ:	سب کا نگہبان، بڑے اقتدار والا	۴۴۔	اَلۡجَبَّارُ، اَلۡمُتَكَبِّرُ:	ہر خرابی کی اصلاح کرنے والا، بڑائی کا مالک

مشق: ۱۵۰

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ ظہار کرنے والے صحابی اور ان کی اہلیہ کا نام لکھیے جن کا ذکر سورۂ مجادلہ میں آیا ہے۔

....

....

۲۔ ظہار کسے کہتے ہیں، مختصراً تحریر کریں؟

....

....

۳۔ ظہار کا کفارہ کیا ہے؟ تحریر کریں۔

....

....

۴۔ یہودی مسلمانوں کو دیکھ کر کون سی شرارت کیا کرتے تھے جس کی بنا پر سورۃ المجادلہ کی آیت نمبر ۷ نازل ہوئی؟

....

....

۵۔ ''لِأَوَّلِ الْحَشْرِ'' یعنی ''پہلے اجتماع'' کا کیا مطلب ہے؟

....

....

۶۔ ''فئ'' کون سے مال کو کہتے ہیں؟

....

....

۷۔ مال فئ کے کیا مصارف ہیں؟

....

....

۸۔ بنونظیر نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کیا سازش کی تھی جس کی بنا پر سورۃ الحشر کی آیت نمبر ۶ نازل ہوئی؟

....

....

۹۔ کسی انصاری صحابی کے ایثار کا واقعہ مختصراً تحریر کریں؟

....

....

۱۰۔ سورۂ حشر میں دیئے گئے اسماء حسنیٰ میں سے کوئی پانچ اسماء اور ان کے معانی تحریر کریں؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

تُجَادِلُ	تَبَوَّؤُ	رَهْبَةً	مُحَصَّنَةٍ	جُنَّةٌ	زُوْرًا
كُبِتُوْا	تَشْتَكِيْٓ	أَفَاءَ	قَذَفَ	حُصُوْنُ	خَصَاصَةٌ
سَبَقُوْا	اَلْمُهَيْمِنُ	اَلْعَزِيْزُ	سرگوشی	اٹھ جاؤ	گروہ
	بخل		کل کے لیے		

سورۃ الممتحنہ مکی و سورۃ الصّف مکی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ عَدُوِّیْ: میرے دشمن

۲۔ تُلْقُوْنَ: تم بھیجنے لگو

۳۔ اَلْمَوَدَّۃَ: محبت

۴۔ یُخْرِجُوْنَ: انہوں نے نکال دیا

۵۔ تُسِرُّوْنَ: تم خفیہ کرتے ہو

۶۔ اَخْفَیْتُمْ، اَعْلَنْتُمْ: تم خفیہ کام کرتے ہو، تم علانیہ کرتے ہو

۷۔ اِنْ یَّثْقَفُوْا: اگر وہ پکڑ لیں

۸۔ یَبْسُطُوْا: وہ پھیلائیں گے

۹۔ وَدُّوْا: وہ چاہتے ہیں

۱۰۔ بُرَءٰٓؤا: بری ہیں (کوئی تعلق نہیں)

۱۱۔ اَلْبَغْضَآءُ: بغض

۱۲۔ اَنَبْنَا: ہم رجوع ہوئے (رجوع کیا)

۱۳۔ عَادَیْتُمْ: تم نے دشمنی کی

۱۴۔ مُھٰجِرٰتٍ: ہجرت کرنے والی عورتیں

۱۵۔ اِمْتَحِنُوْا: تم جانچ لیا کرو

۱۶۔ عِصَمِ: عصمتیں

۱۷۔ عَاقَبْتُمْ: تمہاری نوبت آئے

۱۸۔ یُبَایِعْنَ: وہ عورتیں بیعت کرنے آئیں

۱۹۔ یَسْرِقْنَ: وہ چوری کریں گی

۲۰۔ یَزْنِیْنَ: وہ زنا کریں گی

۲۱۔ بُھْتَانٍ: بہتان (الزام)

۲۲۔ یَئِسَ: وہ مایوس ہیں

۲۳۔ مَقْتًا: قابل نفرت

۲۴۔ زَاغُوْا: انہوں نے ٹیڑھ اختیار کی

۲۵۔ مُبَشِّرًا: خوشخبری دینے والا

۲۶۔ یُدْعٰی: اسے بلایا جا رہا ہو

۲۷۔ لِیُطْفِئُوْا: وہ بجھا دیں

۲۸۔ لِیُظْھِرَ: تاکہ وہ غالب کر دے

۲۹۔ اَدُلُّ: میں پتہ دوں

۳۰۔ نَصْرٌ: مدد

۳۱۔ اَلْحَوَارِیّٖنَ: حواری (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں کا لقب)

۳۲۔ طَآئِفَۃٌ: گروہ

مشق: ۱۵۱

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔		چونکہ اس سورت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان عورتوں کا امتحان یا جائزہ لینے کا حکم دیا گیا تھا، اس لیے اس سورت کا نام ''ممتحنہ'' ہے۔
۲۔		قرآن مجید نے واضح حکم دیا کہ کوئی مسلمان عورت کسی بھی غیر مسلم کے نکاح میں رہ سکتی ہے۔
۳۔		جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی عورت کو بیعت کرتے تھے تو اس کا ہاتھ کبھی اپنے ہاتھ میں لے کر نہیں کرتے تھے بلکہ بس زبانی بیعت فرمالیتے تھے۔
۴۔		جو کافر قبروں میں جاچکے ہیں، انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے کہ آخرت کی زندگی میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہے۔
۵۔		''احمد'' حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسی نام سے آپ کی بشارت دی تھی۔
۶۔		جس شخص کو اسلام کی دعوت دی جائے اور وہ کسی پیغمبر کی رسالت کا انکار کرے تو درحقیقت وہ اللہ تعالیٰ پر یہ جھوٹ باندھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو پیغمبر بنا کر نہیں بھیجا۔
۷۔		دلیل اور حجت کے میدان میں تو اسلام ہمیشہ سے غالب ہے اور رہے گا، البتہ دنیا میں مسلمانوں کا غلبہ بہت سی شرائط سے مشروط ہے۔
۸۔		ایک مسلمان اپنی جان و مال اللہ تعالیٰ کے حوالے کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے صلے میں جنت اور عذاب سے رہائی عطا فرماتے ہیں۔
۹۔		''حواری'' حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ان ساتھیوں کو کہتے ہیں جو آپ پر ایمان نہیں لائے تھے۔
۱۰۔		جان بوجھ کر ہٹ دھرمی کرنے کی یہ سزا دی گئی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی پیشانی پر کفر کی علامت ظاہر کردی۔

ترجمہ کیجیے:

عَدُوِّیْ	مُهٰجِرٰتٍ	مَقْتًا	طَآئِفَةٌ	اَلْحَوَارِيّٖنَ	اَلْبَغْضَآءُ
بُهْتَانٌ	لِيُطْفِئُوْا	عِصَمِ	مُبَشِّرًا	وَدُّوْا	أَنْ يَّبْسُطُوْا

سورۃ الجمعۃ مدنی وسورۃ المنافقون مدنی وسورۃ التغابن مدنی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اَلۡاُمِّیّٖنَ:	اُمی لوگ (ان پڑھ لوگ)	۲۔	یُزَکِّیۡ:	وہ پاکیزہ بنائیں
۳۔	آخَرِیۡنَ:	اور بھی	۴۔	یَلۡحَقُوۡا:	وہ آکر ملے
۵۔	حُمِّلُوۡا:	بوجھ ڈالا گیا	۶۔	اَلۡحِمَارِ:	گدھا
۷۔	اَسۡفَارًا:	کتابیں	۸۔	اِنۡ زَعَمۡتُمۡ:	اگر تم دعویٰ کرو
۹۔	تَفِرُّوۡنَ:	تم بھاگتے ہو	۱۰۔	تُرَدُّوۡنَ:	تمہیں لوٹایا جائے گا
۱۱۔	نُوۡدِیَ:	پکارا جائے	۱۲۔	اِسۡعَوۡا:	تم لپکو
۱۳۔	ذَرُوۡا:	تم چھوڑ دو	۱۴۔	قُضِیَتِ:	وہ پوری ہو جائے
۱۵۔	فَانۡتَشِرُوۡا:	تم منتشر ہو جاؤ	۱۶۔	تُفۡلِحُوۡنَ:	تمہیں فلاح نصیب ہو
۱۷۔	لَهۡوٌ:	کھیل	۱۸۔	قُلۡ:	کہہ دو
۱۹۔	نَشۡهَدُ:	ہم گواہی دیتے ہیں	۲۰۔	طُبِعَ:	مہر لگا دی گئی
۲۱۔	تُعۡجِبُ:	تمہیں اچھے لگیں	۲۲۔	خُشُبٌ:	لکڑیاں
۲۳۔	مُسَنَّدَةٌ:	کسی کے سہارے لگی ہوئی	۲۴۔	اَلۡعَدُوُّ:	دشمن
۲۵۔	یَنۡفَضُّوۡا:	وہ منتشر ہو جائیں	۲۶۔	اَلۡاَعَزُّ. اَلۡاَذَلُّ:	عزت والا، ذلت والا
۲۷۔	اَلۡعِزَّةُ:	عزت	۲۸۔	تُلۡهِكُمۡ:	تمہیں غافل کر دے
۲۹۔	لَنۡ یُّؤَخِّرَ:	وہ ہرگز مہلت نہیں دے گا	۳۰۔	صَوَّرَ:	اس نے صورت بنائی
۳۱۔	تُسِرُّوۡنَ:	تم چھپ کر کرتے ہو	۳۲۔	تُعۡلِنُوۡنَ:	تم جو کچھ کھلم کھلا کرتے ہو
۳۳۔	ذَاقُوۡا:	انہوں نے چکھا	۳۴۔	یَجۡمَعُكُمۡ:	وہ تمہیں اکٹھا کرے گا
۳۵۔	یَوۡمُ التَّغَابُنِ:	حسرت میں ڈالنے والا دن	۳۶۔	تَصۡفَحُوۡا:	تم درگذر کرو
۳۷۔	تَغۡفِرُوۡا:	تم بخش دو	۳۸۔	یُوۡقَ:	وہ محفوظ ہو جائیں

مشق: ۱۵۲

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعہ پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ رزق کو خدا تعالیٰ سے کس طرح طلب کرنا چاہیئے؟

(۱) رہبانیت اختیار کر کے

(۲) اس کی اطاعت کر کے

(۳) صرف دنیا کے اسباب اختیار کر کے

۲۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کس زمانے تک نبی بنا کر بھیجا گیا؟

(۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول تک

(۲) حضرت امام مہدی کے ظہور تک

(۳) قیامت تک آنے والے انسانوں تک

۳۔ سورۂ جمعہ میں نماز جمعہ کے دوران کس چیز کو ممنوع قرار دیا گیا ہے؟

(۱) خرید و فروخت کو

(۲) گھر میں فضول بیٹھنے کو

(۳) سیر و تفریح کو

۴۔ منافقین کی بخشش کب ہوگی؟

(۱) جب وہ توبہ کریں

(۲) جب وہ مسلمانوں سے معافی مانگیں

(۳) جب وہ علاقہ چھوڑ دیں

۵۔ عبداللہ بن ابی نے اپنے ساتھیوں سے مسلمانوں کے بارے میں کیا کہا؟

(۱) وہ مسلمانوں سے لڑیں

(۲) وہ مسلمانوں کو علاقے سے نکال دیں

(۳) وہ مسلمانوں پر خرچ بند کر دیں

٦۔ اگر انسان کے بیوی بچے اسے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر اُکسائیں تو وہ انسان کے کیا ہوں گے؟

(۱) انسان کے خیر خواہ

(۲) انسان کے دشمن

(۳) انسان کے معاون

٧۔ انسان کو تکالیف پر صبر کب آتا ہے؟

(۱) جب اس کا سبب تلاش کر لے

(۲) جب وہ ختم ہو جائے

(۳) جب اسے خدا کا حکم سمجھے

٨۔ اللہ تعالیٰ کو قرض دینے سے کیا مراد ہے؟

(۱) وہ قرضہ معاف کر دیں

(۲) وہ قرض دار کو مہلت دیں

(۳) وہ اللہ کی خوشنودی کے لیے خرچ کریں

٩۔ قیامت کے دن کو یوم التغابن کیوں کہا گیا؟

(۱) کہ فرشتے اہل جنت پر رشک کریں گے

(۲) کہ وہ دوزخی اہل جنت کو دیکھ کر حسرت کریں گے

(۳) کہ جنتی ایک دوسرے پر فخر کریں گے

١٠۔ نیک کاموں میں خرچ کرتے وقت کیا یقین رکھنا چاہیے؟

(۱) اسے صرف آخرت میں اجر ملے گا

(۲) اللہ تعالیٰ اس کا اجر دیں گے

(۳) اسے دنیا میں اجر ملے گا

ترجمہ کیجیے:

أَسْفَارًا	اَلْحِمَارِ	فَانْتَشِرُوْا	نَشْهَدُ	قُلْ	اَلْعِزَّةُ
تُعْلِنُوْنَ	تُسِرُّوْنَ	خُشُبٌ	مُسَنَّدَةٌ	بوجھ ڈالا گیا	تمہیں غافل کر دے
		تم درگزر کرو			

سورۃ الطلاق مدنی وسورۃ التحریم مدنی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	طَلَّقۡتُمۡ:	تم طلاق دینے لگو	۲۔	أَحۡصُوا:	تم شمار کرو
۳۔	أَمۡسِكُوا:	تم روک رکھو	۴۔	فَارِقُوا:	تم الگ کردو
۵۔	يَتَّقِ:	وہ اللہ سے ڈرے گا	۶۔	مَخۡرَجًا:	نکلنے کا راستہ
۷۔	لَا يَحۡتَسِبُ:	وہ گمان بھی نہیں کرے گا	۸۔	يَئِسۡنَ:	وہ مایوس ہوچکی ہوں
۹۔	يُعۡظِمۡ:	ان کو زبردست (ثواب) ملے گا	۱۰۔	لَا تُضَآرُّوا:	تم ستاؤ نہیں
۱۱۔	لِتُضَيِّقُوا:	تاکہ تم تنگ کرو	۱۲۔	وَأۡتَمِرُوا:	تم طے کرلیا کرو
۱۳۔	تَعَاسَرۡتُمۡ:	تم مشکل پیدا کروگے	۱۴۔	عَتَتۡ:	اس نے چکھ لیا
۱۵۔	خُسۡرًا:	نقصان	۱۶۔	يَتَنَزَّلُ:	وہ اترتا رہتا ہے
۱۷۔	لِتَعۡلَمُوا:	تاکہ تمہیں معلوم ہوجائے	۱۸۔	لِمَ تُحَرِّمُ:	تم کیوں حرام کرتے ہو
۱۹۔	تَحِلَّةَ:	نکلنے کا طریقہ	۲۰۔	أَسَرَّ:	اس نے راز کے طور پر کہی
۲۱۔	صَغَتۡ:	وہ مائل ہوگیا	۲۲۔	تَٓئِبٰتٍ:	توبہ کرنے والی
۲۳۔	سَٓئِحٰتٍ:	روزہ دار	۲۴۔	ثَيِّبٰتٍ:	شوہر والی رہی ہوں
۲۵۔	قُوا:	تم بچاؤ	۲۶۔	وَقُودُ:	ایندھن
۲۷۔	غِلَاظٌ شِدَادٌ:	سخت، کڑے مزاج والے	۲۸۔	لَا يَعۡصُونَ:	وہ نافرمانی نہیں کرتے
۲۹۔	لَا تَعۡتَذِرُوا:	تم معذرتیں پیش مت کرو	۳۰۔	تُوبُوا:	تم توبہ کرو
۳۱۔	نَصُوحًا:	سچی	۳۲۔	أَتۡمِمۡ:	آپ مکمل کردیجئے
۳۳۔	خَانَتَا:	ان دونوں نے بے وفائی کی	۳۴۔	لَمۡ يُغۡنِيَا:	وہ دونوں کام نہ آئے
۳۵۔	نَجِّنِي:	تم نجات دے دو مجھے	۳۶۔	أَحۡصَنَتۡ:	اس نے حفاظت کی
۳۷۔	نَفَخۡنَا:	ہم نے پھونک دی	۳۸۔	الۡقٰنِتِينَ:	اطاعت شعار لوگ

مشق: ۱۵۳

ہدایات: مندرجہ ذیل اقتباسات میں نشان زدہ حصوں میں سے کوئی ایک غلط ہوسکتا ہے، آپ اس غلط حصے کی نشاندہی کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ جب میاں بیوی میں (الف) طلاق کے ذریعے علیحدگی ہو جائے تو عورت کو دوسرا نکاح کرنے کے لیے (ب) طویل مدت انتظار کرنا ضروری ہے اور اس مدت کو (ج) عدت کہا جاتا ہے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۲۔ انسان جب (الف) بیوی کو طلاق دے تو (ب) طلاق رجعی دے، جس سے (ج) عدت کے دوران رجوع کرنا ممکن ہو۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۳۔ عدت کے دوران (الف) شوہر کے ذمے واجب ہے کہ جس (ب) بیوی کو طلاق دی ہے اس کو (ج) اپنے گھر میں رہائش فراہم کرے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۴۔ جو شخص (الف) مال پر بھروسہ کرے، تو اللہ تعالیٰ (ب) اس کا کام بنا دیتا ہے لیکن کام بنانے کی نوعیت اور اس کا وقت (ج) انسان خود مقرر کرتا ہے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۵۔ مطلقہ چاہے رجعی ہو یا بائنہ (الف) عدت کے دوران اس کا نفقہ (ب) والدین کے ذمے واجب ہے کیوں کہ نفقہ نہ دینا (ج) ستانے کا ہی ایک طریقہ ہے جس سے منع کیا گیا ہے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۶۔ (الف) کائنات کے پوشیدہ حقائق سے اللہ کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ پر (ب) ایمان لانا ہی (ج) عقل سلیم کا تقاضہ ہے۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۷۔ (الف) پتھر کے بت جنہیں (ب) مجوسی لوگ پوجا کرتے تھے، ان کو دوزخ میں عبرت کے طور پر ڈالا جائے گا تا کہ بت پرست (ج) ان بتوں کا انجام دیکھیں۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۸۔ جب (الف) تمام لوگ پل صراط سے گزر رہے ہوں گے وہاں ہر (ب) انسان کا روزہ اس کے سامنے (ج) نور بن کر اسے راستہ دکھائے گا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۹۔ فرعون کی بیوی کا نام (الف) آسیہ تھا جب (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے جادوگروں پر فتح عطا فرمائی تو حضرت آسیہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر (ج) ایمان لایا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

۱۰۔ فرعون نے حضرت آسیہ کے (الف) ہاتھ اور پاؤں میں میخیں گاڑھ کر اوپر سے (ب) پتھر پھینکنے کا ارادہ کیا تھا، لیکن اس سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے ان کو (ج) آسمانوں پر اٹھا لیا۔

☐ الف :　☐ ب:　☐ ج:　☐ د: کوئی غلطی نہیں

ترجمہ کیجیے:

يَتَّقِ	نُجِّنِي	لِمَ تُحَرِّمُ	صَغَتْ	لَا تُضَارُّوْا	اَحْصَنَتْ
أَتْمِمْ	يُعْظِمْ	تَحِلَّةَ	قُوْا	تَعَاسَرْتُمْ	يَئِسْنَ
مَخْرَجًا	وَقُوْدُ	لَا يَعْصُوْنَ	تم تنگ کرو	انہوں نے چکھ لیا	سچی
	تم توبہ کرو		نقصان		

مشق: ۱۵۴

اعادہ مشق ۱۴۸ تا ۱۵۳

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ اللہ تعالیٰ نے لوہے کی تخلیق کس مقصد کے لیے کی؟

....

....

۲۔ رہبانیت سے کیا مراد ہے؟

....

....

۳۔ جمعہ کی پہلی اذان کے بعد خرید وفروخت کی کیا حیثیت ہے؟

....

....

۴۔ منافقین جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بیٹھا کرتے تو ان کی کیفیت کیا ہوا کرتی تھی؟

....

....

۵۔ یوم التغابن سے کیا مراد ہے؟

....

....

۶۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس اُم المؤمنین کے گھر شہد نوش فرمایا کرتے تھے؟

....

....

۷۔ عبداللہ بن اُبی نے اپنے ساتھیوں کو مسلمانوں کے بارے میں کیا حکم دیا؟

....

....

۸۔ فتح مکہ سے قبل جہاد کے ثواب میں زیادتی اور فتح مکہ کے بعد اس میں کمی کیوں ہوئی؟

....

....

۹۔ ظہار کی تعریف لکھیئے؟

....

....

۱۰۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اوپر شہد کیوں حرام کیا تھا؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

مدت	شفقت	عصمتیں	قابلِ نفرت	کھیل	دشمن

سچی	ایندھن	بغض	لکڑیاں

سورۃ الملک مکی و سورۃ القلم مکی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	تَبٰرَكَ الَّذِیْ:	بڑی شان ہے اس ذات کی	۲۔	أَحْسَنُ:	زیادہ بہتر
۳۔	فُطُوْرٍ:	رخنہ	۴۔	كَرَّتَيْنِ:	بار بار (دوبار)
۵۔	تَفٰوُتٍ:	فرق	۶۔	رُجُوْمًا:	پتھر برسانا
۷۔	شَهِيْقًا:	دھاڑنا	۸۔	تَفُوْرُ:	وہ جوش مارتی ہوگی
۹۔	اَلْغَيْظِ:	غصہ	۱۰۔	سُحْقًا:	پھٹکار
۱۱۔	أَسِرُّوْا:	تم چھپا کر کرو	۱۲۔	مَنَاكِبِ:	مونڈھے (کندھے)
۱۳۔	لَّجُّوْا:	وہ جمے ہوئے ہیں	۱۴۔	عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ:	سرکشی و بیزاری
۱۵۔	مُكِبًّا:	اوندھے منہ والا	۱۶۔	سَوِيًّا:	سیدھا
۱۷۔	زُلْفَةً:	قریب	۱۸۔	يُجِيْرُ:	وہ بچائے گا
۱۹۔	غَوْرًا:	غائب	۲۰۔	مَآءٍ مَّعِيْنٍ:	چشمے سے ابلتا ہوا پانی
۲۱۔	نٓ:	ن (ان کا مطلب اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں)	۲۲۔	اَلْمَفْتُوْنُ:	دیوانگی میں مبتلا
۲۳۔	حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ:	قسمیں کھانے والا، بے وقعت شخص	۲۴۔	هَمَّازٍ:	طعنے دینے کا عادی
۲۵۔	مَشَّآءٍ بِنَمِيْمٍ:	چغلیاں لگانے والا	۲۶۔	اَلْخُرْطُوْمِ:	سونڈ
۲۷۔	أَنِ اغْدُوْا:	تم سویرے چل نکلو	۲۸۔	صٰرِمِيْنَ:	پھل توڑنے والے
۲۹۔	حَرْدٍ:	سوچ	۳۰۔	يَتَلَاوَمُوْنَ:	وہ ایک دوسرے کو ملامت کر رہے تھے
۳۱۔	عُتُلٍّ:	بدمزاج	۳۲۔	اَلصَّرِيْمِ:	کٹی ہوئی کھیتی
۳۳۔	زَعِيْمٌ:	ضامن	۳۴۔	تَرْهَقُ:	وہ چھائی ہوئی ہے
۳۵۔	سَنَسْتَدْرِجُ:	ہم دھیرے دھیرے لے جائیں گے	۳۶۔	مَتِيْنٌ:	مضبوط
۳۷۔	مُّثْقَلُوْنَ:	بوجھ سے دبے ہوئے	۳۸۔	مَكْظُوْمٌ:	غم سے گھٹے ہوئے
۳۹۔	لَنُبِذَ:	انہیں پھینک دیا جاتا	۴۰۔	اَلْعَرَآءِ:	کھلے میدان
۴۱۔	لَيُزْلِقُوْنَ:	وہ ڈگمگا دیں گے	۴۲۔	ذِكْرٌ:	نصیحت ہی نصیحت

مشق: ۱۵۵

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار **بیانات**

۱۔ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی ہر چیز ایک خاص توازن اور ربط کے ساتھ پیدا فرمائی ہے اس میں کہیں بھی.................... نہیں ہے۔

۲۔ آسمانوں پر موجود ستارے اور اجرامِ فلکی رات کے وقت سجاوٹ کا ذریعہ بھی بنتے ہیں اور ان سے.................... کو مارنے کا کام بھی لیا جاتا ہے۔

۳۔ زمین کی تمام چیزیں اللہ تعالیٰ نے.................... کے تصرف میں دی ہے، ان کو استعمال کرتے وقت یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ آخرت میں اس کا حساب بھی دینا ہے۔

۴۔ کفار بار بار آخرت کا مذاق اڑاتے ہوئے یہ کہتے تھے کہ اگر آخرت کا عذاب.................... ہے، تو اس میں دیر کیوں ہو رہی ہے۔

۵۔ جب یہ بات طے ہے کہ پانی سمیت ہر چیز اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے تو آخر اس کے سوا کون ہے جو.................... کا مستحق ہے۔

۶۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغمبر بن کر مکہ میں مبعوث ہونا.................... میں طے تھا، لہٰذا اس میں نہ کوئی غیر معقول بات ہے اور نہ ہی اس پر کسی کو حیرت ہونی چاہئے۔

۷۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم.................... تھے اور ان کی زبان مبارک سے ایسا اونچے کلام کا جاری ہونا اس بات کی واضح دلیل تھی کہ آپ پر وحی نازل ہوتی ہے۔

۸۔ مکہ مکرمہ کے بعض مالدار کافروں کو یہ زعم تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہوتا تو ہمیں.................... سے نہ نوازتا۔

۹۔ کفار مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کئی مرتبہ تجویز پیش کی کہ اگر آپ.................... کی ادائیگی میں نرمی کا مظاہرہ فرمائیں تو ہم آپ کو ستانا چھوڑ دیں گے۔

۱۰۔ مچھلی کے پیٹ سے نکلنے کے باوجود حضرت یونس علیہ السلام اس قدر.................... ہو چکے تھے کہ آپ کا بچنا مشکل تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے آپ کو دوبارہ تندرستی دی۔

ترجمہ کیجئے:

رُجُوْمًا	مَتِيْنٌ	مُّثْقَلُوْنَ	مَكْظُوْمٌ	زُلْفَةً	مَآءٍ مَّعِيْنٍ
لَنُبِذَ	اَلصَّرِيْمِ	عُتُلٍّ	فُطُوْرٍ	سُحْقًا	مُكِبًّا
تَفٰوُتٍ	صٰرِمِيْنَ	هَمَّازٍ	دھاڑنا	دیوانگی	کھلے میدان
	سوچ		ضامن		

سورۃ الحاقہ مکی وسورۃ المعارج مکی وسورۃ نوح مکی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اَلْحَاۗقَّةُ:	''حقیقت'' ہوکر رہنے والی	۲۔	اَلْقَارِعَةِ:	جھنجھوڑ ڈالنے والی (حقیقت)
۳۔	صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ:	بے قابو طوفانی ہوا	۴۔	حُسُوْمًا:	مسلط
۵۔	خَاوِيَةٍ:	کھوکھلے	۶۔	رَّابِيَةً:	سخت
۷۔	وَّاعِيَةٌ:	یاد رکھنے والے	۸۔	وَّاهِيَةٌ:	بودا (کمزور) پڑ جائے گا
۹۔	أَرْجَآءِ:	کناروں	۱۰۔	مُلٰقٍ:	سامنا کرنے والا
۱۱۔	قُطُوْفُ:	پھل (واحد: قطف)	۱۲۔	دَانِيَةٌ:	جھکے پڑے ہوئے
۱۳۔	غُلُّوْا:	تم طوق ڈالو	۱۴۔	سِلْسِلَةٍ:	زنجیر
۱۵۔	الْاَقَاوِيْلِ:	باتیں	۱۶۔	حٰجِزِيْنَ:	بچاؤ کے لیے آڑے آنے والے
۱۷۔	الْوَتِيْنَ:	شہ رگ	۱۸۔	الْعِهْنِ:	رنگین روئی
۱۹۔	لَظٰى:	بھڑکتی ہوئی آگ	۲۰۔	نَزَّاعَةً:	اتارنے والی
۲۱۔	الشَّوٰى:	کھال	۲۲۔	جَزُوْعًا:	گھبرانا
۲۳۔	مَنُوْعًا:	بخیل	۲۴۔	مُهْطِعِيْنَ:	چڑھنے والے
۲۵۔	عِزِيْنَ:	ٹولیاں بنا بنا کر	۲۶۔	لَا يُؤَخَّرُ:	وہ مؤخر نہیں ہوتا
۲۷۔	وَاسْتَغْشَوْا:	اور انہوں نے لپیٹ لیے	۲۸۔	أَعْلَنْتُ:	میں نے اعلانیہ بات کی
۲۹۔	وَقَارًا:	عظمت	۳۰۔	فِجَاجًا:	کھلے ہوئے
۳۱۔	يَغُوْثَ:	یغوث (بت کا نام)	۳۲۔	يَعُوْقَ:	یعوق (بت کا نام)
۳۳۔	نَسْرًا:	نسر (بت کا نام)	۳۴۔	لَا تَذَرْ:	تم باقی نہ رکھو
۳۵۔	لَا يَلِدُوْا:	وہ پیدا نہیں ہوگی	۳۶۔	تَبَارًا:	تباہی

مشق:۱۵۶

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	قومِ ثمود کو حضرت صالح علیہ السلام کی تکذیب کی وجہ سے ایک زبردست چنگھاڑ کے ذریعے ہلاک کیا گیا تھا، جس سے ان کے کلیجے پھٹ گئے تھے۔
۲۔	☐	غسلین: اصل میں اس خون کو کہتے ہیں جو زخموں کو دھوتے وقت زخموں سے گرتا ہے۔
۳۔	☐	جو لوگ حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لے آئے تھے انہیں پانی کی طغیانی سے بچانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں پہاڑ پر چڑھا دیا تھا۔
۴۔	☐	آخرت میں جب کفار کے سامنے عذاب آئے گا تو انہیں حسرت ہوگی کہ کاش ہم قرآن کریم پر ایمان لے آئے ہوتے۔
۵۔	☐	جب حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تو کافر لوگ ٹولیاں بنا بنا کر آپ کے اِرد گرد جمع ہو کر مذاقاً کہتے، اگر یہ صاحب جنت میں جائیں گے تو ہم ان سے پہلے جائیں گے۔
۶۔	☐	سورۂ معارج کی آیت نمبر ۳۴ میں ''نماز کی حفاظت کرنے'' سے مراد اس کو مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرنا ہے۔
۷۔	☐	انسان نطفے سے لے کر جیتا جاگتا آدمی بننے تک مختلف مرحلوں سے گزرتا ہے، یہ سارے مراحل اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت پر دلالت کرتے ہیں۔
۸۔	☐	''یغوث''، ''یعوق'' اور ''نسر'' ان عبادت گاہوں کے نام تھے جن میں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم عبادت کیا کرتی تھی۔
۹۔	☐	اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو وحی کے ذریعے بتادیا تھا کہ اب تک جو لوگ ایمان لا چکے ہیں، ان کے بعد آپ کی قوم میں سے ان کے سوا کوئی اور ایمان نہ لائے گا۔

ترجمہ کیجئے:

اَلْحَاقَّةُ	جُزُوْعًا	أَعْلَنْتُ	تَبَارًا	نَسْرًا	عِزِيْنَ
دَانِيَةٌ	فِجَاجًا	وَاهِيَةٌ	حُسُوْمًا	کھوکھلے	کنارہ
پھل		رنگین روئی		زنجیر	

سورۃ الجن مکی وسورۃ المزمل وسورۃ المدثر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اِسۡتَمَعَ:	''حقیقت''، ہوکر رہنے والی	۲۔	نَفَرٌ:	جماعت
۳۔	تَعٰلٰی:	اونچی شان	۴۔	سَفِيۡهُ:	بے وقوف
۵۔	شَطَطًا:	حقیقت سے دور بات (جھوٹ، افترا)	۶۔	رَهَقًا:	سر چڑھانا (سرکشی)
۷۔	يَعُوۡذُوۡنَ:	وہ پناہ لیتے ہیں	۸۔	مُلِئَتۡ:	وہ بھرا ہوا ہے
۹۔	شُهُبًا:	شعلے	۱۰۔	رَصَدًا:	گھات
۱۱۔	قِدَدًا:	مختلف	۱۲۔	هَرَبًا:	بھاگ کر
۱۳۔	حَطَبًا:	ایندھن	۱۴۔	غَدَقًا:	وافر مقدار
۱۵۔	صَعَدًا:	چڑھتا ہوا	۱۶۔	لِبَدًا:	ٹوٹ پڑنا
۱۷۔	مُلۡتَحَدًا:	پناہ کی جگہ	۱۸۔	رَصَدًا:	محافظ
۱۹۔	عَدَدًا:	گنتی	۲۰۔	اَلۡمُزَّمِّلُ:	چادر میں لپٹنے والے
۲۱۔	رَتِّلِ:	تم اطمینان سے صاف صاف تلاوت کرو	۲۲۔	وَطۡاً، قِيۡلًا:	کچلنا، بات کہنا
۲۳۔	تَبَتَّلۡ:	تم الگ ہوکر متوجہ رہو	۲۴۔	مَهِّلۡ:	تم چھوڑ دو
۲۵۔	جَحِيۡمًا:	دہکتی ہوئی آگ	۲۶۔	تَرۡجُفُ:	وہ لرز اٹھے
۲۷۔	كَثِيۡبًا مَّهِيۡلًا:	تودا، بکھرا ہوا	۲۸۔	مُنۡفَطِرٌ:	پھٹ پڑنے والا
۲۹۔	لَنۡ تُحۡصُوۡا:	تم حساب نہ رکھ سکو گے	۳۰۔	اَلۡمُدَّثِّرُ:	کپڑے میں لپٹنے والے
۳۱۔	اَلرُّجۡزَ:	گندگی	۳۲۔	نُقِرَ:	پھونک ماردی جائے گی
۳۳۔	مَهَّدۡتُ:	میں نے ہموار کر دیئے	۳۴۔	اُرۡهِقُ:	میں چڑھاؤں گا
۳۵۔	سَقَرَ:	دوزخ	۳۶۔	لَوَّاحَةٌ:	جھلس دینے والی
۳۷۔	لِيَسۡتَيۡقِنَ:	تاکہ وہ یقین کرلیں	۳۸۔	اَسۡفَرَ:	وہ پھیل جائے
۳۹۔	نَخُوۡضُ:	ہم گھستے تھے	۴۰۔	حُمُرٌ مُّسۡتَنۡفِرَةٌ:	جنگلی گدھے
۴۱۔	قَسۡوَرَةٍ:	شیر	۴۲۔	مُنَشَّرَةً:	کھلے ہوئے
۴۳۔	كَلَّا:	ہرگز نہیں	۴۴۔	يَخَافُوۡنَ:	وہ خوف رکھتے ہیں

مشق:۱۵۷

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفظ کی مدد سے پُر کریں۔

الفاظ (۱)دوزخ (۲)تحفہ (۳)جنات

(۴)مخلوقات (۵)مکی زندگی (۶)نفسانی خواہشات

(۷)عبادت (۸)دل (۹)زمانہ جاہلیت

نمبرشمار بیانات

۱۔ ....میں جب لوگ اپنے سفر کے دوران کسی جنگل میں قیام کرتے تو اس جنگل کے جنات کی پناہ مانگتے تھے۔

۲۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زبان سے فجر کے وقت قرآن کریم کے پُراثر کلام نے جنات کے .... پر اثر کیا کہ وہ مسلمان ہو گئے۔

۳۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ....کے دوران قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تو قرآن سننے کے لیے آپ کے اردگرد جنات کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ جاتے ہیں۔

۴۔ رات کو اٹھ کر تہجد کی نماز پڑھنے سے انسان کے لیے اپنی............................ پر قابو پانا آسان ہوجاتا ہے۔

۵۔ ....میں ہمیشہ یہی حکم دیا گیا ہے کہ کافروں کی تکلیف دہ باتوں پر صبر کرو اور ان سے لڑائی ٹھاننے کے بجائے خوبصورتی سے علیحدگی اختیار کرلو۔

۶۔ کسی کو اس نیت سے کوئی ....دینا کہ جواب میں وہ اس سے زیادہ دے یہ ممنوع ہے۔

۷۔ ....میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص ایسا باقی نہیں رہے گا جو جلے نہیں اور نہ وہ کسی مجرم کو اپنے سے باہر رہنے دے گی۔

۸۔ دنیا میں رہتے ہوئے بہت سے ....انسان کی نگاہ سے پوشیدہ ہیں جو قیامت میں پوری طرح روشن ہو کر سامنے آجائیں گے۔

۹۔ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات میں جو............................ پیدا فرمائی ہیں، ان کی نہ صرف تعداد بلکہ ان کو عطا کی گئی قوتوں کا علم بھی صرف اللہ ہی کے پاس ہے۔

ترجمہ کیجیے:

نَفَرَ	رَهَقًا	غَدَقًا	اَلرُّجْزَ	سَقَرَ	رَتِّلِ
لِبَدًا	مُنْفَطِرٌ	مَهِّلْ	أَسْفَرَ	لَنْ تُحْصُوْا	صَعَدًا
أُرْهِقُ	عَدَدًا	تَعْلٰى	شعلے	گھات	محافظ
	جھلس دینے والی		شیر		

سورۃ القیامۃ مکی وسورۃ الدہر مکی وسورۃ المرسلت مکی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَللَّوَّامَۃِ: ملامت کرنے والا
۲۔ بَنَانَ: پور (پورے انگلیوں کے)
۳۔ خَسَفَ: وہ بے نور ہو جائے گا
۴۔ مَعَاذِیۡرَ: بہانے
۵۔ نَاضِرَۃٌ: شاداب
۶۔ بَاسِرَۃٌ: بگڑے ہوئے
۷۔ فَاقِرَۃٌ: کمر توڑنے والا
۸۔ اَلتَّرَاقِیَ: ہنسلیاں
۹۔ رَاقٍ: جھاڑ پھونک کرنے والا
۱۰۔ اِلۡتَفَّتِ: وہ پست ہو جائے گی
۱۱۔ اَلسَّاقُ: پنڈلی
۱۲۔ یَتَمَطّٰی: وہ اکڑ دکھاتا ہے
۱۳۔ اَلدَّھۡرِ: وقت (زمانہ)
۱۴۔ اَمۡشَاجٍ: ملا جلا
۱۵۔ مُسۡتَطِیۡرًا: پھیلے ہوئے
۱۶۔ قَمۡطَرِیۡرًا: بگڑے ہوئے
۱۷۔ نَضۡرَۃً: شادابی
۱۸۔ زَمۡھَرِیۡرًا: کڑاکے کی سردی
۱۹۔ قَوَارِیۡرًا: شیشے کے بنے ہوئے (پیالے)
۲۰۔ زَنۡجَبِیۡلًا: سونٹھ
۲۱۔ اَصِیۡلًا: شام
۲۲۔ اَلۡمُرۡسَلٰتِ: بھیجی جانے والی ہوائیں
۲۳۔ اَلۡعٰصِفٰتِ: آندھی بن کر زور سے چلنے والی ہوائیں
۲۴۔ طُمِسَتۡ: وہ بجھا دیئے جائیں گے
۲۵۔ اُقِّتَتۡ: وہ جمع کیے جائیں گے
۲۶۔ شٰمِخٰتٍ: گڑے ہوئے
۲۷۔ لَا ظَلِیۡلٍ: سایہ
۲۸۔ اَلۡقَصۡرِ: محل
۲۹۔ جِمٰلَتٌ: اونٹ
۳۰۔ صُفۡرٌ: زرد رنگ
۳۱۔ اِرۡکَعُوۡا: اللہ کے آگے جھک جاؤ
۳۲۔ فَوَاکِہَ: میوے

مشق:۱۵۸

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ قرآن کریم نے کون سے تین ''نفسوں'' کا تذکرہ کیا ہے؟

....

....

۲۔ ''نفس'' کی تعریف کریں، اس سے کیا مراد ہے؟

....

....

۳۔ اللہ تعالیٰ نے ''نفس لوامۃ'' کی قسم کیوں کھائی؟

....

....

۴۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی دوبارہ تخلیق میں انگلیوں کے پوروں کا تذکرہ کیوں کیا؟

....

....

۵۔ کفار آخرت کی زندگی کا انکار کیوں کرتے تھے؟

....

....

۶۔ مؤمنوں کے لیے جنت میں سب سے بڑی نعمت کون سی ہوگی؟

....

....

۷۔ جنت میں چاندی کے برتنوں کی کیا خصوصیات بیان کی گئی ہیں؟

....

....

۸۔ ''ملامت کرنے والے نفس'' سے کیا مراد ہے؟

....

....

ترجمہ کیجئے:

اِرْكَعُوْا	صُفْرٌ	اَلدَّهْرِ	اَلسَّاقُ	خَسَفَ	بَنَانَ
رَاقٍ	زَنْجَبِيْلًا	شٰمِخٰتٍ	جِمٰلَتٌ	زَمْهَرِيْرًا	قَوَارِيْرَ
اَمْشَاجٍ	أَصِيْلًا	مَعَاذِيْرَ	بہانے	محل	بگڑے ہوئے
	شام		شاداب		

سورۂ نبا تا سورۂ تکویر

(تمام سورتیں مکی ہیں)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ: یہ کس چیز کے بارے میں سوال کرتے ہیں
۲۔ سُبَاتًا: تھکن دور کرنے کا ذریعہ
۳۔ ثَجَّاجًا: موسلا دھار
۴۔ مِرْصَادًا: گھات لگائی ہوئی
۵۔ حَمِيْمًا: گرم پانی
۶۔ مَفَازًا: بڑی جیت
۷۔ حَدَآئِقَ: باغات
۸۔ صَوَابًا: ٹھیک (بات)
۹۔ كَاْسًا: پیالے
۱۰۔ لَغْوًا: بے ہودہ بات
۱۱۔ مَاٰبًا: ٹھکانا
۱۲۔ تُرٰبًا: مٹی
۱۳۔ اَلنّٰزِعٰتِ: (روح) کھینچنے والے (فرشتے)
۱۴۔ اَلْمُدَبِّرٰتِ: انتظام کرنے والے
۱۵۔ اَلرَّادِفَةُ: ایک جھٹکا
۱۶۔ وَاجِفَةٌ: لرزنے والے
۱۷۔ نَخِرَةً: بوسیدہ
۱۸۔ زَجْرَةٌ: زور کی آواز
۱۹۔ اَلسَّاهِرَةِ: کھلا میدان
۲۰۔ سَمْكَ: بلندی
۲۱۔ اَلطَّآمَّةُ: ہنگامہ
۲۲۔ بُرِّزَتْ: وہ ظاہر کردی جائے گی
۲۳۔ لَمْ يَلْبَثُوْا: وہ نہیں رہے
۲۴۔ عَبَسَ: اس نے منہ بنالیا
۲۵۔ يَزَّكّٰى: وہ سدھار جاتا
۲۶۔ تَلَهّٰى: تم بے پروائی برتتے ہو
۲۷۔ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ: بڑی عزت والے، بہت نیک
۲۸۔ صَبَبْنَا: ہم نے خوب برسایا
۲۹۔ شَقَقْنَا: ہم نے پھاڑا
۳۰۔ اَلصَّآخَّةُ: کان پھاڑنے والی آواز
۳۱۔ مُسْتَبْشِرَةٌ: خوشی مناتے ہوئے
۳۲۔ غَبَرَةٌ: خاک آلود
۳۳۔ تَرْهَقُ: اس نے ڈھانپ رکھا ہوگا
۳۴۔ قَتَرَةٌ: سیاہی
۳۵۔ كُوِّرَتْ: وہ لپیٹ دیا جائے گا
۳۶۔ اَلْخُنَّسِ: پیچھے کی طرف چلنے والے ستارے
۳۷۔ اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ: چلتے چلتے دبک جانا
۳۸۔ كُشِطَتْ: اس کا چھلکا اتار دیا جائے
۳۹۔ عَسْعَسَ: وہ رخصت ہو
۴۰۔ مُطَاعٍ: اس کی بات مانی جاتی
۴۱۔ ضَنِيْنٍ: بخیل
۴۲۔ رَجِيْمٍ: مردود

مشق:۱۵۹

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔		اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب تم یہ مانتے ہو کہ کائنات کا خالق اللہ تعالیٰ ہے تو اس کی یہ قدرت کیوں نہیں تسلیم کرتے کہ وہ عالم کو ایک مرتبہ ختم کر کے دوبارہ پیدا فرمادے گا۔
۲۔		قیامت کے دن کوئی انسان یا فرشتہ کسی کی سفارش کرنے کے لیے اللہ کی اجازت بغیر بھی بول سکے گا۔
۳۔		کافر لوگ کل جنہیں دوزخ کا انجام نظر آرہا ہوگا یہ تمنا کریں گے کہ کاش! ہم بھی جنت میں ہوتے۔
۴۔		کفار کہتے تھے کہ ہمیں واقعی دوبارہ زندہ کیا گیا تو یہ ہمارے لیے نفع کا سودا ہوگا کیونکہ اس دوسری زندگی کے لیے ہم نے ہر قسم کی تیاری کر رکھی ہے۔
۵۔		آخرت میں پہنچنے کے بعد انسان کو دنیا میں گزری ہوئی زندگی یا قبر کے عالم برزخ میں قیام کی مدت، بہت طویل معلوم ہوگی۔
۶۔		جو شخص دل میں حق کی طلب رکھتا ہو وہ سچے دل سے اپنی اصلاح چاہتا ہو، وہ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس کو ترجیح دی جائے۔
۷۔		"ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ" سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کے دنیا میں جینے کا راستہ آسان بنادیا اور اس کی ساری ضروریات دنیا میں مہیا فرمادیں۔
۸۔		جن لوگوں کے دل میں حق کی طلب نہیں اور وہ اپنی کسی اصلاح کی ضرورت نہیں سمجھتے تو حق کے طلبگاروں سے منہ موڑ کر انہیں ترجیح نہیں دینی چاہئے۔
۹۔		ایک ننھے سے پودے کی کونپل اتنی بھاری زمین کو پھاڑ کر جس طرح باہر نکل آتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت پر ایمان لانے کے لیے کافی ہونی چاہئے۔
۱۰۔		حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ جو غیب کی باتیں معلوم ہوتی تھیں تو وہ چھپاتے نہیں تھے بلکہ صرف خواص کے سامنے ظاہر فرمادیتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے:

وَاجِفَةٌ	عَسْعَسَ	رَجِيْمٌ	صَبَبْنَا	كَأْسًا	مَفَازًا
اَلسَّاهِرَةِ	تَلَهّٰى	حَمِيْمًا	ثَجَّاجًا	قَتَرَةٌ	اَلْخُنَّسِ
اَلطَّآمَّةِ	بُرِّزَتْ	حَدَآئِقَ	ٹھکانہ	بوسیدہ	اس نے منہ بنالیا
	خاک آلود		گرم پانی		

سورۂ انفطار تا سورۃ الاعلیٰ

(تمام سورتیں مکی ہیں)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اِنۡفَطَرَتۡ:	وہ چر جائے گا	۲۔	اِنۡتَثَرَتۡ:	وہ جھڑ پڑیں گے
۳۔	بُعۡثِرَتۡ:	وہ اکھاڑ دی جائیں گی	۴۔	رَكَّبَ:	اس نے جوڑ دیا
۵۔	جَحِيۡمٍ:	دوزخ	۶۔	يَصۡلَوۡنَ:	وہ داخل ہوں گے
۷۔	لَا تَمۡلِكُ:	ان کے بس میں نہ ہوگا	۸۔	اَلۡمُطَفِّفِيۡنَ:	ناپ تول میں کمی کرنے والے
۹۔	إِذَا اكۡتَالُوۡا:	جب وہ ناپ کر لیتے ہیں	۱۰۔	يَسۡتَوۡفُوۡنَ:	وہ پوری پوری کر لیتے ہیں
۱۱۔	اَلۡفُجَّارِ:	بدکار (واحد: اَلۡفَاجِرُ)	۱۲۔	سِجِّيۡنٍ:	سجین (قید خانے)
۱۳۔	مَرۡقُوۡمٌ:	لکھی ہوئی	۱۴۔	لَمَحۡجُوۡبُوۡنَ:	محروم کیے گئے
۱۵۔	لَصَالُوۡا:	ان کو داخل ہونا پڑے گا	۱۶۔	رَحِيۡقٍ مَّخۡتُوۡمٍ:	خالص شراب، مہر لگی ہوئی
۱۷۔	فَلۡيَتَنَافَسِ:	ان کو للچانا چاہیے	۱۸۔	تَسۡنِيۡمٍ:	تسنیم (جنت کے چشمے کا نام)
۱۹۔	إِذَا انۡقَلَبُوۡا:	وہ لوٹ کر جاتے ہیں	۲۰۔	ثُوِّبَ:	بدلہ مل گیا
۲۱۔	اِنۡشَقَّتۡ:	وہ پھٹ پڑے گا	۲۲۔	تَخَلَّتۡ:	وہ خالی ہو جائے گی
۲۳۔	حُقَّتۡ:	اس پر لازم ہے وہ یہی کرے	۲۴۔	كَادِحٌ:	مسلسل کوشش کرنے والا
۲۵۔	لَنۡ يَّحُوۡرَ:	وہ پلٹ کر نہیں جائے گا	۲۶۔	اَلشَّفَقِ:	شفق (وہ سرخی جو غروب آفتاب کے بعد ظاہر ہو)
۲۷۔	وَسَقَ:	اس نے سمیٹ لیا	۲۸۔	طَبَقٍ:	منزل
۲۹۔	يُوۡعُوۡنَ:	وہ جمع کر رہے ہیں	۳۰۔	ذَاتِ الۡبُرُوۡجِ:	برجوں والا
۳۱۔	اَلۡوَقُوۡدِ:	ایندھن	۳۲۔	مَا نَقَمُوۡا:	انہوں نے سزا نہیں دی
۳۳۔	بَطۡشَ:	پکڑ	۳۴۔	مُحِيۡطٌ:	گھیرنے والا
۳۵۔	اَلطَّارِقِ:	رات کو آنے والا	۳۶۔	اَلصُّلۡبِ:	پیٹھ
۳۷۔	اَلصَّدۡعِ:	پھوٹ پڑنا	۳۸۔	رُوَيۡدًا:	چندروزہ مہلت
۳۹۔	يَكِيۡدُوۡنَ:	وہ چالیں چل رہے ہیں	۴۰۔	غُثَآءً:	کوڑا

۴۱۔ أَحْوٰى: کالا رنگ　　۴۲۔ يَتَجَنَّبُ: وہ دور رہے گا

۴۳۔ تُؤْثِرُوْنَ: تم مقدم رکھتے ہو　　۴۴۔ صُحُفِ: صحیفے (سابقہ کتابیں)

مشق:۱۶۰

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ ''کراماً کاتبین'' سے کون سے فرشتے مراد ہیں؟

(۱) جو بارش پر مقرر ہیں

(۲) جو عرش اٹھائے ہوئے ہیں

(۳) جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں

۲۔ کفار کے مرنے کے بعد ان کو روحوں کو کس جگہ رکھا جاتا ہے۔

(۱) علیین میں

(۲) سجین میں

(۳) اسفل السافلین میں

۳۔ ''تسنیم'' سے کیا مراد ہے؟

(۱) صبح کی تازہ ہوا

(۲) جنت کی خوشبو

(۳) جنت کا چشمہ

۴۔ ''الطارق'' کی قسم کھا کر کیا فرمایا گیا؟

(۱) دنیا فانی ہے

(۲) قیامت قریب ہے

(۳) ہر انسان پر نگران مقرر ہے

۵۔ قرآن کریم سے کون شخص فائدہ اٹھاتا ہے؟

(۱) جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میسر ہو

(۲) جس کے دل میں حق کی طلب ہو

(۳) جو نیک لوگوں کی صحبت میں رہتا ہو

۶۔ اللہ تعالیٰ نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو جو شریعت دی وہ کیسی ہے؟

(۱) انتہائی آسان ہے

(۲) مشکل ہے

(۳) تقریباً ناممکن ہے

۷۔ ’’علیین‘‘ سے کون سی جگہ مراد ہے؟

(۱) جہاں شہداء کی روحوں کو رکھا جاتا ہے

(۲) علم والے لوگوں کے مقام کا نام ہے

(۳) جہاں مؤمنین کی روحوں کو رکھا جاتا ہے

۸۔ مؤمنین کے اعمال نامے کے ساتھ فرشتے کیا معاملہ کرتے ہیں؟

(۱) اسے اعزاز و اکرام سے دیکھتے ہیں

(۲) اسے خوبصورت بالا خانوں میں رکھتے ہیں

(۳) اسے لوحِ محفوظ میں محفوظ کر لیتے ہیں

ترجمہ کیجیے:

اَلْوَقُوْدِ	بُعْثِرَتْ	اَلْفُجَّارِ	سِجِّيْنٍ	ثُوِّبَ	اَلصَّدْعِ
مُحِيْطٌ	تَسْنِيْمٍ	حُقَّتْ	وَسَقَ	مَرْقُوْمٌ	رُوَيْدًا
بَطْشَ	يُوْعُوْنَ	اَلْمُطَفِّفِيْنَ	برجوں والا	کالا رنگ	کوڑا
	منزل		دوزخ		

سورۃ الغاشیہ تا سورۃ الانشراح

(تمام سورتیں مکی ہیں)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔ اَلْغَاشِيَةِ: چھا جانے والی

۲۔ آنِيَةٍ: کھولتا ہوا

۳۔ لَا يُسْمِنُ: وہ جسم کا وزن نہیں بڑھائے گا

۴۔ ضَرِيْعٍ: کانٹے دار جھاڑ

۵۔ جُوْعٍ: بھوک

۶۔ لَاغِيَةً: لغو بات

۷۔ نَمَارِقُ: گداز تکیے

۸۔ مُصَيْطِرٍ: مسلط

۹۔ اِيَابَ: لوٹ کر آنا

۱۰۔ حِجْرٍ: عقل

۱۱۔ جَابُوا: انہوں نے تراشا

۱۲۔ اَلصَّخْرَ: پتھروں کی چٹانوں کو

۱۳۔ سَوْطَ: کوڑا

۱۴۔ اَهَانَنِ: اس نے میری توہین کی

۱۵۔ اَلتُّرَاثَ: مال میراث

۱۶۔ اَكْلًا لَّمًّا: سمیٹ سمیٹ کر کھانا

۱۷۔ دُكَّتِ: کوٹ کر ریزہ کر دیا جائے گا

۱۸۔ لَا يُوْثِقُ: وہ نہیں جکڑے گا

۱۹۔ كَبَدٍ: مشقت

۲۰۔ اَلنَّجْدَيْنِ: دو راستے

۲۱۔ لَا اقْتَحَمَ: وہ داخل نہیں ہوا

۲۲۔ اَلْعَقَبَةَ: گھاٹی

۲۳۔ ذِيْ مَسْغَبَةٍ: بھوک والا دن

۲۴۔ ذَا مَتْرَبَةٍ: مٹی میں رلنے والا

۲۵۔ مُؤْصَدَةٌ: جس کو بند کر دیا گیا ہو

۲۶۔ اَلْهَمَ: اس کے دل میں بات ڈال دی

۲۷۔ جَلّٰى: وہ جلوہ دکھائے گا

۲۸۔ دَمْدَمَ: اس نے اینٹ سے اینٹ بجا دی

۲۹۔ يَغْشٰى: وہ چھا جائے

۳۰۔ تَجَلّٰى: اس کا اجالا پھیل جائے

۳۱۔ لَشَتّٰى: الگ الگ

۳۲۔ سَنُيَسِّرُ: ہم تیاری کرا دیں گے

۳۳۔ تَلَظّٰى: وہ بھڑک رہی ہے

۳۴۔ اَلْاَشْقٰى: بدبخت

۳۵۔ تَرَدّٰى: وہ تباہی کے گڑھے میں گرے گا

۳۶۔ تُجْزٰى: اس کا بدلہ دیا جاتا

۳۷۔ اَلضُّحٰى: چڑھتے دن کی روشنی

۳۸۔ مَا وَدَّعَ، مَا قَلٰى: اس نے نہیں چھوڑا، وہ ناراض نہیں ہے

۳۹۔ ضَالًّا، عَائِلًا: ناواقف

۴۰۔ لَا تَقْهَرْ، لَا تَنْهَرْ: تم سختی مت کرو، تم جھڑکو نہیں

۴۱۔ فَحَدِّثْ:	تم تذکرہ کرتے رہو	۴۲۔ وِزْرَكَ:	تمہارا بوجھ
۴۳۔ أَنْقَضَ:	اس نے توڑ دی تھی	۴۴۔ اَلْعُسْرِ، يُسْرًا:	مشکلات، آسانی
۴۵۔ فَانْصَبْ:	تم اپنے آپ کو تھکاؤ	۴۶۔ فَارْغَبْ:	اپنے پروردگار سے دل لگاؤ

مشق:۱۶۱

ہدایات: دی گئی خالی جگہ کو تین ممکنہ منتخبات میں سے کسی ایک کی نشاندہی کے ذریعے پُر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ ہر مبلغ کے لیے یہ اصول ہے کہ اسے اپنا تبلیغی فریضہ ادا کرتے رہنا چاہئے اور یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ وہ .... سے اپنی بات منوانے کا ذمہ دار ہے۔

(۱) سنجیدگی (۲) پیار (۳) زبردستی

۲۔ الشفع سے مراد ۱۰ ذی الحجہ کا دن اور ''الوتر'' سے مراد .... کا دن ہے۔

(۱) عرفہ (۲) جمعۃ الوداع (۳) عید الفطر

۳۔ ''ارم'' .... کے جدِ اعلیٰ کا نام ہے، اس لیے اس شاخ کو عادِ ارم کہا جاتا ہے۔

(۱) قومِ ثمود (۲) قوم ہود (۳) قوم عاد

۴۔ اللہ تعالیٰ نے .... کی تقسیم اپنی حکمت کے مطابق فرمائی ہے لہٰذا اس میں تنگی کو اپنی توہین اور زیادتی کو اپنی عزت سے تعبیر کرنا غلط ہے۔

(۱) مراتب (۲) علم (۳) رزق

۵۔ .... سے مراد انسان کا وہ دل ہے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے کرتے بالکل سکون پا گیا ہو۔

(۱) نفس لوامہ (۲) نفس مُطْمَئِنَّہ (۳) نفس امارہ

۶۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے .... میں نیکی اور بدی دونوں قسم کے تقاضے رکھے ہیں۔

(۱) دماغ (۲) دل (۳) ضمیر

۷۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو قتل کرنے والے سنگدل شخص کا نام .... تھا۔

(۱) ہامون (۲) قدار (۳) نزار

۸۔ دنیا میں ہر آرام کے ساتھ تکلیف ہے اور حقیقی آرام کی جگہ .... ہے۔

(۱) قبر (۲) میدانِ حشر (۳) جنت

۹۔ جو مال اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے خرچ کیا جائے تو اس سے انسان کو .... حاصل ہوتی ہے۔

(۱) عزت　　(۲) شہرت　　(۳) اخلاقی پاکیزگی

۱۰۔ جو لوگ دین کی خدمت میں لگے ہوئے ہوں، ان کو بھی کچھ وقت .... کے لیے مخصوص کرنا چاہیے، اس سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق مضبوط ہوتا ہے۔

(۱) والدین کی خدمت　(۲) نفلی عبادتوں　(۳) ذکر اللہ

ترجمہ کیجیے:

کانٹے دار جھاڑی	گداز تکیے	مشقت	بدبخت	ناواقف	سَوْط
ذِیْ مَسْبَغَةٍ	تَلَظّٰی	دَمْدَمَ	نَمَارِقُ	جَابُوْا	دُكَّتِ
لَا يُوْثِقُ	فَحَدِّثْ	أَنْقَضَ	حِجْرٍ	اِقْتَحَمَ	اَلْعَقَبَةُ
	أَلْهَمَ		آنِيَةٍ		

سورۃ التین تا سورۃ قریش

(تمام سورتیں مکی ہیں سوائے البینہ اور الزلزال)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	اَلتِّیْنِ، اَلزَّیْتُوْنِ:	انجیر، زیتون	۲۔	تَقْوِیْمٍ:	سانچہ
۳۔	اِقْرَأْ:	پڑھو	۴۔	عَلَقٍ:	جما ہوا خون
۵۔	لَیَطْغٰی:	وہ کھلی سرکشی کر رہا ہے	۶۔	یَنْھٰی:	وہ منع کرتا ہے
۷۔	لَنَسْفَعًا:	ہم گھسیٹیں گے	۸۔	اَلزَّبَانِیَۃَ:	دوزخ کے فرشتے
۹۔	لَا تُطِعْ:	تم بات نہ مانو	۱۰۔	مَطْلَعِ الْفَجْرِ:	فجر کے طلوع کا وقت
۱۱۔	مُنْفَکِّیْنَ:	باز آنے والے	۱۲۔	حُنَفَآءَ:	یکسو ہو کر
۱۳۔	اَلْبَرِیَّۃِ:	تمام مخلوق	۱۴۔	زُلْزِلَتْ:	وہ جھنجھوڑ دی جائے گی
۱۵۔	یَصْدُرُ:	وہ واپس ہوں گے	۱۶۔	اَشْتَاتًا:	مختلف ٹولیوں میں
۱۷۔	ذَرَّۃٍ:	ذرہ	۱۸۔	اَلْعٰدِیٰتِ:	گھوڑے
۱۹۔	ضَبْحًا:	ہانپ ہانپ کر دوڑنا	۲۰۔	قَدْحًا، نَقْعًا:	چنگاریاں، غبار
۲۱۔	لَکَنُوْدٌ:	ناشکرا	۲۲۔	اَلْقَارِعَۃُ:	دل ہلا کر رکھ دینے والا واقعہ
۲۳۔	اَلْمَنْفُوْشِ:	دھنکی ہوئی	۲۴۔	ھَاوِیَۃٌ:	گہرا گڑھا
۲۵۔	حَامِیَۃٌ:	دہکتی ہوئی آگ	۲۶۔	اَلتَّکَاثُرُ	:ایک دوسرے سے بڑھنے کی ہوس
۲۷۔	زُرْتُمُ:	تم پہنچ جاتے	۲۸۔	خُسْرٍ:	گھاٹا
۲۹۔	ھُمَزَۃٍ:	پیٹھ پیچھے عیب لگانے والا	۳۰۔	لُمَزَۃٍ:	منہ پر طعنہ دینے والا
۳۱۔	اَلْحُطَمَۃُ:	چورا چورا کرنے والی	۳۲۔	اَلْمُوْقَدَۃُ:	سلگائی ہوئی
۳۳۔	اَلْفِیْلِ:	ہاتھی	۳۴۔	تَضْلِیْلٍ:	بے کار
۳۵۔	اَبَابِیْلَ:	پرندے	۳۶۔	عَصْفٍ:	بھوسا
۳۷۔	اِیْلٰفِ:	عادی	۳۸۔	رِحْلَۃَ:	سفر
۳۹۔	اَلشِّتَآءِ، اَلصَّیْفِ:	سردی، گرمی	۴۰۔	اٰمَنَ:	اس نے محفوظ رکھا

مشق:۱۶۲

ہدایات: دیئے گئے بیانات میں سے صحیح اور غلط بیانات کی نشاندہی صحیح (✓) یا غلط (✗) کے نشان کے ذریعہ کریں۔

نمبر شمار	جواب	بیانات
۱۔	☐	صحرائے سینا کا ''احد'' وہ پہاڑ ہے جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات عطا فرمائی گئی۔
۲۔	☐	اللہ تعالیٰ نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمی ہونے کے باوجود وہ علوم عطا فرمائے جو کتاب سے پڑھنے والوں کے خیال میں بھی نہیں آئے۔
۳۔	☐	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کریم کا نزول سب سے پہلے شب برأت میں شروع ہوا۔
۴۔	☐	سچی توبہ سے گناہ معاف ہو کر ایسے ہو جاتے ہیں جیسے وہ کیے ہی نہیں تھے۔
۵۔	☐	گھوڑوں کی وفاداری ذکر کرنے کے بعد گنہگار انسان کو یاد دلایا جارہا ہے کہ وہ اپنے مالک اور خالق کے اس احسان کا شکر ادا کرنے کے بجائے اس کی نافرمانی کرتا ہے۔
۶۔	☐	دوزخ میں آگ کے شعلے دنیا کی آگ کی چنگاریوں کی طرح ہوں گے اور وہ چاروں طرف سے دوزخیوں کو گھیر لیں گے۔
۷۔	☐	ابرہہ کے جسم میں ایسا زہر سرایت کر گیا کہ اس کا ایک جوڑ گل سڑ کر گرنے لگا، اس طرح اس کی موت انتہائی عبرت ناک طریقہ سے واقع ہوئی۔
۸۔	☐	سورۂ علق کی پہلی آٹھ آیتیں سب سے پہلے وحی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر غارِ حراء میں نازل ہوئی۔
۹۔	☐	شب قدر کی رات میں عبادت کرنے کا ثواب ایک لاکھ راتوں میں عبادت کرنے سے بھی زیادہ ہے۔
۱۰۔	☐	اللہ تعالیٰ شبِ قدر کی رات میں سال بھر کے تقدیر کے فیصلے فرشتوں کے حوالے فرما دیتے ہیں تا کہ وہ اپنے اپنے وقت پر ان کی تعمیل کرتے رہیں۔

ترجمہ کیجیے:

تَقْوِيمٍ	هُمَزَةٍ	لُمَزَةٍ	لَكَنُودٌ	اَلْقَارِعَةُ	اَلزَّبَانِيَةُ
رِحْلَةَ	حَامِيَةٍ	اَلْفِيلُ	اَلتَّكَاثُرُ	عَلَقٍ	زُلْزِلَتْ
	حُنَفَاءَ		ذَرَّةٍ		

سورۃ الفیل تا سورۃ الناس

(تمام سورتیں مکی ہیں سوائے النصر)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الفاظ کے معنی:

۱۔	یَدُعُّ:	وہ دھکے دیتا ہے	۲۔	لَا یَحُضُّ:	وہ ترغیب نہیں دیتا
۳۔	وَیۡلٌ:	خرابی	۴۔	سَاھُوۡنَ:	غفلت برتنے والے
۵۔	یُرَآءُوۡنَ:	وہ دکھاوا کرتے ہیں	۶۔	اَلۡمَاعُوۡنَ:	معمولی چیز
۷۔	اَلۡکَوۡثَرَ:	کوثر (جنت کے حوض کا نام)	۸۔	اِنۡحَرۡ:	تم قربان کرو
۹۔	اَلۡاَبۡتَرُ:	جڑ کٹی ہوئی	۱۰۔	شَانِئَ:	دشمن
۱۱۔	یَدۡخُلُوۡنَ:	وہ داخل ہو رہے ہیں	۱۲۔	اَفۡوَاجًا:	فوج در فوج
۱۳۔	سَبِّحۡ:	تم تسبیح کرو	۱۴۔	اِسۡتَغۡفِرۡ:	تم مغفرت مانگو
۱۵۔	تَوَّابًا:	بہت معاف کرنے والا	۱۶۔	تَبَّتۡ:	وہ برباد ہو جائے
۱۷۔	ذَاتَ لَہَبٍ:	بھڑکتے شعلوں والی	۱۸۔	حَمَّالَۃَ:	ڈھونا (لے جانا)
۱۹۔	جِیۡدِ:	گردن	۲۰۔	حَبۡلٌ:	رسی
۲۱۔	مَسَدٍ:	مونجھ	۲۲۔	اَلصَّمَدُ:	وہ ذات کہ سب اس کے محتاج اور وہ کسی کا محتاج نہیں
۲۳۔	کُفُوًا:	جوڑ	۲۴۔	فَلَقِ:	صبح
۲۵۔	غَاسِقٍ:	اندھیری رات	۲۶۔	وَقَبَ:	وہ پھیل جائے
۲۷۔	اَلنَّفّٰثٰتِ:	پھونک مارنے والیاں	۲۸۔	اَلۡعُقَدِ:	گرہوں
۲۹۔	حَاسِدٍ:	حسد کرنے والا	۳۰۔	اَلۡخَنَّاسِ:	پیچھے کو چھپ جانے والا
۳۱۔	یُوَسۡوِسُ:	وہ وسوسہ ڈالتا ہے			

مشق: ۱۶۳

ہدایات: ذیل میں دی گئی خالی جگہ کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔

نمبر شمار　بیانات

۱۔ نماز سے غفلت برتنے میں یہ بھی داخل ہے کہ وہ نماز..................ہی نہیں اور یہ بھی کہ اس کو صحیح طریقے سے نہ پڑھے۔

۲۔ ....ان برتنے کی معمولی چیزوں کو کہتے ہیں جو عام طور سے پڑوسی ایک دوسرے سے مانگ لیا کرتے ہیں۔

۳۔ ....جنت کے اس حوض کا نام بھی ہے جو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے تصرف میں دی جائے گی اور آپ کی اُمت کے لوگ اس سے سیراب ہوں گے۔

۴۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ آج بھی..................ہے اور طعنے دینے والوں کو کوئی نہیں جانتا۔

۵۔ غیر مسلموں سے ایسی کوئی..................جائز نہیں ہے جس میں ان کے دین کے شعائر کو اختیار کرنا پڑے۔

۶۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو..................کی تلقین دے کر اُمت کو سبق دیا جا رہا ہے کہ وہ اس کا اور بھی زیادہ اہتمام کرے۔

۷۔ ابولہب کی بیوی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں..................بچھا دیا کرتی تھی۔

۸۔ قرآن کریم نے بنیادی طور پر تین عقیدوں پر زور دیا ہے، توحید، رسالت اور..................۔

۹۔ قرآن کریم کی آخری دو سورتوں کو..................کہا جاتا ہے۔

۱۰۔ معوذتین کی تلاوت اور ان سے دم کرنا..................کے اثرات دور کرنے کے لیے بہترین عمل ہے۔

ترجمہ کیجئے:

وَيْلٌ	فَلَقِ	غَاسِقٍ	اَلْخَنَّاسِ	اَلْعُقَدِ	تَوَّابًا
حَاسِدٍ	اَلْكَوْثَرَ	اَلصَّمَدُ	جِيْدِ	اَلْاَبْتَرُ	حَمَّالَةٌ
كُفُوًا	وَقَبَ	يُوَسْوِسُ	فوج در فوج	دشمن	وہ داخل ہو رہے ہیں
	معمولی چیز		مونجھ		

مشق: ۱۶۴

اعادہ مشق ۱۵۵ تا ۱۶۳

ہدایات: دیئے گئے سوالات کے جوابات دی گئی خالی لائن پر مختصراً تحریر کریں۔

نمبر شمار بیانات

۱۔ جنابِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید تلاوت کرتے دیکھ کر کفار کا عمل کیا کرتے تھے؟

....

....

۲۔ قوم نوح جن بتوں کی عبادت کیا کرتے تھے ان کے نام تحریر کریں؟

....

....

۳۔ جنات نے کس مقام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت سنی، اور وہ کون سی نماز تھی؟

....

....

۴۔ مقامِ نخلہ میں قرآن کی تلاوت سن کر جناب پر کیا اثر پڑا؟

....

....

۵۔ راتوں کو اٹھ کر تہجد پڑھنے کا کیا ثمرہ حاصل ہوتا ہے؟

....

....

۶۔ نفس لوامۃ سے کیا مراد ہے؟

....

....

۷۔ ''کراماً کاتبین'' سے کون سے فرشتے مراد ہیں؟

....

....

۸۔ قرآن کریم سے کون شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے؟

....

....

۹۔ عاص بن وائل کے طعنے (کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد نہیں ہے) کا اللہ تعالیٰ نے کیا جواب دیا؟

....

....

۱۰۔ نفس کو پاکیزہ بنانے کا کیا مطلب ہے؟

....

....

ترجمہ کیجیے:

اِنۡفَطَرَتۡ	اَلشِّتَآءِ	ذَرَّةٍ	تَبَّتۡ	اِنۡحَرۡ	دُكَّتْ
نَاظِرَةٌ	فَاقِرَةٌ	خَسَفَ	لَا ظَلِيۡلٍ	صَوَابًا	شَقَقۡنَا
مِرۡصَادًا		حَمِيۡمًا		صُحُفِ	

آسان ترجمۂ قرآن ورک بک

BBS1207